https://ataunnabi.blogspot.com/

# گیارہویں شریف

مصنفہ

مولانا ابوالطاہر محمد ضیاء اللہ قادری اشرفی

قادری کتب خانہ

تحصیل بازار سیالکوٹ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

# گیارہویں شریف

حسب الارشاد

پیر طریقت حضرت صاحبزادہ پیر محمد شفیع قادری علیہ الرحمۃ
سجادہ نشین دربار عالیہ غوثیہ ڈھونڈا شریف ضلع گجرات

مصنفہ

مولانا ابوالحامد محمد ضیاء اللہ قادری اشرفی
خطیب جامع مسجد علامہ عبدالحکیم علیہ الرحمۃ تحصیل بازار سیالکوٹ

ناشر

قادری کتب خانہ تحصیل بازار سیالکوٹ
فون: ۸۲۹۷۲

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

جملہ حقوق محفوظ ہیں


نام کتاب ——— گیارہویں شریف کا ثبوت

تالیف ——— مولانا ابوالحامد محمد ضیاء اللہ قادری اشرفی

ناشر ——— قادری کتب خانہ تحصیل بازار سیالکوٹ

مطبع ——— یونائیٹڈ پرنٹرز لاہور

بار ——— پنجم

قیمت ——— روپے



## ختم غوثیہ کا جواز

اس کتاب میں محمد ضیاء اللہ قادری اشرفی نے ختم غوثیہ کا جواز قرآن و حدیث سے مدلل انداز میں پیش کیا ہے۔ مخالفین جن الفاظ کو شرکیہ الفاظ قرار دیتے ہیں۔ ان کا ثبوت وہابیوں، دیوبندیوں کے اکابر کی کتب سے بھی درج کیا ہے۔ قیمت ۱۰ روپے




# اِنتساب

فقیر اپنی اِس حقیر کاوش کو محبی محترمی مبلغِ اسلام عالمِ شریعت، واقفِ رموزِ حقیقت، صاحبزادہ الحاج علامہ حافظ حیدر شاہ صاحب زید مجدہٗ سجادہ نشین آستانہ عالیہ غوثیہ ڈھوڈا شریف ضلع گجرات کے نام سے منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔ جو اس پُرفتن دور میں مسلکِ حق اہلِ سُنت وجماعت کی تشہیر اور شریعتِ مطہرہ کی اشاعت کے لیے شب و روز مصروف ہیں۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

دُعاگو

فقیر ابوالحامد محمد ضیاء اللہ القادری الاشرفی غفرلہٗ
سیالکوٹ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# ماخذِ کتاب

## مستند مفسرین کی کتبِ تفاسیر

۲۔ تفسیر تنویر المقیاس از سیدنا عبداللہ بن عباس
۳۔ تفسیر کبیر از امام فخرالدین رازی علیہ الرحمۃ
۴۔ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن علیہ الرحمۃ
۵۔ تفسیر روح المعانی از علامہ محمود آلوسی علیہ الرحمۃ
۶۔ تفسیر ابن جریر از امام محمد بن جریر علیہ الرحمۃ
۷۔ تفسیر مدارک از امام عبداللہ بن احمد نسفی علیہ الرحمۃ
۸۔ تفسیر بیضاوی از امام عبدالرحمٰن بیضاوی علیہ الرحمۃ
۹۔ تفسیر درمنثور از امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ
۱۰۔ تفسیر جلالین از امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ
۱۱۔ تفسیر کمالین از امام کمال الدین علیہ الرحمۃ
۱۲۔ بحر المحیط از ابو عبداللہ محمد بن یوسف علیہ الرحمۃ
۱۳۔ تفسیر سراج المنیر از امام محمد بن شربینی علیہ الرحمۃ
۱۴۔ روح البیان از امام اسماعیل حقی علیہ الرحمۃ
۱۵۔ تفسیر مظہری از قاضی ثناء اللہ پانی پتی علیہ الرحمۃ
۱۶۔ تفسیر کشاف از جار اللہ زمخشری علیہ الرحمۃ
۱۷۔ تفسیر ابن کثیر از عماد الدین ابن کثیر علیہ الرحمۃ
۱۸۔ تفسیرات احمدیہ از علامہ احمد جیون علیہ الرحمۃ
۱۹۔ تفسیر مراغی از امام احمد مصطفٰے مراغی علیہ الرحمۃ
۲۰۔ تفسیر احکام القرآن از امام محمد بن احمد قرطبی علیہ الرحمۃ
۲۱۔ تفسیر حسینی از علامہ معین الدین واعظ کاشفی علیہ الرحمۃ
۲۲۔ تفسیر نیشاپوری از امام محمد بن حسین نیشاپوری علیہ الرحمۃ
۲۳۔ مفردات القرآن از امام راغب اصفہانی علیہ الرحمۃ
۲۵۔ تفسیر جامع البیان از شیخ سید معین الدین علیہ الرحمۃ
۲۶۔ تفسیر رؤفی از علامہ محمد رؤف علیہ الرحمۃ
۲۷۔ تفسیر فتح العزیز از شاہ عبدالعزیز محدث علیہ الرحمۃ
۲۸۔ تفسیر ابو السعود از امام ابو محمد الحسین بغوی علیہ الرحمۃ
۲۹۔ تفسیر مواہب الرحمٰن از علامہ سید امیر علی علیہ الرحمۃ
۳۰۔ تفسیر قادری از شاہ عبدالقادر دہلوی

## دیوبندی اور وہابی اکابر کی تفاسیر

۳۱۔ تفسیر فتح البیان از نواب صدیق حسن بھوپالی
۳۲۔ تفسیر نعمان از مولوی حبیب اللہ صاحب
۳۳۔ تفسیر موضح القرآن از عبدالقادر دہلوی
۳۴۔ تفسیر ترجمان القرآن از نواب صدیق حسن بھوپالی
۳۵۔ تفسیر تدبر القرآن از امین احسن اصلاحی

## مستند محدثین کی کتبِ احادیث

۳۶۔ صحیح بخاری از امام محمد بن اسماعیل بخاری علیہ الرحمۃ
۳۷۔ صحیح مسلم از امام مسلم بن الحجاج علیہ الرحمۃ
۳۸۔ جامع ترمذی از امام ابو عیسٰے بن محمد عیسٰے ترمذی
۳۹۔ سنن ابن ماجہ از امام ابو عبداللہ محمد علیہ الرحمۃ
۴۰۔ سنن ابو داؤد از امام سلیمان بن الاشعث علیہ الرحمۃ
۴۱۔ سنن نسائی از امام احمد بن شعیب النسائی علیہ الرحمۃ
۴۲۔ مشکوٰۃ از امام ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ علیہ الرحمۃ
۴۳۔ مستدرک از امام ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ علیہ الرحمۃ
۴۴۔ کنز العمال از علی بن حسام الدین علیہ الرحمۃ



۴۵۔ مسند امام احمد از امام احمد علیہ الرحمۃ
۴۶۔ سنن کبریٰ از امام احمد بن حسین بیہقی علیہ الرحمۃ
۴۷۔ فتح الباری از امام شہاب الدین احمد بن حجر عسقلانی
۴۸۔ عمدۃ القاری از امام بدرالدین عینی حنفی علیہ الرحمۃ
۴۹۔ ارشاد الساری از امام شہاب الدین احمد قسطلانی
۵۰۔ فیض الباری از مولوی انور شاہ کشمیری
۵۱۔ اشعۃ اللمعات از شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ
۵۲۔ مرقات از امام علی قاری حنفی علیہ الرحمۃ
۵۳۔ مظاہر حق از نواب قطب الدین دہلوی
۵۴۔ عون المعبود از شمس الحق عظیم آبادی
۵۵۔ طبرانی از امام ابو القاسم سلیمان بن احمد طبرانی
۵۶۔ الادب المفرد از امام محمد بن اسماعیل بخاری
۵۷۔ عمل الیوم واللیلۃ امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ
۵۸۔ عمل الیوم واللیلۃ علامہ ابن السنی علیہ الرحمۃ
۵۹۔ سنن دارمی از امام عبداللہ بن عبدالرحمٰن علیہ الرحمۃ
۶۰۔ موطا امام محمد از امام محمد علیہ الرحمۃ
۶۱۔ مجمع الزوائد از علامہ ابن حجر مکی علیہ الرحمۃ
۶۲۔ کتاب الشفاء از علامہ قاضی عیاض علیہ الرحمۃ
۶۳۔ شرح شفاء از علامہ علی قاری حنفی علیہ الرحمۃ
۶۴۔ نسیم الریاض از علامہ شہاب الدین خفاجی علیہ الرحمۃ

## مستند اکابر کی تصانیف

۶۵۔ البدایہ والنہایہ از عماد الدین ابن کثیر علیہ الرحمۃ
۶۶۔ دلائل النبوۃ از امام ابوبکر احمد بن الحسین بیہقی علیہ الرحمۃ
۶۷۔ کتاب الاذکار از امام یحیٰی بن شرف النووی علیہ الرحمۃ
۶۸۔ مکتوبات شریف از امام شیخ احمد سرہندی علیہ الرحمۃ
۶۹۔ مطالع المسرات از علامہ فاسی علیہ الرحمۃ
۷۰۔ غنیۃ الطالبین از امام شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمۃ
۷۱۔ قلائد الجواہر از علامہ محمد بن یحیٰی حلبی علیہ الرحمۃ
۷۲۔ دلائل الخیرات از علامہ سلیمان جزولی علیہ الرحمۃ
۷۳۔ عوارف المعارف از شیخ شہاب الدین سہروردی
۷۴۔ طبقات الکبریٰ از امام عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمۃ
۷۵۔ القول البدیع از امام محمد بن عبدالرحمٰن سخاوی "
۷۶۔ حلیۃ الاولیاء از امام ابو نعیم احمد بن عبداللہ "
۷۷۔ بستان العارفین از فقیہ ابو اللیث سمرقندی علیہ الرحمۃ
۷۸۔ ریاض النضرۃ از علامہ ابو جعفر احمد محب طبری علیہ الرحمۃ
۷۹۔ الترغیب والترہیب از علامہ منذری علیہ الرحمۃ
۸۰۔ شرح الصدور از امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ
۸۱۔ حدیقہ ندیہ از علامہ عبدالغنی نابلسی علیہ الرحمۃ
۸۲۔ عمدۃ التحقیق از علامہ ابراہیم مالکی علیہ الرحمۃ
۸۳۔ لقطۃ العجلان از علامہ محمد جمال الدین دمشقی علیہ الرحمۃ
۸۴۔ الدرایۃ از امام شہاب الدین ابن حجر عسقلانی "
۸۵۔ مدارج النبوۃ از شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ
۸۶۔ اخبار الاخیار " " " "
۸۷۔ جذب القلوب " " " "
۸۸۔ ماثبت من السنۃ " " " "
۸۹۔ انفاس العارفین از شاہ ولی اللہ محدث دہلوی "
۹۰۔ مصفیٰ " " "
۹۱۔ ہمعات " " "
۹۲۔ کلمات طیبات " " "
۹۳۔ تنویر العینین " " "
۹۴۔ انتباہ فی سلاسل اولیاء " " "
۹۵۔ زبدۃ النصائح " " "
۹۶۔ تحفہ اثنا عشریہ از شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی "

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



٩٧۔ ملفوظاتِ عزیزی از شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ
٩٨۔ عجالۂ نافعہ 〃 〃 〃 〃 〃
٩٩۔ وجیز الصراط
١٠٠۔ تحفۂ قادریہ از شاہ ابوالمعالی محمد سلمٰی قادری علیہ الرحمۃ
١٠١۔ سیرت غوث اعظم از علامہ برخوردار علیہ الرحمۃ
١٠٢۔ خزینۃ الاصفیاء از علامہ مفتی غلام سرور لاہوری
١٠٣۔ فیصلہ ہفت مسئلہ از حاجی امداد اللہ مہاجر مکی علیہ الرحمۃ
١٠٤۔ اسنی المطالب از علامہ شیخ محمد بن سید درویش علیہ الرحمۃ
١٠٥۔ نذورِ بزرگاں از شاہ رفیع الدین دہلوی علیہ الرحمۃ
١٠٦۔ حصن حصین از امام محمد بن محمد بن جزری علیہ الرحمۃ

## فتاوے

١٠٧۔ فتاوٰی عالمگیری از اورنگ زیب عالمگیر علیہ الرحمۃ
١٠٨۔ فتاوٰی شامی از علامہ ابن عابدین علیہ الرحمۃ
١٠٩۔ درِ مختار از علامہ علاؤ الدین الحصکفی علیہ الرحمۃ
١١٠۔ فتاوٰی عزیزی از شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ
١١١۔ الزیلعی از علامہ زیلعی علیہ الرحمۃ
١١٢۔ فتاوٰی عبدالحی از علامہ عبدالحی لکھنوی
١١٣۔ فتاوٰی شاہ رفیع الدین از علامہ رفیع الدین دہلوی
١١٤۔ فتاوٰی رشیدیہ از مولوی رشید احمد گنگوہی
١١٥۔ فتاوٰی ثنائیہ از مولوی ثناء اللہ امرتسری
١١٦۔ فتاوٰی ستاریہ از مولوی عبدالستار دہلوی

## دیوبندی اور اہلحدیث اکابر کی تصانیف

١١٧۔ جلاء الافہام از ابن قیم جوزی
١١٨۔ اعلام الموقعین 〃 〃 〃
١١٩۔ کتاب الروح 〃 〃 〃 〃

١٢٠۔ اتحاف النبلاء از نواب صدیق حسن بھوپالی
١٢١۔ کتاب الداء والدواء از 〃 〃 〃 〃
١٢٢۔ بذل الحیات از 〃 〃 〃 〃
١٢٣۔ تقصار 〃 〃 〃 〃 〃
١٢٤۔ روض الخصیب 〃 〃 〃 〃 〃
١٢٥۔ مسک الختام 〃 〃 〃 〃 〃
١٢٦۔ المقالۃ النصیحۃ 〃 〃 〃 〃 〃
١٢٧۔ حج الکرام 〃 〃 〃 〃 〃
١٢٨۔ بدور الاہلہ 〃 〃 〃 〃 〃
١٢٩۔ تحذیر الناس از مولوی قاسم نانوتوی
١٣٠۔ شمائم امدادیہ از مولوی اشرف علی تھانوی
١٣١۔ التذکیر 〃 〃 〃 〃 〃
١٣٢۔ امداد المشتاق 〃 〃 〃 〃 〃
١٣٣۔ افاضات الیومیہ 〃 〃 〃 〃 〃
١٣٤۔ جمال الاولیاء 〃 〃 〃 〃 〃
١٣٥۔ ارواح ثلاثہ 〃 〃 〃 〃 〃
١٣٦۔ اشاعۃ السنۃ از مولوی محمد حسین بٹالوی
١٣٧۔ ہدیۃ المہدی از مولوی وحید الزماں
١٣٨۔ وحید اللغات 〃 〃 〃 〃
١٣٩۔ تذکرۃ الرشید از عاشق الٰہی میرٹھی
١٤٠۔ براہین قاطعہ از خلیل احمد انبیٹھوی
١٤١۔ صراط مستقیم از مولوی اسماعیل دہلوی
١٤٢۔ منصب امامت 〃 〃 〃 〃
١٤٣۔ ترک اسلام از مولوی ثناء اللہ امرتسری
١٤٤۔ فضائل درود شریف از مولوی ذکریا سہارنپوری
١٤٥۔ تحفۃ الذاکرین از قاضی محمد بن علی شوکانی
١٤٦۔ فیصلہ مکہ از مولوی عبدالعزیز



١٤٧۔ تفسیر السلف از مولوی فقیر اللہ مدراسی
١٤٨۔ الفیصلۃ الحجازیہ از قاضی عبدالاحد خانپوری
١٤٩۔ احیاء المیت از مولوی ابراہیم میر
١٥٠۔ تاریخ اہلحدیث 〃 〃 〃
١٥١۔ تعریفاتِ اہل سنت از حافظ عبداللہ روپڑی
١٥٢۔ مجموعۃ الرسائل علماء نجد
١٥٣۔ ہندوستان میں اہلحدیث کی علمی خدمات از مولوی امام خاں نوشہروی
١٥٤۔ مدعی امامت سے شرعی استفسار از حکیم صادق
١٥٥۔ ما اہل بہ لغیر اللہ از مولوی فضل الرحمان
١٥٦۔ عقیدۃ المحمدیہ از مولوی عبداللہ پنجابی
١٥٧۔ نیل الاوطار از قاضی محمد بن علی شوکانی
١٥٨۔ نزل الابرار از مولوی وحید الزماں
١٥٩۔ تفسیر ستاری از مولوی عبدالستار دہلوی
١٦٠۔ فتاوٰی ستاریہ 〃 〃 〃
١٦١۔ فقہ محمدیہ از مولوی ابوالحسن

## اخبار اہلحدیث امرتسر

١٦٢۔ اخبار اہلحدیث امرتسر ٢٠ دسمبر ١٩٠٧ء
١٦٣۔ 〃 〃 〃 ٧ نومبر ١٩١٣ء
١٦٤۔ 〃 〃 〃 ٢١ جنوری ١٩١٦ء
١٦٥۔ 〃 〃 〃 ٣٠ نومبر ١٩٣٣ء
١٦٦۔ 〃 〃 〃 ٣١ دسمبر ١٩٣٧ء
١٦٧۔ 〃 〃 〃 ٢٣ اپریل ١٩٣٦ء
١٦٨۔ 〃 〃 〃 ٥ مارچ ١٩٤٣ء
١٦٩۔ 〃 〃 〃 ١٥ ربیع الاول ١٣٣٦ھ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# ابتدائیہ

مولوی حافظ فضل الرحمان صاحب محلہ پاور ہاؤس سیالکوٹ کا رسالہ "وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اور پیر صاحب کا دنبہ" بذریعہ ڈاک فقیر تک پہنچا۔ حافظ فضل الرحمان صاحب مسلکاً غیر مقلد وہابی ہیں اور غیر مقلدین کی مقتدر شخصیت مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کے شاگرد ہیں بقول ان کے ماشاء اللہ مولوی فاضل بھی ہیں اور عرصہ دراز تک سکول ماسٹر رہے ہیں۔ اب ریٹائرڈ ہونے کے بعد آخری عمر میں ان کو مصنف بننے کا شوق سوار ہوا ہے۔

بظاہر ماسٹر صاحب بڑے صلح کل نظر آتے ہیں۔ مگر بباطن رسالہ کے مطالعہ... ثابت ہوئے ہیں۔

مجھے اچھی طرح یاد ہے۔ ماسٹر فضل الرحمان صاحب سے فقیر نے اپنے طالب علمی کے دوران مدارج النبوت فارسی خریدی تھی۔ اس وقت انہوں نے بتایا تھا کہ میں مولوی ابراہیم صاحب میر کا شاگرد ہوں۔

جب ڈاک میں فقیر کو یہ رسالہ موصول ہوا تو مطالعہ کرتے کرتے ہی فقیر نے اس کا جواب لکھنے کا ارادہ کر لیا۔



الحمد للہ رب العالمین! اللہ کریم نے اس دور میں فقیر کو اس منصب پر فائز فرمایا ہے کہ دین کے راہزن اور ڈاکوؤں کو پکڑوں اور ان کی عیاریوں اور مکاریوں سے سادہ لوح مسلمانوں کو آگاہ کروں۔

رسالہ کا مطالعہ کرتے کرتے ہی فقیر نے رسالہ کے حاشیہ پر ماسٹر فضل الرحمان صاحب کی عیاریوں اور مکاریوں کی نشاندہی کر دی۔ تاکہ جواب لکھتے وقت آسانی رہے۔

رسالہ کے بالکل آخری صفحہ کے نیچے ملنے کا پتہ۔

"آفتاب احمد خلجی، محمدی کیمشن شاپ چرچ روڈ غلہ منڈی سیالکوٹ"

لکھا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خلجی صاحب نے ہی ماسٹر صاحب کو مصنف بننے کا شوق دلایا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ اس پُرفریب رسالہ کے چھپوانے کے لیے روپے کی مدد بھی خلجی صاحب نے ہی کی ہو۔ ویسے تو یہ مولوی کہا کرتے ہیں کہ کسی سے مدد مانگنا شرک ہے۔ لیکن جب رسالوں کے چھپوانے کا خیال آتا ہے۔ تو پھر خود ہی مخلوق سے مدد مانگتے ہیں۔

ویسے وہابی مولوی اکثر اپنے مخصوص انداز میں یہ شعر پڑھتے ہیں۔

ے وہ کیا ہے جو نہیں ملتا خدا سے
جسے تم مانگتے ہو اولیاء سے

تو کسی قرآن و سنت کے صحیح جاننے والے عالم دین نے اس کا خوب جواب دیا ہے۔ جس سے کسی وہابی کو انکار نہیں۔ وہ جواب بھی ایک ہی شعر میں ہے جو کہ درج کرتا ہوں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وہ چندہ ہے جو نہیں ملتا خدا سے
جسے تم مانگتے ہو اغنیار سے

فقیر نے اللہ تعالیٰ کا نام لے کر رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی بارگاہِ اقدس میں استغاثہ پیش کرتے ہوئے جواب لکھنا شروع کر دیا۔ جو کہ الحمد للہ رب العالمین آپ کے ہاتھوں میں موجود ہے۔

ماسٹر صاحب کا رسالہ ۲۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ رسالے کے صفحہ ۲۱ پر ختم غوثیہ شریف کے مبارک جملوں کو شرکیہ قرار دیا گیا اور استہزاء اڑایا گیا رسالہ کا جواب لکھتے لکھتے صفحہ ۲۱ پر آیا تو خیال آیا کیوں نہ ختم غوثیہ کے مبارک جملوں کے ثبوت میں مستقل ایک رسالہ لکھ دوں۔ بارگاہِ غوثیت میں استغاثہ کرتے ہوئے ختم غوثیہ کے ثبوت پر مدلل رسالہ کی ابتداء کر دی جو کہ "ختم غوثیہ پڑھنے کا ثبوت" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔

دنیائے اسلام کے مخلص اور دین کے ہمدرد مسلمانوں سے فقیر کی پُر زور درد بھری اپیل ہے کہ ہر نماز کے بعد یہ ضرور دعا کیا کریں۔ اللہ تعالیٰ بجاہ المصطفےٰ سادہ لوح مسلمانوں کو دین کے ڈاکوؤں سے محفوظ رکھے۔ مذہبی اور دینی لبادہ اوڑھ کر سادہ لوح مسلمانوں سے ایمان جیسی قیمتی دولت پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو بھی اللہ کریم ہدایت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

فقیر ابو الحامد محمد ضیاء اللہ القادری الاشرفی غفرلہٗ
خطیب مرکزی جامع مسجد علامہ عبد الحکیم علیہ الرحمہ
تحصیل بازار سیالکوٹ



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ عَالِمِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ ۔ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَلَّذِیْ کَانَ نَبِیًّا وَّ اٰدَمُ بَیْنَ الْمَآءِ وَالطِّیْنِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَخُلَفَآئِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَعِتْرَتِہٖ وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔

مصنف نے اہلال کا معنیٰ آواز بلند کرنا کیا ہے اس کے بعد پکارنے سے کیا مراد ہے کی سُرخی دے کر لکھا ہے کہ ضحاک اور مجاہد۔ قتادہ کہتے ہیں۔ ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام پکارنا مراد ہے اور جمہور مفسرین کا اس طرف میلان ہے اور وہ عند الذبح کی قید لگاتے ہیں۔ اس طرح آیت کا ترجمہ یہ ہوگا کہ جو چیز غیر اللہ کے نام سے ذبح کی جاوے، وہ حرام ہے۔

قارئین کرام! مصنف رسالہ وَمَا اُھِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ مولوی حافظ فضل الرحمان صاحب نے کس عیاری اور مکاری سے کام لیا ہے جو کہ ایک حافظِ قرآن، عالمِ دین، سکول ماسٹر کو زیبا نہیں۔ دراصل بات یہ ہے کہ اس گروہ کے علماء کو ابتدائی تعلیم ہی یہی دی جاتی ہے۔ ماسٹر فضل الرحمان صاحب کے اس انداز پر حیرانگی کوئی نئی بات نہیں۔ اس گروہ کے اکابر کی یہی روش رہی ہے۔

"وہی چال بے ڈھنگی جو پہلے تھی وہ اب بھی ہے"

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



یہ انداز ان حضرات کو ورثہ میں ملا ہوا ہے۔ عیاریوں اور مکاریوں کے عجیب عجیب انداز اور طریق اگر تفصیلاً پڑھنا چاہتے ہو تو فقیر کی کتب[1] وہابی مذہب تصریر وہابیت پر بم۔ وہابیت کا پوسٹ مارٹم کا مطالعہ فرمائیں۔

ناظرین کرام! ماسٹر مولوی فضل الرحمان صاحب خود ہی پکارنے سے کیا مراد ہے کی سُرخی دے کر لکھتے ہیں کہ ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام پکارنا مراد ہے اور جمہور مفسرین کا اس طرف میلان ہے اور وہ عند الذبح کی قید لگاتے ہیں۔

اس کے بعد لکھتے ہیں کہ

"اس طرح آیت کا ترجمہ یہ ہوگا کہ جو چیز غیر اللہ کے نام سے ذبح کی جاوے حرام ہے۔"

جس چیز پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا جائے وہ حرام ہے۔ کیونکہ اگر یہ ترجمہ کرتے تو ان کا یہ رسالہ لکھنے کا مقصد فوت ہو جاتا تھا اور ان کی عیاری اور مکاری ان کے اپنے حضرات نے ہی بھانپ لینی تھی اور ان پر یہ عیاں ہو جاتا تھا کہ مسلکِ اہل سنت وجماعت درست اور حق ہے۔

آج کل کے مسلمان اور دہلی وغیرہ کے ہندوؤں کا دستور کی سرخی دے کر مولوی فضل الرحمان صاحب صفحہ ۲ پر ہی رقمطراز ہیں۔

جیسا کہ ہندوستان وغیرہ ملک میں شیخ سدو کا بکرا، پیر کا بکرا، سید کبیر کی گائے پکاری جاتی ہے۔ جس طرح کہ ہندوؤں میں دستور ہے کہ کالی بھوانی وغیرہ کے لیے سانڈ چھوڑتے ہیں۔

مولوی نما ماسٹر صاحب نے کس دیدہ دلیری سے مسلمانوں کی تشبیہ ہندوؤں کے

---

[1] یہ کتب قادری کتب خانہ سیالکوٹ سے مل سکتی ہیں۔



دستور سے دی ہے۔ یہ جسارت اہل خبیث ہی کر سکتا ہے۔ اہل حدیث کو تو قطعًا یہ جرأت نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ وہ عمل جو مسلّمہ بزرگوں اور محدثین کے نزدیک مستحسن اور جائز ہے۔ اس کو ہندوؤں سے تشبیہہ دینا خباثت نہیں تو اور کیا ہے اور ایسا کرنے والا فضل الرحمان نہیں ہاں ان فضل الشیطان ضرور ہوگا۔ ایسے شخص کو نہ قرآن حکیم کی سمجھ ہے اور نہ ہی حدیث رسولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا علم اگر علم رکھتا تو یہ کبھی نہ لکھتا۔ سرورِ عالم، سیاحِ لامکاں، وسیلۂ بیکساں حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

صحیح البخاری صـ۲ عمدۃ القاری صـ۱۶ ج ۱ فتح الباری صـ۵٬۲ ج ۱

ماسٹر فضل الرحمٰن صاحب نے بعد ازیں سادہ لوح مسلمانوں کی آنکھوں میں دھول ڈالنے کی کوشش کرتے ہوئے لکھا ہے کہ

پس جب یہ جانور غیر اللہ کے لیے نامزد ہو گئے یعنی بطورِ تقرب ان کو ان کے نام سے پکارا تو ان میں شرک کی خباثت سرایت کر گئی اور یہ ناپاکی باطن اس جانور کے رگ و پے میں دوڑ گئی۔ پس جس طرح کہ سور وغیرہ کو اللہ کے نام سے ذبح کرنا کچھ فائدہ نہیں بخشتا بلکہ حرام ہی رہتا ہے۔ غیر اللہ کے نام کا ذبح کرنا یا کوئی چیز دینا سور کو اللہ کے نام سے ذبح کرنے کے برابر ہے۔

دوستو! غیر اللہ کے نام سے نامزد کرنا ایک ایسی چیز ہے کہ جس سے کوئی وہابی بھی محفوظ نہیں بلکہ خود مولوی فضل الرحمان صاحب بھی نہیں۔ مثلاً یہ مولوی صاحب کی گائے ہے۔ یہ ماسٹر صاحب کی بکری ہے۔ یہ مولوی صاحب کا بکرا ہے یہ ماسٹر صاحب کا مکان ہے۔ یہ مولوی صاحب کی بیوی ہے۔ یہ ماسٹر صاحب کا لڑکا ہے۔ یہ مولوی صاحب کی لڑکی ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ماسٹر صاحب، مولوی صاحب بھی تو وہابیوں کے نزدیک غیر اللہ ہیں تو پھر وہ گائے، بکری، بکرا، بیوی، لڑکی، سب حرام ہوئے۔ پہلے تو مولوی صاحب اپنی زوجہ محترمہ کو حلال قرار دے لیں۔ پھر سادہ لوح مسلمانوں پر حرام کا فتوے صادر فرمائیں۔

جنہوں نے یہ رسالہ شائع کیا ہے، ان کا نام رسالہ کے آخر میں لکھا ہے۔ وہ خلجی صاحب ہیں۔ ان کی کمیشن شاپ ہے اور اس کمیشن شاپ کا نام انہوں نے محمدی کمیشن شاپ رکھا ہے۔ جیسا کہ رسالہ کے آخر میں درج ہے۔

مولوی فضل الرحمٰن صاحب اور خلجی صاحب سے کوئی پوچھے کہ حضرت آپ نے تو پورے رسالہ میں یہ زور دیا ہے کہ جو چیز غیر اللہ کے نام سے نامزد ہو وہ حرام ہوتی ہے۔ تو آخر ان کے دماغ میں یہ بھی آنا چاہئے کہ دکان کا جو انہوں نے نام رکھا ہے۔ وہ بھی ان کے نزدیک حرام ہے۔ کیونکہ ان کے نزدیک اللہ کے محبوب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی تو غیر اللہ ہیں اور محمدی کمیشن شاپ یہ محمد کی طرف نامزد ہے۔

لہٰذا ان کے دکان کا نام بھی ان کے نزدیک حرام ہے۔ پھر کئی وہابی اپنے آپ کو محمدی کہلاتے ہیں۔ لہٰذا وہ بھی حرامی ہوئے۔ کئی وہابیوں کے مدرسوں کے نام میں محمدیہ آتا ہے۔ جیسا کہ مشہور کانگریسی مولوی اسماعیل آف گوجرانوالہ جو کہ غیر مقلد ہیں نے اپنے مدرسہ کا نام محمدیہ رکھا ہے۔ وہ مدرسہ بھی حرامی ہوا لطف کی بات یہ ہے کہ شہر سیالکوٹ میں انہیں حضرات کا ایک مدرسہ ہے جس کا نام انہوں نے جامعہ ابراہیمیہ رکھا ہے۔ مولوی ابراہیم صاحب میر کی طرف نامزد کیا ہے۔ اس مدرسہ کا نام رکھنے والے۔ اس مدرسہ میں چندہ دینے والے، اس میں پڑھنے اور پڑھانے والے سب حضرات پھر حرام کو فروغ دینے



والے ہوئے۔ ہاں تو میں نے یہ ذکر کیا ہے۔ اس رسالہ کی اشاعت کرنے والے خلجی صاحب کی کمیشن شاپ ہے اور دکانداروں کا اکثر معمول ہوتا ہے کہ دوپہر کا کھانا گھر سے منگواتے ہیں یا ہوٹل سے منگواتے ہیں تو گھر والے یہ ضرور کہتے ہوں گے کہ خلجی صاحب کی روٹی لے جاؤ، ہوٹل سے: چائے وغیرہ منگواتے ہوں گے تو ہوٹل والے کہتے ہوں گے کہ خلجی صاحب کی چائے ہے۔

ماسٹر فضل الرحمٰن صاحب کے اصول کے مطابق یہ سب حرام ہوا کھانا بھی حرام اور چائے بھی حرام، کیونکہ کھانے پر بھی خلجی صاحب کا نام۔ چائے پر بھی خلجی صاحب کا نام آتا ہے۔

اب مولوی فضل الرحمان صاحب اور ان کی جماعت کے سب حضرات اپنے خود ساختہ عقائد اور اصول کی بنا پر سب حرام ہی کھاتے ہیں۔ کیونکہ ماسٹر فضل الرحمان صاحب نے اس رسالہ کے صفحہ ۹ پر نتیجہ کی سرخی دے کر صاف الفاظ میں لکھا ہے کہ

معلوم ہوا کہ جس کسی چیز پہ جانور ہو یا اور کچھ جب غیر اللہ کا نام لے گا تو وہ چیز حرام ہو جاوے گی۔ کھانے کی ہے تو کھانا اس کا۔ پہننے کی ہے تو اس کا پہننا کسی اور استعمال کی ہے تو اس کا استعمال حرام ہوگا۔ کیونکہ اعتبار عموم لفظ کا ہے۔ نہ خصوصیت سبب کا۔

ناظرین مولوی صاحب خود خلجی صاحب اور دیگر ان کے ہم عقیدہ وہابی دیوبندی حضرات اس برے عقیدہ سے توبہ کریں اور مسلک حق اہل سنت وجماعت کو قبول فرمائیں۔ وگرنہ ان کی اپنی تحریر کے مطابق ان کا کھانا پینا اور بیوی وغیرہ سب کے سب حرام ہوں گے۔ کیونکہ کھانے پینے اور بیوی وغیرہ پر مولوی صاحب، ماسٹر صاحب، خلجی صاحب، چٹھہ صاحب، چیمہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



صاحب، شیخ صاحب وغیرہ کا نام تو ضرور آتا ہے۔

اُٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں
وہابی تہذیب کے گندے ہیں انڈے

مولوی صاحب مثال دے کر لکھتے ہیں کہ

جس طرح سؤر وغیرہ کو اللہ کے نام سے ذبح کرنا کچھ فائدہ نہیں بخشتا بلکہ حرام ہی رہتا ہے۔ غیر اللہ کے نام کا ذبح کرنا یا کوئی چیز دینا۔ سور کو اللہ کے نام سے ذبح کرنے کے برابر ہے۔

مولوی صاحب کی یہ مثال پڑھ کر اگر کوئی یہ کہہ دے کہ مولوی صاحب آپ کی بیوی جو آپ کی طرف منسوب اور نامزد ہے' خطبہ نکاح اور ایجاب و قبول سے آپ پر حلال نہیں ہوگی۔ بلکہ وہ حرام ہی رہے گی۔ کیونکہ وہ بھی تو غیر اللہ کی طرف منسوب اور نامزد ہے تو مولوی صاحب اور ان کے حواریوں کو قطعی برا نہ منانا چاہیئے۔ کیونکہ یہ اصول ان کا ہی بنایا ہوا ہے۔ جو ان پر خوب چسپاں ہوا ہے۔

مولوی صاحب تو اپنے رسالہ میں ایسی ہزلیات لکھنے کے بعد رقمطراز ہیں کہ مولانا شاہ عبدالعزیز اپنی تفسیر عزیزی میں اسی قول کو ترجیح دیتے ہیں۔ احتیاط بھی اسی میں ہے اور قطع شرک کے لیے یہی قول مناسب مقام ہے۔

قارئین کرام! مولوی فضل الرحمان صاحب نے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ کا نام جس متکبرانہ انداز سے لکھا ہے۔ وہ ذی شعور حضرات سے مخفی نہیں کہ اس مقتدر شخصیت کے نام پر رحمۃ اللہ علیہ بھی لکھنا گوارا نہیں کیا ایسے معلوم ہوتا ہے کہ بے ادبی اور گستاخی ان کی گھٹی میں رچی ہوئی ہے۔ اگر مولوی صاحب میں یہ بات نہ ہوتی تو مولوی فضل الرحمان صاحب کے استاذ



مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کو اخبار اہل حدیث[۱] امرتسر میں خطیب کی اپیل کی ضرورت پیش نہ آتی۔ نیز اس اپیل میں "گستاخ اور بے ادب نہ ہو" کی قید نہ لگاتے۔ عامۃ المسلمین کی خیر خواہی اور بہتری کے لیے وہ اپیل درج کرنا بہت مفید ہے جو کہ من وعن درج کی جاتی ہے۔

"**خطیب کے لیے اپیل** مجھے ایک ایسے جامع معقول ومنقول اہلحدیث اہل علم کی ضرورت ہے جو میرے سامنے یہاں پر کچھ مدت قیام کرے تاکہ لوگ بھی اس سے مانوس ہو جائیں اور وہ بھی شہر کے حالات سے واقفیت حاصل کرے۔ تنخواہ حسب لیاقت وکارگزاری دی جائے گی حافظ قرآن کو ترجیح دی جائے گی اور اخلاق کی سنجیدگی اور عمل کی صلاحیت اور عقیدہ کی صحت ضروری شرائط ہیں۔ مختصر یہ کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک سلفی العقیدہ ہو۔ امر تصوف وعلم کلام کے ذوق سے آشنا ہو بزرگان دین، آئمہ مجتہدین ومحدثین کا ادب ملحوظ رکھنے والا ہو۔ گستاخ وبے ادب اور خشک مزاج نہ ہو۔ (اہلحدیث امرتسر صفحہ ۵ کالم نمبر ۱-۲، ۲۹ اکتوبر ۱۹۴۳ء)

قارئین کرام! مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کی یہ اپیل مولوی اور ان کے حواریوں کو بار بار ٹھنڈے دل اور دماغ سے پڑھنی چاہیئے کہ ان کے بزرگ جماعت کی مقتدر شخصیت اپنی جماعت کے مولوی کی اپنی مسجد کی خطابت کی تقرری کے لیے کتنی شرطیں لگا رہے ہیں۔

خصوصی طور پر یہ شرائط کہ

امر تصوف وعلم کلام کے ذوق سے آشنا ہو۔ بزرگان دین، آئمہ مجتہدین کا ادب ملحوظ رکھنے والا ہو۔ گستاخ وبے ادب اور خشک مزاج نہ ہو۔ یہ شرائط لگانے سے معلوم ہوا کہ ان حضرات میں بزرگان دین۔ آئمہ مجتہدین ومحدثین

[۱] اگلے صفحہ پر اہلحدیث امرتسر کے صفحہ کی فوٹو سٹیٹ ملاحظہ فرمائیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



(اخبار اہلحدیث امرتسر ۲۹ اکتوبر ۱۹۳۲ء)






کے بے ادب اور گستاخ بھی ہیں اور وہ لوگ صرف عامۃ الناس میں سے ہی نہیں ہیں۔ بلکہ ان کے دینی مدرسوں کے فارغ التحصیل اور دورۂ قرآن وحدیث کی اسناد حاصل کئے ہوئے جن کو یہ حضرات اپنی جماعت کے علماء دین کہتے ہیں۔

آج سے کئی صدیوں پہلے عالم حقانی، عارف ربانی، مولانا جلال الدین رومی علیہ الرحمہ نے مسلمانوں کو وعظ کرتے ہوئے فرمایا ہے۔

از خدا خواہیم توفیق ادب
بے ادب محروم گشت از فضل رب

### مولوی فضل الرحمٰن صاحب اور ان کے حواریوں سے سوال؟

مولوی صاحب آپ عالم دین بھی کہلاتے ہیں۔ غالباً مولوی فاضل کی ڈگری بھی حاصل کئے ہوئے ہیں۔ اپنے رسالہ پر آپ نے حافظ بھی لکھا ہے۔ ماشاء اللہ حافظ قرآن بھی ہیں۔ پھر اپیل کنندہ مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کے شاگرد رشید بھی ہیں اور بجلی محلہ سیالکوٹ میں سکونت پذیر بھی ہیں جو کہ مولوی ابراہیم صاحب میر کی جامع مسجد سے اتنا دور بھی نہیں۔ پھر مولوی ابراہیم صاحب یعنی آپ کے استاذ نے آپ کا انتخاب کیوں نہیں کیا؟

آپ کو منتخب نہ کرنے کی وجہ آپ کا رسالہ پڑھنے سے معلوم ہوئی ہے کہ آپ حد درجہ کے گستاخ اور بے ادب ہیں۔ خشک مزاج ہیں، سلفی العقیدہ بھی نہیں۔ اہر تصوف اور علم کلام کے ذوق سے کوسوں دور ہیں۔ اگر ہوتے تو کبھی بھی گیارہویں شریف نذر و نیاز کو حرام قرار نہ دیتے۔ بلکہ کتے اور سور سے تشبیہہ نہ دیتے۔ یہ سب کچھ آپ کے قلم سے اسی لیے نکلا ہے کہ آپ میں یہ سب صفات درجہ اتم موجود ہیں۔

غیر مقلدین حضرات کے لیے یہ بہت بڑا المیہ ہے۔ جب کہ میر صاحب کے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



شاگردوں میں سیالکوٹ میں رہائش پذیر حافظ محمد شریف صاحب سیالکوٹی علیہ ما علیہ + حکیم صادق سیالکوٹی۔ مولوی حافظ فضل الرحمان سیالکوٹی مصنف رسالہ ہوتے ہوئے اپنی مسجد کے لیے خطیب کی اپیل کر رہے ہیں۔ مندرجہ بالا شرائط لگا رہے ہیں۔

اگر یہ حضرات بغور سوچیں تو میر صاحب نے اپنے تمام شاگردوں کو بلیک لسٹ میں درج کر کے ان کے ماتھے پر وہ تلک لگا دیا ہے جو مرتے دم تک نہیں اتر سکتا ہے اور ان کے شاگرد جن میں مولوی فضل الرحمان صاحب بھی شامل ہیں۔ کچھ ہوش کے ناخن لیتے اور اپنی ناپسندیدہ حرکات سے باز آتے۔ مگر مولوی فضل الرحمان نے یہ رسالہ لکھ کر شاعر کے اس شعر کو اپنے اوپر صادق کر دکھایا ہے۔

ڈھیٹ اور بے شرم دنیا میں بھی دیکھے ہیں مگر
سب پہ سبقت لے گئی ہے بے حیائی آپ کی

مولوی فضل الرحمان صاحب کے حواریوں کو بھی گریبان میں منہ ڈال کر سوچنا چاہیئے کہ وہ حضرات جن کو مولوی ابراہیم صاحب میر نے نظر انداز کر دیا تھا اور اپنی زندگی میں جن کو (REJECT) کر دیا تھا۔ ان کی مسجد میں تدریس کے لیے تقرری میر صاحب کو خوش کرنے والا کارنامہ نہیں۔ بلکہ ناراض کرنے کا ذریعہ ہے۔ ایسے حضرات کی تقرری کرنے والوں کا حشر بھی ایسے حضرات کے ساتھ ہوگا۔ جن کو میر صاحب نے گستاخ اور بے ادب جیسے رسوائے زمانہ خطابات دیئے ہیں۔

گئی طفلی جوانی پیری آئی
کر اب بھی ہوش نادان گستاخ



ہو سکتا ہے کہ مولوی فضل الرحمان صاحب کے حواری رسالہ سے جو کہ انہوں نے اسلام کے دشمنوں کو خوش کرنے کے لیے لکھا ہے۔ ان کا کارنامہ سمجھے بیٹھے ہوں۔ ان کی رہنمائی اور بہتری کے لیے مولوی ابراہیم میر جو کہ ان کی جماعت کے امام العصر ہیں اور متقدر شخصیت بھی ہیں کی ایک وصیت درج کرنا اپنا فرض منصبی سمجھتا ہوں تاکہ عقیدۃً امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے صاحب ورع اور زہد و تقویٰ کی تقلید کو شرک و بدعت سمجھ کر غیر مقلد کہلانے والے عملاً گستاخ، بے ادب، بدعمل اور قرآن و حدیث سے بے بہرہ حضرات کی تقلید کرنے والے نام نہاد اہل حدیث حضرات پر حقیقت واضح ہو جائے کہ یہ کارنامہ نہیں ہے بلکہ دھوکہ ہے۔ اس کی اشاعت ثواب نہیں بلکہ عذاب ہے۔ وہ وصیت لفظ بلفظ درج کرتا ہوں۔

**مولوی ابراہیم صاحب میر کی وصیت**

مولوی ابراہیم صاحب میر اپنی جماعت کو مخاطب کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ

جماعت اہل حدیث اپنے ناقص العلم اور غیر محتاط نام نہاد علماء کی تحریروں اور تقریروں سے دھوکہ نہ کھائے کیونکہ ان میں سے بعض تو پرانے خارجی اور بے علم محض اور بعض پرانے کانگریسی ہیں[1]۔

(احیاء المیت صفحہ ۳۶)

کیا لطف جو غیر پردہ کھولے
جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے

مولوی فضل الرحمان صاحب اور ان کے رفقاء کار کو ان کے اساتذہ اور ان کے گروہ کی متقدر شخصیت مولوی ابراہیم صاحب میر کی وصیت و نصیحت پر تخلیہ میں بیٹھ کر غور و خوض کرنا چاہیئے اور مسلمانوں کے حال پر رحم کھانا چاہیئے کہ چند

[1] احیاء المیت ص۳۶ کی فوٹو اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



۳۶

میں اسلامی جمعیت کو پاش پاش کر دیا اور سیاسی لوگوں نے جمیعۃ الانقلاب کی حرص میں سلام ہی کو جواب دیدیا۔ فإلی اللہ المشتکی۔

سو ایسے حالات میں جتنے ضروری جانا کہ ان ہر دو قسم کے لوگوں کو طریق ہدایت اور دنیا و عاقبت کی راہِ نجات بتاؤں، تاکہ مسلمانوں کی کشتی اس بھنور کے تھپیڑوں سے محفوظ ہے۔ واللہ الموفق

جریدہ اہلحدیث سوہدرہ اور اخبار الاعتصام گوجرانوالہ کے ایسے زہریلے مضامین اور بعض بے احتیاط اور زبان دراز مقررین کے ایسے بیانوں سے خطرہ ہے کہ جماعت اہلحدیث پر جو انجام بینی کے لحاظ سے بہت سادہ جماعت ہے، بُرا اثر پڑے۔ اور شیعہ سنی اور حنفی اہلحدیث کے مسائل کے پردے میں ان میں یزیدی ذہنیت اور خارجی روح حلول کر جائے، اور ترک تقلید کے سیلاب میں وہ ترکِ ادب کے خس و خاشاک اور کیچڑ سے بھی آلودہ ہو جائیں، جیسا کہ واقعی میں ہو رہا ہے۔

سو واضح ہو کہ یہ روش ائمہ متبوعین کی روش کے خلاف ہے کوئی شخص اہل سنت کہلا کر ان کی روش کے خلاف نہیں کر سکتا، اس لئے جماعت اہل حدیث اپنے ناقص العلم اور غیر محتاط نام نہاد علماء کی تحریروں اور تقریروں سے دھوکا نہ کھائے کیونکہ ان میں سے بعض تو پرانے خارجی اور بے علم محض ہیں اور بعض پرانے کانگرسی ہیں، جو کانگرس کا حق نمک ادا کرنے کے لئے ایک نہایت گہری اور زمین دوز (under ground) تجویز کے تحت انگریزی پالیسی Devide and conquer (تفرقہ ڈالو اور فتح کرو) سے مسلمانوں کو خلافی مسائل میں مشغول کر کے باہمی اتفاق میں رخنہ ڈالنے اور مسلمانوں میں خصوصاً اہلحدیث میں تعصب پیدا کرنا چاہتے ہیں۔

احیاء المیت صفحہ ۳۶ کا فوٹو



ٹکوں کی خاطر، پیٹ پرستی کرتے ہوئے ایسے رسالے لکھکر دشمنانِ اسلام کو خوش نہ کریں اور سادہ لوح مسلمانوں کو صراطِ مستقیم سے ہٹا کر گمراہ کرنے کی مذموم کوشش سے باز آجائیں۔ نبی غیب دان، شفیع مجرماں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان یاد رکھیں۔ جو آپ نے گمراہ اور گمراہ کن نام نہاد علماء کے متعلق فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| إِذَا لَمْ يَبْقَ عَالِمٌ اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُوسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوا فَأَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوا وَأَضَلُّوا۔ صحیح بخاری شریف صفحہ ۲۰ عمدۃ القاری صفحہ ۸۳ صفحہ ۱۳۰ جلد ۲ فتح الباری صفحہ ۱۹۴ جلد ۱ | جب کوئی عالم باقی نہ رہے گا تو لوگ جاہلوں کو سردار بنالیں گے اور ان سے (مسائل) پوچھیں جائیں گے اور علم کے بغیر ہی فتوے دیں گے (خود بھی) گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے |

صحیح بخاری شریف صفحہ ۲۰ عمدۃ القاری صفحہ ۸۳ صفحہ ۱۳۰ جلد ۲ فتح الباری صفحہ ۱۹۴ جلد ۱

**مولوی وحید الزمان صاحب کی گواہی**

غیر مقلدین حضرات کی مقتدر شخصیت مولوی وحید الزمان صاحب حیدر آبادی جنہوں نے صحاح ستہ کا ترجمہ بھی کیا ہے۔ اپنی جماعت کی علمی قابلیت کے متعلق رقمطراز ہیں کہ:۔

غیر مقلدوں کا گروہ جو اپنے تئیں اہلحدیث کہتے ہیں۔ انہوں نے ایسی آزادی اختیار کی ہے کہ مسائل اجماعی کی پرواہ نہیں کرتے نہ سلف صالحین اور صحابہ اور تابعین کی۔ قرآن کی تفسیر صرف لغت سے اپنی من مانی سے کر لیتے ہیں۔ حدیث شریف میں جو تفسیر آچکی ہے اس کو بھی نہیں سنتے (حیاتِ وحید الزمان صفحہ ۱۰۲ سطر ۸ تا ۱۰، وحید اللغات)

قارئین کرام! مولوی فضل الرحمان صاحب کے رسالہ " وَمَا

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ اور پیر صاحب کا ڈنبہ کا مطالعہ کرنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مولوی وحید الزمان صاحب نے بالکل صحیح عکاسی کی ہے۔ مولوی فضل الرحمٰن صاحب اور ان کے حواری فقیر سے ناراض نہ ہوں بلکہ اپنی جماعت کے مولوی وحید الزمان کی صحیح عکاسی پر اپنی اسلام دشمنی اور جہالت کا اندازہ لگاتے ہوئے قہر الٰہی سے ڈرتے ہوئے سچے دل سے توبہ کریں اور ایسے فتوؤں اور تحریروں سے باز آئیں۔

**تھانوی صاحب کا بیان** | غیر مقلدین کے ممدوح اور دیوبندی حضرات کے حکیم الامت مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کا بیان بھی درج کرتا ہوں۔ جس سے ان غیر مقلدین کی ساری اسلامی خدمات اور مسلمانوں سے ہمدردیاں عیاں ہوجاتی ہیں۔ تھانوی صاحب بیان کرتے ہیں کہ

یہی حال غیر مقلدین کا ہے۔ خصوصاً بدگمانی اور بدزبانی کا مرض ان میں خصوصیات سے ہے۔ شیعوں کی طرح تبرا ان کا بھی شعار ہے۔ بزرگوں کی شان میں گستاخی کرنا ان کے یہاں بھی ذریعہ نجات ہے۔ ایسی غیر مقلدی نیچریت کی پہلی سیڑھی ہے اللہ بچائے (افاضات الیومیہ صـ۲۲ ج ۵)

فقہ نہایت مشکل چیز ہے۔ اس میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہے اور لوگ تو زیادہ تر اسی میں بے احتیاطی سے کام لیتے ہیں۔ خصوصاً بعض غیر مقلدین اس باب میں بڑے دلیر ہیں۔ ہمارا مذہب بحمداللہ مدوّن ہے مگر ان مدعی غیر مقلدوں کا نہ کوئی سر ہے نہ پیر۔ جو جی میں آیا فتویٰ دے دیا۔ ایک مرتبہ ایک غیر مقلد مولوی صاحب نے یہ چھاپ دیا کہ دادا کی بیوی سے نکاح جائز ہے۔ (افاضات الیومیہ صـ۸ ج ۵)



؎ صادق ہوں اپنے قول میں غالب خدا گواہ
کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

مولوی فضل الرحمان صاحب نے شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمہ کی تفسیر عزیزی کا تذکرہ صرف نام ہی درج کرکے کیا ہے۔ عبارت وغیرہ کوئی پیش نہیں کی۔ حالانکہ ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی علیہ الرحمہ کا وہی عقیدہ ہے جو کہ آئمہ اہل سنت وجماعت کا عقیدہ ہے اور جو ان کے اسلاف کا عقیدہ ہے۔

**الحاقی عبارت اور تحریفات** | شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ کی تفسیر عزیزی پارہ دوم والی عبارت یہ الحاقی عبارت ہے۔ یہ وہابیوں کی شرارت اور بددیانتی کا ہی نتیجہ ہے جو کہ انہوں نے اپنے پاس سے بنا کر تفسیر عزیزی میں شائع کردی ہے، جیسا کہ موجودہ دور کے وہابی اب بھی اسلاف کی کتب میں الحاقی عبارت شائع کردیتے ہیں۔ سرکار غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کتاب غنیۃ الطالبین میں تراویح کی تعداد بیس بیان کی ہے۔ مگر کراچی کے سعودیہ کتب خانہ والوں نے جو کہ غیر مقلدین حضرات کا ادارہ ہے شائع کی۔ جس کے ایک کالم میں عربی اور دوسرے کالم میں اردو ہے۔ اس میں بیس رکعت کی بجائے آٹھ رکعت تراویح کی عبارت لکھ دی۔ اسی طرح میرے اعلیٰ حضرت عظیم البرکت، امام اہل سنت مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خان قادری بریلوی علیہ الرحمہ کا ترجمہ قرآن پاک جو تاج کمپنی نے شائع کیا۔ اس ترجمہ میں بھی الحاقی ترجمہ شائع کردیا۔ صدر الافاضل مولانا سید نعیم الدین مراد آبادی علیہ الرحمہ کی تفسیر خزائن العرفان میں عبارتیں الحاقی لکھ دیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



تفسیر عزیزی کی عبارت الحاقی کا بیان خود شاہ عبد العزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے ہی شاگرد رشید حضرت علامہ عبد الرؤف علیہ الرحمۃ نے اپنی تفسیر رؤفی میں تحریر فرمایا ہے۔ پڑھیے اور دین کے رہزنوں کی حرکات کا اندازہ لگائیے۔

## مفسرِ قرآن علامہ عبد الرؤف علیہ الرحمۃ کا بیان

جاننا چاہیے کہ تفسیر فتح العزیز میں کسی عدو نے الحاق کر دیا ہے اور یوں لکھا ہے کہ اگر کسی بکری کو غیر کے نام سے منسوب کیا ہو تو بسم اللہ اللہ اکبر کہکر ذبح کرنے سے وہ حلال نہیں ہوئی اور غیر خدا کے نام کی تاثیر اس میں ایسی ہو گئی ہے کہ اللہ کے نام کا اثر ذبح کے وقت حلال کرنے کے واسطے بالکل نہیں ہوتا۔ سو یہ بات کسی نے ملا دی ہے۔

خود مولانا مرشدنا حضرت شاہ عبد العزیز صاحب کبھی ایسا سب مفسرین کے خلاف نہ لکھیں گے۔ اور ان کے مرشد اور استاد اور والد حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب نے فوز الکبیر فی اصول التفسیر میں مَا اُهِلَّ کے معنے مَاذُبِحَ لکھا ہے یعنی ذبح کرتے وقت جس جانور پر بت کا نام لیوے۔ سو حرام ہے اور مردار جیسا ہے اور بسم اللہ اللہ اکبر کہکر ذبح کیا سو کیونکر حرام ہوتا ہے۔

بعضے نادان تو نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مولد شریف کی نیاز۔ حضرت پیران پیر کی نیاز اور ہر ایک شہدا، و اولیاء کی نیاز فاتحہ کے کھانے کو بھی حرام کہتے ہیں اور یہ آیت دلیل لاتے ہیں کہ غیر خدا کا نام جس پر لیا گیا۔ سو حرام ہے۔ واہ واہ کیا عقل ہے۔ ایسا کہتے ہیں اور پھر جا کر کھاتے ہیں۔

(تفسیر رؤفی صفحہ ۱۳۸، ۱۳۹ مطبوعہ بمبئی)

قارئین کرام! شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کے شاگرد رشید علامہ عبد الرؤف علیہ الرحمۃ کی عبارت سے واضح ہوتا ہے کہ دشمنانِ اسلام



اسلام کے خلاف کیسی خطرناک سازشیں کرتے ہیں۔ بظاہر وہ بڑے سیدھے سادے نظر آئیں گے۔ اسلام کے بڑے خیر خواہ اور ہمدرد اپنے آپ کو ظاہر کریں گے۔ مگر یہ بہروپیے حقیقتاً اسلام کے دشمن ہیں۔ جیسا کہ وہابیوں کے قاضی عبد الاحد خانپوری نے خود اپنی کتاب میں اپنی جماعت کے سرکردہ مولوی ثناء اللہ امرتسری کے متعلق لکھا ہے کہ:

## قاضی عبد الاحد خانپوری کی گواہی

ثناء اللہ ملحد زندیق کا دین اللہ کا دین نہیں ہے اس کا کچھ دین تو فلاسفر دہریہ کا ہے۔ کچھ دین اس کا دجالوں، نیچریوں، مرزائیوں کا ہے اور کچھ دین اس کا ابوجہل کا ہے۔ جو اس امت کا فرعون تھا بلکہ اس سے بدتر ہے کیونکہ وہ (ابوجہل) مثلیت کا قائل نہ تھا۔ اور یہ زندیق اللہ عزوجل کی ہزار دو مثلیں قرار دیتا ہے۔ بلکہ اس کا دین غیر اللہ کا ہے۔ بلکہ وہ اصول ستہ اٰمَنْتُ بِاللّٰہ کا منکر ہے۔ پس وہ بحکم قرآن واجب القتل ہے۔ (الفیصلۃ الحجازیہ ص۵)

یہی قاضی عبد الاحد خانپوری رقمطراز ہیں کہ

(مولوی ثناء اللہ امرتسری) خود تو منافق ہے اور مسلمانوں عامیوں کو بھی منافق بناتا ہے۔

(الفیصلۃ الحجازیہ ص۱۲)

## مولوی فقیر اللہ مدراسی کی گواہی

سردار اہل حدیث مولوی ثناء اللہ امرتسری کے متعلق ان کی جماعت کے سرکردہ مولوی فقیر اللہ مدراسی جو کہ ان کے استاذ بھائی بھی ہیں کی گواہی بھی اس مقام پر درج کرنا فقیر کے دعویٰ کی تصدیق کے لیے بین دلیل ہے۔ مدراسی صاحب گواہی دیتے ہوتے رقمطراز ہیں کہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



یہ مفسر صاحب (مولوی ثناء اللہ امرتسری) ناول نادانی۔ و خلاف بیانی کے فن میں یدِ طولیٰ رکھتے ہیں (تفسیر السلف ص۳)

(مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری) مغالطہ و چالبازی، ابلہ فریبی کے ہنر کے استاذ کامل ہیں (تفسیر السلف ص۳)

یہ تھا مولوی فضل الرحمان صاحب اور ان حواریوں کے سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری کا حال۔ اب موجودہ دور کے حافظ عبد القادر صاحب روپڑی کے چچا جان اور سسر صاحب حافظ عبد اللہ صاحب روپڑی جن کو یہ بزعم خویش محدث کے معزز لقب سے یاد کرتے ہیں کا حال بھی ان کے اپنے اکابر کی تحریروں کے آئینہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

**ابو عبد اللہ امرتسری کی گواہی** غیر مقلدین حضرات مولوی ابو عبد اللہ امرتسری لکھتے ہیں اور یہ تحریر انہی حضرات کے مفسر مولوی محمد صاحب دہلوی نے شائع کی ہے کہ یہ بزرگ (عبد اللہ روپڑی) صرف جھوٹ بولتے نہیں بلکہ جھوٹ از خود گھڑتے ہیں۔ تہمت خود تراشتے ہیں بس جماعت متنبہ رہے۔ (اخبار محمدی دہلی ص۱۳ ۱۵ اپریل ۱۹۳۹ء)

**مولوی محمد دہلوی کی گواہی** غیر مقلدین حضرات کے اخبار محمدی دہلی کے ایڈیٹر مولوی محمد صاحب دہلوی کی تحریر بھی فقیر کے دعویٰ کی سچائی کو عیاں کرنے کے لیے واضح دلیل سمجھتے ہوئے درج کرتا ہوں، مولوی محمد دہلوی صاحب لکھتے ہیں کہ

پس حقیقی مداہنت۔ مذموم رواداری، بدترین ہر دلعزیزی صحیح منافقت، مداہنت۔ بے دینی۔ بے حمیتی، بے حسی نامرادی نامردی، بزدلی، ڈرپوکی اور بے ایمانی روپڑی ریوڑ کی روش ہے۔



اخبار محمدی دہلی ص۱۳ کالم نمبر ۲، ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۸ء

؎ وہ قصے اور ہوں گے جن کو سن کر نیند آتی ہے
تڑپ اٹھو گے کانپ اٹھو گے سن کر داستاں اپنی

فقیر کے پاس اکابر وہابیہ کی منافقت سے متعلق ان کے اپنے ہی مولویوں کی ثقہ گواہیاں اتنی تعداد میں ہیں کہ صرف اس دعویٰ کے ثبوت میں پیش کروں تو ایک ضخیم کتاب بن جاتی ہے[1]۔ طوالت کی بنا پر اب صرف مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے استاذ مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کے متعلق مولوی صاحب کے استاذ بھائی اور وہابیوں کے مولوی حکیم صادق صاحب کے شائع کردہ پمفلٹ "مدعی امارت سے شرعی استفسار" سے پیش کرتا ہوں۔ یاد رہے کہ حکیم صادق صاحب سیالکوٹی مولوی ابراہیم صاحب میر کے شاگرد بھی ہیں۔

**حکیم صادق سیالکوٹی کی گواہی** حکیم صاحب اپنے استاد میر صاحب کو مدعی امارت کے لقب سے مخاطب کرتے ہوئے IMPUDENT لفظ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

مدعی امارت! امیر جماعت (MPUDENT) کے معنیٰ دیدہ دلیر کاذب کے علاوہ بے حیاء، بے شرم، بے غیرت کے بھی ہیں (ملاحظہ ہو لغت انگریزی سے اردو ترجمہ مصنفہ مولوی عبد الحق مطبوعہ اورنگ آباد۔

امیر جماعت! عدالت نے آپ کو دیدہ دلیر کاذب کہا ہے دھوکہ باز بھی

---

[1] فقیر کی کتاب "وہابیت کا پوسٹ مارٹم" میں باحوالہ گواہیاں درج ہیں (فقیر ابو الحامد محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہ) قیمت ۱۵ روپے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



کہاہے رندگی امارت سے شرعی استفتاء )

ناظرین! اب تو کسی قسم کا شک وشبہ نہ رہا ہوگا کہ تحریف اور بددیانتی کرنا وہابی اکابر کا محبوب مشغلہ رہا ہے بلکہ مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے مسلم بزرگ کی تحریر ہے کہ انہوں نے تو تحریف اور کتر و بیونت میں یہودیوں کی بھی ناک کاٹ دی

مولوی فضل الرحمان صاحب کی ابلہ فریبی کو ظاہر کرنے کے لیے اجمالی طور پر شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ القوی کا اس مسئلہ میں عقیدہ ان کی مختلف کتب کے حوالہ جات کی روشنی میں پیش کرتا ہوں اور تفصیلاً اسی مسئلہ پر ان کی عبارات اگلے صفحات پہ درج کروں گا۔ انشاء اللہ المولیٰ

## شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ کا عقیدہ

شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی علیہ الرحمۃ نے اپنے فتاویٰ میں بھی اپنا عقیدہ درج فرمایا ہے۔ جس سے وہابیہ کے عقیدہ کی موت واقع ہو جاتی ہے اور ماسٹر فضل الرحمان کی یاوہ گوئی اور بدطینتی عیاں ہوتی ہے۔ وہ فتویٰ یہ ہے۔ محدث دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

طعامیکہ ثواب آں نیاز حضرت امامین نمایند و برآں فاتحہ و قل و درود خواندن متبرک میشود و خوردن آں بسیار خوب است

---

[1] اس کی تفصیل کے لیے وہابیہ کے رد میں فقیر کی کتاب وہابی مذہب کا مطالعہ کریں۔ فقیر ابوالحامد محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ



نیاز کا وہ کھانا جس نیاز کا ثواب حضرت امامین رضی اللہ عنہما کو پہنچایا جاتا ہے اور اس پر فاتحہ، قل اور درود پڑھتے ہیں تو وہ کھانا برکت والا ہو جاتا ہے۔ اس کا کھانا بہت اچھا ہے۔

(فتاویٰ عزیزی فارسی صـ۷۱ جلد ۱ مطبوعہ دہلی)

قارئین کرام! شاہ عبدالعزیز صاحب علیہ الرحمہ تو فرماتے ہیں کہ امامین کریمین سیدنا امام حسن اور سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی نیاز اور اس کا کھانا برکت والا ہوتا ہے اور بہت ہی اچھا ہوتا ہے اور مولوی فضل الرحمان صاحب لکھتے ہیں کہ حرام ہو جاتا ہے۔ اس کا کھانا سور کے کھانے کے برابر ہے۔[1]

خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے
خصوصاً وہابیت کی وبا سے

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے ملفوظات میں بھی ہے،

روضہ حضرت غوث الاعظم راکہ کافی گویند تاریخ یازدہم بادشاہ وغیرہ اکابران شہر جمع گشتہ بعد نماز عصر کلام اللہ و قصائد مدحیہ وآنچہ حضرت غوث در وقت غلبہ حالات فرمودہ اند و شوق انگیز بے مزامیر تا مغرب میخوانند بعدازاں صاحب سجادہ درمیان وگرداگرد او مریداں نشستہ و صاحب حلقہ استادہ ذکر جہر میگویند دریں اثنار بعضے را وجد سوزش ہم میشود بازچیزے از قبیل سابق خواندہ آنچہ طیار ے باشد از قبیل طعام و شیرنی نیاز کردہ تقسیم کردہ نماز عشا خواندہ رخصت میشوند۔

---

[1] جس پر غیر خدا کا نام لیا جاوے وہ مثل سور و خون و مردار کے حرام ہے (ما اھل بہ لغیر اللہ صـ ۔ فقیر ابوالحامد محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے روضہ مبارک پر گیارھویں تاریخ کو بادشاہ وغیرہ شہر کے اکابرین جمع ہوتے۔ نماز عصر کے بعد مغرب تک کلام اللہ کی تلاوت کرتے اور حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مدح میں قصائد اور منقبت پڑھتے۔ مغرب کے بعد سجادہ نشین درمیان میں تشریف فرما ہوتے اور ان کے ارد گرد مریدین اور حلقہ بگوش بیٹھ کر ذکر جہر کرتے اسی حالت میں بعض پر وجدانی کیفیت طاری ہوجاتی۔ اس کے بعد طعام شیرینی جو نیاز تیار کی ہوتی تقسیم کی جاتی اور نماز عشا پڑھ کر لوگ رخصت ہوجاتے

(ملفوظات عزیزی ص۶۲ فارسی مطبوعہ میرٹھ)

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کی تیسری کتاب جو کہ شہرہ آفاق ہے۔ جس کا نام تحفہ اثنا عشریہ ہے اس میں محدث دہلوی رقمطراز ہیں کہ حضرت امیر و ذریہ طاہرہ اورا تمام امت بر مثال پیران و مرشدان می پرستند و امور تکوینیہ را وابستہ بایشان می دانند و درود و صدقات و نذر ایشاں رائج و معمول گردید چنانچہ با جمیع اولیاء اللہ ہمیں معاملہ است۔

حضرت امیر (علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور ذریت طاہرہ کو تمام اہل امت پیروں اور مرشدوں کی طرح پیار کرتے ہیں اور امور تکوینیہ کو ان سے وابستہ جانتے ہیں۔ فاتحہ درود، صدقات اور ان کے نام کی نذریں (امت محمدیہ) میں رائج اور معمول ہوگئیں۔ چنانچہ تمام اولیاء اللہ سے یہی معاملہ ہے۔

(تحفہ اثناء عشریہ فارسی ص۲۴۵ مطبوعہ مطبع احمدی دہلی،
ص۳۹۶ مطبوعہ نولکشور، ص۲۲۸ مطبوعہ فخر المطابع دہلی)



شاہ عبدالعزیز دہلوی علیہ الرحمہ کے عقیدہ کے بعد ان کے والد ماجد شاہ ولی اللہ دہلوی علیہ الرحمۃ کا بھی عقیدہ درج کرنا غلط فہمیوں کے ازالہ اور دین کے رہزنوں کی عیاری کو عیاں کرنے کے لیے مفید سمجھتے ہوئے درج کیا جاتا ہے۔ ملاحظہ فرمایئے اور مسلک حق اہل سنت وجماعت کی حقانیت دیکھئے۔ نیز ہندوؤں اور انگریز کے پٹھوؤں کے ہتھکنڈوں کا بھی اندازہ لگایئے۔

**شاہ ولی اللہ دہلوی علیہ الرحمۃ کا عقیدہ**

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے والد ماجد شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کا بھی یہی عقیدہ تھا اور مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی نے اپنی اپیل میں یہ قید لگائی تھی کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک پر سلفی العقیدہ ہو۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کتاب انفاس العارفین میں اپنے والد ماجد شاہ عبدالرحیم محدث دہلوی علیہ الرحمہ کے حالات میں درج فرماتے ہیں کہ

حضرت ایشاں میفر مودند کہ فرہاد بیگ را مشکلے پیش آمد و نذر کرد کہ بار خدایا اگر ایں مشکل بسر آید ایں قدر مبلغ حضرت ایشاں را ہدیہ دہم آں مشکل مندفع شد آں نذر از خاطر او برفت بعد چندیں است او بیمار شد و نزدیک ہلاکت رسید بر سبب عدم ایفاء ایں وعدہ مشرف شدم بدست یکے از خادمان گفتہ فرستادند کہ ایں بیماری بہ سبب عدم ایفاء وعدہ نذر است۔ اگر اسپ خود را میخواہی نذرے را کہ در فلاں محل التزام نمودہ بفرست دے نادم شد و آں نذر فرستاد، ہماں ساعت اسپ او شفا یافت۔

حضرت شاہ عبدالرحیم دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ فرہاد بیگ کو کوئی مشکل درپیش آئی تو اس نے نذر مانی کہ اے خداوند تعالیٰ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اگر میری یہ مشکل حل ہو جائے تو اتنے روپے ان حضرت صاحب کی خدمت میں ہدیہ پیش کر دوں گا۔ وہ مشکل حل ہو گئی اور وہ نذر اس کے دماغ سے نکل گئی۔ یعنی بھول گیا۔ چند دنوں کے بعد اس کا گھوڑا بیمار ہو گیا اور مرنے کے قریب تھا کہ ہم کو علم ہوا تو ایک خادم کے ذریعہ مرزا دبیگ کو کہلا بھیجا کہ یہ بیمار نذر پوری نہ کرنے کی وجہ سے ہے اگر اپنا گھوڑا سلامت چاہتے ہو تو جو نذر تم نے فلاں مقام پر مانی تھی وہ بھیج دو تو اس نے نادم ہو کر نذر بھیج دی اور اسی وقت اس کا گھوڑا شفایاب ہو گیا۔

(انفاس العارفین فارسی صفحہ ۵۳)

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے اسی کتاب میں دوسرے مقام پر ایک واقعہ درج فرمایا ہے جو کہ ان کے والد ماجد شاہ عبدالرحیم علیہ الرحمۃ کا اپنا واقعہ ہے۔ فرماتے ہیں کہ۔

حضرت ایشاں در قصبہ ڈاسنہ بزیارت مخدوم شیخ اللہ دیا رفتہ بودند و ہنگام شب شد وراں محل اقامت فرمودند و گفتند کہ مخدوم ضیافت ما میکند و میگوید کہ چیزے خوردہ روید توقف کردند تا آنکہ اثر مردم منقطع شد یاراں غالب آمد آنگاہ زنے بدر آمد طبق برنج و شیرینی بر سر گفت کہ نذر کردہ بودم کہ اگر زوج من بیاید ہماں ساعت ایں طعام پختہ بنشینندگاں درگاہ مخدوم اللہ دیہ نذر رسانم زوجم دریں وقت آمد ایفار نذر کردم و آرزو کردم کہ کسے آنجا باشد تا تناول کند۔

شاہ عبدالرحیم دہلوی علیہ الرحمہ قصبہ ڈاسنہ میں حضرت مخدوم اللہ دیا کی زیارت کے لیے گئے۔ رات کا وقت تھا۔



اس وقت فرمانے لگے کہ مخدوم ہماری دعوت کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ کچھ کھا کر جانا۔ حضرت نے توقف فرمایا یہاں تک کہ آدمیوں کا نشان منقطع ہو گیا۔ ساتھی اکتا گئے۔ اس وقت ایک عورت اپنے سر پر چاول اور شیرینی کا تھال لیے ہوئے آئی اور کہا کہ میں نے نذر مانی تھی کہ جس وقت میرا خاوند آئے گا اس وقت یہ کھانا پکا کر مخدوم اللہ دیا رحمۃ اللہ علیہ کے دربار شریف میں بیٹھنے والوں کو پہنچاؤں گی تو وہ اسی وقت آگیا اور میں نے اپنی نذر پوری کی۔ (انفاس العارفین فارسی صفحہ ۴۴)

ناظرین کرام! شاہ عبدالعزیز دہلوی علیہ الرحمۃ اور ان کے والد ماجد شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ اور ان کے والد ماجد شاہ عبدالرحیم علیہ الرحمہ کا عقیدہ اس مسئلہ کے متعلق اجمالی طور پر آپ نے پڑھ لیا ہے۔ دین کے رہزنوں نے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے نام سے منسوب کچھ کتابیں جعلی طور پر شائع کر کے عوام کو دھوکہ دینے کی جسارت کی ہے۔ ان کے نام البلاغ المبین اور تحفۃ الموحدین رکھے ہیں۔ حالانکہ یہ ان کی کتابیں نہیں بلکہ ان کتابوں میں جو کچھ ہے۔ وہ سب ان کی مسلمہ کتب جن کو دیوبندی اور غیر مقلدین حضرات بھی ان کی تصانیف تسلیم کرتے ہیں کے بالکل الٹ اور خلاف لکھا ہے۔

مولوی فضل الرحمن صاحب نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۵ پہ خالص شرک کی سرخی دے کر لکھا ہے کہ

نذر اللہ نیاز حسین ایک ہی چیز کو دونوں طرف منسوب کر دیتے ہیں یہ خالص شرک ہے۔ مولوی صاحب نے اسی فتویٰ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



کو دوبارہ اسی رسالہ کے صفحہ ۱۱ پر بیان کیا ہے کہ
غیر خدا کی نذر و نیاز کفر و شرک ہے کی سرخی باندھ کر اس طرح درج کیا ہے کہ

اور کسی نبی ولی پیر وغیرہ کی نذر نیاز نہ مانے۔ کیونکہ نذر ایک عبادت ہے اور خدا کے سوا کسی کی عبادت کفر و شرک ہے۔ دراصل ان کی غرض یہ ہوتی ہے کہ یہ صاحب مصیبت کے وقت میرے کام آئیں گے۔ میری مشکل کشائی اور حاجت روائی کریں گے

مولوی صاحب کو شریعت مطہرہ پر عبور نہیں یوں ہی مصنف بننے کا شوق ان پر سوار ہو گیا اور یہ رسالہ لکھ دیا جو ان کے لیے عذاب بن گیا۔ مولوی صاحب لکھتے ہیں کہ نذر عبادت ہے جبکہ ادلہ شرعیہ کے خلاف ہے ادلہ شرعیہ کا تذکرہ اس لیے کیا ہے، مولوی صاحب نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۱۰ پر ادلہ شرعیہ چار ہیں۔ کی سرخی دے کر لکھا ہے کہ

ادلہ شرعیہ صرف چار ہیں۔
(۱) قرآن کریم (۲) حدیث رسول (۳) اجماع اور (۴) قیاس

ادلہ شرعیہ کی سرخی کے بعد والی سرخی یہ دی ہے۔
غیر خدا کی نذر و نیاز کفر و شرک ہے اور اس کے تحت لکھا ہے کہ نذر ایک عبادت ہے۔ حالانکہ نذر کو محض عبادت قرار دینا ادلہ اربعہ کے صریحاً خلاف ہے ادلہ اربعہ میں اس کا کوئی ثبوت نہیں۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ



نیک بندوں کی شان میں فرماتا ہے۔

إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِنْ
كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُورًا ۝
عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ
يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيرًا ۝
يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ
يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا

(پ۲۹ ع ۱۹)

بیشک نیک پئیں گے اس جام میں سے جس کی ملونی کافور ہے وہ کافور کیا ایک چشمہ ہے جس میں اللہ کے نہایت خاص بندے پئیں گے۔ اپنے محلوں میں سے جہاں چاہیں بہا کر لے جائیں گے اپنی نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی پھیل ہوئی ہے۔

قارئین کرام! اللہ تعالیٰ جنتی لوگوں کی صفات میں سے ایک صفت یہ بیان فرمائی ہے کہ وہ نذروں کو پورا کرتے ہیں اور وہابی کہتے ہیں کہ نذروں کو پورا کرنا شرک ہے۔ اللہ تعالیٰ تو فرماتے جو نذروں کو پورا کرتے ہیں۔ وہ جنت کے چشموں کا پانی پئیں گے اور وہابی نذروں کو حرام اور خنزیر کی طرح قرار دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے دوسرے مقام پر فرمایا ہے۔

ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا
نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوا
بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ ۝ پ۱۷ ع ۱۱

پھر اپنا میل کچیل اتاریں اور اپنی نذریں پوری کریں اور اس آزاد گھر کا طواف کریں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے نُذُوْرَهُمْ فرمایا ہے۔ جس کا معنے ان کی نذریں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے نذور کی نسبت مخلوق کی طرف کی ہے۔ اگر نذر صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ہوتی تو اللہ تعالیٰ وَلْيُوفُوا نُذُوْرَهُمْ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



یا نذر کا معنٰے صرف عبادت ہی ہوتا تو اللہ تعالیٰ مَنْذُوْرٌ هُوَ نہ فرماتا لینی مخلوق کی طرف منسوب نہ فرماتا۔

قرآن پاک سے معلوم ہوا کہ مولوی فضل الرحمٰن صاحب کا یہ کہنا کہ نذر ایک عبادت ہے اس کی تشریح اور حقیقت نہ بیان کرنا مسلمانوں سے دھوکہ اور فریب ہے بلکہ شریعت مطہرہ سے بغاوت ہے۔

غیر مقلدین حضرات کے مولوی وحید الزمان صاحب حیدر آبادی نے اپنی کتاب ہدیۃ المہدی[1] میں اس کی تشریح حقیقت بیان کر کے مسلک حق اہل سنت وجماعت کے عقیدہ کا جواز بہترین انداز میں بیان کیا ہے کم از کم مولوی فضل الرحمٰن صاحب وہی پڑھ لیتے تو یہ حماقت کبھی بھی نہ کرتے

قارئین کرام! قرآن پاک کے بعد کتب حدیث سے نذر کا ثبوت پیش کیا جاتا ہے اور نام نہاد اہلحدیث حضرات کا حدیث رسول سے بے خبری کا اندازہ لگائیے!

## کتبِ احادیث سے نذر کا ثبوت

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسولِ پاک صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے میں نے سنا کہ آپ فرماتے تھے۔

اَلنَّذْرُ نَذْرَانِ فَمَا كَانَ مِنْ نَذْرٍ فِي طَاعَةِ اللّٰهِ فَذَالِكَ لِلّٰهِ وَفِيْهِ الْوَفَاءُ وَمَا كَانَ

نذر کی دو قسمیں ہیں جو نذر اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں ہو تو یہ اللہ کے واسطے ہے اور اس کا پورا کرنا لازم ہے اور جو

---

[1] ہدیۃ المہدی ص۳۸ تا ۴۱ میں تفصیلاً نذر کا بیان کیا ہے۔



مِنْ نَذْرٍ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ فَذَالِكَ لِلشَّيْطٰنِ وَلَا وَفَاءَ فِيْهِ وَيُكَفِّرُهُ مَا يُكَفِّرُ الْيَمِيْنَ

نذر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں ہو وہ شیطان کے واسطے ہے اس کا پورا کرنا لازم نہیں ہے اور نذر ماننے کے لیے کفارہ قسم ہے۔

(نسائی شریف صفحہ ۱۴۹ جلد ۲) مشکوٰۃ شریف صفحہ ۲۹۹

ایک اور حدیث رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پیش کرتا ہوں۔ جو حدیث کی دوسری کتب کے علاوہ صحاح ستہ کی کتاب سنن ابوداؤد شریف میں بھی درج ہے۔ حدیث شریف یہ ہے کہ ایک عورت رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم

اِنِّيْ نَذَرْتُ اَنْ اَضْرِبَ عَلٰى رَأْسِكَ بِالدُّفِّ

میں نے نذر مانی ہے کہ میں آپ کے سامنے دف بجاؤں گی۔

اس نے پھر عرض کیا۔

اِنِّيْ نَذَرْتُ اَنْ اَذْبَحَ بِمَكَانَ كَذَا وَكَذَا مَكَانٍ يَذْبَحُ فِيْهِ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ بِصَنَمٍ قَالَتْ لَا قَالَ بِوَثَنٍ قَالَتْ لَا قَالَ اَوْفِيْ بِنَذْرِكِ

میں نے نذر مانی ہے کہ فلاں فلاں جگہ قربانی کروں گی اور وہ جاہلیت کا مذبح ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا بت کے واسطے؟ اس نے عرض کیا نہیں پھر فرمایا وثن کے لیے؟ اس نے عرض کیا نہیں فرمایا اپنی نذر کو پورا کرو۔

ابوداؤد شریف صفحہ ۱۱۳ جلد ۲، مشکوٰۃ شریف صفحہ ۲۹۸ اشعۃ اللمعات فارسی صفحہ ۲۱۹ جلد ۳ مطبوعہ لکھنؤ ـــ مظاہر حق صفحہ ۲۴۴ جلد ۳

علامہ بدرالدین عینی حنفی علیہ الرحمۃ جو کہ محدثین کے امام ہیں نے اپنی تصنیفِ لطیف عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری میں حدیث شریف درج فرمائی ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



جو کہ سید المفسرین عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی بارگاہِ اقدس میں ایک صحابی حاضر ہو کر عرض کرتا ہے۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم۔

اِنِّیْ نَذَرْتُ اِنْ فَتَحَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَیْکَ بِمَکَّۃَ اَنْ اٰتِیَ الْبَیْتَ فَاُقَبِّلَ اُسْکُفَّۃَ الْاُسْکُفَّتِہٖ فَقَالَ قَبِّلْ قَدَمَیْ اُمِّکَ وَقَدْ وَفَیْتَ نَذْرَکَ

میں نے نذر مانی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے آپ کو مکہ مکرمہ کی فتح دی تو میں بیت اللہ شریف کے پاس جاؤں گی اور اس کی چوکھٹ کو بوسہ دونگا! نبی پاک صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنی والدہ کے دونوں پاؤں کو بوسہ دو تمہاری نذر پوری ہو جائے گی۔

---

(عمدۃ القاری صفحہ ۸۲ جلد ۲۲ مطبوعہ بیروت)

صحاح ستہ کی کتب جامع ترمذی اور سنن ابوداؤد سے ایک اور حدیث شریف پیش کرتا ہوں۔ جس میں سرورِ عالم نورِ مجسم سراپا شفیع معظم خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نذر پوری کرنے کا حکم فرمایا۔

سید المفسرین عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہی اس کے راوی ہیں فرماتے ہیں۔

اِنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَۃَ اِسْتَفْتٰی رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ نَذْرٍ کَانَ عَلٰی اُمِّہٖ تُوُفِّیَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِیَہٗ۔

سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسولِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نذر کے متعلق فتویٰ دریافت کیا جو کہ اس کی والدہ پر لازم تھی اور وہ اس کو پورے کرنے سے پہلے ہی فوت ہو گئی تھی۔



فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِقْضِہٖ عَنْہَا

تو نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ماں کی طرف سے نذر کو پورا کرو۔

★

(ترمذی شریف صفحہ ۱۸۶ جلد ۱۔ ابوداؤد شریف صفحہ ۱۱۲ جلد ۲ مشکوٰۃ شریف ص ۲۹۶ اشعۃ اللمعات فارسی صفحہ ۲۱۸ جلد ۳ صحیح البخاری، صحیح مسلم۔

قارئین کرام! اگر نذر صرف عبادت کو ہی کہا جاتا ہے تو حضور پر نور نورٌ علیٰ نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم صحابیہ کو دف بجانے کی اجازت نہ دیتے۔ جانور ذبح کرنے کی اجازت نہ دیتے۔ والدہ کے قدموں کو بوسہ دینے کا حکم نہ دیتے حضرت سعد کو ماں کی طرف سے نذر پورا کرنے کا حکم نہ فرماتے۔

صحابہ کرام علیہم الرضوان نے یہ جو نذریں مانی تھیں۔ یہ نذر عرفی تھی۔ لغوی تھی۔ نذر شرعی نہ تھی۔ نذر کے دو معنیٰ ہیں۔ نذر شرعی اور نذر عرفی یا لغوی۔ نذر لغوی جس کے معنیٰ نذرانہ ہیں۔ جیسے کوئی شاگرد اپنے استاذ سے کہے کہ یہ آپ کی نذر ہے۔ یہ بالکل جائز ہے۔

حکیم الامت مفتی احمد یار خاں گجراتی علیہ الرحمہ نے جاء الحق میں اسی مسئلہ کو بیان کرتے ہوئے بہترین مثال سے یہ مسئلہ سمجھایا ہے۔ فرماتے ہیں۔

لفظ نذر کے دو معنیٰ ہیں۔ لغوی اور شرعی۔ لغوی معنیٰ سے نذر بزرگانِ دین کے لیے جائز ہے بمعنیٰ نذرانہ۔ جیسے طواف کے دو معنیٰ ہیں۔ لغوی بمعنیٰ آس پاس گھومنا اور شرعی رب تعالیٰ فرماتا ہے وَلْیَطَّوَّفُوْا بِالْبَیْتِ الْعَتِیْقِ پرانے گھر کا طواف کریں۔ یہاں طواف شرعی معنے میں ہے اور فرمایا ہے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**علامہ کاظمی کا بیان** مخدوم اہل سنت غزالِ دوراں رازی زماں علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب مدظلہٗ نے اس مسئلہ کو کیسے واضح الفاظ میں بیان فرمایا ہے۔ پڑھیے اور مسئلہ کو سمجھیے۔

اگر اولیاء اللہ کی نذر محض نذر لغوی یا عرفی بمعنی ہدیہ و نذرانہ ہو یا وصال یافتہ بزرگ کے لیے بقصد ایصال ثواب کوئی جانور وغیرہ نامزد کر دیا اور نذر شرعی اللہ کے لیے تو یہ فعل شرعاً جائز اور باعث خیر و برکت ہے[1]۔

نذر لغیر اللہ کا مدار ناذر کی نیت پر ہے۔ اگر ناذر نے تقرب لغیر اللہ کا مقصد کیا ہے اور متصرف فی الامور اللہ تعالیٰ کی بجائے کسی مخلوق کو مانا ہے تو وہ نذر کفر و شرک ہے اور اگر اس کا ارادہ تقرب الی اللہ ہے اور بزرگان دین کو ثواب پہنچانا مقصود ہے تو ایسی نذر الاولیاء قطعاً جائز ہے اور اس کا نذر ہونا مجازاً ہے۔

کیونکہ نذر حقیقی اللہ کے لیے خاص ہے۔ فتاویٰ ابی اللیث میں ہے۔

اَلنَّاذِرُ لِغَيْرِ اللّٰهِ اِنْ قَصَدَ بِالنَّذْرِ التَّقَرُّبَ اِلٰى غَيْرِ اللّٰهِ وَظَنَّ اَنَّهٗ يَتَصَرَّفُ فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا دُوْنَ اللّٰهِ فَنَذْرُهٗ حَرَامٌ بَاطِلٌ وَارْتِدَادُهٗ ثَابِتٌ وَاِنْ

غیر اللہ کی نذر ماننے والے نے اگر اپنی نذر سے غیر اللہ کی طرف تقرب کا ارادہ کیا اور یہ گمان کیا کہ تمام امور میں میت ہی متصرف ہے نہ اللہ تعالیٰ تو اس کی نذر حرام اور باطل ہے اور اس کا مرتد ہونا ثابت ہے اور اگر اس

---

[1] غیر مقلدین کے مولوی وحید الزمان نے اپنی کتاب ہدیۃ المہدی صہ ۱۸، ۱۴ میں یہی بیان کیا ہے (فقیر ابو الحامد محمد ضیاء اللہ القادری الاشرفی غفرلہٗ)



تَصَدَّ بِالنَّذْرِ التَّقَرُّبَ اِلَى اللّٰهِ وَاِيْصَالَ الثَّوَابِ لِلْاَوْلِيَاءِ وَيَعْلَمُ اَنَّهٗ لَا تَتَحَرَّكُ ذَرَّةٌ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَيَجْعَلُ الْاَوْلِيَاءَ وَسَائِلَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اللّٰهِ فِيْ حُصُوْلِ مَقَاصِدِهٖ فَلَا حَرَجَ فِيْهِ وَذَبِيْحَتُهٗ حَلَالٌ طَيِّبٌ۔

اس نذر سے تقرب الی اللہ کا ارادہ کیا اور اولیاء اللہ کو ثواب پہنچانے کی نیت کی اور وہ عقیدہ رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اذن کے بغیر کوئی ذرہ متحرک نہیں ہوتا اور وہ اولیاء اللہ کو اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان وسائل قرار دیتا ہے تاکہ اس کے مقاصد حاصل ہو جائیں تو اس میں کوئی حرج نہیں اور اس کا ذبیحہ حلال اور طیب ہے۔

علامہ سید عبد الغنی نابلسی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ

اَلنَّذْرُ لَهُمْ بِتَعْلِيْقِ ذٰلِكَ عَلٰى حُصُوْلِ شِفَاءٍ اَوْ قُدُوْمِ غَائِبٍ فَاِنَّهٗ مَجَازٌ عَنِ الصَّدَقَةِ عَلَى الْخَادِمِيْنَ لِقُبُوْرِهِمْ۔

(حدیقہ ندیہ)

اولیاء اللہ کے لیے جو نذر مانی جاتی ہے اور اسے مریض کی شفاء حاصل ہونے یا غائب کے آنے پر معلق کیا جاتا ہے تو وہ نذر مجازاً ہے۔ اس سے اولیاء اللہ کی قبور پر خادمین کے لیے صدقہ کرنا مراد ہوتا ہے۔

علامہ سید غوث صمدانی عبد الوہاب شعرانی علیہ الرحمۃ نے قطب وقت حضرت شاذلی علیہ الرحمۃ کا قول نقل فرمایا ہے کہ

كَانَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ يَقُوْلُ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِذَا كَانَ

حضرت شاذلی رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے کہ میں نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خواب میں زیارت کی۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



لَكَ حَاجَةٌ وَاَرَدتَّ قَضَائَهَا فَانْذُرْ لِلنَّفِيْسَةِ الطَّاهِرَةِ وَلَوْ فِلْسًا فَاِنَّ حَاجَتَكَ تُقْضٰى۔

تو رسول پاک صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تجھے کوئی حاجت درپیش ہو اور تو اس کو پورا کرنے کا ارادہ کرے تو تم سیدہ نفیسہ طاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نذر مان لیا کرو۔ اگرچہ ایک ہی پیسہ کیوں نہ ہو تو بیشک تیری حاجت پوری ہوجائے گی۔

(طبقات الکبریٰ صہ ۶۸ جلد ۲ مطبوعہ مصر)

معلوم ہوا کہ قضاء حاجات کے لیے اولیاء کی نذر ماننا جائز ہے جب کہ کسی قسم کے فسادِ عقیدہ کا خطرہ نہ ہو اس طرح تفسیراتِ احمدیہ صہ ۲۹ میں تحت آیہ کریمہ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ مرقوم ہے۔

وَمِنْ هٰهُنَا عُلِمَ اَنَّ الْبَقَرَةَ الْمَنْذُوْرَةَ لِلْاَوْلِيَاءِ كَمَا هُوَ الرَّسْمُ فِيْ زَمَانِنَا حَلَالٌ طَيِّبٌ۔

اور یہاں سے معلوم ہوا کہ بیشک وہ گائے جس کی نذر اولیاء کے لیے مانی جائے۔ جیسا کہ ہمارے زمانہ میں رسم ہے حلال وطیب ہے۔

جو تقسیم نذر کی اوپر درج کی گئی ہے امتِ محمدیہ کے جلیل المرتبت محدثین، مفسرین اور محققین نے اپنی اپنی کتب میں درج فرمائی ہے۔ چند ایک اصل عبارات معہ کتب اور مصنف کے نام درج کرچکا ہوں۔ لیکن مولوی فضل الرحمٰن صاحب کا رسالہ لکھنے کا اصل مقصد مسلمانوں سے خیرخواہی نہیں۔ بلکہ جہالت اور ضلالت پھیلانا ہے۔ ورنہ وہ کبھی جاہلانہ اور غیر ذمہ دارانہ باتیں نہ لکھتے چنانچہ غیر مقلدین حضرات کے مولوی اسحاق صاحب چیمہ اپنی جماعت کے



مولوی صاحبان کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ

دنیا کہاں کہاں نکل گئی اور اس کے سامنے فکر و نظر کے نئے نئے دروازے کھل گئے ہیں لیکن آپ ہیں کہ ابھی تک انہیں مباحث میں الجھے ہوئے ہیں اور حالات سے سبق اندوز اور واقعات سے عبرت پذیر ہونے کے پیچھے کی طرف دوڑ رہے ہیں۔ آپ کسی پر تنقید کرتے ہیں تو نہایت سخت لہجہ کے ساتھ اور کسی کا تعاقب کرتے ہیں تو بے حد نامناسب الفاظ کے ساتھ

(الاعتصام لاہور صہ ۷ ۸ نومبر ۱۹۵۶ء)

مولوی محمد اسحاق صاحب چیمہ بقید حیات ہیں۔ جنہوں نے اپنے وہابی مولویوں کی حقیقت حال بیان کی ہے۔ شاید کسی کے ذہن میں یہ آجائے کہ یہ ان مولویوں کی حالت ہے جو مولوی فضل الرحمٰن صاحب جیسے ہیں۔ اندھوں میں کانا راجہ۔ ان کی مثال ہے۔ نہ نہ اگر بنظر انصاف مسلمان وہابی اکابر کو بھی دیکھیں تو بہی کچھ نظر آئے گا۔ ان لوگوں نے مسلمانوں کو ضلالت وگمراہی پر گامزن کرنے کے لیے کیسے کیسے خطرناک اور مفروضے اپنی کتب میں درج کیے ہیں۔ چند ایک حوالہ جات پیشِ خدمت ہیں۔ غیر مقلدین حضرات کے مجتہد نواب صدیق حسن صاحب بھوپالوی کو ہی لیجئے۔ جنہوں نے زرکثیر خرچ کرکے گمراہی کو فروغ دینے کی کوشش کی ہے۔ نواب صاحب تفسیر صحابہ کو حجت قرار نہیں دیتے۔ مگر ان کے نزدیک گیارھویں شریف اور اولیاء کاملین کے معمولات بدعت بلکہ شرک ہیں۔

اصل عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

صحابہ کرام علیہم الرضوان کی تفسیر حجت نہیں ہے | حجت تفسیر صحابہ غیر قائم است

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



صحابہ کرام علیہم الرضوان کی تفسیر معتبر نہیں ہے (بدور الاہلہ صفحہ ۱۲۹ مطبوعہ بھوپال)
نواب صدیق حسن صاحب بھوپالوی کے بعد غیر مقلدین وہابی حضرات کی دوسری مقتدر شخصیت مولوی عبداللہ صاحب غازی پوری کا بھی نظریہ خود ان کی جماعت کے ہی مولوی فقیر اللہ مدراسی[1] لکھتے ہیں۔

جناب حافظ صاحب اتباعِ سلف کے صاف منکر ہیں بلکہ حدیث موضوع صحیح کی بھی کچھ پرواہ نہیں کرتے اور اپنی رائے وقیاس کو اقوالِ صحابہ خیار و فتاویٰ سابقین اولین من المہاجرین والانصار پر بلکہ حدیث صحیح پر بھی مقدم کرتے ہیں۔

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر صفحہ ۵ کالم نمبر ۳، ۶، جون ۱۹۱۳ء)

مولوی عبداللہ صاحب غازی پوری کے بعد نام نہاد سردار اہلِ حدیث ثناء اللہ امرتسری کا بھی علمی مقام حافظ عبدالقادر صاحب روپڑی کے چچا جان حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کی تحریر سے ملاحظہ فرمائیں روپڑی صاحب رقمطراز ہیں کہ:۔

مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری من گھڑت اور حدیث کے خلاف تفسیر کرتے ہیں۔

اب حرم شریف کے نجدی مدرس کا فتوےٰ بھی پڑھ لیجئے۔

ثناء اللہ نے جو کچھ لکھا ہے وہ صحیح احادیث اور تفاسیر صحابہ کے مخالف لکھا ہے (فیصلہ مکہ صفحہ ۱۸، ۱۹)

غیر مقلدین حضرات کے مشہور و معروف رسالہ صحیفہ اہلحدیث کراچی کے بانی

---

[1] جو کہ مولوی عبدالجبار صاحب غزنوی کے شاگرد ہیں۔



مولوی عبدالوہاب دہلوی جن کے یہ حضرات امام کے معزز لقب سے یاد کرتے ہیں ان کے متعلق اور ان کے مفتیوں کے متعلق وہابی حضرات کے ہفت روزہ اخبار "محمدی" دہلی کے ایڈیٹر اور مشہور مصنف مولوی محمد دہلوی صاحب واضح الفاظ میں لکھتے ہیں کہ:

مفتی صاحبان میں بہت سے تو وہ ہیں جو امامت کے ٹکڑوں پر پل رہے ہیں۔ علم سے کورے جہالت کے پتلے۔ ان سے جو چاہو لکھوالو۔ جو چاہو مقدمہ بازی کروالو۔ جو چاہو عدالتوں میں حلفیہ جھوٹ بلوالو، وہ اسی مطلب کے لیے پالے پوسے جا رہے ہیں۔

(اخبار محمدی دہلی صفحہ ۱۳، ۱۵ نومبر ۱۳۳۹ء)

قارئین کرام! یہ چند ایک اکابر وہابیہ کا حال صرف اپنے دعوے کی صداقت کے طور پر پیش کیا ہے تاکہ یہ کوئی یہ نہ کہے کہ تعصب کی بنا پر ایسا لکھ دیا ہے۔ تعصب نہیں بلکہ حقیقت لکھی ہے جس کی گواہی خود آپ کے اکابر کی تحریریں دے رہی ہیں۔

اب نذر کی حقیقت ولی اللٰہی خاندان کے دو حضرات کی کتابوں سے پیش کرتا ہوں تاکہ مسلمان کو صراطِ مستقیم پر گامزن رہیں۔

## نذر کی حقیقت شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمہ کا فتویٰ

غیر مقلدین اور دیوبندی وہابیوں کے متفقہ مجدد اسمعیل دہلوی قتیل نے جس شخصیت کو حجۃ اللہ علی العالمین اور وارث الانبیاء والمرسلین تسلیم کیا ہے۔ وہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ اپنے فتاویٰ عزیزیہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ

حقیقت ایں نذر آنست کہ ایدائے ثواب طعام و انفاق و بذلِ مال بروح میت کہ امرائے مسنون از روئے احادیث صحیحہ ثابت است مثل ما ورد فی الصحیحین من حال اُم سعد وغیرہ، ایں نذر مستلزم میشود پس حاصل ایں نذر آنست

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



کر آں نسبت مثلاً اَهْدَاَتُ ثَوَابَ هٰذَا النَّذْرِ اِلٰی رُوْحِ فُلَانٍ و ذکر ولی
برائے تعیین محل منذور ست نہ برائے مصرف و مصرف ایشاں متوسلاں
ولی می باشند از اقارب و خدم و ہم طریقاں و امثال ذالک و ہمیں است
و مقصود نذر کنندگان بلاشبہ وَحُکْمُہٗ اَنَّہٗ صَحِیْحٌ یَجِبُ الْوَفَاءُ بِہٖ لِاَنَّہٗ
قُرْبَۃٌ مُعْتَبَرَۃٌ فِی الشَّرْعِ ۔

حقیقت اس نذر کی یہ ہے کہ کھانے اور مال خرچ کرنے کا ثواب میّت
کی روح کو پہنچانا ہے اور یہ کام مسنون ہے اور صحیح حدیثوں سے ثابت ہے
تو اس نذر کا حاصل یہ ہے کہ کھانے وغیرہ کی ایک معیّن مقدار کا ثواب
کسی بزرگ کی روح کو پہنچانا ہے اور ولی کا ذکر محلِ منذور کے تعین کے
لیے ہے ۔ نہ مصرف کے لیے اور مصرف اس کھانے اور مال کا اس نذر
کرنے والوں کے نزدیک اس ولی کے عزیز و اقارب خدام اور ان کے
سلسلے والے متوسلین ہیں اور یقیناً بلاشبہ ان نذر کرنے والوں کا یہی مقصود
ہے اور اس نذر کا حکم یہ ہے کہ یہ نذر صحیح ہے اور اس کی ادا واجب
ہے ۔ کیونکہ شریعت مطہرہ میں وہ قربت معتبرہ ہے ۔
(فتاویٰ عزیزی فارسی ص۱۲۱ ج اوّل)

## شاہ رفیع الدین دہلوی کا فتویٰ

شاہ رفیع الدین جو کہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے صاحبزادہ ہیں اور
اور شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمہ کے بھائی ہیں ۔ اپنی رسالہ نذر میں تحریر فرماتے
ہیں کہ:۔

نذر کہ ایں جا مستعمل میشود نہ بر معنائے شرعی است چہ عرف آنست کہ
آنچہ پیش بزرگان مے برند ۔ نذر و نیاز مے گویند ۔



یہ نذر کہ اس جگہ مستعمل ہوتی ہے وہ اپنے معنئ شرعی پر نہیں بلکہ معنئ عرفی پر ہے
اس لیے کہ جو کچھ بزرگوں کی بارگاہ میں لے جاتے ہیں ۔ اس کو نذر و نیاز کہتے ہیں

دنیائے اسلام کے مسلّم اکابر محدثین اور مفسرین کی مستند کتب کے حوالہ
جات سے نذر و نیاز کی حقیقت پڑھنے کے اب دیوبندی حضرات کے
اکابر مثلاً مولوی قاسم صاحب نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند مولوی رشید احمد
گنگوہی، مولوی اشرف علی تھانوی اور مولوی خلیل احمد کے پیر و مرشد
حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کا عقیدہ بھی مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے
امداد المشتاق میں ان الفاظ میں درج کیا ہے ۔

## حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کا فرمان

جب مثنوی شریف ختم ہو گئی (تو) حاجی امداد اللہ صاحب نے حکم
شربت بنانے کا دیا اور فرمایا اس پر مولانا روم (علیہ الرحمۃ) کی نیاز بھی کی
جائے گی ۔ گیارہ گیارہ بار سورہ اخلاص پڑھ کر نیاز کی گئی اور شربت بٹنا
شروع ہوا ۔ آپ نے فرمایا نیاز کے دو معنے ہیں ۔ ایک عجز و بندگی اور
وہ سوائے خدا کے دوسرے کے واسطے نہیں ہے ۔ بلکہ ناجائز اور شرک ہے
اور دوسرے خدا کی نذر اور ثواب خدا کے بندوں کو پہنچانا یہ جائز
ہے ۔ لوگ انکار کرتے ہیں ۔ اس میں کیا خرابی ہے (امداد المشتاق ص۸۵)

حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی نے نذر و نیاز کے جائز اور اس
پر اسلاف کا عمل اور اس کا اجراء قدیم زمانے سے ہے کا بھی تذکرہ ۔ فرما کر
دنیا بھر کے دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کی وہ ناک کاٹی ہے کہ اگر ذرہ بھر
بھی غیرت و حمیت ہو تو یہ کبھی بھی نذر و نیاز کو حرام اور خنزیر کی مثل نہ
کہیں ۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی کا یہ فرمان بھی مولوی اشرف علی تھانوی نے بھی نقل کیا ہے۔ پڑھیے اور مسلک حق اہل سنت کی حقانیت اور وہابیوں کی جہالت اور شریعت مطہرہ سے بے خبری کا اندازہ لگایئے۔

## حاجی صاحب کا دوسرا فرمان

طریق نذر و نیاز قدیم زمانے سے جاری ہے اس زمانے کے لوگ انکار کرتے ہیں [1]

(امداد المشتاق ص۹۲)

قارئین کرام! ممدوح الوہابیہ حاجی امداد اللہ صاحب کے اس فرمان سے بھی واضح ہوتا ہے کہ اسلاف نذر و نیاز کے قائل بھی تھے اور اس پہ ان کا عمل بھی تھا۔ مگر انکار کرنے والے نئے پیدا ہوئے ہیں جس سے یہ بھی اظہر من الشمس کہ بدعتی تو انکار کرنے والے ہی ہوئے۔ شریعت مطہرہ میں اپنی طرف سے حرام حرام کا فتویٰ صادر فرمانے والے تو انکار کرنے والے ہیں اور جو نذر و نیاز کے قائل اور عامل ہیں۔ وہ الحمد للہ رب العالمین قرآن پاک کے عامل ہیں۔ رب کریم جل جلالہ کا فرمان ہے۔

وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ پ ع

حاجی امداد اللہ مہاجر مکی جو نذر و نیاز کو قدیم زمانے سے جاری ہے۔ لکھا ہے اور ہمارے موقف کی پرزور تائید ہوتی ہے اور مخالفین کی عیاری اور جہالت

---

[1] انکار کرنے والے انگریز کے پٹھو ہیں۔ کیونکہ ہندوستان میں انگریز کے آنے سے پہلے کسی ایک نے بھی نذر و نیاز کو حرام قرار نہیں دیا۔ انکار نہیں۔ دراصل یہ بھی انگریز کی ایک سازش تھی اور اس سازش کی بنیاد دیوبندی وہابی مولوی آگئے اور نذر و نیاز کا انکار کرنا شروع کر دیا۔



عیاں ہوتی ہے۔ حاجی امداد اللہ صاحب مخالفین کے نزدیک مقتدر شخصیت ہیں۔ جن کو شیخ العرب والعجم بھی وہ لکھتے ہیں۔ بلکہ براہین قاطعہ کے آخر میں جو حاجی صاحب کے القاب درج کئے ہیں وہ ملاحظہ فرمایئں۔

حجۃ الاصفیاء، تاج الاولیاء، زبدۃ المقربین، عمدۃ الواصلین،
شمس الحقیقۃ والعرفان، بدر الطریقۃ والاحسان، حجۃ اللہ تعالیٰ
البالغہ، برہان الملت المستقیم، مرجع العالم، منبع الفیض الاتم
بحر الحقائق والاسرار، مصدر العلوم والانوار، صاحب المقامات
العلیہ ذو الافضال والدرجات الرفیعہ الصدیق الاعظم والقطب
الافخم مولانا وسیدنا الحاج شاہ امداد اللہ الفاروقی الچشتی

(براہین قاطعہ ص۲۷۱)

حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کے بعد مولوی اسمٰعیل دہلوی قتیل جوان کے نزدیک مجدد بھی ہیں۔ ان کی عبارت پیش کی جاتی ہے۔ جس میں انہوں نے نذر و نیاز کی خوبی بیان کی ہے۔

## مولوی اسمٰعیل دہلوی کی عبارت

در خوبی ایں قدر امراز امور مرسومہ فاتحہ واعراس و نذر و نیاز اموات شک وشبہ نیست۔

رسوم میں فاتحہ پڑھنے، عرس کرنے، مردوں کی نذر و نیاز کرنے کی رسموں کی خوبی میں شک وشبہ نہیں (صراط مستقیم فارسی ص۵۵)

دیوبندی، تبلیغی، مودودی اور غیر مقلدین حضرات کے مجدد اسمٰعیل دہلوی تو نذر و نیاز عرس اور فاتحہ وغیرہ کی خوبی اور بہتری کا اقرار کریں اور اقرار بھی تحریری طور پر کریں اور کریں بھی صراط مستقیم نامی کتاب میں تو پھر اس سے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



بڑھ کر اور کیا ان حضرات کی بے راہروی اور گمراہی کی دلیل ہوگی جو نذر و نیاز وہ حرام اور خنزیر کے برابر جانیں۔

در اصل مولوی فضل الرحمٰن صاحب بے چارے نے اپنے اکابر کی کتب کا مطالعہ نہیں کیا۔ ورنہ وہ کبھی بھی جہالت کا پلندہ نہ تیار کرتے۔ میں بھی مولوی فضل الرحمٰن کے متعلق وہی نظریہ درج کرتا ہوں۔ جو کہ مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے اپنی جماعت کے مولوی حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کو مخاطب کرکے ان کے متعلق لکھا ہے۔ وہ جملہ یہ ہے۔

"آپ فنِ تصنیف میں قابل نہیں"

(اہلحدیث امرتسر ص۸، ۱۷ جنوری ۱۹۴۷ء)

امرتسری کی روشنی میں فقیر مولوی فضل الرحمٰن صاحب کو مخاطب کرکے یہ کہتا ہے کہ:۔

"آپ فنِ تصنیف میں قابل نہیں"

مولوی اسمٰعیل دہلوی قتیل کے بعد وہابیوں کے مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا فتویٰ اس مسئلہ میں ہمارے مسلک اہلِ سنّت و جماعت کی حقانیت اور وہابیوں کے بطلان کے لیے بہترین دلیل ہے۔ جو کہ درج کیا جاتا ہے۔

## مولوی رشید احمد گنگوہی کا فتویٰ

گنگوہی صاحب اپنے فتاویٰ رشیدیہ کی کتاب الحظر والاباحت میں رقمطراز ہیں کہ جو اموات اولیاء اللہ کی نذر ہے تو اس کے اگر یہ معنیٰ ہیں کہ اس کا ثواب ان کی روح کو پہنچے تو صدقہ ہے درست ہے۔ جو نذر بمعنے التقرب ان کے نام پہ ہے تو حرام ہے۔

(فتاویٰ رشیدیہ ص۱۱۲ جلد اوّل مطبوعہ دہلی)



ناظرینِ کرام:۔ غیر مقلدین حضرات جو اپنے آپ کو اب اہلحدیث کہلاتے ہیں۔ یہ اتنے بیباک ہیں کہ اِن کو یہ معلوم نہیں کہ ہمارے فتووں کی رُو سے اکابر محدثین اور مفسرین بھی محفوظ نہیں رہتے۔ انہیں حضرات کے نزدیک تقلید شرک ہے۔ جبکہ صحاح ستہ والے سب کے سب مقلد تھے[1]۔ جن کے فتووں سے امام بخاری اور امام مُسلم جیسی شخصیات محفوظ نہ رہیں۔ تو عام مسلمان کیسے بچ سکتے ہیں۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کی بستان المحدثین کا مطالعہ فرمائیں تو معلوم ہوگا کہ تمام محدثین مقلد تھے۔ مگر یہ غیر مقلد ایسے ہیں کہ تقلید کو شرک گردانتے نہیں تھکتے۔

ان کی بغاوت کا یہ عالم ہے کہ قرآن مجید کی تفسیر اپنی من مانی سے کرتے ہیں۔ تب ہی تو جو منہ میں آتا ہے کہتے چلے جاتے ہیں۔ اِس حقیقت کی شہادت خود انہیں حضرات کے مولوی وحید الزمان صاحب نے ہی پیش کی جاتی ہے۔

## وہابیوں کا تفسیرِ قرآن، اپنی من مانی سے کرنا

غیر مقلدوں کا گروہ جو اپنے تئیں اہلحدیث کہتے ہیں۔ انہوں نے ایسی آزادی اختیار کی ہے۔ کہ مسائل اجماعی کی پرواہ نہیں کرتے۔ نہ سلف صالحین اور صحابہ اور تابعین کی قرآن کی تفسیر صرف لغت سے اپنی من مانی سے کر لیتے ہیں۔ حدیث شریف میں جو تفسیر آچکی ہے۔ اس کو بھی نہیں سُنتے۔

(حیات وحید الزمان ص۱۰۲)

اب مولوی فضل الرحمان صاحب کے ممدوح اور ان کی جماعت کے سردار مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کا بھی قرآن حکیم کی تفسیر کے متعلق نظریہ پیش کیا جاتا ہے۔ اور یہ نظریہ کسی اہل سنّت وجماعت کے عالم دین نے اپنی کتاب میں درج نہیں کیا۔ بلکہ ان کے ہی پیشوا اور مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کے دادا اُستاد مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی نے درج کیا ہے۔

---

[1] الانصاف مصنفہ شاہ ولی اللہ دہلوی علیہ الرحمہ۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



## سردار اہلحدیث ثناء اللہ امرتسری کا حال بزبان بٹالوی

مولوی ثناء اللہ امرتسری کے نزدیک ہر ایک عالم کا حق ہے کہ قرآن کو اپنے علم سے سمجھے خواہ پہلے لوگوں میں اس کا کوئی موافق ہو یا نہ ہو۔

(اشاعۃ السنۃ ص۱۴۹ ۵ جلد ۲۱)

مولوی ثناء اللہ امرتسری تفسیر نبوی و تفسیر صحابہ کو چھوڑ کر تفسیر معتزلہ اختیار کرنے کو غلطی تسلیم نہیں کرتا۔

(اشاعۃ السنۃ ص۱۱۶ نصیحت نامہ نمبر ۲ جلد ۲۱)

مولوی ثناء اللہ احادیث صحیحہ مرفوعہ کو مفسر قرآن نہیں مانتے۔

(اشاعۃ السنۃ ص۱۱۷ نصیحت نامہ نمبر ۲ جلد ۲۱)

مولوی ثناء اللہ نے لکھا ہے کہ قرآن شریف کے مضامین کا سمجھنا نہ حدیث پر نہ کسی مفسر کے قول پر موقوف ہے۔

(ترک اسلام ص۲۰ بحوالہ اشاعۃ السنۃ ص۱۰۵ نصیحت نامہ ۲ جلد ۲۱)

مولوی محمد حسین بٹالوی ہی لکھتے ہیں کہ

مولوی ثناء اللہ امرتسری تفسیر میں اُس نے بعض آیات کو تفسیر میں اقوال سلف صحابہ تابعین کو چھوڑ کر بتقلید سرسید حافظ۔ ابو مسلم جبائی کی پیروی کی ہے۔ اس کو تحریر و تقریر پر سمجھایا اور بتایا گیا ہے۔ کہ یہ اقوال معتزلہ اجماع سلف صالحین صحابہ و تابعین کے خلاف ہیں۔ اور قرآن حدیث سے اس کا کوئی مستند نہیں صرف ان ملحدوں کا اجتہاد و سراسر الحاد ان کا مستند ہے۔ پھر بھی وہ ان کی پیروی نہیں چھوڑتا۔ اور اس پر اصرار کے ساتھ قائم ہے۔

(اشاعۃ السنۃ ص۱۵۱ نمبر ۵ جلد ۲۱)

مندرجہ بالا عبارات پڑھنے کے بعد کون منصف مزاج مسلمان ان کی تفاسیر مسائل اور فتاویٰ کو معتبر سمجھے گا۔

مولوی ماسٹر فضل الرحمان صاحب صفحہ ۱۱ پر ایک حدیث شریف نقل فرما کر



اپنے مسلک کی صداقت پیش کرتے ہیں۔ ماسٹر صاحب کے الفاظ یہ ہیں۔

"صحیح مسلم کی روایت ہے نبی کریم نے فرمایا لَعَنَ اللہُ مَنْ ذَبَحَ لِغَیْرِ اللہِ (مسلم) جس شخص نے غیر خدا کے نام پر ذبح کیا۔ اس پر خدا کی لعنت ہے۔"

## علامہ نووی علیہ الرحمہ شارح مسلم سے حدیث شریف کی تشریح

ماسٹر صاحب نے جو حدیث شریف، درج کی ہے۔ بہتر تو یہ تھا کہ وہ خود ہی اِس حدیث شریف کی شرح جو کہ صحیح مسلم کتاب کے نیچے موجود ہے۔ درج کر دیتے۔ مگر انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ اگر کرتے تو ان کے مسلک اور عقیدے کا کذب اور بطلان واضح ہو جاتا ۔ اِس لیے یہ جرأت نہ کی۔ الحمد للہ رب العالمین یہ جرأت اللہ تعالیٰ نے علماء اہل سنت و جماعت کو عطا فرمائی ہے۔ لہٰذا اس حدیث شریف کی شرح درج کی جاتی ہے۔

علامہ نووی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

وَاَمَّا ذِبْحٌ لِغَیْرِ اللہِ فَالْمُرَادُ بِہٖ اَنْ یَذْبَحَ بِاسْمِ غَیْرِ اللہِ تَعَالٰی لِمَنْ ذَبَحَ لِلصَّنَمِ اَوِ الصَّلِیْبِ اَوِ لِمُوْسٰی وَالْعِیْسٰی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِمَا اَوِ الْکَعْبَۃِ اَوْنَحْوِ ذٰلِکَ فَکُلُّ ھٰذَا حَرَامٌ وَ لَا تَحِلُّ ھٰذِہِ الذَّبِیْحَۃُ سَوَاءٌ کَانَ الذَّابِحُ مُسْلِمًا اَوْنَصْرَانِیًّا اَوْ یَھُوْدِیًّا نَصَّ عَلَیْہِ الشَّافِعِیُّ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی وَاتَّفَقَ عَلَیْہِ اَصْحَابُنَا اِنْ قَصَدَ مَعَ ذٰلِکَ

اور ذبح لغیر اللہ سے یہ مُراد ہے کہ غیر اللہ کے نام پر کوئی ذبح کرے جیسے کسی نے بُت یا صلیب کے لیے ذبح کر دیا۔ یا موسیٰ اور عیسیٰ علیہما السلام کے لیے یا کعبہ وغیرہ کے لیے ذبح کر دیا تو سب حرام ہیں۔ اور یہ ذبیحہ حلال نہیں برابر ہے۔ کہ ذبح کرنے والا مسلمان ہو یا یہودی یا عیسائی امام شافعی علیہ الرحمۃ نے اِس کی تصریح فرمائی ہے۔ اور ہمارے اصحاب نے اِس بات پر اتفاق کیا ہے کہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



تَعْظِيمًا لِلْمَذْبُوحِ وَالْعِبَادَةِ لَهٗ كَانَ ذٰلِكَ كُفْرًا فَاِنْ كَانَ الذَّابِحُ مُسْلِمًا قَبْلَ ذٰلِكَ صَارَ بِالذَّبْحِ مُرْتَدًّا وَذَكَرَ الشَّيْخُ اِبْرَاهِيْمُ الْمَرْوَزِيُّ مِنْ اَصْحَابِنَا اِنَّمَا يُذْبَحُ عِنْدَ اِسْتِقْبَالِ السُّلْطَانِ تَقَرُّبًا اِلَيْهِ اَفْتٰى اَهْلُ الْبُخَارَا بِتَحْرِيْمِهٖ لِاَنَّهٗ مِمَّا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى قَالَ الرَّافِعِيُّ هٰذَا اِنَّمَا يَذْبَحُوْنَهٗ اسْتِبْشَارًا بِقُدُوْمِهٖ فَهُوَ كَذَبْحِ الْعَقِيْقَةِ لِوِلَادَةِ الْمَوْلُوْدِ وَمِثْلُ هٰذَا لَا يُوْجِبُ التَّحْرِيْمَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

اگر ذبح بغیر ... کے ساتھ اس غیر اللہ کی تعظیم اور عبادت بھی مقصود ہو تو یہ کفر ہوگا۔ لہٰذا اگر ذبح کرنے والا پہلے مسلمان ہو تو اس ذبح کے بعد مرتد ہو جائے گا اور شیخ ابراہیم مروزی جو ہمارے اصحاب سے ہیں۔ ذکر فرمایا کہ سلطان کے استقبال کے وقت اس کی طرف تقرب حاصل کرنے کے لیے ذبح کیے جاتے ہیں۔ بخارا والوں نے انکی حرمت کا فتویٰ دیا۔ کیونکہ وما اھل بہٖ لغیر اللہ سے ہیں۔ امام رافعی علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ یہ جانور لوگ امیر کے آنے کی خوشی میں ذبح کرتے ہیں تو وہ بچہ پیدا ہوتے وقت عقیقہ کے ذبح کی طرح ہے۔ اور ایسا ذبح حرمت کو واضح نہیں کرتا۔ (صحیح مسلم شریف صفحہ ۱۶۱ جلد ۲)

قارئین کرام :۔ علامہ نووی علیہ الرحمۃ نے اس حدیث شریف کی شرح جو فرمائی ہے۔ اس سے لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے معنیٰ بھی واضح ہو گئے۔ اس سے مراد ذبح لغیر اللہ اللہ کے نام کے علاوہ ذبح کرنا ہے۔ نیز یہ ظاہر ہو گیا کہ بادشاہ کے استقبال کے وقت اس بادشاہ کا تقرب چاہنے کے لیے جو جانور ذبح کئے جاتے ہیں۔

**تفسیر نعمانی** میں بھی علامہ محمد حبیب اللہ صاحب اس حدیث شریف لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے متعلق تحریر فرمایا ہے۔ دراصل حدیث مذکور کا یہ مطلب ہے۔ کہ جو شخص خدا تعالیٰ کے سوا کسی اور کا



نام لے کر ذبح کرے وہ ملعون ہے۔ اور ذبیحہ مردار ہو جائے گا۔ اور اس پر اجماع ہے۔ جوہرہ نیرہ میں ہے۔ اگر ضیافت مہمان کے لیے ذبح کیا جاوے تو جائز ہے۔ اور اس طرح تفسیر جامع البیان۔ مواہب الرحمان وغیرہم میں لکھا ہے۔ اگر کوئی شخص ذبح کے وقت غیر خدا کا نام لے۔ تو وہ ذبیحہ بالاتفاق مردار ہے۔ اور ذابح عاصی ہوگا۔ یا کوئی شخص مخلوق میں سے کسی کو خدا تعالیٰ کا شریک بناوے۔ یا خدا جیسا سمجھ کر تعظیماً اس کا نام لے۔ تو یہ سخت ناجائز ہے۔ مگر قبل ذبح خواہ پیر کے نام خواہ دیوی کے نام بکرا پکارا جاوئے۔ تو ناجائز پکارنے والے کا قصور ہوا بکرے کا نہیں۔ اور پھر وہی بکرا اگر خدا کا نام لے کر ذبح کیا جاوے تو طیب و حلال ہے۔

(تفسیر نعمان ص۱۱۸ پارہ ۶)

مولوی فضل الرحمان صاحب اس حدیث شریف کے بعد ادلّۂ شرعیہ میں سے تیسری دلیل اجماع کے حوالہ سے رقمطراز ہیں کہ

اجماع سو صاحب تفسیر کبیر۔ عزیزی وغیرہم نے اور بحر الرائق در مختار وغیرہم میں فقہاء نے سب نے نذر لغیر اللہ کی حرمت پر اجماع نقل کیا ہے۔ (صفحہ ۱۱)

ناظرین کرام :۔ ماسٹر صاحب کو چاہیے تھا کہ اس کے ساتھ تفسیر کبیر اور تفسیر عزیزی بحر الرائق اور در مختار کی عبارات درج کرتے۔ کیونکہ دعوی دلیل سے ثابت کیا جاتا ہے۔ مگر انہوں نے یہاں ایسا نہیں کیا۔ بلکہ یہ عبارت صفحہ ۱۱ پر ہے۔ اور صفحہ ۱۲ پر "فقہا کی تصریح" کی سرخی جما کر لکھتے ہیں کہ

جیسے تفسیر عزیزی کبیر وغیرہ میں ہے اَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ لَوْ اَنَّ مُسْلِمًا ذَبَحَ ذَبِيْحَةً وَقَصَدَ بِذَبْحِهَا التَّقَرُّبَ اِلٰى غَيْرِ اللّٰهِ صَارَ مُرْتَدًّا وَذَبِيْحَتُهٗ ذَبِيْحَةُ مُرْتَدٍّ سب علماء کا اس بات پر اتفاق ہے۔ اگر کوئی مسلمان کوئی جانور ذبح کرے اور وہ قربت غیر خدا کی اس میں نیت کرے تو وہ مسلمان نہیں بلکہ وہ مرتد ہے۔ اور اس کا ذبح کرنا مرتد کا حکم رکھتا ہے۔ یعنی وہ حرام ہے۔

(صفحہ ۱۲)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



قارئین کرام :۔ ماسٹر فضل الرحمٰن صاحب نے لکھا ہے کہ نذر تقرب لغیر اللہ کی حرمت پر علماء کا اجماع لکھا ہے۔ اب ماسٹر فضل الرحمٰن صاحب اور ان کے ساتھیوں کو کم علمی اور کم فہمی کی بناء پر یہ بھی علم نہیں کہ اہلِ سنّت وجماعت بھی نذر تقرب لغیر اللہ کو حرام قرار دیتے ہیں۔

اگر ماسٹر صاحب اور ان کی جماعت کے لوگوں میں جرأت ہے۔ اور اپنے دعوٰی میں وہ سچے ہیں تو علماء اہلِ سنّت وجماعت کی کتابوں سے کوئی ایک حوالہ پیش کریں جس میں نذر تقرب لغیر اللہ جائز اور درست قرار دیا گیا ہو۔ دُنیا بھر کے دیوبندی اور اہلحدیث ایک حوالہ بھی پیش نہیں کر سکتے۔

اہلِ سنّت وجماعت کے نزدیک بزرگوں کے نام پر جو جانور وغیرہ مشہور کئے جاتے ہیں۔ اگر ان جانوروں پر اولیاء اللہ کے لئے نذر شرعی مانی جائے تو حقیقتاً عبادت ہے۔ تو ایسا ناذر مرتد ہے۔ لِاَنَّهٗ اَشْرَكَ بِاللّٰهِ بِاِثْبَاتِ الْاُلُوْهِيَّةِ لِغَيْرِ اللّٰهِ کیونکہ اُس نے غیر اللہ کے لئے الوہیت ثابت کرنے کی وجہ سے شرک کیا ہے لیکن اس کے شرک کی وجہ سے وہ جانور حرام نہیں ہوگا۔ جب تک کہ وہ اسے بقصد تقرب لغیر اللہ ذبح نہ کرے۔

اگر اولیاء کی نذر محض لغوی یا عرفی بمعنی ہدیہ۔ نذرانہ یا وصال یافتہ بزرگ کے لئے بقصدِ ایصال ثواب کوئی جانور وغیرہ نامزد کر دیا اور نذر شرعی اللہ کے لیے ہو۔ تو یہ فعل شرعاً جائز اور باعثِ خیر و برکت ہے۔

چنانچہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے بھائی شاہ رفیع الدین دہلوی نے بھی اپنے رسالہ نذر میں تحریر فرمایا ہے کہ نذرے کہ اینجا مستعمل میشود نہ بر معنیٰ شرعی است چہ عرف آنست کہ آنچہ پیشِ بزرگان مے برند نذر و نیاز مے گویند۔ جو نذر کہ اس جگہ مستعمل ہوتی ہے وہ اپنے معنیٰ شرعی پر نہیں بلکہ معنیٰ عرفی پر ہے۔ اس لئے کہ جو کچھ بزرگوں کی بارگاہ میں لے جاتے ہیں اس کو نذر و نیاز کہتے ہیں۔



قارئین کرام :۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ اور شاہ رفیع الدین دہلوی دونوں بھائی ہیں۔ اور شاہ ولی اللہ کے صاحبزادے ہیں۔ اب شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ سے بھی ثبوت پیش کیا جاتا ہے۔ جو کہ انہوں نے اپنے والد ماجد حضرت شاہ عبدالرحیم دہلوی علیہ الرحمۃ کا واقعہ بیان فرمایا ہے۔ حضرت ایشاں در قصبہ ڈاسنہ بزیارت مخدوم اللہ دیا رفتہ بودند۔ شب ہنگام بود دراں محل فرمودند مخدوم ضیافت ما میکنند و میگویند۔ چیزے خوردہ روید توقف کردند تا آنکہ اثر مردم منقطع شد و ملال بر یاراں غالب آمد آنگاہ زنے بیاید، طبق برنج و شیرینی بر سراو گفت نذر کردہ بودم کہ اگر زوجِ من بیاید ہماں ساعت ایں طعام پختہ بانشینندگاں درگاہِ مخدوم اللہ دیا رسانم دریں وقت آمد ایفائے نذر کردم۔ ترجمہ حضرت والد ماجد (شاہ عبدالرحیم علیہ الرحمۃ) قصبہ ڈاسنہ میں مخدوم اللہ دیا کی زیارت کو گئے۔ رات کا وقت تھا اس جگہ فرمایا کہ مخدوم ہماری ضیافت کرتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ کچھ کھانا کھا کر جانا حضرت نے توقف فرمایا۔ یہاں تک کہ آدمیوں کا نشان منقطع ہو گیا۔ ساتھی اُکتا گئے۔ اس وقت ایک عورت اپنے سر پر چاول اور شیرینی کا طبق لئے ہوئے آئی اور کہا کہ میں نے نذر مانی تھی کہ جس وقت میرا خاوند آئے گا۔ اس وقت یہ کھانا پکا کر مخدوم اللہ دیا علیہ الرحمۃ کے دربار میں بیٹھنے والوں کو پہنچاؤں گی۔ وہ اس وقت آیا۔ میں نے اپنی نذر پوری کی۔ (انفاس العارفین ص۴۵)

مندرجہ بالا واقعہ سے اظہر من الشمس ہے کہ عورت نے صاف الفاظ میں نذر ماننے کا اظہار کیا۔ پھر شاہ عبدالرحیم دہلوی علیہ الرحمۃ کا یہ فرمانا مخدوم ضیافت ما میکنند و میگویند چیزے خوردہ روید۔ مخدوم اللہ دیا ہماری ضیافت فرماتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ کچھ کھا کر جانا۔ پھر شاہ عبدالرحیم علیہ الرحمۃ کا رُک جانا اور عورت کا کھانا لے کر آنا۔ پھر ان سب احباب کا وُہ کھانا کھانا۔ اگر یہ شرک اور حرام ہوتا تو کبھی بھی شاہ عبدالرحیم علیہ الرحمۃ نہ رُکتے اور کھانا نہ کھاتے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وُہ کھانا نذر کا ہی تھا معلوم ہوا کہ نذر جو سُنّی مُسلمان مانتے ہیں یہ نذر عرفی ہے۔ جو کہ بالکل جائز اور مُتبرک ہے۔

اب شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کی تحریروں سے ہی نذر کا ثبوت پیش کیا جاتا ہے۔ تاکہ دین کے ڈاکو جو سادہ لوح مسلمانوں کے ایمان جیسی قیمتی دولت پر ڈاکہ ڈالنے کی طاق میں ہی ہر وقت رہتے ہیں۔ ان کا دفاع ہو جائے۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ

حضرت امیر و ذریہ طاہرہ او را تمام امت بر مثال پیران و مرشداں می پرستند و امور تکوینیہ را وابستہ بایشاں می دانند و فاتحہ و درود و صدقات و نذر بنام ایشاں رائج و معمول گردیدہ چنانچہ با جمیع اولیاء اللہ ہمیں معاملہ است۔ حضرت امیر علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم اور ان کی اولاد اطہار کو تمام اُمت مرحومہ پیروں اور مرشدوں کی طرح مانتے ہیں۔ اور امور تکوینیہ جو عالم میں ہوتا ہے۔ سب کو ان کے دامن سے وابستہ جانتی ہے۔ فاتحہ و درود و صدقات اور نذر و نیاز ان کے نام کی تمام اُمت میں رائج ہے۔ اور معمول ہے جس طرح تمام اولیاء اللہ کے ساتھ امت کا یہی مُعاملہ ہے۔

(تحفہ اثنا عشریہ فارسی صفحہ ۲۱۴ مطبوعہ دہلی)

قارئین حضرات :۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ القوی نے کس شدّومد سے اولیاء اللہ کی نذر و نیاز ختم و فاتحہ کا جواز اور تمام امت کا معمول بتایا ہے۔ الحمدللہ علی ذالک۔

مولوی فضل الرحمان اور ان کے ہم مسلک علماء دراصل شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے بیان کو سمجھے نہیں یا وُہ دانستہ ایسا کرتے ہیں۔ ہماری تو دُعا ہے کہ اللہ کریم ان کو ہدایت نصیب فرمائے۔ آمین۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے فتاویٰ عزیزی کی عبارت ملاحظہ ہو۔ جس سے حق کے متلاشی حضرات پر حق و صداقت عیاں ہو جائے گی۔ اور



عمل کرنے والوں کا ستیاناس ہو جائے گا۔ فتویٰ یہ ہے۔

اگر گفتہ شود یا الٰہی نذر کردم برائے تو اگر شفا دہی مریض را یا مانند آں طعام بخواہم و برائے فقرائے را کہ بر دروازہ ستیدہ نفیسہ اند یا مانند آں یا خرید خواہم کرد بوریا ہائے مسجد یا روغن زیت برائے روشن آں مسجد یا دراہم خواہم داد برائے کسے کہ شعائر مسجد میکند از قسمیکہ دراں نفع فقراء باشد و نذر برائے خدا ذکر نمودن شیخ خبر ایں نیست کہ محل صرف نذر است برائے مستحکان نذر جائز است۔

ماسٹر فضل الرحمٰن صاحب نے بحر الرائق کا حوالہ بھی دیا ہے۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ القوی کی جو عبارت ہے۔ دراصل وہ بحر الرائق۔ طحطاوی اور رد المحتار کتابوں کی عبارات کا فارسی میں ترجمہ ہے۔ چنانچہ بحر الرائق کی عبارت پیش خدمت ہے۔

إِنْ قَالَ يَا اللهُ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ إِنْ شَفَيْتَ مَرِيضِي أَوْ رَدَدْتَ غَائِبِي أَوْ قَضَيْتَ حَاجَتِي إِنْ أُطْعِمَ الْفُقَرَاءَ الَّذِينَ بِبَابِ السَّيِّدَةِ النَّفِيسَةِ أَوِ الْفُقَرَاءِ الَّذِينَ بِبَابِ الْإِمَامِ الشَّافِعِيِّ وَالْإِمَامِ اللَّيْثِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمْ أَوْ أَشْتَرِيَ حَصِيرًا لِمَسَاجِدِهِمْ أَوْ زَيْتًا لِوُقُودِهَا أَوْ دَرَاهِمَ لِمَنْ يَقُومُ بِشَعَائِرِهَا إِلَى غَيْرِ ذٰلِكَ مِمَّا يَكُونُ فِيهِ نَفْعٌ لِلْفُقَرَاءِ وَالنَّذْرُ لِلّٰهِ تَعَالَى وَذِكْرُ الشَّيْخِ

اگر منت ماننے والے نے کہا یا اللہ میں نے نذر مانی تیرے لئے اگر تو نے میرے مریض کو شفا عطا فرمائی یا میرے غائب کو واپس گھر پہنچایا یا میری حاجت روائی فرمائی تو میں ان فقیروں کو کھانا کھلاؤں گا۔ جو حضرت سیدہ نفیسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا یا حضرت امام شافعی یا حضرت امام لیث رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے آستانہ پر رہتے ہیں۔ یا ان کی مساجد کے لئے چٹائیاں اور وہاں روشنی کے لئے تیل خریدوں گا۔ یا اس شخص کو اتنے روپے دوں گا جو اس مسجد کی خدمت

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اِنَّمَا هُوَ مَحَلٌّ يُصْرَفُ النَّذْرُ لِمُسْتَحِقِّيْهِ الْقَاطِنِيْنَ بِرِبَاطِهِ اَوْ مَسْجِدِهِ اَوْ جَامِعِهِ فَيَجُوْزُ بِهٰذَا الْاِعْتِبَارِ

کرتا ہے۔ یا اور کوئی ایسا کام جس میں فقیروں کا فائدہ ہو تو یہ نذر اللہ کے لئے ہے اور شیخ کا ذکر صرف اِس واسطے ہے۔

کہ وُہ حقداروں پر نذر کے مال کو خرچ کرنے کا محل ہے۔ جو مسکین اور فقیر ان کی خانقاہ یا مسجد یا جامع یا درگاہ میں رہتے ہیں۔ تو اس اعتبار سے یہ نذر جائز ہے۔

ناظرین کرام! شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی کی بحر الرائق کی عبارت کو بار بار پڑھیں یہ اہلِ سُنّت و جماعت مسلک کی تائید ہے یا کہ نہیں۔ لیکن عقل کے اندھوں کو تائید نظر نہ آئے تو ان کو کیا کہیں۔

مولوی فضل الرحمان صاحب نے صفحہ ۱۳ پر تحریر فرمایا ہے کہ اس طرح شاہ عبدالعزیز صاحب نے زبدۃ النصائح فی مسائل الذبائح میں فرمایا ہے۔ مدار حل و حُرمت ذبیحہ بر قصد و نیت ذابح است اگر بہ نیت تقرب الی اللہ یا برائے اکل خود یا برائے تجارت و دیگر امور مباحہ ذبح میکند حلال است والا حرام۔

ناظرین کرام! اِس عبارت سے بھی اہل سنت وجماعت عقیدہ کی تائید ہوتی ہے۔ کیونکہ نذر کے حلال و حرام ہونے میں نادر یعنی نذر ماننے والے کی نیت کا خیال رکھنا پڑے گا۔ خود ہی مولوی فضل الرحمان نے صد۱۲ پر سُرخی دے کر لکھا ہے کہ۔

"تمام اعمال کا مدار نیت پر ہے، قرآن کہتا ہے وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ خدا تعالیٰ تمہارے ان کاموں کا مواخذہ کرے گا۔ جو تمہارے دلی ارادہ سے ہوں۔ نبی کریم نے فرمایا اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ تمام اعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہے۔ یہاں بھی دراصل اعتبار نیت پر ہے۔

نذر ماننے والے احباب اہل سنت وجماعت کی نیت تقرب الی اللہ ہے نہ کہ تقرب لغیر اللہ۔



## مولوی فضل الرحمان اور ان کے ساتھی وہابیوں سے سوال!

اگر ان میں جرأت ہے۔ تو اہلِ سنت وجماعت کے کسی عالم دین کی کتاب سے دکھائیں کہ ان کی نیت تقرب لغیر اللہ ہوتی ہے۔ انشاء اللہ المولیٰ قیامت تک کوئی وہابی عالم نہیں دکھا سکے گا۔ تو پھر چاہیے کہ وُہ بھی یہی مسلک عملاً اختیار کر لیں۔ جس کو انہوں نے اپنے صہ۱۲ خلاصہ کی سُرخی سے لکھا ہے۔

مباحہ امور میں بہ نیت تقرب الی اللہ ذبح کیا تو حلال ہے ورنہ حرام۔

لیکن مولوی فضل الرحمان صاحب اور ان کے ساتھیوں کو یہ توفیق نہیں ہو گی۔ مزہ تو تب ہے۔ کہ ہم بھی جامع مسجد علامہ عبدالحکیم علیہ الرحمہ تحصیل بازار سیالکوٹ میں اِسی نیت سے پروگرام کرتے رہتے ہیں۔ مولوی فضل الرحمان صاحب اور ان کے ساتھی جو کہ ہمارے ہمسایہ ہیں کیونکہ ان کی جامع مسجد ابراہیمی اور علامہ عبدالحکیم علیہ الرحمہ کی جامع مسجد کے بالکل متصل ہے۔ وہ بھی اِسی نیت سے پروگرام کریں۔ مگر یہ جرأت وہ نہیں کر سکتے۔ صرف ان کو سُنّی مُسلمانوں سے بدگمانی کی جرأت ہوئی تو یہ رسالہ وما اہل بہ لغیر اللہ اور پیر صاحب کا دُنبہ شائع کر دیا۔

مولوی فضل الرحمان نے فقہ کی کتاب درمختار کا نام بھی دیا ہے۔ آئیے صاحب درمختار نے جو اپنا عقیدہ اور نظریہ نذر دینے والے مسلمانوں کے متعلق لکھا ہے۔ پڑھئے اور ہوش کے ناخن لیجئے۔ علامہ علاؤ الدین الحصکفی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

## صاحب درمختار کا نظریہ

اِنَّا لَا نُسِيْئُ الظَّنَّ بِالْمُسْلِمِ اَنَّهُ يَتَقَرَّبُ اِلَى الْاٰدَمِيِّ بِهٰذَا النَّحْرِ

ہم کسی مُسلمان کے متعلق ہرگز یہ بدگمانی نہیں کرتے کہ وہ اس فعل ذبح کے ذریعے کسی آدمی کا تقرب حاصل کرتا ہے۔ (درمختار)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



الحاصل :- نذر کے معاملہ میں ناذر کی نیت کو دیکھنا ہے۔ اور کوئی بھی سُنّی مُسلمان نذر اس لئے نہیں دیتا کہ اس سے کسی آدمی کا تقرب نصیب ہو بلکہ وُہ نذر اس لئے پوری کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہو۔ اور یہ مفسرین، محدثین، محققین اور فقہاء اسلام کے نزدیک بالاتفاق جائز اور دُرست ہے! ور بزرگانِ دین کا اس پر عمل بھی ہے۔

مولوی فضل الرحمان صاحب اپنے رسالہ کے صفحہ ۱۴۲ پر محققین فقہاء کی سُرخی دے کر لکھتے ہیں۔

محققین فقہاء نے کتب فقہ میں بَابُ الْاَیْمَانِ وَالنُّذُوْرِ منعقد کیا۔ سب نے نذر کو عبادت لکھا ہے۔ بحر الرائق چوتھی کی کتاب ہے فرماتے ہیں۔ وَالنُّذُرُ لِلْمَخْلُوْقِ وَلَا یَجُوْزُ لِاَنَّهٗ عِبَادَةٌ هٰكَذَا فِی النَّهْرِ وَالدر مخلوق کے لئے نذر ماننی جائز نہیں کیونکہ نذر عبادت ہے۔ نذر صرف خُدا کے لئے ماننی چاہیے۔ قاضی ثناء اللہ پکے حنفی ہیں۔ ارشاد الطالبین میں فرماتے ہیں لَا یَصِحُّ النَّذْرُ لِلْاَوْلِیَاءِ لِاَنَّهٗ عِبَادَةٌ اولیاء اللہ وغیرہ کے لئے نذر ماننی درست نہیں کیونکہ نذر عبادت ہے۔

## علّامہ ابن عابدین علیہ الرحمہ

ردالمختار میں تحریر فرماتے ہیں کہ

| | |
|---|---|
| اَیْ عَلٰی وَجْهِ الْعِبَادَةِ لِاَنَّهٗ الْمُكَفِّرُ وَهٰذَا بَعِيْدٌ مِنْ حَالِ الْمُسْلِمِ۔ | یعنی تقرب علی وجہ العبادۃ اس لیے کہ تقرب علیٰ وجہ العبادۃ ہی کفر کا موجب ہے۔ اور ایسا تقرب مسلمان کے حال سے بہت بعید ہے۔ |
| (ردالمحتار ص۲۱۹ ج ۲ مطبوعہ مصر) | |

## علّامہ عبدالغنی نابلسی علیہ الرحمہ

فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وَالنَّذْرُ لَهُمْ بِتَعْلِيْقِ ذٰلِكَ عَلٰی حُصُوْلِ شِفَاءٍ اَوْ قُدُوْمِ غَائِبٍ كِنَايَةٌ مُجَازٌ عَنِ الصَّدَقَةِ عَلَی الْخَادِمِيْنَ لِقُبُوْرِهِمْ۔ | اور اولیاء اللہ کے لیے جو نذر مانی جاتی ہے۔ اور اُسے مریض کی شفا حاصل ہونے یا غائب کے آنے کے متعلق کیا جاتا ہے۔ تو وہ نذر مجازی ہے بس |

سے اولیاء اللہ کے قبور پر خادموں کے لیے صدقہ کرنا مُراد ہوتا ہے۔

(حدیقہ ندیہ صہ مطبوعہ)



## شاہ رفیع الدین دہلوی

اپنے رسالہ نذر و نیاز میں مزارات اولیاء اللہ پر جو نذر و نیاز آتی ہے۔ اس کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ۔

| | |
|---|---|
| آنکہ لفظ نذر کہ اینجا مستعمل مے شود نہ بر معنیٰ شرعی است کہ ایجاب غیر واجب است از جنس عبادات مقصودہ بطریق تقرب الی اللہ بلکہ بمعنی عرفی است چہ عرف آنست کہ آنچہ پیش بزرگان مے برند نذر و نیاز میگویند | وہ لفظ نذر جو کہ اس جگہ مستعمل ہوتی ہے وہ اپنے شرعی معنے پر نہیں ایجاب غیر واجب ہے۔ عباداتِ مقصودہ بطریق تقرب الی اللہ کی جنس سے ہے بلکہ معنے عرفی پر ہے اس لیے کہ جو کچھ بزرگوں کی بارگاہ میں لے جاتے ہیں۔ اس کو نذر و نیاز کہتے ہیں۔ |
| (نذر و نیاز بزرگانِ دین ص۱) | |

شاہ رفیع الدین دہلوی نے اس عرفی نذر کو جو کہ مزارات اولیاء اللہ پر مُسلمان دیتے ہیں کے مباح ہونے کی تین وجوہات درج فرمائی ہیں جو کہ درج کی جاتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| وجہ اوّل آنکہ خالص برائے خدا تعالیٰ است و ایشاں مصرف محض اند گویا میگوید الٰہی آنمرادِ من حاصل شود نذر تو بہ خدام آں صالح رسانم۔ وجہ دوم آنکہ ایشاں را شفیع سازد گویا می گوید | پہلی وجہ یہ کہ وہ خالص اللہ تعالےٰ کے لئے ہے یہ اولیاء اللہ صرف مصرف ہیں کہ کہے یا اللہ میری یہ مراد حاصل ہو جائے تو تیری نذر اس صالح ولی کے خدام کو میں پہنچاؤں گا۔ |

https://ataunnabi.blogspot.com/



یا حضرت در جناب الٰہی برائے ایں مشکل دُعا بکنید اگر ایں مراد حاصل شود ہر طرف تو در جناب الٰہی اینقدر طعام یا نقد رسانم تا ثواب ایں عاید بشما شود وایں معنیٰ جواز دارد چرا کہ جناب نبوت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت امیر المومنین علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ را وصیت فرمود کہ تا زندہ باشی از طرف من قربانی کردہ باشی وسعد بن عبادہؓ را فرمود چاہے بناکن و بگو ھٰذِہٖ لِاُمِّ سَعْدٍ وجہ سیوم آنکہ آں بزرگ را در جنابِ الٰہی وسیلہ سازد گویا میگوید الٰہی ببرکتِ فلاں بزرگ و بحق عنایات و مہربانی خود بر او کہ عمر خود در بندگی و رضا جوئی تو گزرانیدہ اگر مشکلِ من آسان کنی اینقدر مال برائے تو بدہم و ثواب آں تن خواہ روحِ آں بزرگ سازم تا از تو احسان باں بزرگ خوشنود شوی وایں ہم ہست کہ مذہب حنفیہ است کہ لِلْاِنْسَانِ اَنْ یَّجْعَلَ ثَوَابَ نَافِلَۃٍ لِمَنْ شَآءَ۔

دوسری وجہ ان اولیاء اللہ کو شفیع بنائے اور یہ کہے اے اللہ کے ولی اللہ تعالیٰ کی جناب میں میری اس مشکل کے حل کے لئے دعا فرمائیں۔ اگر میری یہ مراد حاصل ہو جائے تو آپ کی طرف سے اللہ کی بارگاہ میں اتنا طعام۔ یا نقد پیش کروں گا۔ تاکہ ان کا ثواب آپ کو پہنچے۔ یہ طریقہ جائز ہے۔ کیونکہ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امیر المومنین علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو وصیت فرمائی کہ جب تک تم زندہ رہو میری طرف سے قربانی کیا کرنا۔ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا کنواں کھدواؤ اور کہو یہ ام سعد کا کنواں ہے۔ وجہ سوم یہ ہے کہ اس بزرگ کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ بنا کر کہے اے اللہ فلاں بزرگ کی برکت سے اور اپنی عنایات اور مہربانی سے کہ اپنی عمر اس کی بندگی اور رضا جوئی کے لئے گزار دوں گا۔ اگر تو میری مشکل آسان کرے تو اتنا مال تیرے لئے دوں گا اور اس کا ثواب اس بزرگ کی روح پرفتوح کو پہنچاؤں گا تاکہ نیکی اور احسان سے وہ بزرگ خوش ہو جائے۔ یہی ہے کہ جو حنفی مذہب ہے (رسالہ نذور بزرگان مطبوعہ دہلی)



قارئین کرام! شاہ رفیع الدین دہلوی نے تو بالتفصیل بیان فرمایا ہے۔ اور یہی اہل سنت و جماعت کا عقیدہ ہے۔ شاہ رفیع الدین دہلوی کے آخری الفاظ کو ذرا غور سے پڑھیں فرماتے ہیں۔ ایں ہم ہست کہ مذہب حنفیہ است اب اگر اس نیت اور ارادہ سے جو نذر و نیاز دیتا ہے۔ اس کو کوئی عبادت قرار دے جیسے کہ مولوی فضل الرحمان صاحب اور دیگر وہابی دیوبندی کہتے ہیں۔ تو یہ ان کی اپنی جرأت ہے۔ کہ جائز اور حلال چیز کو حرام قرار دے کر کفر کی سیڑھی چڑھیں۔ کیونکہ حلال چیز کو حرام قرار دینا اور حرام کو حلال قرار دینا کفر ہے۔ شیخ الوہابیہ والدیابنہ مولوی اسماعیل دہلوی[1] نے خود صراط مستقیم کے صفحہ ۵۳ پر درج کیا ہے۔

## جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے

اب آخر میں نذر کے متعلق مولوی فضل الرحمٰن صاحب کی جماعت کے مفسر اور محدث مولوی وحید الزمان صاحب کا واضح بیان درج کیا جاتا ہے۔ جس سے مولوی فضل الرحمان صاحب کے عقیدہ اور نظریہ کا غلط ہونا اور سُنّی حضرات کے عقیدہ اور نظریہ کا درست ہونا اظہر من الشمس ہے۔

## مولوی وحید الزمان صاحب کی نذر کے مسئلہ پر بحث

مولوی وحید الزمان صاحب اپنی تصنیف لطیف ہدیۃ المہدی میں نذر کے مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

اَلنَّذْرُ لِغَیْرِ اللّٰہِ فَشِرْکٌ صَرِیْحٌ لِاَنَّ النَّذْرَ عِبَادَۃٌ قَالَ النَّبِیُّ اِنَّمَا النَّذْرُ مَا یُبْتَغٰی بِہٖ وَجْہُ اللّٰہِ وَلَوْ نَذَرَ لِلّٰہِ وَاَوْصَلَ ثَوَابَہٗ اِلٰی رُوْحِ النَّبِیِّ اَوْ وَلِیٍّ اَوْ اَحَدٍ مِّنَ الْاَمْوَاتِ فَھٰذَا یَجُوْزُ

غیر اللہ کی نذر صریح شرک ہے کیونکہ نذر عبادت ہے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک نذر خالص اللہ کے لئے ہے۔ اور اگر نذر اللہ تعالیٰ کے لئے ہو اور اس کا ثواب نبی پاک یا ولی کی روح یا مردوں میں

[1] وہابیوں کے مولوی امام خان نوشہروی نے اسماعیل دہلوی کو اہلحدیث کا امام لکھا ہے۔ (الاعتصام صفحہ ۲ ، ۲۲ جولائی ۱۹۵۵ء)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ويسميه الناس بالفاتحة في
هذا الزمان صرح بجوازه
مولانا عبد العزيز ومولانا
اسحاق وغيرهما وقال بعض
العلماء انه ليس لهذا العمل
اصل شرعي يعتمد عليه فيكون
بدعة ومنهيا عنه واجاب
عنه البعض بان له اصلا
شرعيا وهو حديث بئر ام
سعد وقال ابو طلحة لبئر حاء
فهي الى الله عز وجل والى
رسوله وفي رواية اخرى
صدقة الى الله والى رسوله
صلى الله عليه وسلم قلت
هذا العمل متداول عند
الصوفية كافة من غير نكير
واختلاف بينهم ان كان
النذر لله والارسال بطريق
الهدية فهو حلال فائدة
شاع بين الناس في زمننا
انهم يطبخون الطعام او يصنعون
الحلاوة ويقولون هذا نياز
فلان من الاولياء او الانبياء

سے کسی کی روح کو پہنچانا ہے۔ تو وہ
جائز ہے۔ اس زمانہ میں لوگ اس کو
فاتحہ کہتے ہیں۔ اس کا صریحاً جواز مولانا
رشاہ) عبد العزیز اور مولانا اسحاق
وغیرہما نے بیان فرمایا ہے۔ اور
بعض علماء نے اس عمل کی اصل کو
شرعی نہیں کہا۔ اس پر اس کو بدعت
خیال کیا ہے۔ اور اس کی ممانعت
کی ہے۔ بعض علماء نے اس کا جواز
فرمایا ہے کہ اس عمل کی اصل شریعت
مطہرہ میں ہے اور وہ حدیث ام
سعد اور ابو طلحہ والی ہے اور یہ
اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے
اور دوسری روایت اللہ تعالیٰ
اور اس کے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کی طرف سے صدقہ والی
ہے۔ میں (وحید الزمان) یہ کہتا
ہوں کہ بغیر کسی انکار کے صوفیاء
کرام کے نزدیک یہ عمل سند اول
ہے۔ اگر نذر اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔
اس ہدیہ کے طریقہ پر ثواب پہنچایا
جائے تو وہ حلال ہے۔ فائدہ



فان كان معنى النياز التحفة او الهدية
ولا يقصدون النذر لغير الله بل ايصال
الثواب الى روحه فحسب فالراجح حلته كما
ذكرنا من قبل. ان كان النذر لله وذكر النبي
والولي لبيان المصرف او بطريق التوسل بان
يقول يا الله ان قضيت حاجتي اتصدق
على خدام قبر فلان النبي او الولي او اطعم
الفقراء على بابه او يقول يا الله ان قضيت
حاجتي ببركة فلان اتصدق كذا اي
اهدي ثوابه له او يقول يا نبي الله يا
ولي الله ادع لي في قضاء حاجتي من الله
ان قضى الله حاجتي اهدي لك ثواب
صدقة كذا فالنذر في هذه الصور
كلها جائز واما ما يقولون هذا نذر النبي
وهذا نذر الولي فليس بنذر شرعي ولا
داخلا في النهي وليس فيه معنى النذر
الشرعي وما يهدى الى الاكابر يقال
له في العرف النذر۔

ہمارے زمانہ کے لوگوں میں
یہ رواج ہے۔ کہ طعام پکاتے
ہیں۔ یا حلوہ یا مٹھائی بناتے
ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ اولیاء
میں سے فلاں ولی اللہ
کی اور انبیاء کرام علیہم السلام
کے لئے ہے۔ پس اس کا
معنی نیاز۔ فاتحہ اور ہدیہ
ہے۔ غیر اللہ کی نذر کا
ارادہ نہیں کرتے بلکہ ان
کی روح کو ایصالِ ثواب
کرتے ہیں۔ پس اس کا
حلال ہونا یہ راجح ہے۔
جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر
آئے ہیں۔

(ہدیۃ المہدی ص ۲۸۔۲۹۔۴۰۔۴۱)

## مولوی ابراہیم صاحب میر کا نذر ماننا

مولوی فضل الرحمان صاحب کے استاذ مولوی ابراہیم صاحب میر نے بھی سردار اہلحدیث مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کے لڑکے عطاء اللہ کی بیماری سے شفاء ملنے کی غرض سے نذر مانی تھی۔ چنانچہ اخبار اہلحدیث امرتسر میں مولوی براہیم صاحب

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



کے مضمون "اہلحدیث برادری" میں انہوں نے لکھا ہے کہ

اس عرصہ میں برخوردار عطاء اللہ بن مولانا شیر پنجاب صاحب کی طبیعت ناساز ہو گئی۔ جس پر نذر مانی کہ اپنے سابق ارادہ کے ساتھ صحت کے شکریہ پر بھی کچھ کتابیں ہی تقسیم کر دوں گا۔

(اخبار اہلحدیث امرتسر ۲۴ ص ۳ اکتوبر ۱۹۱۳ء)

ناظرین کرام:۔ مولوی ابراہیم صاحب میر نذر مانیں کہ عطاء اللہ شفایاب ہو تو کتابیں تقسیم کروں گا۔ اگر سُنّی چاول تقسیم کر دیں۔ مٹھائی تقسیم کر دیں۔ تو کیا شرک و حرام اس میں داخل ہو جائے گا۔ اِن وہابڑوں کی سمجھ ہی کچھ الٹی ہے۔ اہلسنت و جماعت حضرات جائز اور حلال کام کریں تو فوراً حرام اور شرک کا فتویٰ لگا دیں گے۔ اگر وہی کام ان کا کوئی عالم کرے تو اس کو موحد اور مسلمان ہی سمجھیں بلکہ مجدد۔ شیخ الاسلام۔ محدث اور مفسر ہی سمجھیں۔ تمثیل کے لئے سُنّی شہنشاہ بغداد غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مدد کے لیے یہ کہیں۔

غوث اعظم بمن بے سر و ساماں مددے
قبلۂ دیں مددے کعبہ ایمان مددے

تو فوراً شرک کی رٹ لگا دیں گے۔ اگر اہلحدیث حضرات کے نواب صدیق حسن بھوپالی اپنے بڑے قاضی محمد بن علی شوکانی اور ابن قیم سے مدد طلب کرتے ہوئے یہ کہیں۔

قبلۂ دیں مددے کعبۂ ایماں مددے
ابن قیم مددے قاضی شوکانی مددے (نفح الطیب ص۵۷)

تو وہ موحد مسلمان بلکہ مفسر، محدث اور مجدد ہی رہیں۔ یہ ان کے لئے ڈوب مرنے کا مقام نہیں تو اور کیا ہے۔ اسی لئے ابوالکلام آزاد کے باپ نے کہا ہے۔

وہابی سب بے حیا جھوٹے ہیں یارو
تڑا تڑ جوتیاں تم اِن کو مارو



## علّامہ عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ النورانی

جن کے متعلق مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے استاذ اور اہلحدیث حضرات کی نامور شخصیت مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی رقمطراز ہیں کہ

مجھ نابکار کو ان سے کمال حُسنِ عقیدت ہے۔ میں نے ان کی کُتب سے سلوک و فروغ کے متعلق بہت فیض حاصل کیا۔ مصر میں میں نے ان کی مسجد میں نماز مغرب ادا کی۔ اور ان کے مرقد منور کی زیارت کی۔ اور فاتحہ پڑھی۔

(حاشیہ تاریخ اہلحدیث ص۱۱۵)

مولوی ابراہیم کے بعد اہلحدیث مسلک کے مجدد نواب صدیق حسن بھوپالی علّامہ عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ کے متعلق فرماتے ہیں کہ۔

آپ عالم۔ محدث۔ صوفی صاحب کرامات کثیرہ۔ تالیفات نفیسہ۔ متبع سنّت مجتنب عن البدعۃ۔ جامع بین الشریعۃ والطریقۃ ہے۔ (تاج مکلل ص...)

جن کی کُتب سے مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی فیض حاصل کریں۔ اور ان کی مرقد منور پر حاضری بھی دیں۔ نواب صدیق حسن بھوپالی جن کو محدث متبع سنّت۔ صاحب کرامات کثیرہ۔ مجتنب عن البدعۃ وغیرہم القاب لکھیں وہ علّامہ عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ شیخ الشیوخ حضرت شاذلی علیہ الرحمہ سے نقل فرماتے ہیں کہ۔

كَانَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ يَقُوْلُ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِذَا كَانَ لَكَ حَاجَةٌ وَ اَرَدْتَ قَضَاءَهَا فَانْذُرْ لِلنَّفِيْسَةِ الطَّاهِرَةِ وَلَوْ فَلْسًا فَاِنَّ حَاجَتَكَ تُقْضٰى۔

حضرت شاذلی رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ میں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے فرمایا جب تجھے کوئی حاجت درپیش ہو۔ اور تو اس کے پورا ہونے کا ارادہ کرے تو سیدہ نفیسہ طاہرہ کی نذر مان لے اگرچہ ایک پیسہ ہی کیوں نہ ہو۔ بیشک تیری حاجت پوری ہو جائے گی۔ (الطبقات الکبریٰ ج۲ ص۶۸ مطبوعہ مصر)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



علامہ عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمۃ کے بعد مفسّرِ قرآن ملّا جیون علیہ الرحمہ (جو کہ اورنگ زیب عالمگیر علیہ الرحمہ کے استاذ ہیں) نے وما اھل بہ لغیر اللہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے اہلِ سنّت وجماعت کے مروجہ طریقہ کو جائز حلال اور طیّب فرمایا ہے۔ عبارت ملاحظہ ہو۔

| | |
|---|---|
| وَمِنْ هٰهُنَا عُلِمَ اَنَّ الْبَقَرَةَ الْمَنْذُوْرَةَ لِلْاَوْلِيَآءِ كَمَا هُوَ الرَّسْمُ فِيْ زَمَانِنَا حَلَالٌ طَيِّبٌ۔ | اور یہاں سے معلوم ہوا کہ بیشک وہ گائے جس کی نذر اولیاء کے لئے مانی جائے جیسا کہ ہمارے زمانہ میں رسم ہے۔ حلال وطیّب ہے۔ |

(تفسیرات احمدیہ صہ۲۹ مطبوعہ کانپور)

قارئین کرام! مفسّرین۔ محدّثین۔ اولیاء کاملین اور فقہاء عظام کی مستند کُتب کے حوالہ جات کی روشنی میں مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے تمام دلائل اور درج کردہ حوالہ جات کا شافی اور کافی جواب درج کر دیا ہے۔ مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے رسالہ وما اھل بہ لغیر اللہ کے مطالعہ سے یہ عیاں ہوتا ہے کہ ان کو اہلِ سُنّت وجماعت کے مسلک اور عقیدہ کا قطعاً علم نہیں۔ اور نہ ہی انہوں نے کتب تفاسیر اور کتب فقہ کا مطالعہ کیا ہے۔ ساری زندگی تو انہوں نے سکول ماسٹری میں گزاری اور پھر اسی دوران جو کوئی کتب ان کے پاس تھیں انہوں نے فروخت[1] بھی کر دیں۔ اَب آخری عمر میں ان کو مصنّف بننے کا شوق سوار ہوا رسالہ کے مطالعہ سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ ان کو اپنے اکابر کی کُتب پر بھی عبور نہیں۔ وگرنہ صفحہ ۱۱ سے لے کر ۸۰ تک جو رسالہ کے صفحات سیاہ کئے ہیں۔ وہ کبھی نہ کرتے۔ مولوی وحید الزمان صاحب کی ہدیۃ المہدی جلد اوّل کے صفحہ ۳۸ تا ۴۱ یہ چار صفحات ہی پڑھ لیتے تو ان کو یہ سب کچھ لکھنے کی زحمت نہ ہوتی۔ نہ ان کا وقت ضائع ہوتا اور نہ ہی کتابت اور

---

[1] طالب علمی کے زمانہ میں کچھ کُتب مولوی فضل الرحمان سے فقیر نے خریدی تھیں۔ (فقیر قادری غفرلہ)



طباعت پر خرچ ہوتا۔

کیونکہ مولوی وحید الزمان نے اہلِ سُنّت وجماعت کے مسلک کو واشگاف الفاظ میں درست قرار دیا ہے۔ مگر مولوی فضل الرحمٰن صاحب پر جہالت کا بھوت ایسا سوار ہے۔ کہ صفحہ ۱۸ پر لکھتے ہیں کہ

جو لوگ صریح ذبح تقرب لغیر اللہ کرتے ہیں۔ وہ گویا شعار اللہ کی بے حُرمتی کرتے ہیں۔ اور زبان پر کلمے کا ورد بھی ہے۔ افسوس ان کے اسلام میں کوئی نقص پیدا نہیں ہوتا۔ صفحہ ۱۸۔ ۱۹ پر خلاصہ کلام لکھتے ہوئے رقمطراز ہیں۔ کہ

درمختار۔ اشباہ نظائر۔ ہدائیت المبتدی۔ تفسیر نیشاپوری۔ ارشاد الطالبین مجالس الابرار۔ بحرالرائق۔ ذخیرہ۔ فتاوٰی عالمگیری وغیرہ وغیرہ یہ کتابیں حنفی مذہب کی ہیں۔ کئی آیات اور احادیث درج ہیں۔ جن سے یہ مسئلہ نذر لغیر اللہ کا بڑی وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ قرآن واحادیث خیر لیکن اپنے ہی مذہب کی کتابوں پر عمل کرنا چھوڑ دینا یہ عقل ونقل کے خلاف ہے۔ پس مسلمان کو لائق ہے کہ صحیح بات کو تسلیم کرے اور غلط کو چھوڑ دیوے۔ اور خدا سے ڈرے واجب اور ضروری بات پر عمل پیرا ہو۔ اللہ پاک سے دُعا ہے کہ ہر مسلمان کو اصل اسلام پر چلنے کی توفیق دیوے۔ آمین

ناظرین کرام! جو کچھ مولوی فضل الرحمٰن صاحب نے وعظ ونصیحت فرمایا ہے۔ اگر گریبان میں مُنہ ڈال کر دیکھیں تو یہ سب وعظ ونصیحت انہیں کیلئے ہے۔ اگر وہ قرآن وحدیث اور کُتب فقہ یا اپنے مذہب کی کتابیں پڑھ لیتے اور کچھ خوفِ خدا ہوتا تو کبھی اہل سُنّت وجماعت کے اِس عقیدہ کو حرام اور شرک قرار نہ دیتے۔

اہلِ اسلام کا وُہ ذبیحہ جو کہیں بھی ذبح ہو۔ جانور ان جانوروں سے ہو جن کو شریعت مطہرہ نے قابل ذبح ٹھہرایا ہے۔ اور ذبح کرنے والا مسلمان ہو۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اور اسلام کے بتلائے طریقہ سے ذبح کرے اور ذبح کے وقت بسم اللہ اللہ اکبر پڑھ کر ذبح کرے وُہ حلال و طیب ہے۔ اسے اہل لغیر اللہ بہ یا ذبح علی النصب یا تقرب لغیر اللہ کہنا باطل ہے۔ حلال و حرام میں تمیز نہ کرنا اور کفر و اسلام میں فرق نہ کرنا ہے۔ یہ مسلمان کا کام نہیں۔ درمختار۔ شامی۔ شرح وہبانیہ۔ ذخیرہ۔ قنیہ وغیرہم معتبر کتب فقہ میں موجود ہے۔

اِنَّا لَا نُسِیْئُ الظَّنَّ بِالْمُسْلِمِ اَنَّہٗ یَتَقَرَّبُ اِلَی الْاٰدَمِیِّ بِھٰذَا النَّحْرِ۔

ہم کسی مسلمان کے حق میں ہرگز یہ بدگمانی نہیں کرتے کہ وہ اس قسم کے ذبح کے ذریعہ کسی آدمی کا تقرب حاصل کرتا ہے۔

لیکن مولوی فضل الرحمان اور ان کے ہم عقیدہ ایسے ہیں کہ وُہ کھینچ تان کر کفار اور مشرکین کا ذبیحہ بتلا کر حرام و نجس ٹھہرانے میں اتنے بیباک اور دلیر ہیں کہ کتاب و سنت کی اعلانیہ تحریف کر رہے ہیں جملہ مستند تفاسیر اور فقہاء عظام کے روشن ارشادات اور تصریحات سے انحراف کر رہے ہیں۔ اور ایسی بدعت و ضلالت پر ڈٹے ہوئے ہیں کہ جس سے دُنیائے اسلام کے اعتقاد اور عمل میں زبردست تخریب اور تفریق ہو۔ حتیٰ کہ اس ناحق فتوے کی زد سے ان کے اپنے اکابر بھی محفوظ نہیں رہ سکتے۔

مولوی فضل الرحمان صاحب اور ان کے ہم عقیدہ حضرات سے مخلصانہ اپیل ہے کہ اگر ان کو خوفِ خُدا اور قیامت کے دِن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کا ڈر ہے تو تعصب اور عناد کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اپنے غلط نظریات اور عقائد سے تائب ہوں اور صحیح عقائد اور نظریات کو تسلیم کریں۔ دُعا ہے کہ اللہ کریم بجاہ النبی العظیم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم ان کو ہدایت نصیب فرمائے۔ آمین

## فتاویٰ عالمگیری میں ہے۔

مُسْلِمٌ ذَبَحَ شَاۃَ الْمَجُوْسِیِّ

مجوسی نے آتش کدہ کے لیے بکری



لِبَیْتِ نَارِھِمْ اَوِ الْکَافِرِ لِاٰلِھَتِھِمْ تُؤْکَلُ لِاَنَّہٗ سَمَّی اللہ تَعَالٰی وَیُکْرَہُ لِلْمُسْلِمِ۔

نامزد کی یا کافر نے اپنے بتوں کے لئے کوئی جانور نامزد کیا اور ان جانوروں کو مُسلمان نے ذبح کر دیا۔ اگرچہ مسلمان کے لئے ایسا کرنا مکروہ ہے مگر وہ جانور حلال و طیب ہے کھایا جائے گا۔

(فتاویٰ عالمگیری صفحہ ۲۴۷ جلد ۴)

ناظرین کرام :- مقام غور ہے کہ مشرکین اور کفار کے بتوں اور بُت خانوں کیلئے نامزد کیئے ہُوئے جانوروں کو مُسلمان ذبح کرے تو وہ حلال ہو جائیں مگر نذر اولیاء اللہ کا جانور مُسلمان ذبح کرے تو حلال نہ ہو۔ یہ صریحاً اسلام کی مخالفت نہیں تو اور کیا ہے۔

مولوی فضل الرحمٰن صاحب نے رسالہ کے صفحہ ۲۲ پر آخر میں ضمیمہ بریگیڈ میں میں لکھا ہے کہ

ردالمحتار میں ہے جو نذر نیاز کا تیل کسی مزار پر چڑھاتے ہیں۔ یا شیخ جیلان کے نام کا قطب کی سمت چلاتے ہیں۔ یہ نذر نیاز بھی حرام ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ مولوی فضل الرحمٰن صاحب نے ردالمحتار کو پڑھا ہی نہیں۔ پڑھنا تو کُجا دیکھا ہی نہیں۔ اگر پڑھا ہوتا تو کبھی بھی ایسا نہ لکھتے۔ ردالمحتار کی عبارت پیش خدمت ہے۔ ملاحظہ ہو۔

وَنَذْرُ الزَّیْتِ وَالشَّمْعِ لِلْاَوْلِیَآءِ یُوْقَدُ عِنْدَ قُبُوْرِھِمْ تَعْظِیْمًا لَّھُمْ وَمُحَبَّۃً فِیْھِمْ جَائِزٌ اَیْضًا لَا یَنْبَغِیْ النَّھْیُ عَنْہُ۔

اور تیل اور شمع کی نذر مانناا اولیاء اللہ کے لئے کہ چراغ روشن کئے جائیں ان کی قبروں کے نزدیک ان کی تعظیم اور محبت کے لئے تو یہ بھی جائز ہے۔ اس سے منع کرنا بھی مناسب نہیں۔

قارئین کرام :- ردالمحتار میں حرام لکھا ہے یا کہ جائز لکھا ہے۔ اس کے ساتھ ہی مولوی فضل الرحمٰن نے لکھا ہے۔

مولانا عبدالحی اپنے فتاویٰ میں فرماتے ہیں۔ وَالنَّذْرُ لِغَیْرِ اللہِ حَرَامٌ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وبحرمۃ المنذور لغیر اللہ فتاوٰی عبدالحی صاحب غیر اللہ کی نذر نیاز حرام ہے۔ اور جو چیز غیر اللہ کے نام پر نذر مانی جائے وہ بھی حرام ہے۔ جب غیر اللہ کی نذر و نیاز درست نہیں ہے تو پیر صاحب کے نام گیارھویں کیسے جائز ہوگی۔

قارئین کرام! اب مولوی عبدالحی صاحب لکھنوی کے فتاوٰی کی عبارات اور فتوے درج کئے جاتے ہیں تاکہ مولوی فضل الرحمٰن صاحب اور ان کے ہم مسلک اہلحدیث اور ان کے بڑے بھائی دیوبندی حضرات کو معلوم ہو جائے کہ ان کا نظریہ اور عقیدہ غلط ہے۔ بلکہ اہل سنت و جماعت حضرات جو گیارھویں شریف کو جائز اور حلال قرار دیتے ہیں وہ درست ہیں۔

## فتاوٰی عبدالحی سے چند فتوے

سوال :۔ گاؤ سید احمد کبیر و بز شیخ سدو و امثال آں حلال است یا حرام؟

جواب :۔ اگر تقرب خداوند تعالیٰ و جان کشی برائے او و ایصال ثواب بکسے منظور باشد حلال است۔ (فتاوٰی عبدالحی ص۱۰۴ جلد ۳ مطبوعہ لکھنؤ)

ناظرین کرام :۔ مولانا عبدالحی لکھنوی صاحب جن کو مولوی فضل الرحمٰن صاحب نے اپنا معاون اور مددگار سمجھا تھا اور جن کو انہوں نے دلیل کے طور پر پیش کیا ہے۔ ان کا یہ فتوٰی بغور مطالعہ فرمائیں تو ان کے سارے رسالہ کا جواب ہے۔ کیونکہ انہوں نے سید احمد کبیر کی گائے۔ شیخ سدو کا بکرا۔ پیر صاحب کا دنبہ وغیرہ سب کو جائز قرار دیا ہے۔ اور مولوی فضل الرحمٰن صاحب حرام کہہ رہے ہیں۔ اب بھی اگر مولوی فضل الرحمٰن صاحب کو عبرت اور نصیحت حاصل نہ ہو تو پھر ان کی ہٹ دھرمی اور ناعاقبت اندیشی پر مولانا عبدالحی صاحب کا ایک اور فتوے ملاحظہ ہو۔ سائل سوال کرتا ہے کہ۔

بت اور بھوانی وغیرہ کے نام جو مشرکین جانور چھوڑ دیتے ہیں۔ اس جانور کو اگر کسی مسلم نے بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ذبح کیا تو وہ جانور حلال ہوا یا نہیں؟



مولانا جواب میں فرماتے ہیں کہ

اگر مسلم باجازت مالک آں بنام تبارک و تعالیٰ ذبح نماید حلال است۔

(فتاوٰی عبدالحی ص۱۰۴ ج ۲)

مولوی فضل الرحمٰن اور دیگر وہابی دیوبندیوں کو غور کرنا چاہیے کہ جب بھوانی کے نام پر چھوڑا ہوا جانور مالک کی اجازت سے مسلمان بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ذبح کرے تو وہ جانور حلال ہے۔ تو پیر صاحب کا دنبہ بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ذبح کیا جاتا ہے وہ کیسے حرام ہوگا۔ معلوم ہوا کہ مولوی فضل الرحمان اور ان کے ساتھی وہابی دیوبندی جو کہ حرام حرام کی رٹ لگاتے ہیں۔ وہ شریعت مطہرہ کے باغی ہیں۔ اور علماء اسلام سے علیحدہ ہی انہوں نے نئے دین اور شریعت کی بنیاد رکھی ہے۔ اور بدعتی ہیں۔

مولانا عبدالحی صاحب لکھنوی نے اپنے فتاوٰی میں تحریر فرمایا ہے۔

وَمِنْ هٰهُنَا عُلِمَ اَنَّ الْبَقَرَةَ الْمَنْذُوْرَةَ لِلْاَوْلِيَاءِ كَمَا هُوَ الرَّسْمُ فِيْ زَمَانِنَا حَلَالٌ طَيِّبٌ لِاَنَّهٗ لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ غَيْرِ اللّٰهِ عَلَيْهَا وَقْتَ الذِّبْحِ وَاِنْ كَانُوْا يَنْذُرُوْنَهَا لَهٗ۔

(فتاوٰی عبدالحی ص۱۰۵ جلد ۳)

اور یہاں سے معلوم ہوا کہ بے شک وہ گائے جس کی نذر اولیاء کے لیے مانی جائے جیسا ہمارے زمانہ میں رسم ہے، حلال و طیب ہے کیونکہ اس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام نہیں لیا جاتا، گو ان کے لیے نذر کرتے ہوں۔

مولانا عبدالحی لکھنوی کے فتاوٰی میں ہی ہے کہ

سوال :۔ برائے فاتحہ حضرت شاہ بو علی قلندر[1] فی را خاص کردہ اند ہمچنیں برائے دیگرے دیگر پس در وصول ثواب تخصیص طعام معین است کہ بدوں آں ثواب میرسد یا نہ۔

جواب :۔ در ایصال و وصول ثواب تخصیص طعام معین نیست ثواب

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ہر چیزے کہ نشد دادہ می شود آمد و بہر کسے کہ رسانند میرسد۔

(فتاویٰ عبدالحی صـ٢ جلد ٣)

قارئین کرام !۔ علامہ عبدالحی لکھنوی نے جو ثواب ہر چیزے کہ نشد دادہ مے شود جو تحریر فرمایا ہے۔ اُس میں گیارہویں کے چاول اور پیر صاحب کا دُنبہ بھی آگیا۔ مولوی فضل الرحمٰن صاحب اور ان کے ساتھیوں کو تھوڑی سی بھی غیرت ہو تو ڈوب مریں۔ جن کو اپنا وکیل بنایا ہے۔ وہی ان کے نظریہ کے خلاف جا رہا ہے۔

مولانا عبدالحی لکھنوی کے فتاویٰ میں ہے۔

سوال :۔ مقرر کردن روز عرس بعد سالے درست ستا یانہ ؟

جواب :۔ در تفسیر مظہری غیر جائز نوشتہ و شیخ عبدالحق محدث دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ از شیخ خود نقل می سازند کہ فرمود ایں عرس در زبانِ سلف نبود از مستحسنات متاخرین ست کذا فی ما ثبت بالسنۃ و شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی در بعض مکاتیب خود تحریر میفرمایند و تعین روز عرس برائے آنست کہ آں روز مذکر انتقال ایشاں مے باشد از دَارُ الْعَمَلِ بِدَارِ الثَّوَابِ وَاِلَّا ہر روز کہ ایں واقع معثود موجب فلاح و نجات است اَخْرَجَ اِبْنُ جَرِیْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَاتِیْ قُبُوْرَ الشُّهَدَاءِ عَلٰی رَاْسِ کُلِّ حَوْلٍ یَقُوْلُ سَلَامٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ وَاَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ اِنْتَهٰی۔

(فتاویٰ عبدالحی صـ٦٨۔٦٩ جلد سوم مطبوعہ لکھنؤ)

ناظرین کرام :۔ مولانا عبدالحی لکھنوی نے عرس مبارک کے لئے دن مقرر کرنے اور اس عمل کو مستحسن اور فلاح و نجات کا سبب بتایا ہے۔ اور سنّتِ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم قرار دیا ہے۔



مولوی فضل الرحمٰن صاحب رسالہ کے صفحہ ٢٠ پر خلاصہ مطلب کی سُرخی دے کر لکھتے ہیں کہ۔

اگر بہ نیت ایصالِ ثواب ہو تو خالصۃً لوجہ اللہ تین شرطوں سے بالاتفاق جائز ہے۔ شرطیں یہ ہیں۔ اوّل عدم تخصیص طعام۔ دوم عدم تعین تاریخ۔ سوم بدل نام گیارہویں پیر وغیرہ یہ سب نام اہل بدعت و شرک کا لکھا ہوا ہے۔ پس یہ جاہل نہ تو نام گیارہویں پیر وغیرہ زائل کریں گے اور نہ تخصیص طعام و تاریخ بدلیں گے۔ وہ بحکم قرآن و حدیث شریف و فقہ شرک اور حرام ہی رہے گی۔

قارئین کرام !۔ یہ تینوں شرطیں وہابیوں کے بیاہ شادی اور تقریبات کے موقعہ پر بھی ہوتی ہیں۔ مثلاً (١) تخصیص طعام۔ مُرغا۔ چاول پلاؤ زردہ وغیرہم۔ (٢) تعین تاریخ۔ شادی کے لئے دن بھی وہابی مقرر کرتے ہیں۔ (٣) بدل نام جس لڑکے کی شادی ہو اُس کا نام۔ یا کسی کے اعزاز میں دعوت۔ دعوتی کارڈ شائع کرتے ہیں۔ اُس کے اوپر لڑکے۔ لڑکی کا نام بھی ہوتا ہے۔ فلاں کی شادی کے سلسلہ میں دعوت ہے۔ اور پکانے والے کو کئی دن پہلے سارا پروگرام دے دیتے ہیں کہ یہ کچھ پکانا ہے۔ تخصیص طعام یہ سب کچھ ہوتا ہے۔

مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے فتوے کے مطابق سب شرک اور حرام ہے۔ تو سارے وہابی دیوبندی ان کے فتوے کے مطابق شادیوں پر حرام کھاتے ہیں۔ اور شرک کرتے ہیں۔

الجھا ہے پاؤں یار کا زلفِ دراز میں
لو آپ اپنے دام میں صیاد آگیا

مولوی فضل الرحمان صاحب ! ماہ رمضان شریف میں آپ نماز تراویح اپنے استاذ کی جامع مسجد ابراہیمی میں ادا کرتے ہیں۔ وہاں ماہ رمضان کے آخری عشرہ میں طاق راتوں میں جو دیگیں وغیرہ پکتی ہیں۔ یہ راتوں کا تعین اور یہ پروگرام کہ فلاں رات یہ طعام ہوگا۔ فلاں رات کو چائے ہوگی اِس میں تعین تاریخ بھی

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



آگئی۔ اور تعین طعام و شرب بھی آگیا پھر آپ اپنے ہی فتوے کے مطابق خود اور اپنے وہابیوں کو حرام ہی کھلاتے ہیں۔ اور شرک کے مرتکب ہوتے ہیں۔

مولوی فضل الرحمٰن صاحب نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۱ پر لکھا ہے کہ "یہ مسئلہ جو کہ بڑا اہم اور ضروری ہے جس پر ایک مسلمان کے پکا سچا ہونے کا دارومدار ہے، جس کو ہم بنیادی عقیدہ کہتے ہیں۔ بلکہ مسلمان اور مشرک میں، مابہ الامتیاز مسئلہ ہے۔ وہ مسئلہ یہ ہے جس کو قرآنِ مجید نے بڑی وضاحت سے چار جگہ بیان فرمایا ہے۔ دوسرا پارہ، چھٹا پارہ، آٹھواں پارہ، چودھواں پارہ۔ فرمایا وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ اور ایسے جانور کو جو نذر بغیر اللہ کے نامزد کیا گیا ہو۔ شروع آیت اس طرح حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ.... الخ خدا نے جن چیزوں کو حرام تا قیامت کیا ہے اُن کا ذکر کرکے اس چیز کو بھی اسی طرح حرام قرار دیا۔ جس کو غیر خدا کے نام بہ نیت اور ارادہ سے نامزد کیا جاتے۔ خدا نے اس مسئلہ کو بڑی وضاحت سے بہت سی جگہوں پر بیان فرمایا تاکہ مسلمان لوگ مشرک نہ بن جائیں"۔

**قارئینِ کرام!** ماسٹر صاحب نے اپنی کتاب میں درج کیا ہے کہ اللہ کریم نے اس مسئلہ کو چار جگہ بیان فرمایا ہے، اور پاروں کی نشاندہی بھی کی ہے۔ اب ہم انہیں چار جگہوں کی تفسیر اس مفسر کی تفسیر سے پیش کرتے ہیں جو بالاتفاق علی الاطلاق سید المفسرین ہیں اور صحابیٔ رسول بھی ہیں، جن کا اسم شریف عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہے۔

اب سید المفسرین کی تفسیر اور وہابی نجدی ماسٹر فضل الرحمٰن صاحب کی تفسیر ملاحظہ فرما کر خود اندازہ فرمائیں کہ بزعم خود مسلمانوں کے اتنے ہمدرد اور خیر خواہ بننے والے حقیقتاً اسلام کے کتنے دشمن اور شریعت محمدیہ کے کتنے باغی ہیں۔ سید المفسرین سیدنا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی تفسیر کے بعد اکابر مستند مفسرین علیہم الرحمۃ کی کتب تفاسیر بلکہ دیوبندی اور وہابی اکابر کی بھی کتب تفاسیر سے اس آیت وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کی تفسیر درج کرتے ہیں۔



# مسلمہ اکابر مفسرین سے وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کی تفسیر

## ① تفسیر تنویر المقباس

وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ مَا ذُبِحَ لِغَيْرِ اسْمِ اللّٰهِ عَمَدًا لِلْاَصْنَامِ۔ (پ۲ رکوع ۵)

اور جو اللہ تعالیٰ کے نام کے سوا بتوں کے لیے عمداً ذبح کیا جائے۔

(تفسیر ابن عباس ص۱۸ مطبوعہ مصر)

وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَمَا ذُبِحَ لِغَيْرِ اسْمِ اللّٰهِ مُتَعَمِّدًا

(پ۲ ع ۵ ـ تفسیر ابن عباس ص۸ مطبوعہ مصر)

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ذُبِحَ لِغَيْرِ اسْمِ اللّٰهِ عَمَدًا۔

(پ۶ ع ۵ تفسیر ابن عباس ص۹۰)

وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَمَا ذُبِحَ لِغَيْرِ اسْمِ اللّٰهِ عَمَدًا اَوِ الْاَصْنَامِ (پ۸ ع ۲۱، تفسیر ابن عباس ص۱۲۵)

## ② تفسیر خازن

امام علی بن محمد خازن علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:۔

وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ يَعْنِيْ وَمَا ذُبِحَ لِلْاَصْنَامِ وَالطَّوَاغِيْتِ۔ یعنی جو بتوں اور طاغوتوں کیلئے ذبح کیا جائے۔

(پ۲ ع ۵ تفسیر خازن ص۱۱۲ جلد اول مطبوعہ مصر)

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ يَعْنِيْ مَا ذُبِحَ عَلٰى غَيْرِ اسْمِ اللّٰهِ۔

یعنی جو اللہ کے نام کے علاوہ کسی اور نام پر ذبح کیا جائے۔

(پ۶ ع ۵ التفسیر خازن جلد ۲ ص۹۴ مطبوعہ مصر)

وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ يَعْنِيْ مَا ذُكِرَ عَلٰى ذَبْحِهٖ غَيْرُ اسْمِ اللّٰهِ وَذٰلِكَ اَنَّ الْعَرَبَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ كَانُوْا يَذْكُرُوْنَ اَسْمَاءَ اَصْنَامِهِمْ

وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ وہ جانور جس کے ذبح کرنے پر غیر اللہ کا نام لیا جائے اور وہ یہ ہے کہ عرب جاہلیت میں ذبح کرنے کے وقت اپنے بتوں کا نام لیا کرتے تھے پس اللہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



عِنْدَ الذَّبْحِ فَحَرَّمَ اللّٰهُ ذٰلِكَ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ۔

نے اس آیت سے اس کو حرام کر دیا۔

(تفسیر خازن جلد ۲ صفحہ ۲۲۷)

## ④ تفسیر روح المعانی

امام محمد آلوسی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ :-

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ يُذْبَحُهُ الصَّوْتُ لِغَيْرِ اللّٰهِ تَعَالٰی۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ یعنی ذبح کرتے وقت غیر اللہ کے لیے آواز بلند کرنا۔

(پ۲ ع ۵ تفسیر روح المعانی صفحہ ۴۲ جلد ۲ مطبوعہ بیروت)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ رُفِعَ الصَّوْتُ لِغَيْرِ اللّٰهِ تَعَالٰی عِنْدَ ذِبْحِهٖ وَالْمُرَادُ بِالْاِهْلَالِ هُنَا ذِكْرُ مَا يُذْبَحُ لَهٗ كَاللَّاتِ وَالْعُزّٰی۔

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ یعنی ذبح کرنے کے وقت غیر اللہ کے لیے آواز بلند کرنا۔ اہلال سے یہاں مراد ذبح کے وقت اس چیز کا ذکر کرنا جس کے لیے وہ ذبح کیا گیا ہے جیسے لات اور عزیٰ۔

(پ۶ ع ۵ تفسیر روح المعانی جلد ۶ صفحہ ۵۵ مطبوعہ بیروت)

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُرَادُ الذَّبْحُ عَلٰی اِسْمِ الْاَصْنَامِ۔

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ سے بتوں کے نام پر ذبح کرنا مراد ہے۔

(پ۸ ع ۵ تفسیر روح المعانی صفحہ ۴۴ جزء ۸ مطبوعہ بیروت)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ دَاخِلٌ فِيْمَا وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ جو بت کے نام پر ذبح کیا گیا ہو وہ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ میں داخل ہے۔

(پ۱۴ ع ۲۱ تفسیر روح المعانی صفحہ ۲۴۶ جزء ۱۴ مطبوعہ بیروت)

## ④ تفسیر ابن جریر

امام ابن جریر طبری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں :-

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ يَعْنِیْ بِهٖ وَمَا ذُبِحَ لِلْاٰلِهَةِ وَالْاَوْثَانِ يُسَمّٰی عَلَيْهِ بِغَيْرِ اِسْمِهٖ۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ اور جو ذبح کیا گیا ہو اُن کے معبودانِ باطلہ اور بتوں کے لیے اور اُس پر (ذبح کے وقت) اللہ کا نام نہیں لیا گیا غیر کے نام سے ذبح ہوا۔

(پ۲ ع ۵ تفسیر ابن جریر صفحہ ۴۸ جلد ۲ مطبوعہ مصر)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَمَا ذُبِحَ لِلْاٰلِهَةِ وَالْاَوْثَانِ يُسَمّٰی عَلَيْهِ غَيْرُ اسْمِ اللّٰهِ

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ اور جو معبودانِ باطلہ اور بتوں کے لیے ذبح کیا گیا اور اُس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا گیا۔

(پ۶ ع ۵ تفسیر ابن جریر طبری صفحہ ۴۹ جلد ۶)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ مَا ذُبِحَ لِلْاَنْصَابِ يُسَمّٰی عَلَيْهِ غَيْرُ اسْمِ اللّٰهِ۔

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ جو بتوں کے نام پر ذبح کیا گیا اور ذبح کے وقت اس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا

(پ۱۴ ع ۲۱ تفسیر ابن جریر صفحہ ۱۸۱ جلد ۱۴)

## ⑤ تفسیر مدارک

امام عبداللہ بن احمد نسفی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں :-

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ اَیْ ذُبِحَ لِلْاَصْنَامِ فَذُكِرَ عَلَيْهِ غَيْرُ اسْمِ اللّٰهِ وَاَصْلُ الْاِهْلَالِ رَفْعُ الصَّوْتِ اَیْ رُفِعَ بِهِ الصَّوْتُ لِلصَّنَمِ وَذٰلِكَ قَوْلُ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ بِاسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰی۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ یعنی جو بتوں کے لیے ذبح کیا گیا اس پر غیر خدا کا نام ذکر کیا گیا اور اصل میں اہلال آواز بلند کرنا ہے یعنی اس کے ساتھ بت کے لیے آواز بلند کی گئی اور یہ اہل جاہلیت کی بات ہے کہ ذبح کے وقت کہتے لات کے نام سے اور عزیٰ کے نام سے۔

(پ۲ ع ۵ تفسیر مدارک صفحہ مطبوعہ بیروت)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ رُفِعَ الصَّوْتُ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ وَهُوَ قَوْلُهُمْ بِاسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰی عِنْدَ ذِبْحِهٖ۔ (پ۶ ع ۵ تفسیر مدارک مطبوعہ بیروت)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ یعنی غیر اللہ کے لیے آواز کو بلند کرنا اور وہ (کفار) ذبح کرتے وقت کہتے کہ لات اور عزیٰ کے نام سے ذبح کرتے ہیں۔



Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ رُفِعَ الصَّوْتُ ذِبْحِہٖ بِاِسْمِ غَيْرِ اللّٰهِ وَسُمِّیَ بِالْفِسْقِ

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ یعنی ذبح کے وقت غیر اللہ کے لیے آواز بلند کرنا اور اسی کا فسق ہے۔

(پ ۲ ع ۵ تفسیر مدارک صفحہ)

## ⑥ تفسیر معالم التنزیل

امام ابو محمد الحسین بغوی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ مَا ذُبِحَ لِلْاَصْنَامِ وَالطَّوَاغِيْتِ وَاَصْلُ الْاِهْلَالِ رَفْعُ الصَّوْتِ وَكَانُوْا اِذَا ذَبَحُوْا لِاٰلِهَتِهِمْ يَرْفَعُوْنَ اَصْوَاتَهُمْ بِذِكْرِهَا۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۔ یعنی جو بتوں اور طاغوتوں کے لیے ذبح ہوا اور اصل میں اہلال آواز بلند کرنا ہے اور کفار کا معمول تھا جب جانور ذبح کرتے تو اپنے معبودان باطل کی شان ظاہر کرنے کو انہی کے نام کے ساتھ ذبح کرتے تھے۔

(تفسیر معالم التنزیل جلد ۱ صفحہ ۱۴۱ برحاشیہ خازن مطبوعہ مصر)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ مَا ذُكِرَ عَلٰى ذِبْحِہٖ غَيْرُ اسْمِ اللّٰهِ

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۔ یعنی ذبح کے وقت جس پر اللہ کے علاوہ نام ذکر کیا جائے۔

(پ ۶، ع ۵ تفسیر معالم التنزیل جلد ۲ صفحہ برحاشیہ خازن مطبوعہ مصر)

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَهُوَ مَا ذُبِحَ عَلٰى غَيْرِ اسْمِ اللّٰهِ۔

(پ ۸، ع ۵ تفسیر معالم التنزیل جلد ۲ صفحہ برحاشیہ خازن مطبوعہ مصر)

## ⑦ تفسیر ابو السعود

امام ابو السعود علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:۔

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ رُفِعَ بِهِ الصَّوْتُ عِنْدَ ذِبْحِہٖ لِلصَّنَمِ۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۔ یعنی وہ چیز جس کو بت کے لیے ذبح کرنے کے وقت آواز بلند کی گئی ہو۔

(پ ۲ ع ۵ تفسیر ابو السعود جلد ۲ صفحہ برحاشیہ تفسیر کبیر مطبوعہ مصر)



وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ رَفْعُ الصَّوْتِ لِغَيْرِ اللّٰهِ عِنْدَ ذِبْحِہٖ كَقَوْلِهِمْ بِاسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰى۔

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۔ یعنی غیر اللہ کے لیے ذبح کرتے وقت آواز کو بلند کرنا جیسا کہ کفار باسم اللات والعزیٰ کہتے۔

(پ ۲، ع ۵ تفسیر ابو السعود، جلد ۲ صفحہ برحاشیہ تفسیر کبیر مطبوعہ مصر)

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ ذُبِحَ عَلٰى اِسْمِ الْاَصْنَامِ

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۔ یعنی بتوں کے نام پر ذبح کیا گیا۔

(پ ۶، ع ۵ تفسیر ابو السعود جلد ۲ صفحہ ۱۳۲ برحاشیہ تفسیر کبیر مطبوعہ مصر)

## ⑧ تفسیر کبیر

امام فخر الدین رازی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ:۔

مَعْنٰى قَوْلِهٖ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ يَعْنِیْ مَا ذُبِحَ لِلْاَصْنَامِ وَهُوَ قَوْلُ مُجَاهِدٍ وَالضَّحَّاكِ وَقَتَادَةَ وَقَالَ الرَّبِيْعُ بْنُ اَنَسٍ وَابْنُ زَيْدٍ يَعْنِیْ مَا ذُكِرَ عَلَيْهِ غَيْرُ اسْمِ اللّٰهِ وَهٰذَا الْقَوْلُ اَوْلٰى لِاَنَّهٗ اَشَدُّ مُطَابَقَةً لِلَّفْظِ۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے معنی یہ ہیں کہ جو بتوں کے لیے ذبح کیا گیا ہو۔ یہ قول مجاہد، ضحاک اور قتادہ کا ہے۔ ربیع بن انس اور ابن زید نے کہا یعنی وہ جس پر غیر نام خدا ذکر کیا گیا ہو اور یہ قول اولیٰ ہے کیونکہ اس میں مطابقت لفظی زیادہ ہے۔

(تفسیر کبیر صفحہ ۸۴، ۸۵ جلد ۲ مطبوعہ مصر)

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ هُوَ الْمُرَادُ بِقَوْلِهٖ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ہی اس کے قول سے مراد جو بتوں کے نام پر ذبح کیا گیا ہو۔

(تفسیر کبیر جلد ۲ صفحہ ۹۰ مطبوعہ مصر)

امام فخر الدین رازی علیہ الرحمۃ نصب کے متعلق فرماتے ہیں:۔

اَلنُّصُبُ هِیَ الْاَوْثَانُ۔ نصب بتوں کو کہا جاتا ہے۔

(تفسیر کبیر صفحہ ۳۶۶ جلد ۳ مطبوعہ مصر)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَ الَّذِیْ ذُبِحَ عَلٰى اِسْمِ الْاَوْثَانِ۔

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۔ یہی ہے کہ وہ جو بتوں کے نام سے ذبح کیا جائے۔

(تفسیر کبیر صفحہ ۳۶۶ جلد ۳ مطبوعہ مصر)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



## ⑨ تفسیر جلالین

امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں :۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ ذُبِحَ عَلٰی اِسْمِ غَيْرِهٖ تَعَالٰی وَالْاِهْلَالُ رَفْعُ الصَّوْتِ وَكَانُوْا يَرْفَعُوْنَهٗ عِنْدَ الذَّبْحِ لِاٰلِهَتِهِمْ۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۔ یعنی جو غیر خدا کے نام پر ذبح کیا گیا ، اور اہلال کے معنٰی آواز بلند کرنا ہیں اور مشرکین اپنے معبودوں کے لیے ذبح کرنے کے وقت آواز بلند کرتے تھے ۔

(پ۲ ع ۵ تفسیر جلالین ص۲۴)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ بِاَنْ ذُبِحَ عَلٰى اِسْمِ غَيْرِهٖ ۔

(تفسیر جلالین صفحہ ۹۳)

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ ذُبِحَ عَلٰى اِسْمِ غَيْرِهٖ ۔ (تفسیر جلالین ص۱۲۴)

## ⑩ تفسیر قرطبی

امام ابو عبداللہ محمد بن احمد انصاری قرطبی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ :۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ ذُكِرَ عَلَيْهِ غَيْرُ اسْمِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَهِيَ ذَبِيْحَةُ الْمَجُوْسِيِّ وَالْوَثَنِيِّ يُذْبَحُ لِلْوَثَنِ وَالْمَجُوْسِيُّ لِلنَّارِ وَالْمُعَطِّلُ لَا يَعْتَقِدُ شَيْئًا فَيَذْبَحُ لِنَفْسِهٖ وَلَا خِلَافَ بَيْنَ الْعُلَمَاءِ اَنَّ مَا ذَبَحَ الْمَجُوْسِيُّ لِنَارِهٖ وَالْوَثَنِيُّ لِوَثَنِهٖ لَا يُؤْكَلُ وَلَا تُؤْكَلُ ذَبِيْحَتُهُمَا۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۔ یعنی جس پر اللہ تعالےٰ کے نام کے علاوہ ذکر کیا جائے اور وہ مجوسی کا اور بت پرست کا ذبح کیا ہوا ہے کیونکہ بت پرست ذبح کرتے ہیں بتوں کے لیے اور مجوسی ذبح کرتے ہیں آگ کے لیے اور معطل کسی چیز کا اعتقاد نہیں رکھتے وہ ذبح کرتے ہیں اپنے لیے اور علماء کا اس معاملہ میں کوئی اختلاف نہیں جو مجوسی آگ کے لیے اور بت پرست بت کے لیے ذبح کرے نہ کھایا جائے اور نہ کھلایا جائے ان دونوں کا ذبیحہ ۔

(تفسیر قرطبی ج۲ ص۲۲۳ مطبوعہ بیروت)

## ⑪ تفسیر روح البیان

علامہ اسماعیل حقی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ :۔



وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ وَحَرَّمَ مَا رُفِعَ بِهِ الصَّوْتُ عِنْدَ ذِبْحِهٖ لِلصَّنَمِ وَاَصْلُ الْاِهْلَالِ رَفْعُ الصَّوْتِ وَكَانُوْا اِذَا ذَبَحُوْا لِاٰلِهَتِهِمْ يَرْفَعُوْنَ اَصْوَاتَهُمْ بِذِكْرِهَا وَيَقُوْلُوْنَ بِاِسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰى

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی وہ حرام ہے جس پر ذبح کرتے وقت بت کی آواز بلند کی جائے اور اصل اہلال کا آواز کو بلند کرنا ہے ، اور وہ (کافر) جب اپنے معبودوں کے لیے ذبح کرتے تو وہ اپنی آوازوں کو اس کے ذکر کے ساتھ بلند کرتے تھے اور کہتے تھے لات کے نام کے ساتھ اور عزّیٰ کے نام کے ساتھ ۔

(پ۲ ، ع ۵ تفسیر روح البیان ص۲۲۷ جلد ۱ مطبوعہ بیروت)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ رَفْعُ الصَّوْتِ لِغَيْرِ اللّٰهِ عِنْدَ ذِبْحِهٖ كَقَوْلِهِمْ بِاِسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰى۔

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ یعنی ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام بلند کرنا جیسے ان کا قول ہے لات اور عزّیٰ کے نام کے ساتھ ۔

(پ۶ ، ع ۵ ، تفسیر روح البیان ص۳۴۰ جلد ۲ مطبوعہ بیروت)

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ ذُبِحَ عَلٰى اِسْمِ الْاَصْنَامِ۔

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ یعنی بتوں کے نام پر ذبح کیا گیا ۔

(پ۸ ، ع ۵ تفسیر روح البیان صفحہ ۱۱۲ جلد ۳)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ رَفْعُ الصَّوْتِ لِلصَّنَمِ بِهٖ وَذٰلِكَ قَوْلُ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ بِاللَّاتِ وَالْعُزّٰى۔

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ یعنی بت کے لیے آواز کو بلند کرنا اور وہ جاہل لوگوں کا قول ہے کر لات اور عزّیٰ کے نام سے ذبح کرنا ہے ۔

(پ۱۴ ، ع ۲۱ تفسیر روح البیان ص۹۰ جلد ۵ مطبوعہ بیروت)

## ⑫ تفسیر بیضاوی

امام عبدالرحمٰن بیضاوی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں :۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ رُفِعَ بِهِ الصَّوْتُ عِنْدَ ذِبْحِهٖ لِلصَّنَمِ

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی وہ چیز جس کو بت کے لیے ذبح کرنے کے وقت آواز بلند کی گئی ہو ۔

(پ۲ ، ع ۵ تفسیر بیضاوی ص ــــ )

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ رَفْعُ الصَّوْتِ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ كَقَوْلِهِمْ بِاسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰی عِنْدَ ذَبْحِهٖ

وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ یعنی غیر اللہ کے لیے آواز کو بلند کرنا جیسے وہ (کفار) ذبح کرتے وقت کہتے لات اور عزّیٰ کے نام سے ذبح کرتے ہیں۔

(تفسیر بیضاوی صفحہ )

أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ سُمِّیَ مَا ذُبِحَ عَلٰی اِسْمِ الصَّنَمِ فِسْقًا

(تفسیر بیضاوی ص )

## ⑬ تفسیر دُرِّ منثور

علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ يَعْنِیْ مَا أُهِلَّ لِلطَّوَاغِيْتِ ۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ یعنی جو جانور بتوں کے لیے بنام غیر اللہ ذبح ہوا ہو۔

(تفسیر دُرِّ منثور ص۱۶۸ ج ۱ مطبوعہ بیروت)

وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ أَخْرَجَ ابْنُ جُرَيْرٍ وَابْنُ مُنْذِرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْ قَوْلِهٖ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ قَالَ مَا أُهِلَّ لِلطَّوَاغِيْتِ بِهٖ ۔

وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ابن جریر اور ابن منذر ابن عباس سے وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ کے متعلق روایت فرماتے ہیں کہ جو جانور بتوں کے لیے بنام غیر اللہ ذبح ہوا۔

(تفسیر دُرِّ منثور صفحہ ۲۵۶ جلد ۲ مطبوعہ بیروت)

## ⑭ تفسیر سراج المنیر

امام محمد بن شربینی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ ذُبِحَ عَلَی اسْمِ غَيْرِهٖ وَالْاِهْلَالُ رَفْعُ الصَّوْتِ وَكَانُوْا يَرْفَعُوْنَهٗ عِنْدَ الذَّبْحِ لِاٰلِهَتِهِمْ

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی جو اللہ کے غیر کے نام پر ذبح کیا گیا اور اہلال آواز کو بلند کرنا ہے اور (کفار) ذبح کے وقت اپنے معبودوں کے نام کی آواز بلند کرتے تھے۔

(پ۲، ع تفسیر سراج المنیر ص۱۱۰ مطبوعہ لکھنؤ)



## ⑮ تفسیر بحر المحیط

امام ابو عبداللہ محمد بن یوسف اندلسی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ الْاِهْلَالُ رَفْعُ الصَّوْتِ اَیْ ذُبِحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ مِنَ الْاَصْنَامِ وَالطَّوَاغِيْتِ وَمَعْبُوْدِ غَيْرِ اللّٰهِ ۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ الْاِهْلَالُ یعنی وہ جانور جس کے ذبح کے وقت غیر اللہ، بتوں، شیطانوں اور خدا کے سوا معبودوں کی خاطر ذبح کرنے کی آواز بلند کرنا۔

غَيْرِ اللّٰهِ۔ قَالَ ابْنُ زَيْدٍ مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ شَیْءٌ وَّاحِدٌ ۔

آواز بلند کرنا، ابن زید نے کہا ہے کہ بتوں کے لیے ذبح کیا ہوا جانور اور وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ایک ہی چیز ہے۔

(تفسیر بحر المحیط ص۴۲۴ جلد ۳ مطبوعہ بیروت)

## ⑯ تفسیر مظہری

علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ قَالَ الرَّبِيْعُ ابْنُ انَسٍ مَا ذُكِرَ عِنْدَ ذَبْحِهٖ اِسْمُ غَيْرِ اللّٰهِ۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ ربیع بن انس فرماتے ہیں کہ وہ جانور جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا جائے۔

(تفسیر مظہری جلد ۱ ص۱۵۹ مطبوعہ دہلی)

## ⑰ تفسیر مراغی

علامہ احمد مصطفٰے مراغی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ وَحُرِّمَ مَا رُفِعَ بِهِ الصَّوْتُ عِنْدَ ذَبْحِهٖ لِلصَّنَمِ وَغَيْرِهٖ مِمَّا يُعْبَدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لِاَنَّهٗ مِنْ اَعْمَالِ الْوَثَنِيَّةِ وَفِيْهِ اِشْرَاكٌ وَاعْتِمَادٌ عَلٰی غَيْرِ اللّٰهِ وَقَدْ نَصَّ الْفُقَهَاءُ عَلٰی اَنَّ كُلَّ مَا ذُكِرَ

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی اور حرام کیا گیا ہے وہ جس پر ذبح کے وقت بت کا نام لے کر آواز بلند کی گئی ہے، اور اس کے علاوہ جس کی وہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ عبادت کرتا ہے، اس لیے بے شک وہ بت پرستی کے اعمال سے ہے اور اس میں شرک اور غیر اللہ پر اعتماد ہے اور بیشک فقہائے کرام نے بالوضاحت یہ مسئلہ بیان فرمایا ہے کہ بے شک وہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



عَلَيْهِ اِسْمُ غَيْرِ اللّٰهِ وَلَوْ مَعَ اِسْمِ اللّٰهِ فَهُوَ مُحَرَّمٌ۔

جانور جس پر ذبح کے وقت اللہ تعالےٰ کا نام لیا جائے اور اللہ کے نام کے ساتھ غیر اللہ کا نام لیا جائے پس وہ حرام ہے۔

(پ ۲، تفسیر مراغی جلد ۲ ص ۴۹ مطبوعہ بیروت)

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَهُوَ مَا يَتَقَرَّبُ اِلٰى غَيْرِهٖ تَعَبُّدًا وَيَذْكُرُ اِسْمَهٗ عَلَيْهِ عِنْدَ ذِبْحِهٖ۔

اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ اور وہ جو عبادت کے ساتھ غیر اللہ کا تقرب حاصل کرتا ہے اور ذبح کے وقت اسی کا نام لیتا ہے۔

(تفسیر مراغی جلد ۸ ص ۵۸ مطبوعہ بیروت)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ مَا ذُبِحَ لِلْاَنْصَابِ فَسُمِّیَ عَلَيْهِ بِغَيْرِ اِسْمِهٖ تَعَالٰى فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ ذَبَائِحِ مَنْ لَا يَحِلُّ اَكْلُ ذَبِيْحَتِهٖ۔

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ یعنی جو بتوں کے لیے ذبح کیا گیا اور اُس کے اوپر غیر اللہ کا نام لیا جائے بے شک وہ اُن ذبائح میں سے ہے جن کا کھانا حلال نہیں کیا گیا۔

(پ ۶، تفسیر مراغی صفحہ ۱۵۳ جلد ۱۴ مطبوعہ بیروت)

## ⑱ تفسیر کشاف

اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ رَفْعُ الصَّوْتِ لِلصَّنَمِ وَذٰلِكَ قَوْلُ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ بِاسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰى۔

اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ یعنی بت کے لیے آواز کو بلند کرنا اور یہ جاہل لوگوں کا طریقہ ہے لات اور عزّٰی کے نام کے ساتھ ذبح کرنا۔

(پ ۲، تفسیر کشاف ص ۳۲۹ جلد ۱ مطبوعہ بیروت)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ رَفْعُ الصَّوْتِ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ وَهُوَ قَوْلُهُمْ بِاسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰى عِنْدَ ذِبْحِهٖ۔

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ یعنی آواز بلند کرنا غیر اللہ کے واسطے، وہ (کافر) ذبح کے وقت کہتے لات اور عزّٰی کے نام کے ساتھ ذبح کرتے ہیں۔

(تفسیر کشاف، جلد ۱ صفحہ ۵۹۲)



## ⑲ تفسیراتِ احمدیہ

علامہ ملا جیون علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ:۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ مَعْنَاهُ ذُبِحَ بِهٖ لِاِسْمِ غَيْرِ اللّٰهِ مِثْلُ اللَّاتِ وَالْعُزّٰى وَاَسْمَاءِ الْاَنْبِيَاءِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ فَاِنْ اَفْرَدَ بِاِسْمِ غَيْرِ اللّٰهِ اَوْ ذَكَرَ مَعَ اللّٰهِ اِسْمَ اللّٰهِ عَطْفًا بِاَنْ يَقُوْلَ بِاِسْمِ اللّٰهِ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ بِالْجَرِّ حَرُمَ الذَّبِيْحَةُ وَاِنْ ذَكَرَ مَعَهٗ مَوْصُوْلًا لَا مَعْطُوْفًا بِاَنْ يَقُوْلَ بِاِسْمِ اللّٰهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ كُرِهَ وَلَا يَحْرُمُ وَاِنْ ذَكَرَ مَفْصُوْلًا بِاَنْ يَقُوْلَ قَبْلَ التَّسْمِيَةِ وَقَبْلَ اَنْ يُضْجَعَ الذَّبِيْحَةَ وَبَعْدَهٗ لَا بَاْسَ بِهٖ۔ هٰكَذَا فِى الْهِدَايَةِ وَمِنْ هٰهُنَا عُلِمَ اَنَّ الْبَقَرَةَ الْمَنْذُوْرَةَ لِلْاَوْلِيَاءِ كَمَا هُوَ الرَّسْمُ فِىْ زَمَانِنَا حَلَالٌ طَيِّبٌ لِاَنَّهٗ لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ غَيْرِ اللّٰهِ عَلَيْهَا وَقْتَ الذَّبْحِ وَاِنْ كَانُوْا يَنْذُرُوْنَهَا لَهٗ۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے معنی یہ ہیں کہ غیر خدا کے نام پر ذبح کیا گیا ہو مثلاً لات و عزّٰی جیسے بتوں کے نام پر ذبح کیا گیا ہو یا انبیاء علیہم السلام وغیرہم کے نام پر ذبح کیا گیا ہو، تو اگر تنہا غیر خدا کے نام پر ذبح کیا گیا یا اللہ تعالےٰ کے نام کے ساتھ عطف کر کے دوسرے کا نام ذکر کیا اس طرح باسم اللہ و محمد رسول اللہ کہا اور لفظ محمد کے جر یعنی زیر کے ساتھ عطف کرے تو ذبیحہ حرام ہے، اور اگر نام خدا کے ساتھ ملا کر دوسرے کا نام بغیر عطف کے ذکر کیا مثلاً یہ کہا باسم اللہ محمد رسول اللہ تو مکروہ ہے حرام نہیں، اور اگر غیر کا نام جدا ذکر کیا اس طرح کہ بسم اللہ کہنے سے پہلے اور جانور کو لٹانے سے قبل یا اس کے بعد غیر کا نام لیا تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں، ایسا ہی ہدایہ میں ہے، یہاں سے معلوم ہوا کہ جو گائے اولیاء کے لیے نذر کی جاتی ہے جیسا کہ ہمارے زمانہ میں رسم ہے وہ حلال طیب ہے اسلئے کہ اس پر وقت ذبح غیر خدا کا نام نہیں لیا گیا اگرچہ وہ ان کے لیے نذر کرتے ہوں۔

(تفسیراتِ احمدیہ ص ۴۵ مطبوعہ کلکتہ)

## ⑳ تفسیر احکام القرآن

مفسرِ قرآن علامہ جصاص علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ:۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ وَلَا خِلَافَ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَنَّ الْمُرَادَ بِهِ الذَّبِيْحَةُ اِذَا اُهِلَّ بِهَا لِغَيْرِ اللّٰهِ عِنْدَ الذَّبْحِ۔

اس مسئلہ مسلمانوں کے مابین کوئی اختلاف نہیں ہے کہ وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ سے مراد وہی ذبیحہ ہے جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو۔

(تفسیر احکام القرآن ص۱۴۵، ۱۴۶ جلد ۱)

علامہ جصاص علیہ الرحمۃ نے اپنی اس تفسیر میں اجماعِ اُمت پیش فرمایا ہے۔ اب کوئی ماسٹر صاحب سے پوچھے کہ اجماعِ اُمت کے آپ خود قائل ہیں، جیسا کہ اپنے رسالہ کے صفحہ ۵ پر آپ نے ذکر کیا ہے، اور خود ہی تفسیر وہ کر رہے ہیں جو اجماعِ امت کے خلاف ہے۔ اجماعِ امت کے خلاف کرنا سراسر گمراہی اور ضلالت ہے۔

یاد رہے کہ علامہ جصاص حنفی مفسر ہیں اور آپ کا انتقال ۳۷۰ھ میں ہوا۔ قریباً سوا دس سو سال کا عرصہ گذر چکا ہے۔ الحمد للہ رب العالمین! اہلسنت والجماعت کا مسلک کوئی نیا مسلک نہیں ہے بلکہ پرانا مسلک ہے، جس پر اُمتِ محمدیہ کے عظیم المرتبت مفسرین، محدثین اور محققین عمل پیرا ہیں ؎

بے عذاب و عتاب و حساب و کتاب
تا ابد اہلِ سنّت پہ لاکھوں سلام

## (۲۱) تفسیر ابن کثیر

علامہ عماد الدین ابن کثیر فرماتے ہیں:۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ وَهُوَ مَا ذُبِحَ عَلٰى غَيْرِ اسْمِهٖ تَعَالٰى مِنَ الْاَنْصَابِ وَالْاَنْدَادِ وَالْاَزْلَامِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ مِمَّا كَانَتِ الْجَاهِلِيَّةُ يَنْحَرُوْنَ لَهٗ۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ اور وہ جو ذبح کیا جائے غیر اللہ کے لیے انصاب، انداد اور ازلام اور ان کی مثل جو جہلاء ذبح کرتے تھے۔

(تفسیر ابن کثیر ص)

تفسیر ابن کثیر کے بعد اب وہابیہ نجدیہ کے نزدیک دوسری مستند تفسیر جو کہ وہابیہ نجدیہ خذلہم اللہ تعالیٰ کے مدارس میں داخلِ نصاب ہے، اس کا حوالہ پیشِ خدمت ہے۔



## (۲۲) تفسیر جامع البیان

علامہ شیخ سید معین الدین علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ مَا ذُكِرَ اِسْمُ غَيْرِ اللّٰهِ عِنْدَ ذَبْحِهٖ۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ جو ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام ذکر کیا جاتے۔

(تفسیر جامع البیان صفحہ ۲۶)

وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ لِقَوْلِهِمْ عِنْدَ الذَّبْحِ بِسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰى وَالْاِهْلَالُ رَفْعُ الصَّوْتِ۔

وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ اُن کے قول ذبح کے وقت بِسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰى اور اُهِلَّ آواز بلند کرنا ہے۔

(تفسیر جامع البیان ص۹۳ مطبوعہ دہلی)

## (۲۳) تفسیر کمالین

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ يَعْنِيْ مَا ذُبِحَ لِلْاَصْنَامِ وَهُوَ قَوْلُ مُجَاهِدٍ وَضَحَّاكٍ۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ یعنی جو ذبح کیا جائے بتوں کے لیے اور یہ قول مجاہد اور ضحاک کا ہے۔

(کمالین علی الجلالین ص۲۲ مطبوعہ دہلی)

## (۲۴) تفسیر لباب التاویل

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ يَعْنِيْ وَمَا ذُبِحَ لِلْاَصْنَامِ وَالطَّوَاغِيْتِ وَاَصْلُ الْاِهْلَالِ رَفْعُ الصَّوْتِ وَذٰلِكَ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَرْفَعُوْنَ اَصْوَاتَهُمْ بِذِكْرِ اٰلِهَتِهِمْ اِذَا ذَبَحُوْا لَهَا۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی جو بتوں اور باطل معبودوں کے لیے ذبح کیا گیا۔ اہلال اصل میں آواز بلند کرنا ہے اور یہ بات یوں ہے کہ مشرکین اپنے معبودوں کے ذکر کے ساتھ آوازیں بلند کرتے تھے جس وقت کہ ان کے لیے ذبح کرتے تھے۔

(تفسیر لباب التاویل ص۱۱۵ جلد ۱)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



## ⑳ تفسیر حسینی

علامہ معین الدین واعظ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں :۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ و حرام کرد آنچہ آواز بردارند در وقت ذبح لِغَیْرِ اللّٰهِ برائے غیر خدا بنام بتان یا باسم غیران بکشند۔

(تفسیر حسینی فارسی، صفحہ ۲۸ مطبوعہ نولکشور)

وَمَا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ و آنچہ آواز برداشتہ باشند یعنی یاد کردہ باشند بر غیر خدائے را نزدیک ذبح و مراد ذبیحۂ کفار است کہ بنام لات و عزیٰ و غیر آن مے کشتند۔ (تفسیر حسینی فارسی، پ۶ ص۱۳۶)

اُهِلَّ آواز برداشتہ شدہ است لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ برائے غیر خدائے بوقت کشتن او یعنی آنچہ بر نام غیر خدائے کشتہ باشند۔ (تفسیر حسینی، پ۸ ص۱۹۰)

وَمَا اُهِلَّ و آنچہ آواز برآوردہ شود لِغَیْرِ اللّٰهِ از برائے غیر خدائے بِهٖ بدان در وقت ذبح آن یعنی بنام بتان بکشند۔ (تفسیر حسینی پ۱۴ ص۳۷۹)

## ㉖ تفسیر نیشاپوری

امام محمد بن حسین نیشاپوری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ :۔

| | |
|---|---|
| وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ فَمَعْنَاهُ رَفْعُ بِهِ الصَّوْتُ لِلصَّنَمِ وَذٰلِكَ قَوْلُ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ بِاسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰى۔ | وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ، پس اس کا معنیٰ بت کے لیے آواز بلند کرنا اور اہل جاہلیت کا بِاسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰى کہنا ہے۔ |

(تفسیر نیشاپوری ص۱۰۲ جلد ۲ برحاشیہ تفسیر ابن جریر مطبوعہ مصر)

## ㉗ مفردات القرآن

امام راغب اصفہانی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں :۔

| | |
|---|---|
| قَوْلُهٗ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ اَیْ مَا ذُكِرَ غَیْرُ اسْمِ اللّٰهِ وَهُوَ مَا كَانَ يُذْبَحُ لِاَجْلِ الْاَصْنَامِ۔ | اللہ تعالیٰ کا فرمان وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ یعنی جس پر خدا کے نام کے سوا ذکر کیا جائے اور وہ جو ذبح کیا جائے بتوں کے لیے۔ |

(مفردات القرآن ص۵۴۶ مطبوعہ مصر)



## ㉘ امام نووی شارح مسلم علیہ الرحمۃ کی تفسیر

اُمتِ محمدیہ کے عظیم المرتبت محدث علامہ نووی علیہ الرحمۃ شارح مسلم نے بھی صحیح مسلم شریف کی حدیث اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ والی حدیث شریف کے تحت لکھا ہے :۔

قولہ تعالیٰ :۔ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ اَیْ رُفِعَ الصَّوْتُ عِنْدَ ذِبْحِهٖ بِغَیْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ ۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ کا مطلب یہ ہے کہ جانور کو ذبح کرنے کے وقت آواز کو غیر اللہ کے ذکر سے بلند کیا۔ (صحیح مسلم شریف جلد اول ص۳۷۶)

## ㉙ علامہ بدر الدین عینی حنفی علیہ الرحمۃ شارح بخاری کی تفسیر

حنفی مذہب کے مقلد محدث علامہ بدر الدین عینی علیہ الرحمۃ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ کی تفسیر بیان کرتے ہیں کہ :۔

| | |
|---|---|
| وَقَالَ مِنْهُ ابْنُ زَيْدٍ مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ ۔ ذُكِرَ اسْمُ غَیْرِ اللّٰهِ مِنْ اَسْمَاءِ الْاَوْثَانِ الَّتِیْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَهَا وَكَذَا الْمَسِيْحُ وَكُلُّ اِسْمٍ سِوَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ۔ | اور ابن زید نے فرمایا جو نصب پر ذبح کیا جائے دونوں ایک ہی چیز ہیں اور وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ کا معنیٰ یہ ہے کہ جو اللہ کے نام کے بغیر ان بتوں کا نام لے کر ذبح کیا جائے جن کی وہ لوگ عبادت کرتے تھے ایسے مسیح علیہ السلام کا نام یا جو بھی اللہ تعالیٰ کے سوا نام لے کر ذبح کیا جائے حرام ہے۔ |

(عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری ص۱۲۴ جلد ۲۱ مطبوعہ بیروت)

## ㉚ تفسیر مواہب الرحمٰن

علامہ سید امیر علی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ :۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ ۔ اور جس چیز کے ساتھ غیر اللہ کا نام پکارا جائے، یعنی سوائے اللہ تعالیٰ کے غیر کے لیے ذبح کیا گیا اور نام پکارا، اس واسطے فرمایا کہ بت پرست بتوں کے نام سے پکارتے اور ذبح کرنے کے وقت بتوں کا نام لیتے۔ (تفسیر مواہب الرحمٰن، سورۃ البقرہ)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ غیر خدا کے واسطے اس کا اہلال کیا گیا ہو، یعنی غیر خدا کے نام پر ذبح کیا گیا ہو۔ (تفسیر مواہب الرحمٰن ص۲۶۲)

**(۳۱) تفسیر فتح البیان** | غیر مقلدین وہابی حضرات کے مجتہد نواب صدیق حسن بھوپالی اپنی عربی تفسیر فتح البیان میں تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ:۔

| | |
|---|---|
| وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ يَعْنِيْ مَا ذُبِحَ لِلْاَصْنَامِ وَالطَّوَاغِيْتِ وَصَحِيْحٌ فِي الذَّبْحِ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ | وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی جو اصنام اور طاغوتوں کے لئے ذبح کیا جائے اور درست یہ ہے غیر اللہ کے لیے ذبح کرنا۔ |

(تفسیر فتح البیان عربی، جلد ا ص۲۲۲)

ماسٹر صاحب کے فرقہ کے اکابر کے نزدیک نہایت ہی معتبر شخصیت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے بھی اس آیت کا ترجمہ ان الفاظ میں کیا۔ چاروں مقامات پر جو ترجمہ کیا ہے وہ پڑھیئے:۔

**(۳۲) شاہ ولی اللہ دہلوی** | (۱) وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ آنچہ آواز بلند کردہ شود در ذبح بغیر خدا۔ (پ۲)

(۲) وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ آنچہ نام غیر خدا بوقت ذبح او یاد کردہ شود (پ۶)

(۳) اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ برائے غیر خدا آواز بلند کردہ شد وقت ذبح او۔ (پ۸)

(۴) وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ وآنچہ ذکر کردہ بنا غیر خدا بر ذبح وے۔ (پ۱۴)

**(۳۳) مصفّٰی** | شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے موطا امام مالک کی شرح مصفّٰی میں بھی اس آیۃ شریفہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے:۔

| | |
|---|---|
| وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ اَیْ ذُكِرَ اِسْمُ غَيْرِ اللّٰهِ عِنْدَ ذِبْحِهٖ۔ | وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ یعنی ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لینا۔ |

(مصفّٰی شرح موطا جلد ۲ ص۲۳ مطبوعہ )

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ جن کو غیر مقلدین وہابی حضرات کے سردار



مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری اہلحدیث حضرات کا استاذ اعلیٰ قرار دیا ہے، اس آیہ شریفہ کا فارسی ترجمہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى، حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ | حرام کردہ شد بر شما خود مردہ و خون مسفوح و گوشت خوک آنچہ آواز بلند کردہ شد بنام غیر خدا تعالیٰ بر ذبح او۔ |

(مصفّٰی شرح موطا جلد ۲ ص۲۶۲)

وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ کے ترجمہ میں "آنچہ آواز بلند کردہ شد بنام غیر خدا تعالیٰ بر ذبح او" یعنی وہ جانور جس پر ذبح کے وقت غیر خدا تعالیٰ کے نام سے آواز بلند کی جائے، تحریر فرما کر اہلسنت کی تفسیر کو درست قرار دیا ہے۔

ناظرینِ کرام! شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے ترجمہ کے بعد اب اس ترجمہ اور تفسیر کا حوالہ درج کیا جاتا ہے، جس کے متعلق مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے اُستاد مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی نے "تاریخ اہلحدیث" کے ص۴۱۹ پر تحریر فرمایا ہے:۔

"(شاہ عبد القادر دہلوی) اپنے زمانہ کے جملہ اہل کمال کے حلقہ میں ایسے ممتاز تھے جیسے جھلملاتے تاروں کے حلقہ میں پوری روشنی کا چاند۔ قرآن مجید کے با محاورہ اُردو ترجمہ اور تفسیر مُوضح القرآن کے علاوہ آپ کی کوئی اور تصنیف دستیاب نہیں ہوئی۔ ترجمے اور حواشی میں اختصار، سلاستِ زبان اور جامعیت ایسی ہے کہ عربی اور اردو زبان کے محاورات جاننے والے عش عش کر اُٹھتے ہیں۔ کسی بزرگ نے سچ کہا ہے کہ اگر قرآن مجید اُردو زبان میں نازل ہوتا تو ان محاورات کے لباس سے آراستہ ہوتا جس کی رعایت شاہ عبد القادر نے برتی ہے۔" (تاریخ اہلحدیث ص۴۱۹)

اہلحدیث حضرات کی معتبر شخصیت نواب صدیق حسن بھوپالی نے بھی تفسیر مُوضح القرآن کو نافع تر است لکھا ہے۔ (المقالۃ الفصیحہ ص۱۱)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**⑭ مُوضِحُ القرآن** وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ "اور وہ جانور حرام ہے تم پر جو آواز اٹھاویں یعنی کہیں اس کو ذبح کرنے کے وقت نام سوائے خدا تعالٰے کے"۔

وَمَآ اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِهٖ "اور حرام ہے جو جانور کہ آواز کی گئی ہے وقت ذبح کرنے اس کے واسطے سوائے خدا کے اوپر بُتوں کے ذبح کرتے ہیں"۔

اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِهٖ "یا تو ذبح کیا گیا ہوا ز روئے فسق کے کہ آواز کی گئی ہو وقت ذبح اس کے واسطے سوائے اللہ کے یعنی واسطے بُتوں کے ذبح کیا گیا ہو"۔

وَمَآ اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِهٖ "اور وہ جانور جس پر آواز نکالی جاوے سوائے خدا کے اُس کے ذبح کرنے کے وقت یعنی بُتوں کے نام جو ذبح کریں"۔

قارئینِ کرام! جس تفسیر کی تعریف مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے استاذ میر سیالکوٹی فرمائیں، وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ کی تفسیر پڑھ کر اب تو اُن کو اپنے باطل عقیدہ، فاسد نظریہ سے تائب ہو جانا چاہیئے، اور اہلِ سنّت وجماعت مسلک کی حقانیت کو تسلیم کر لینا چاہیئے۔

**⑮ تفسیرِ قادری** وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ "اور حرام کی وہ چیز جس پر ذبح کے وقت آواز بلند کریں لِغَیْرِ اللّٰہِ واسطے غیرِ خدا کے بُتوں کے نام پر"۔ (تفسیرِ قادری ص۴۲ جلد اوّل)

وَمَآ اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِهٖ "اور جو پکارا گیا ہو یعنی نام لیا ہو غیرِ خدا کا اُسے ذبح کرتے وقت، اس سے کفّار کا ذبیحہ مراد ہے کہ لات و عُزّٰی وغیرہ کے نام پر ذبح کرتے تھے"۔ (تفسیرِ قادری ص۲۱۱ جلد اوّل)

اُهِلَّ "پکارا گیا ہے لِغَیْرِ اللّٰہِ بِهٖ واسطے غیرِ خدا کے اس کی گردن مارتے وقت، یعنی جس جانور کو غیرِ خدا کے نام پر قتل کیا ہو"۔ (تفسیرِ قادری ص۲۹۱ جلد اوّل)

وَمَآ اُهِلَّ "اور وہ چیز کہ آواز نکالی جائے لِغَیْرِ اللّٰہِ غیرِ خدا کے واسطے بِهٖ ساتھ اس کے ذبح کرتے وقت، یعنی جس جانور کو بُتوں کے نام پر قتل کریں"۔ (تفسیرِ قادری ص۵۴۴ جلد اوّل)



**⑯ تفسیرِ نعمانی** وَمَآ اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِهٖ "اور وہ چیز جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا جاوے"۔ (تفسیرِ نعمانی ص۱۱۴ پ۲)

اب اہلحدیث مسلک کی مقتدر شخصیت (جس نے صحاحِ ستہ کی تمام کتب کا ترجمہ بھی کیا ہے اور قرآنِ مجید کا ترجمہ بھی کیا ہے) مولوی وحید الزماں صاحب نے جو وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ کی تفسیر کی ہے پیش کی جاتی ہے:۔

**⑰ مولوی وحید الزّمان** تحریر فرماتے ہیں کہ:۔

وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ مَخْصُوْصٌ بِالْحَیْوَانِ ثُمَّ اخْتَلَفُوْا فَقَالَ الْبَعْضُ اَلْمُرَادُ بِهٖ مَا نُوْدِیَ عَلَیْهِ بِاسْمِ غَیْرِ اللّٰہِ عِنْدَ ذِبْحِهٖ فَلَوْ ذُکِرَ عَلٰی حَیْوَانٍ اِسْمُ غَیْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی کَمَا یُقَالُ بَقَرَۃُ السَّیِّدِ اَحْمَدَ الْکَبِیْرِ اَوْ تَیْسُ الشَّیْخِ صَدْرِ الدِّیْنِ اَوْ دِیْکُ اَوْجَا الْاَشَاہِ ثُمَّ ذُبِحَ عَلٰی اِسْمِ اللّٰہِ فَھُوَ حَلَالٌ۔

وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ مخصوص حیوان کے ساتھ ہے، پھر اس میں اختلاف ہوا اور بعض حضرات نے کہا اس سے مراد ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام اس پر پکارنا ہے، پس اگر حیوان پر غیر اللہ کا نام ذکر کیا جائے جیسے کہا جاتا ہے کہ سیّد احمد کبیر کی گائے یا...... شیخ صدر الدین کا مُرغ یا... پھر اللہ کے نام پر ذبح کیا جائے پس وہ حلال ہے۔

(ہدیۃ المہدی ص۳۹)

مولوی وحید الزماں کی اِس تحریر سے دُنیائے وہابیت کو عبرت ہونی چاہیئے کہ اہلِ سُنّت وجماعت کا مسلک درست ہے، اور ہمارے علمائے کرام غلطی پر نہیں۔ اور ہدیۃ المہدی وہ کتاب ہے جس کے سرورق پر یہ تحریر درج ہے:۔

مشتمل بر عقائد اہلحدیث

ماسٹر فضل الرحمٰن صاحب میں اگر ہمت ہے تو اپنی پوزیشن واضح کریں کہ وہ اہلحدیث

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ہیں یا کہ مولوی وحید الزمان صاحب؟ وہ قرآن و حدیث کو صحیح سمجھتے ہیں یا کہ وحید الزمان؟ جو کہ مترجم قرآن مجید ہیں اور صحاح ستہ بھی! ؏

ادھر آ پیارے ہنر آزمائیں

مولوی وحید الزمان صاحب کے بعد اب اہلحدیث حضرات کے نواب اور مفسر بلکہ مجدد نواب صدیق حسن بھوپالی کی تفسیر "ترجمان القرآن" کی عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

## ۲۸ تفسیر ترجمان القرآن

(سورۃ المائدہ) وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ۔ اور جو خدا کے سوا کسی کے نام پر ذبح کیا۔

(تفسیر ترجمان القرآن صفحہ ۸۱۴)

اہلال بغیر اللہ کا مطلب یہ ہے کہ ذبح کرتے وقت نام غیر اللہ کا لیا وہ حرام ہے۔

## ۲۹ تفسیر تدبر القرآن

مولوی امین احسن اصلاحی فرماتے ہیں کہ۔

وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ــ کسی چیز کو غیر اللہ کے نام سے ذبح کرنا۔ (تفسیر تدبر القرآن ۔ ۔ ۔)

قارئین کرام! اہلسنت وجماعت، دیوبندی، غیر مقلد اہلحدیث اور جماعت اسلامی کے نزدیک جو مسلمہ اور مستند مفسرین ہیں اُن کی کتب تفاسیر کے حوالہ جات کی روشنی میں تفصیلاً اس مسئلہ کی وضاحت درج کی گئی ہے۔ تمام متفقہ تفاسیر نے لکھ دیا کہ وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے معنی یہی ہیں کہ ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام پکارا جائے تو حرام ہے۔ اور کفار ذبح کے وقت لات، منات، عزّٰی اپنے معبودانِ باطلہ کا نام لے کر ذبح کرتے تھے۔

مستند اکابر مفسرین کی تفاسیر سے یہ بھی اظہر من الشمس ہے کہ مولوی فضل الرحمٰن صاحب اور اُن کے ہم عقیدہ حضرات قرآن مجید کی تفسیر میں تحریف کرتے ہیں اور ان کا عقیدہ اسلاف کے خلاف ہے۔

اب بھی مولوی فضل الرحمٰن صاحب اور اُن کے ساتھیوں کی تسکینِ قلبی نہ ہو تو پھر مدِ نظر رکھیے، خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰى



اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۘ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

اہلسنت وجماعت کے رئیس المناظرین علامہ محمد عمر اچھروی علیہ الرحمۃ نے اپنی شہرۂ آفاق تصنیف "مقیاسِ حنفیت" میں اس مسئلہ کو عام فہم انداز میں اس طرح بیان فرمایا۔

## علامہ محمد عمر اچھروی علیہ الرحمۃ کا بیان

تمام امتِ محمدیہ کا یہ اجماعی مسئلہ ہے کہ ذبح کے وقت اگر غیر اللہ کا نام پکارا جائے تو حرام ہے، نہ کہ جو مولوی فضل الرحمٰن صاحب اور اُن کے ہم عقیدہ دیوبندی اور غیر مقلدین وہابیوں نے سمجھ لیا ہے، کہ جس پر غیر اللہ کا نام لیا جاوے ذبح کی شرط نہیں یہ غلط ہے۔ کیونکہ کلام کا سیاق و سباق جاندار اور عند الذبح پر ہی دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ آیت کا ما قبل میتہ، دم، لحم خنزیر حیوانات سے تعلق رکھتے ہیں، اس واسطے مَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ بھی حیوانات پر ہی منطبق ہو سکتا ہے۔ حیوانات جب تک زندہ ہیں تب تک تو ان کا کھانا ہی حرام ہے، کیونکہ اُن کو کاٹ کر تو کھا ہی نہیں سکتے، ان کو بعد از ذبح باسم اللہ تعالیٰ تو اللہ نے کھانا حلال کیا ہے۔ قبل از ذبح کسی کا نام اس پر پکارنا اس کا کیا بگاڑ سکتا ہے؟ اگر خدا کا نام قبل از ذبح مؤثر ہے تو بھلا بکرے کو کہہ دیا کہ خدا کے واسطے لیا ہے۔ پھر اُس کی بغیر ذبح کیے ٹانگ کاٹ کر کھالی، دم کھالی، حالانکہ پھر بھی کھانا حرام ہی ہے۔ جب تک خدا کا نام لے کر ذبح نہ کیا جاوے اس کا کھانا حرام ہی رہے گا۔

اگر زندہ پر غیر کا نام پکار لے سے حرام ہو جاتا ہے تو عقیقہ کا بکرا، ولیمہ کا جانور بھی حرام ہونا چاہیے کیونکہ وہ بھی خدا کے واسطے نہیں خریدا جاتا بلکہ غیر اللہ کے نام سے ہی خریدا جاتا ہے، تو ان پر بھی غیر کا نام پکارا گیا ہے۔ جو آپ کے عقیدہ کے مطابق قصاب سے گوشت مول لینا بھی حرام ہو جائے گا، کیونکہ قصاب نے اللہ کے واسطے نہ خریدا ہے نہ اللہ کے واسطے دیتا ہے، کیونکہ غیر اللہ کا نام لے کر یعنی فروخت کرنے کے واسطے ہی خریدا، فروخت کرنے کے واسطے ذبح کیا، بعد میں پیسوں ہی سے فروخت کیا۔ وہ تو آپ کے نزدیک مَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ میں ٹھیک داخل ہو گیا۔ کیا پھر قصاب سے حرام لے کر کھاتے ہو، خدارا سوچو اقرآن کریم کو ایسے نہ بگاڑو جس سے مسلمانوں میں تفرقہ پیدا ہوا اور خدا کے حلال کردہ کو حرام کہہ کر اسلام میں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



رخنہ اندازی کر رہے ہو۔

اب نذر کا مسئلہ بھی بالاختصار پیش کرنا ضروری ہے، ملاحظہ فرمائیں۔

## نذر ماننے کا قرآن وسنت سے ثبوت

نذر اور منت کو پورا کرنے کا ثبوت قرآن وسنت کی روشنی میں پیش کیا جاتا ہے،

قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی شان بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے:۔

يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا۔ (پ۲۹، ع۱۹)

اپنی منتیں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی پھیلی ہوئی ہے۔

اللہ تعالیٰ دوسرے مقام پر ارشاد فرماتا ہے:۔

ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ۔ (پ۱۷، ع۱۱)

پھر اپنا میل کچیل اتاریں اور اپنی منتیں پوری کریں اور اس آزاد گھر کا طواف کریں۔

---

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ۔ (پ۳، ع۵)

اور تم جو خرچ کرو یا منت مانو اللہ کو اس کی خبر ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

قارئین کرام! ان آیاتِ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنی نذروں کو پورا کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ اور اب حدیث شریف سے نذروں کو پورا کرنے کا ثبوت پیش خدمت ہے۔

**احادیث شریفہ** | امام الانبیاء والمرسلین حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:۔

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلنَّذْرُ نَذْرَانِ فَمَا كَانَ مِنْ نَذْرٍ فِيْ طَاعَةِ اللّٰهِ

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے نذر کی دو قسمیں ہیں پس جو نذر اللہ تعالیٰ کی طاعت میں ہو تو یہ



فَذٰلِكَ لِلّٰهِ وَفِيْهِ الْوَفَاءُ وَمَا كَانَ مِنْ نَذْرٍ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ فَذٰلِكَ لِلشَّيْطٰنِ وَلَا وَفَاءَ فِيْهِ وَيُكَفِّرُهُ الْيَمِيْنَ۔

(نسائی شریف ج۲ صفحہ ۱۴۲، کنز العمال ج۸ صفحہ ۳۴۱)

اللہ کے واسطے ہے اور اس کو پورا کرنا ہے اور جو نذر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں ہو یہ شیطان کے واسطے ہے اس کو پورا کرنا نہیں، اور نذر ماننے والا کفارہ ادا کرے گا جو قسم کا کفارہ دیا جاتا ہے۔

**ناظرینِ کرام!** سرورِ عالم، نورِ مجسم، شفیع معظم، خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بھی نذر کی دو قسمیں ارشاد فرمائیں۔ ایک فی طاعۃ اللہ، دوسری فی معصیۃ اللہ۔ جو نذر طاعۃ اللہ میں ہے اس کو پورا کرنے کا حکم فرمایا، اور جو نذر معصیۃ اللہ میں ہے اس کو پورا نہ کرنے کا حکم ہے۔ اب خود غور کریں کہ قرآن مجید، درود شریف، کھانے کے ثواب کا نذرانہ اولیاء اللہ کی ارواح کو پیش کرنا یہ طاعۃ اللہ ہے یا کہ معصیۃ اللہ؟ ہر مسلمان یہی کہے گا کہ طاعۃ اللہ ہے۔ اہلسنت وجماعت کا یہی عقیدہ اور نظریہ ہے، اس میں معصیت اور حرام اور ناجائز کون سی بات ہے؟

**حدیث شریف نمبر ۲** | سید المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ:۔

اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَذْرٍ كَانَ عَلٰى اُمِّهٖ تُوُفِّيَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِيَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْضِهٖ عَنْهَا۔

سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے نذر کے متعلق فتویٰ پوچھا جو ان کی ماں پر لازم تھی اور وہ نذر کو پورا کرنے سے پہلے ہی فوت ہو چکی تھیں، تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ماں کی طرف سے نذر کو پورا کرو۔

(صحیح بخاری شریف صفحہ ۳۸۱ ج۱، صحیح مسلم شریف صفحہ ۴۴ ج۲، ترمذی شریف صفحہ ۱۸۶ ج۱، مشکوٰۃ شریف صفحہ ۲۹۶، اشعۃ اللمعات فارسی صفحہ ۲۱۸ ج۳، مرقاۃ شریف صفحہ ۳۸ ج۷، مظاہر حق صفحہ ۲۱۳ ج۳، ابوداؤد شریف ج۲ صفحہ ۹۹، عون المعبود صفحہ ۲۳۴ ج۳)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**حدیث شریف نمبر ۳**

اِنَّ اِمْرَاَۃً اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ نَذَرْتُ اَنْ اَضْرِبَ عَلٰی رَاْسِکَ بِالدُّفِّ قَالَ اَوْفِیْ بِنَذْرِکِ قَالَتْ اِنِّیْ نَذَرْتُ اَنْ اَذْبَحَ بِمَکَانِ کَذَا وَکَذَا مَکَانٌ یَذْبَحُ فِیْہِ اَھْلُ الْجَاھِلِیَّۃِ قَالَ بِصَنَمٍ قَالَتْ لَا قَالَ لِوَثَنٍ قَالَتْ لَا قَالَ اَوْفِیْ بِنَذْرِکِ۔

تحقیق ایک عورت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ میں نے نذر مانی ہے کہ میں آپ کے سامنے دف بجاؤں گی تو آپ نے ارشاد فرمایا اپنی نذر پوری کر لو۔ عورت نے عرض کیا کہ میں نے نذر مانی ہے کہ میں فلاں فلاں جگہ قربانی کروں گی اور وہ جاہلیت کا مذبح ہے، آپ نے فرمایا بُت کے واسطے؟ عرض کیا نہیں، فرمایا وثن کے واسطے؟ عرض کیا نہیں، فرمایا اپنی نذر کو پوری کر۔

(ابوداؤد شریف ج ۲ ص ۱۱۹، عون المعبود ج ۳ ص ۲۳۲، مشکوٰۃ شریف ص ۲۹۸، اشعۃ اللمعات فارسی ج ۳ ص ۲۱۹، مرقاۃ شریف ج ۷ ص ۱۷، مظاہر حق ج ۳ ص ۲۴۴)

حدیث شریف کو بار بار پڑھیے اور اہلسنت وجماعت کے مسلک کی صداقت اور حقانیت کا اقرار کیجئے۔ صحابیہ نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے نذر مانی تھی کہ آپ کے سامنے دف بجاؤں گی پھر دوسری نذر کہ فلاں مقام پر قربانی کروں گی، تو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صنم اور وثن کے متعلق پوچھ کر وضاحت فرمادی کہ اگر کہیں کوئی بت ہو تو اس بت کے تھان ذبح کرنا ممنوع ہے اگر بت نہیں تو جگہ معین پر ذبح کرنے کی بھی نذر جائز ہے۔

اب صنم اور وثن کی بھی وضاحت کردی جاتی ہے تاکہ کوئی دین کا ڈاکو سادہ لوح مسلمانوں کے ذہنوں کو خراب کرنے کی کوشش نہ کرے۔

**صنم اور وثن میں فرق**

سید المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ:

"صنم اس کو کہتے ہیں جو جواہر معدنیہ سے ڈھال کر بنایا جاتا ہے اور



وثن اس کو کہتے ہیں جو پتھر اور لکڑی سے بنایا گیا ہو۔"

(المصباح المنیر جلد ۱ صفحہ ۲۸۲)

**حدیث شریف نمبر ۴**

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ:

نَذَرَ رَجُلٌ عَلٰی عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَنْحَرَ اِبِلًا بِبُوَانَۃَ فَاَتٰی رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَلْ کَانَ فِیْھَا وَثَنٌ مِّنْ اَوْثَانِ الْجَاھِلِیَّۃِ یُعْبَدُ قَالُوْا لَا قَالَ فَھَلْ کَانَ فِیْھَا عِیْدٌ مِّنْ اَعْیَادِھِمْ قَالُوْا لَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوْفِ بِنَذْرِکَ۔

ایک صحابی نے مقام بوانہ پر ایک اونٹ ذبح کرنے کی نذر مانی تھی تو اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر واقعہ عرض کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا وہاں مشرکوں کے بتوں میں سے کوئی بت ہے جس کی پوجا کی جاتی ہے؟ عرض کیا نہیں پھر فرمایا وہاں کافروں مشرکوں کا کوئی میلا لگتا ہے؟ تو عرض کیا نہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی نذر پوری کرو۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۲۹۸، ابوداؤد شریف ص ۱۱۹، اشعۃ اللمعات فارسی ج ۳ ص ۲۱۹، مرقاۃ شریف ج ۷ ص ۱۷، مظاہر حق ج ۳ ص ۲۴۴)

**ناظرین کرام!** حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ نذر ماننا جائز ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ کسی ولی، بزرگ کے کسی مخصوص مکان یا خانقاہ، درگاہ یا آستانہ پر جا کر اسے ادا کرے، کیونکہ وہاں نہ کوئی بت ہوتا ہے جس کی پوجا ہوتی ہو اور نہ کافروں کا وہاں کوئی میلہ ہوتا ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ صحابیٔ رسول کی سنت ہے، اور یہ بھی ثابت ہوا کہ رسولِ کریم رؤف ورحیم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے نذر کو پورا کرنے کا حکم فرمایا۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**حدیث شریف نمبر ۵** | علامہ بدرالدین عینی علیہ الرحمۃ شارح بخاری نے عمدۃ القاری میں بھی ایک حدیث درج فرمائی ہے ۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ نَذَرْتُ اِنْ فَتَحَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ عَلَیْكَ بِمَكَّۃَ اَنْ اٰتِیَ الْبَیْتَ فَاُقَبِّلَ اَسْفَلَ الْاَسْكُفَۃِ فَقَالَ قَبِّلْ قَدَمَیْ اُمِّكَ وَقَدْ وَفَیْتَ نَذْرَكَ ۔ | بیشک ایک آدمی نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آیا اُس نے عرض کی میں نے نذر مانی ہے اگر اللہ تعالیٰ نے آپ کو مکہ مکرمہ کی فتح دی تو میں بیت اللہ کے پاس جاؤں گا اور اس کی چوکھٹ کو بوسہ دوں گا ، نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنی والدہ کے دونوں پاؤں کو بوسہ دو تمہاری نذر پوری ہو جائے گی ۔ |

(عمدۃ القاری صفحہ ۸۲ جلد ۲۲ مطبوعہ مصر)

اس روایت سے بھی معلوم ہوا کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان نذر مانا کرتے تھے ، اور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان کو نذر پوری کرنے کی اجازت فرماتے تھے ۔ مطلقاً نذر کو حرام کہنے والے ذرا اپنے عقیدے پر غور فرمائیں ۔ نیز ثابت ہوا کہ بزرگوں کے پاؤں کو بوسہ دینا جائز ہے اور یہ سجدہ نہیں ہے ۔

آخر میں دیوبندی اور غیر مقلدین اہلحدیث وہابی حضرات کے مجدد مولوی اسمٰعیل صاحب قتیل کی ایک عبارت پیشِ خدمت ہے ۔ اگر وہابی دیوبندی علماء اس کو بار بار پڑھیں تو کبھی سُنیوں پر حرام کھانے اور کفر کا فتویٰ نہ دیں ، عبارت ملاحظہ ہو ۔

**مولوی اسمٰعیل قتیل کا ارشاد** | پس ہر عبادتیکہ از مسلمان ادا شود و ثوابِ آں بروح کسے از گذشتگاں برساند و طریق رسانیدن آں دُعا خیر بجناب الٰہیت پس ایں خود البتہ بہتر و مستحسن است و در خوبی ایں قدر امر از امور مرسومہ فاتحہا و اعراس و نذر و نیاز اموات شک و شبہ نیست ۔"

(ترجمہ) پس ہر وہ عبادت جو مسلمان ادا کرے اور اس کا ثواب کسی گذرے ہوئے



کی روح کو پہنچائے اور اس کے لیے اللہ کی بارگاہ میں دُعا کرے تو یہ بہت ہی بہتر اور خوب ہے ۔ اور رسوم میں فاتحہ پڑھنے ، عرس کرنے ، مُردوں کی نذر و نیاز کرنے کی رسموں کی خوبی میں شک و شبہ نہیں ہے ۔ (صراطِ مستقیم فارسی ص ۵۵)

مولوی فضل الرحمٰن صاحب اگر سمجھیں تو مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی کی یہ عبارت ہی اُن کے سارے رسالہ کا جواب ہے ۔

**ناظرین حضرات !** اب مسئلہ گیارہویں شریف کے ہر پہلو پر بالترتیب مستند محدثین ، مفسرین ، محققین اور متفقہ اسلاف کی کتب کے حوالہ جات کی روشنی میں بالاختصار ثبوت درج کیا جاتا ہے ۔ (وما توفیقی اِلّا باللہ)

# گیارہویں شریف کا ثبوت

گیارہویں شریف دراصل سرکار سیدنا غوثِ اعظم ، غوث الورٰی ، محبوبِ سبحانی ، قطبِ ربانی ، شہبازِ لامکانی ، قندیلِ نورانی ، شیخ سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رُوحِ پُرفتوح کو ایصالِ ثواب کرنا ہے ، ایصالِ ثواب کا ثبوت قرآن و سنت میں موجود ہے ۔

**قرآن حکیم** | اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے :۔

| | |
|---|---|
| وَالَّذِیْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ ۔ | اور وہ لوگ جو ان کے بعد آئے عرض کرتے ہیں کہ اے رب ہمارے ہمیں بخش دے اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے ۔ |

(پ ۲۸ ، ع ۴ ، سورۃ الحشر)

| | |
|---|---|
| اَلَّذِیْنَ یَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَیُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَیَسْتَغْفِرُوْنَ | اور وہ فرشتے جو عرش اٹھاتے ہیں اور جو اس کے ارد گرد ہیں اپنے رب کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بولتے اور |

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ ۔
(پ۲۴، ع ۷ سورۂ مومن)

اس پر ایمان لاتے ہیں اور مسلمانوں کے لیے دعائے مغفرت مانگتے ہیں اے ہمارے رب تیری رحمت اور علم میں ہر چیز سمائی ہے تو انہیں بخشدے جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ چلے۔

آیاتِ قرآنی کے بعد اب چند ایک احادیث شریفہ پیشِ خدمت ہیں، جن میں ایصالِ ثواب کا ثبوت اور اس کا فائدہ درج ہے، ملاحظہ ہو۔

**احادیث شریفہ** | سیدنا حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے میں نے عرض کیا کہ ہم اپنے مُردوں کے لیے دُعائیں اور اُن کی طرف سے صدقات وخیرات اور حج کرتے ہیں، کیا یہ چیزیں اُن کو پہنچتی ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّهٗ يَصِلُ اِلَيْهِمْ وَيَفْرَحُوْنَ بِهٖ كَمَا يَفْرَحُ اَحَدُكُمْ بِالْهَدِيَّةِ
(مسند امام احمد)

بیشک یہ چیزیں اُن کو پہنچتی ہیں اور وہ اُن سے خوش ہوتے ہیں جیسے کہ تم ایک دُوسرے کے ہدیہ سے خوش ہوتے ہو۔

**حدیث شریف نمبر ۲** | ام المؤمنین، مخدومۃ المسلمین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! میری والدہ فوت ہوگئی ہے اور انہوں نے بوقتِ انتقال کوئی وصیت نہیں فرمائی۔

فَهَلْ لَهَا اَجْرٌ اِنْ تَصَدَّقْتُ قَالَ نَعَمْ۔

پس اگر میں صدقہ اور خیرات کروں تو کیا اُن کو ثواب پہنچے گا؟ آپ نے فرمایا ہاں۔

(مسلم شریف، ج ۱ ص ۱۱ ، بخاری شریف، ج ۱ ص ۳۸۶/۱۹۲، ابوداؤد شریف ص ۹/۴۶)

**حدیث شریف نمبر ۳** | سیدنا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص نے امام الانبیاء حضور سیدِ دوعالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا یا رسول اللہ! صلی اللہ علیک وسلم



میری والدہ فوت ہوگئی ہے۔

اَيَنْفَعُهَا اِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ لِيْ مِخْرَفًا فَاُشْهِدُكَ اَنِّيْ قَدْ تَصَدَّقْتُ بِهٖ عَنْهَا ۔
{ جامع ترمذی جلد ا ص ۸۵ کتاب الزکوٰۃ }

اگر میں اُس کی طرف سے صدقہ کروں تو کیا اُس کو نفع پہنچے گا، آپ نے فرمایا ہاں پہنچے گا، اُس نے کہا میرا ایک باغ ہے اور میں آپ کو گواہ بناکر کہتا ہوں کہ میں نے اس باغ کو اس کی طرف سے صدقہ کر دیا۔ (ابوداؤد ص ۹ جلد ۲)

**حدیث شریف نمبر ۴** | سیدنا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔

اِذَا تَصَدَّقَ اَحَدُكُمْ بِصَدَقَةٍ تَطَوُّعًا فَيَجْعَلُهَا عَنْ اَبَوَيْهِ فَيَكُوْنُ لَهُمَا اَجْرُهُمَا وَلَا يَنْتَقِصُ مِنْ اَجْرِهٖ شَيْئًا ۔

جب تم میں سے کوئی نفل صدقہ کرے تو چاہیئے کہ اپنے والدین کو ثواب پہنچائے پس اس صدقہ کا ثواب ان دونوں کیلئے بھی پورا ہوگا اور صدقہ کرنے والے کے ثواب میں بھی کوئی کمی نہ ہوگی۔

(شرح الصدور ص ۱۲۹ مطبوعہ مصر)

**حدیث شریف نمبر ۵** | سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَرْفَعُ الدَّرَجَةَ لِلْعَبْدِ الصَّالِحِ فِي الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ اَنّٰى لِيْ هٰذِهٖ فَيَقُوْلُ بِاسْتِغْفَارِ وَلَدِكَ لَكَ ۔

اللہ تعالیٰ جنت میں اپنے صالح بندے کا درجہ بلند فرماتا ہے تو وہ بندہ عرض کرتا ہے کہ اے پروردگار مجھ کو یہ درجہ کیونکر ملا ہے تو اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ تیرے بیٹے کی تیرے لیے دعائے مغفرت کی بدولت۔

---

(مشکوٰۃ شریف ص ۲۰۶، اشعۃ اللمعات فارسی ج ۲ ص ۲۲۸/۲۶، مرقاۃ شریف ج ۵ ص ۱۴۵، مسند امام احمد، الادب المفرد ص ۹)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**حدیث شریف نمبر ۶** سیدنا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا :-

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی لَیُدْخِلُ عَلٰی اَھْلِ الْقُبُوْرِ مِنْ دُعَآءِ اَھْلِ الْاَرْضِ اَمْثَالَ الْجِبَالِ اِنَّ ھَدِیَّۃَ الْاَحْیَآءِ لِلْاَمْوَاتِ الْاِسْتِغْفَارُ لَھُمْ۔ | بیشک اللہ تعالٰی قبروالوں کو دنیاوالوں کی دعا کا اتنا بڑا ثواب پہنچاتا ہے جیسے پہاڑ اور زندوں کی طرف سے مُردوں کے لیے بہترین ہدیہ دعاءِ مغفرت ہے ۔ |

(مشکوٰۃ شریف ص۲۰۶، اشعۃ اللمعات، فارسی، ج ۱ ص۷۲۸، مرقاۃ شریف ج ۵ ص۱۲۵)

قرآن وحدیث کی روشنی میں ایصالِ ثواب کا ثبوت آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ ایصالِ ثواب حضور سرورِ عالم، نورِ مجسّم صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم اور صحابۂ کرام علیہم الرضوان بھی فرمایا کرتے تھے، اور یہ فرماتے تھے کہ یہ اُمّتِ محمدیہ کے لیے ہے، یہ فلاں کی والدہ کے لیے ہے، یعنی اس کا ثواب انہیں پہنچے ۔

تو اہلِ سنت وجماعت حضرات بھی گیارہویں شریف کے ختم شریف میں یہی کہتے ہیں کہ یہ شہنشاہِ بغداد، غوثِ اعظم سیدنا عبدالقادر جیلانی کے لیے ہے، یعنی اس کا ثواب اُن کو پہنچے۔ اب بھی اگر کوئی وہابی، دیوبندی ضد کرے تو یہ اُس کی ہٹ دھرمی اور کینگی ہے ۔

**سوال** بعض کم علم وہابی اور دیوبندی سادہ لوح مسلمانوں کے ذہنوں کو خراب کرنے کے لیے علی الاعلان کہتے پھرتے ہیں کہ کیا شیخ عبدالقادر جیلانی خود گیارہویں دیتے تھے ؟

**جواب** شہنشاہِ بغداد، سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ ایصالِ ثواب کی تلقین و تعلیم فرمایا کرتے تھے، جیسا کہ "غنیۃ الطالبین" میں ہے :-

| | |
|---|---|
| یَقْرَءُ اِحْدٰی عَشَرَ مَرَّۃً قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ وَغَیْرَھَا مِنَ الْقُرْاٰنِ وَیُھْدِیْ ثَوَابَ ذٰلِکَ لِصَاحِبِ الْقَبْرِ | گیارہ مرتبہ قل ھو اللہ احد اور کچھ قرآنِ مجید میں سے پڑھ کر اُس کے ثواب کا ہدیہ صاحبِ قبر کو بھیجے ۔ |



(غنیۃ الطالبین ص۱۰۵ عربی)

**قارئین کرام!** مندرجہ بالا ارشادِ مبارک سے عیاں ہے کہ شہنشاہِ بغداد رضی اللہ تعالٰی عنہ خود بھی اس پر عمل پیرا تھے۔ گیارہویں شریف بھی تو ایصالِ ثواب کی محفل ہے، جیسا کہ ابتداءً درج کیا گیا ہے ۔

اب دیوبندی اور وہابی اکابر کی کتب سے بھی ایصالِ ثواب کے ثبوت پر چند ایک حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں۔ سب سے پہلے دیوبندی، اہلحدیث اور جماعتِ اسلامی کے مسلمہ بزرگ مولوی اسمٰعیل دہلوی قتیل کا ارشادِ گرامی پیش کیا جاتا ہے ۔

## دیوبندی اور غیر مقلدین وہابی اکابر سے ثبوت

**مولوی اسمٰعیل دہلوی** "پس ہر عبادتیکہ از مسلمان ادا شود و ثواب آں بروحِ کسے از گذشتگان برساند و طریق رسانیدنِ آں دعاءِ خیر بجنابِ الٰہی است پس ایں خود البتہ بہتر و مستحسن است و در خوبی ایں قدر امر از امورِ مرسومہ فاتحہا و اعراس و نذر و نیاز اموات شک و شبہ نیست"

(ترجمہ) پس ہر وہ عبادت جو مسلمان ادا کرے اور اس کا ثواب کسی گذرے ہوئے کی روح کو پہنچائے اور اُس کے لیے اللہ کی بارگاہ میں دعا کرے تو یہ بہت ہی بہتر اور خوب ہے اور رسوم میں فاتحہ پڑھنے، عرس کرنے، مُردوں کی نذر و نیاز کرنے کی رسموں کی خوبی میں شک و شبہ نہیں ہے ۔

(صراطِ مستقیم، فارسی ص۵۵ مطبوعہ دہلی)

مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی دوسرے مقام پر فرماتے ہیں :-

| | |
|---|---|
| نہ پندارند کہ نفع رسانیدن باموات باطعام و فاتحہ خوب نیست چہ ایں | کوئی یہ خیال نہ کرے کہ مُردوں کو طعام اور فاتحہ خوانی کے ساتھ نفع پہنچانا خوب نہیں ہے |

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



معنی بہتر و افضل است۔ کیونکہ یہ بات بہتر اور افضل ہے۔

"ہرگاہ ایصال نفع بمیت منظور دارد و موقوف بر طعام نگذارد اگر میسر باشد بہتر است والّا صرف ثواب سورۂ فاتحہ و اخلاص بہترین ثواب است"

(ترجمہ) یہ نہ سمجھ بیٹھیں کہ مُردوں کو کھانے اور فاتحہ خوانی کے ساتھ نفع پہنچانا اچھا نہیں ہے (یعنی اچھا ہے) جب میت کو نفع پہنچانا مقصود ہو تو کھانے ہی پر موقوف نہ کرنا چاہیئے اگر میسر ہو تو بہتر ہے ورنہ صرف سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص کا ثواب بہترین ثواب ہے۔ (صراطِ مستقیم فارسی ص۶۴)

مولوی فضل الرحمٰن صاحب کو چاہیئے کہ اپنے شیخ الاسلام اور نام نہاد شہید اسمٰعیل دہلوی کے اس فتویٰ کو بار بار پڑھیں، اور اگر واقعی وہ اس جماعت سے تعلق رکھتے ہیں جو حق پر قائم ہے، تو پھر حقانیت کا ثبوت دیتے ہوئے ذرا مولوی اسماعیل صاحب دہلوی پر بھی کفر اور شرک کا فتویٰ صادر فرمائیں۔ لیکن مولوی فضل الرحمٰن صاحب جس مسلک سے تعلق رکھتے ہیں اس مسلک کے علماء اور اُن کے بڑے بھائی دیوبندی حضرات کا شیوہ ہے کہ وہ اہلسنت وجماعت پر فتویٰ چسپاں کرنے کے لیے بہت دلیر نظر آتے ہیں مگر حق بیانی کے وقت........

## مولوی یُوسف پنجابی

رقمطراز ہیں کہ:-

"بے شک زندوں کی دُعا مُردوں کے لیے اور ان کا صدقہ دینا ان کے لیے درجات کی بلندی میں نافع ہے"۔ (العقیدۃ المحمدیہ ج ۲ ص۵۲)

## مولوی رشید احمد گنگوہی

جو کہ دیوبندی حضرات کے قطب الاقطاب ہیں، اہلحدیث[1] حضرات کے مولوی ثناء اللہ امرتسری کے نزدیک مجدد ہیں، اُن کا ارشادِ گرامی ملاحظہ ہو:-

"احادیث سے نفع پہنچنا محقق ہے اور جمہور صحابہ و ائمہ کا یہ مذہب ہے"۔ (تذکرۃ الرشید ص۲۰۶)

[1] اخبار اہلحدیث، امرتسر ص۱۱ ۲۸ جون ۱۹۱۲ء



## مولوی اشرف علی تھانوی

جو دیوبندی حضرات کے حکیم الامت ہیں اور اہلحدیث حضرات کے سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری کے نزدیک کفر و شرک کی تردید میں اُن کے ہمنوا[1] ہیں، فرماتے ہیں:-

ہر شخص کو اختیار ہے کہ اپنے عمل کا ثواب مُردہ کو یا زندہ کو دے دے جس طرح مُردہ کو ثواب پہنچتا ہے اسی طرح زندہ کو بھی پہنچتا ہے۔ (التذکیر حصہ سوم ص۹۵)

## مولوی قاسم نانوتوی

جو دیوبندی حضرات کے قاسم العلوم اور بانی مدرسہ دیوبند ہیں لکھتے ہیں:-

حضرت جُنید کے کسی مُرید کا رنگ یکایک متغیر ہو گیا، آپ نے سبب پوچھا تو بروئے مکاشفہ اُس نے یہ کہا کہ اپنی ماں کو دوزخ میں دیکھتا ہوں۔ حضرت جنید نے ایک لاکھ یا پچہتر ہزار بار کبھی کلمہ پڑھا تھا، یہ سمجھ کر کہ بعض روایتوں میں اس قدر کلمہ کے ثواب پر وعدۂ مغفرت ہے، اپنے جی ہی جی میں اُس مرید کی ماں کو بخش دیا اور اس کو اطلاع نہ دی، مگر بخشتے ہی کیا دیکھتے ہیں کہ وہ جوان ہشاش بشاش ہے۔ آپ نے پھر سبب پوچھا اُس نے عرض کیا کہ اپنی ماں کو جنّت میں دیکھتا ہوں۔ سو اس پر آپ نے فرمایا کہ اس جوان کے مکاشفہ کی صحت تو مجھ کو حدیث سے معلوم ہوئی اور حدیث کی تصحیح اس کے مکاشفہ سے ہو گئی۔ (تحذیر الناس ص۴۴ مطبوعہ دیوبند)

## نواب صدیق حسن بھوپالی

جو کہ اہلحدیث حضرات کے مجدد، حکیم الامت، شیخ الاسلام ہیں اور مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے استاذ مولوی ابراہیم صاحب میر نے جن کو شیخ شیوخنا لکھا ہے، ان کا ارشاد بھی ملاحظہ ہو جس سے پوری دُنیا سے غیر مقلدین وہابی حضرات کی ناک کٹ گئی ہے، وہ ارشاد یہ ہے:-

طاؤس نے کہا مُردے اپنی قبروں میں آزمائے جاتے ہیں سات دن تک، اس لیے سلف دوست رکھتے تھے کہ ان سات دنوں میں ان کی طرف سے کھانا کھلایا جائے۔ رواہ احمد فی الزہد ابو نعیم فی الحلیۃ۔ (بذل الجہات ص۲۹)

[1] اخبار اہلحدیث امرتسر ص۲ ۳۰ جولائی ۱۹۳۴ء

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**قارئین کرام!** نواب صاحب کی اس تحریر سے ساتویں کا بھی ثبوت واضح ہے۔ دیوبندی اور اہلحدیث وہابی اکابر کی کتب کی تحریروں کی روشنی میں معلوم ہوا کہ ایصالِ ثواب جائز بلکہ مستحسن امر ہے، نیز وہابیوں دیوبندیوں کے مشہور اعتراض کا جواب بھی اس میں موجود ہے، اور وہ سوال یہ ہے:۔

**سوال** | ایصالِ ثواب سے گنہگاروں کو فائدہ پہنچتا ہے، آپ حضرت عبدالقادر جیلانی کو کیوں ایصالِ ثواب کرتے ہیں، وہ تو ولی اللہ اور بزرگ تھے؟

**جواب** | گیارھویں شریف کے ختم شریف کی محفل میں اولیاء اللہ بالخصوص سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایصالِ ثواب کرنے کے ساتھ ساتھ جمیع اُمّتِ محمدیہ کو بھی ایصالِ ثواب کیا جاتا ہے جس میں گنہگار بھی اور صالحین بھی شامل ہیں، گنہگاروں کے گناہ معاف ہوتے ہیں، اور صالحین کو ایصالِ ثواب کرنے سے اُن کے درجات[1] بلند ہوتے ہیں، جیسا کہ العقیدۃ المحمدیہ کے ص۲۵ جلد ۲ کی عبارت سے ثابت ہے۔

مندرجہ بالا احادیثِ شریفہ سے اظہر من الشمس ہے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان ایصالِ ثواب کرتے تھے، اور سرورِ دو عالم نورِ مجسّم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اُن کو اجازت دی تھی۔ اور ایصالِ ثواب کے فوائد اور برکات بھی آپ نے ملاحظہ فرمائے۔

**ولی اللہ کے نام کی طرف نسبت** | گیارھویں شریف میں چیز کی نسبت پر بھی دیوبندی اور وہابیوں کو شدید اعتراض ہے

اب اس کا ثبوت بھی پیشِ خدمت ہے:۔

**احادیثِ شریفہ نمبر۱** | سیدنا حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ

[1] الادب المفرد للبخاری صفحہ ۹، مشکوٰۃ شریف صفحہ ۲۰۶ میں حدیث شریف بھی درج ہے کہ درجات بلند ہوتے ہیں۔ (فقیر قادری غفرلہٗ)



فرماتے ہیں کہ:۔

صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِيْدَ الْاَضْحٰى فَلَمَّا انْصَرَفَ اُتِيَ بِكَبْشٍ فَذَبَحَهٗ فَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ هٰذَا عَنِّيْ وَعَمَّنْ لَّمْ يُضَحِّ مِنْ اُمَّتِيْ۔

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عیدالاضحیٰ کی نماز پڑھی جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نماز سے لوٹے تو ایک مینڈھا لایا گیا تو آپ نے اس کو ذبح کیا اور کہا بسم اللہ اللہ اکبر اے اللہ یہ میری طرف سے اور میری اُمّت میں سے اُس کی طرف سے جس نے قربانی نہیں کی۔

(جامع ترمذی، جلد ۱ صفحہ ۱۸۲، ابوداؤد، جلد ۲ صفحہ ۴، مسند امام احمد)

**حدیث شریف نمبر۲** | حضرت حنش رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے علی المرتضیٰ شیرِ خدا کرم اللہ وجہہ الکریم کو دو قربانیاں کرتے ہوئے دیکھ کر پوچھا کہ آپ دو قربانیاں کیوں فرماتے ہیں، تو ارشاد فرمایا:۔

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصَانِيْ اَنْ اُضَحِّيَ عَنْهُ فَاَنَا اُضَحِّيْ عَنْهُ۔ (ابوداؤد شریف ج ۲ ص۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے وصیت فرمائی تھی کہ میں ایک قربانی اُن کی طرف سے کیا کروں لہٰذا ایک اپنی اور ایک اُن کی طرف سے کرتا ہوں۔

**حدیث شریف نمبر۳** | ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے ایک مینڈھا ذبح کر کے فرمایا:۔

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ مُّحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّمِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

اے اللہ اس کو محمد اور آلِ محمد اور اُمّتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے قبول فرما۔

(مسلم شریف ص۱۵۶، ابوداؤد شریف ج ۲ ص۳، مستدرک ج ۴ ص۵۹۴)

**قارئین کرام!** مندرجہ بالا تینوں احادیث شریفہ کتب صحاح ستہ میں شامل کتب احادیث میں موجود ہیں، جن سے عیاں ہے کہ سرورِ کائنات فخرِ موجودات مختارِ شش جہات، اصلِ کائنات، احمد مجتبےٰ، محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



خود بھی جانور کو اپنی اور اپنی آلِ پاک اور اُمّت کی طرف منسوب فرمایا ہے، اور سرکار علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو بھی اس کا حکم فرمایا۔ اگر جانور کو منسوب کرنا حرام ہوتا تو کبھی بھی سرورِ کون و مکاں، شفیعِ عاصیاں، وسیلۂ بیکساں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ایسا نہ خود فرماتے اور نہ ہی ایسا کرنے کا حکم فرماتے۔

**حدیث شریف نمبر ۴** جلیل القدر صحابی حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خاتم الانبیاء، مالکِ ہر دوسرا، شافعِ روزِ جزا، رازدارِ ربّ العلا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا۔

يَا رَسُوْلَ اللهِ اُحِبُّ اَنْ تَأْكُلَ مِنْ رُطَبِهٖ وَبُسْرِهٖ وَتَمْرِهٖ وَتَذْنُوْبِهٖ وَلَاَذْبَحَنَّ لَكَ مَعَ هٰذَا فَقَالَ اِنْ ذَبَحْتَ فَلَا تَذْبَحَنَّ ذَاتَ دَرٍّ فَاَخَذَ عَنَاقًا اَوْ جَدْيًا فَذَبَحَهٗ۔

یا رسول اللہ میری خواہش ہے کہ آپ رطب، بسرہ اور کھجوریں کھائیں اور اس کے ساتھ میں آپ کے لیے ضرور بکری ذبح کروں گا، تو آپ نے فرمایا اگر تو ذبح کرے تو دودھ والی بکری ذبح نہ کرنا تو انہوں نے بکری کا بچہ نر یا مادہ پکڑا اور اس کو ذبح کیا۔

(طبرانی شریف، جلد ۴ صفحہ ۶۸، مطبوعہ مصر)

حدیث شریف میں صحابی کے الفاظ جو انہوں نے بارگاہ میں عرض کیے لَاَذْبَحَنَّ لَكَ غور طلب ہیں کہ آپ کیلئے ذبح کروں گا۔ اس ذبیحہ کی نسبت رسولِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف کی ہے۔ اگر ممنوع اور حرام ہوتا تو نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم منع فرما دیتے۔

**حدیث شریف نمبر ۵** سیدنا حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَعَهٗ فَدَخَلَ عَلٰى

میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں باہر نکلا تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم ایک



اِمْرَاَةٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَذَبَحَتْ لَهٗ شَاةً۔ (ترمذی شریف ص ۱۷ ج ۱)

انصاری عورت کے گھر تشریف لے گئے تو اس نے آپ کے لیے بکری ذبح کی۔

**حدیث شریف نمبر ۶** نبیٔ اکرم نورِ مجسّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک صحابی کے گھر تشریف لے گئے تو اس صحابی نے آپ کی خدمت میں کھجوروں کے خوشے پیش کیے۔

فَذَبَحَ لَهُمْ فَاَكَلُوْا مِنَ الشَّاةِ۔

پس اس نے ان کے لیے بکری ذبح کی اور انہوں نے اس میں سے کھایا۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۳۶۸ مطبوعہ دہلی، مسلم شریف ص ــــ)

**حدیث شریف نمبر ۷** سیدنا حضرت مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ۔

اِنَّ عَبْدَ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ذُبِحَتْ لَهٗ شَاةٌ فِيْ اَهْلِهٖ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کے لیے اپنے گھر میں بکری ذبح کی۔

(ترمذی شریف)

**حدیث شریف نمبر ۸** حضرت اُمّ منذر بنت قیس انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ۔

دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهٗ عَلِيٌّ وَلَنَا دَوَالٍ مُعَلَّقَةٌ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ وَعَلِيٌّ مَعَهٗ يَاْكُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ مَهْ يَا عَلِيُّ فَاِنَّكَ نَاقِهٌ قَالَتْ فَجَعَلْتُ لَهُمْ سِلْقًا وَشَعِيْرًا

ہمارے ہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ کے ساتھ حضرت علی بھی تھے ہمارے گھر میں کھجوروں کے خوشے لٹکے ہوئے تھے ان خوشوں میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی نے کھانا شروع کیا آپ نے حضرت علی سے فرمایا علی تم نہ کھاؤ اس لیے کہ تم کمزور ہو۔ اُمّ منذر کہتی ہیں کہ میں نے اُن کے لیے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا عَلِیُّ مِنْ ھٰذَا فَاَصِبْ فَاِنَّہٗ اَوْفَقُ لَکَ۔ (مشکوٰۃ شریف ص۳۷۶، جامع ترمذی ص، ابن ماجہ ص)

اور آپ کے ہمراہیوں کے لیے چقندر جو تیار کئے گئے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علی اس میں سے کھاؤ اس لیے کہ یہ تمہارے لیے بہت مفید ہے۔

**حدیث شریف نمبر ۹** عَنْ سَعْدِ ابْنِ عُبَادَۃَ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُمَّ سَعْدٍ مَاتَتْ فَاَیُّ الصَّدَقَۃِ اَفْضَلُ قَالَ اَلْمَآءُ فَحَفَرَ بِئْرًا وَقَالَ ھٰذِہٖ لِاُمِّ سَعْدٍ۔

سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سعد کی ماں (یعنی میری ماں) فوت ہو گئی ہے پس کون سا صدقہ بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا پانی پس سعد نے کنواں کھدوا اور کہا کہ یہ ام سعد کا کنواں ہے۔

(مشکوٰۃ شریف ص۱۶۹ و صحیح بخاری شریف و صحیح مسلم شریف، ابوداؤد شریف، کتاب الزکوٰۃ)

**حدیث شریف نمبر ۱۰** حضرت صالح بن درہم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حج کے واسطے مکہ مکرمہ پہنچے تو وہاں ہمیں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملے اور فرمایا تمہارے شہر بصرہ کے قریب ایک بستی ہے جس کا نام ابلہ ہے، اس میں ایک مسجد عشار ہے، لہٰذا تم میں سے کون میرے ساتھ وعدہ کرتا ہے کہ اس مسجد میں میرے لیے دو یا چار رکعتیں پڑھے۔

وَیَقُوْلُ ھٰذِہٖ لِاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ۔ اور کہے کہ یہ رکعتیں ابوہریرہ کے واسطے ہیں۔

(مشکوٰۃ شریف ص۴۶۸، اشعۃ اللمعات فارسی ج۴ ص۳۴۵، مرقاۃ شریف ج۱۰ ص۱۵۹)

**حدیث شریف نمبر ۱۱** سیدنا حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ رسولِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:۔

مَنْ ذَبَحَ لِضَیْفِہٖ ذَبِیْحَۃً کَانَتْ فِدَاءَہٗ مِنَ النَّارِ۔

جو اپنے مہمان کے لیے جانور ذبح کرے وہ ذبیحہ اس کیلئے دوزخ کی آگ سے فدیہ ہو جائے گا۔

(مستدرک ص ج مطبوعہ حیدرآباد)



قارئینِ کرام! مسئلہ گیارہویں شریف کے ثبوت پر بحث ہو رہی ہے۔ احادیث شریفہ مزید بھی کتبِ احادیث سے درج کی جا سکتی ہیں، مگر گیارہ احادیثِ شریفہ پر ہی اکتفا کیا جاتا ہے۔ ان احادیث شریفہ سے ثابت ہے کہ عہدِ رسالت میں بھی صحابہ کبار علیہم الرضوان جانوروں اور دیگر اشیاء کو سرورِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات اور اپنے مسلمان ساتھیوں کی طرف منسوب کرتے تھے۔ بلکہ بعد از انتقال بھی ایصالِ ثواب کے طور پر بزرگوں کے لیے کسی چیز کو مقرر فرماتے تھے، اور اس امر کی اجازت رسولِ مختار علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام نے خود ارشاد فرمائی تھی۔ اب بھی اگر کوئی وہابی، دیوبندی کسی وصال یافتہ بزرگ کے لیے کسی چیز کا نامزد کرنا حرام قرار دے[1] تو یہ اس کی جہالت اور کور باطنی پر دلالت کرتی ہے۔

ولی اللہ کی طرف نسبت کرنے کے بعد تعیینِ یوم اور تاریخ کا ثبوت بھی کتبِ احادیث سے پیش کیا جاتا ہے۔

**دن مقرر کرنا** اہلِ سنت وجماعت کے نزدیک تعیینِ یوم ضروری نہیں لیکن جائز ضرور ہے اس لیے آپ دیکھتے ہیں کہ محافلِ گیارہویں شریف مختلف مساجد میں مختلف تواریخ پر ہوتی ہیں، ویسے قرآن وسنت کی روشنی میں دیکھا جائے تو اللہ تعالیٰ نے دنوں میں برکتیں رکھی ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

وَذَکِّرْھُمْ بِاَیّٰمِ اللّٰہِ (پ۱۳، ع۱۴) اور انہیں اللہ کے دن یاد دلا۔

وَاذْکُرُوا اللّٰہَ فِیْ اَیَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ۔ (پ۲، ع۶) اور اللہ کی یاد کرو گنے ہوئے دنوں میں۔

**احادیث شریفہ** حضرت اوس بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَیَّامِکُمْ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ دنوں میں سب سے افضل دن جمعہ ہے

---

[1] جیسے مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے نزدیک پیر صاحب کا ذُنبہ کہنا حرام ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



فِيْهِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِيْهِ قُبِضَ وَفِيْهِ النَّفْخَةُ وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ فَاَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فِيْهِ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ۔

اس دن آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پیدا کیا گیا، اسی روز ان کی روح قبض کی گئی، اسی روز صور پھونکا جائیگا، اور اسی روز بیہوشی طاری ہوگی پس اس دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو۔[1]

(ابو داؤد شریف ص ۱۰۵، ابن ماجہ شریف ص ۷۷، مشکوٰۃ شریف ص ۱۲۱، دارمی شریف ص ۳۰۷، سنن کبریٰ ص ۲۴۸/۳)

## حدیث شریف نمبر ۲

ام المؤمنین سیدہ طیبہ طاہرہ مالکۂ جنت، مخدومۂ دارین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسَ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیر اور جمعرات کو روزہ رکھتے تھے۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۱۷۹، ترمذی شریف ص ۹۳/۱۲۰، نسائی شریف ص ۳۲۸، ابن ماجہ شریف ص ۱۲۵)

[1] دیوبندی اور اہلحدیث حضرات کے مجدد ابن قیم نے حدیث شریف نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:- اَكْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَاِنَّهٗ يَوْمٌ مَشْهُوْدٌ تَشْهَدُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يُصَلِّيْ عَلَيَّ اِلَّا بَلَغَنِيْ صَوْتُهٗ حَيْثُ كَانَ قُلْنَا وَبَعْدَ وَفَاتِكَ قَالَ وَبَعْدَ وَفَاتِيْ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَآءِ ــــ جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو، کیوں کہ وہ حاضری والا دن ہے، اس میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں، کوئی ایسا آدمی نہیں جو مجھ پر درود پڑھتا ہو مگر اس کی آواز مجھے پہنچتی ہے جہاں بھی ہو، ہم نے عرض کیا آپ کے وصال کے بعد بھی، تو آپ نے فرمایا میرے وصال کے بعد بھی، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء کے جسموں کو کھانا زمین پر حرام کیا ہے۔ (جلاء الافہام ص ۶۳)



## حدیث شریف نمبر ۳

سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:-

تُعْرَضُ الْاَعْمَالُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ فَاُحِبُّ اَنْ يُّعْرَضَ عَمَلِيْ وَاَنَا صَائِمٌ۔

اعمال پیر اور جمعہ کے روز اللہ کی بارگاہ میں پیش ہوتے ہیں، مجھے یہ محبوب ہے کہ میرے اعمال جب پیش ہوں تو میں روزہ دار ہوں۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۱۸۰، ترمذی شریف ص ۹۳ ج ۱)

## حدیث شریف نمبر ۴

سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا:-

اِنَّ فِي الْجُمُعَةِ السَّاعَةَ لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُّسْلِمٌ يَّسْاَلُ اللّٰهَ فِيْهَا خَيْرًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ۔

جمعہ کے دن ایک ایسی ساعت آتی ہے کہ اگر کسی مسلمان کو معلوم ہو جائے اور اس میں دعا تو قبول ہوتی ہے۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۱۱۹، اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۵۷، مرقاۃ شریف ج ۳ ص ۲۳۳)

## حدیث شریف نمبر ۵

سیدنا حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ:-

اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَكَانَ يُحِبُّ اَنْ يَّخْرُجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ۔[1]

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم جمعرات کے دن غزوہ تبوک میں تشریف لے گئے اور آپ جمعرات کے دن سفر کرنا پسند فرماتے تھے۔

(صحیح بخاری شریف ج ص، فتح الباری ج ص، عمدۃ القاری ج ص، ارشاد الساری ج ص، مشکوٰۃ شریف ص ۳۳۸، اشعۃ اللمعات فارسی ج ۳ ص ۳۷۱، مرقاۃ ج ۷ ص ۳۲۶)

[1] کنز العمال ج ۳ ص ۳۰ مطبوعہ بیروت پر بھی اسی قسم کی روایت درج ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**حدیث شریف نمبر ۶** سیدنا ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا اے ابوذر!

إِذَا صُمْتَ مِنَ الشَّهْرِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فَصُمْ ثَلٰثَ عَشْرَةَ وَأَرْبَعَ عَشْرَةَ وَخَمْسَ عَشْرَةَ۔

اگر تو روزہ رکھنا چاہے تو مہینہ میں تین دن کے روزے رکھ۔ ہر مہینے کی تیرہویں، چودھویں اور پندرہویں کو۔

(مشکوٰۃ شریف ص۱۸۰، جامع ترمذی ص۹۵، نسائی شریف ص۲۲۹ (مصری))

**حدیث شریف نمبر ۷** ام المؤمنین سیدہ اُمِ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ:۔

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنِيْ أَنْ أَصُوْمَ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ أَوَّلُهَا الْاِثْنَيْنُ وَالْخَمِيْسُ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے فرمایا کرتے تھے کہ میں ہر مہینے میں تین دن روزے رکھا کروں اور ان روزوں کو پیر سے شروع کروں یا جمعرات سے۔

(مشکوٰۃ شریف ص۱۸۰ ابوداؤد ص۳۳۴، نسائی ص۳۲۵ (مطبوعہ مصر))

**حدیث شریف نمبر ۸** سید المفسرین سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو یہودیوں کو عاشورہ کے دن روزہ رکھتے دیکھا تو آپ نے ان سے فرمایا کیا تم اس دن میں بھی روزہ رکھتے ہو، یہ دن کیسا ہے؟ یہودیوں نے عرض کیا یہ بہت بڑا دن ہے یعنی باعظمت دن ہے، اس روز اللہ تعالےٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کو نجات دی اور فرعون اور اس کی قوم کو غرق کیا، پس موسیٰ علیہ السلام نے شکرانے کے طور پر اس دن روزہ رکھا اور ہم بھی روزہ رکھتے ہیں۔

فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَحْنُ أَحَقُّ وَأَوْلٰى بِمُوْسٰى مِنْكُمْ فَصَامَهُ رَسُوْلُ اللهِ

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم تم سے زیادہ موسیٰ علیہ السلام کے حقدار ہیں، پس آپ نے خود بھی روزہ رکھا اور دوسرے لوگوں کو بھی



صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَ بِصِيَامِهٖ

روزہ رکھنے کا حکم دیا۔

(صحیح بخاری ج۱ ص۲۶۸، صحیح مسلم ج۱ ص۳۵۹، مشکوٰۃ شریف ص۱۸۰)

**حدیث شریف نمبر ۹** سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے مروی ہے کہ:۔

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِيْ مَسْجِدَ قُبَاءٍ كُلَّ سَبْتٍ مَاشِيًا وَرَاكِبًا وَيُصَلِّيْ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ (بخاری)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم ہر ہفتہ کے دن مسجد قبا میں تشریف لایا کرتے تھے کبھی پیدل اور کبھی سواری پر اور اس میں دو رکعت نماز ادا فرمایا کرتے تھے۔

قارئین کرام! چند ایک احادیث درج کی گئی ہیں، کتب احادیث میں آپ کو کافی تعداد میں احادیثِ شریفہ ملیں گی جن میں تعیین یوم اور تعیین تاریخ موجود ہے، بلکہ حکم مصطفےٰ ہے۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

اب بھی اگر مولوی فضل الرحمن صاحب اور اُن کے ہم عقیدہ وہابی دیوبندی حضرات اس کو بدعت قرار دیں تو یہ اُن کی ہٹ دھرمی ہے یا جہالت ہے۔ اب غیر مقلدین حضرات جو کہ اپنے آپ کو اہلحدیث کہلاتے ہیں، اُن کے پیشوا اور مجدد بلکہ شیخ الاسلام نواب صدیق حسن بھوپالی کی کتاب کے حوالے سے ایک حدیث شریف درج کی جاتی ہے جس میں تعیین یوم واضح ہے۔

**حدیث شریف نمبر ۱۰** محمد بن واسع نے کہا مجھ کو یہ بات پہنچی ہے کہ موتیٰ جان لیتے ہیں اپنی زیارت کرنے والوں کو جمعہ کے دن اور ایک دن پہلے اس سے اور ایک دن بعد اس کے۔ (رواہ ابن الدنیا والبیہقی فی الشعب)

**حدیث شریف نمبر ۱۱** نیز ان دونوں نے ضحاک سے روایت کیا ہے کہ جو کوئی زیارت کرتا ہے کسی قبر کی دن شنبہ کے قبل طلوع آفتاب کے تو مُردہ زائر کو جان لیتا ہے، کہا یہ کس طرح ہوتا ہے؟ کہا بسبب ہونے روز جمعہ کے۔

(بدل الحیات ص۴۲)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**جمعہ کے روز مُردوں کا آپس میں باتیں کرنا** نواب صدیق حسن بھوپالی نے ہی لکھا ہے کہ:

یافعی کہتے ہیں مذہب اہل سُنت کا یہ ہے کہ ارواحِ موتیٰ بعض اوقات میں عِلیّین یا سجّین سے طرف اپنے اجساد کے اندر قبور کے واپس کیے جاتے ہیں، جبکہ اللہ تعالےٰ چاہتا ہے، خصوصاً شبِ جمعہ کو اور وہ بیٹھ کر باہم بات چیت کرتے ہیں۔ (بذل الحیات ص۲۴ مصنفہ نواب صدیق حسن بھوپالی)

**فتاوٰی ثنائیہ** اہلحدیث مسلک کے فتاوٰی ثنائیہ میں موجود ہے کہ:۔ جمعہ کے دن اور جمعہ کی موت بہت اچھی ہے۔ جامع ترمذی میں عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے، فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جو شخص جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات کو مرے گا اللہ تعالےٰ اُس کو قبر کے فتنہ سے بچائے گا۔ یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے لیکن اس کی تائید متعدد حدیثوں سے ہوتی ہے۔

(فتاوٰی ثنائیہ ص۴۲۶ جلد اوّل مطبوعہ بمبئی)

**ناظرین!** گیارہ احادیثِ شریفہ گیارہویں والے پیر کی نگاہِ کرم سے درج کر دی ہیں اب بھی اہلحدیث کہلانے والے ضد کریں تو وہ اہل حدیث نہیں بلکہ ........

امرتسر میں ایک دفعہ مولوی ثناء اللہ امرتسری پر حملہ ہوا تو پھر اخبار اہلحدیث امرتسر میں اعلان ہوا کہ تمام اہلحدیث ہر سال اس حملہ والی تاریخ پر یہ دن منایا کریں۔

وہابی خود مناظرہ کے لیے دن مقرر کریں، شادی کے لیے دن مقرر کریں، جلسوں اور کانفرنسوں کے لیے دن مقرر کریں، یہ جائز ہے اگر اہلسنّت وجماعت دن مقرر کریں تو بدعت۔ (یہ کہاں کا انصاف ہے؟)

تعینِ یوم اور تاریخ کے بعد کھانا سامنے رکھ کر پڑھنا، اس کا ثبوت درج کیا جاتا ہے، کیونکہ ختم شریف میں کھانا سامنے رکھ کر اس پر قرآنی آیات طیبات پڑھی جاتی ہیں وہابی دیوبندی حضرات اس پر اعتراض کرتے ہیں۔ حالانکہ اعتراض والی کوئی بات نہیں۔



علماء اہلسنت وجماعت ان کو کہتے ہیں کہ اختلاف نہ رکھو، چلو اگر کھانا سامنے رکھنا آپ کو پسند نہیں تو پیچھے رکھ کر ہی قرآن خوانی کر لیا کرو، مسلمانوں میں اختلاف کی خلیج وسیع نہ کرو، مگر ان کا مشن صرف اختلاف کی خلیج وسیع کرنا اور اعتراض ہی کرنا ہے اس لیے ان کو یہ مشورہ بھی قبول نہیں۔ چونکہ ان کا اعتراض ہے، اس لیے ثبوت درج کیا جاتا ہے۔

## کھانا سامنے رکھ کر پڑھنا اور دُعا مانگنا

قرآن مجید میں اللہ تعالےٰ کا فرمان ہے:۔

فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ۔ — تو کھاؤ اس میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا اگر تم اس کی آیتیں مانتے ہو۔

(پ ، رکوع ۱)

وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْۤ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ۔ (پ ع ۲) — اور کھاؤ جو کچھ تمہیں اللہ نے روزی دی، حلال پاکیزہ اور ڈرو اللہ سے جس پر تمہیں ایمان ہے۔

ارشادِ ربانی سے واضح ہے کہ اگر اللہ تعالےٰ کی آیات پر ایمان ہے تو وہ کھانا کھاؤ جس پر وہ پڑھی گئی ہیں، اللہ تعالےٰ کا نام لیا گیا ہے۔ گیارہویں شریف یا ختم شریف کے موقع پر جو بھی چیزیں رکھی جاتی ہیں، وہ طیب وطاہر، حلال رکھی جاتی ہیں، پھر ان پر قرآنی آیات طیبات پڑھی جاتی ہیں، اللہ کا ذکر ہوتا ہے۔ لہٰذا ارشادِ باری تعالےٰ کے مطابق جن لوگوں کا آیاتِ قرآنی پر ایمان ہے وہ ان چیزوں کو کھائیں گے حرام قرار نہیں دیں گے۔ الحمد للہ رب العالمین اہلسنت وجماعت وہ کھاتے بھی ہیں اور مسلمانوں کو کھلاتے بھی ہیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**حدیث شریف نمبر ۱** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، غزوۂ تبوک کے دن بھوک نے لوگوں کو خوب ستایا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ۔

اُدْعُهُمْ بِفَضْلِ اَزْوَادِهِمْ ثُمَّ ادْعُ اللّٰهَ لَهُمْ عَلَيْهَا بِالْبَرَكَةِ۔

لوگوں سے ان کا بچا کھچا کھانا منگوایئے اور اس کھانے پر اللہ تعالیٰ سے برکت کی دُعا فرمایئے۔

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھا آپ نے دسترخوان بچھوایا اور فرمایا کسی کے پاس جو کچھ بچا ہوا ہے لے آؤ۔

فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيْئُ بِكَفِّ ذُرَةٍ وَّيَجِيْئُ الْاٰخَرُ بِكَفِّ تَمْرٍ وَيَجِيْئُ الْاٰخَرُ بِكِسْرَةٍ حَتّٰى اجْتَمَعَ عَلَى النِّطْعِ شَيْئٌ يَسِيْرٌ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَرَكَةِ ثُمَّ قَالَ خُذُوْا فِيْ اَوْعِيَتِكُمْ فَاَخَذُوْا فِيْ اَوْعِيَتِهِمْ حَتّٰى مَا تَرَكُوْا فِي الْعَسْكَرِ وِعَاءً اِلَّا مَلَاُوْهُ قَالَ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا وَفَضَلَتْ فَضْلَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَا يَلْقَى اللّٰهَ بِهِمَا عَبْدٌ غَيْرُ شَاكٍّ فَيُحْجَبَ عَنِ الْجَنَّةِ۔

تو کوئی شخص ایک مٹھی جوار لانے لگا اور کوئی ایک مٹھی چھوہارے اور کوئی دوسرا روٹی کا ٹکڑا حتیٰ کہ دسترخوان پر تھوڑی سی چیز جمع ہو گئی پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے برکت کی دُعا کی پھر فرمایا کہ اس میں سے اپنے برتن بھر لو چنانچہ لوگوں نے اپنے برتن بھر لیے یہاں تک کہ لشکر میں جو برتن بھی موجود تھا اُس کو بھر لیا گیا تھا، پھر کھایا حتیٰ کہ سیر ہو گئے اور باقی بچ رہا۔ تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں، کوئی بندہ اس گواہی کو لے کر اللہ سے نہ ملے گا جب کہ شک نہ کرے پھر وہ جنت سے حجاب میں بھی رہے۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۵۳۵، مسلم شریف ج ۱ ص ۴۲، اشعۃ اللمعات فارسی جلد ۴ ص ۵۵۹، مسند امام احمد ج ۳ ص ۱۱)



**قارئین کرام!** اس حدیث شریف سے کھانا سامنے رکھنا، دسترخوان بچھانا، اور اس پر دعا مانگنا نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے ثابت ہے۔ اور اس کا مشورہ خلیفۂ دوم امیر المومنین سیدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا تھا۔

**حدیث شریف نمبر ۲** سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ابو طلحہ نے اُم سلیم سے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز کمزور سی سنی ہے جس میں بھوک محسوس کرتا ہوں، کیا تمہارے پاس کوئی چیز ہے؟ تو ام سلیم نے کہا ہاں!

فَاَخْرَجَتْ اَقْرَاصًا مِّنْ شَعِيْرٍ ثُمَّ اَخْرَجَتْ خِمَارًا لَّهَا فَلَفَّتِ الْخُبْزَ بِبَعْضِهٖ ثُمَّ دَسَّتْهُ تَحْتَ يَدِيْ وَلَاثَتْنِيْ بِبَعْضِهٖ ثُمَّ اَرْسَلَتْنِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَهَبْتُ فَوَجَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ النَّاسُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِمْ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَكَ اَبُوْ طَلْحَةَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِطَعَامٍ قُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ مَّعَهٗ قُوْمُوْا فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقْتُ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ حَتّٰى جِئْتُ اَبَا طَلْحَةَ فَاَخْبَرْتُهٗ۔

تو انہوں نے جو کی چند روٹیاں نکالیں پھر اپنی اوڑھنی لی اور اس میں ان روٹیوں کو لپیٹا اور میرے ہاتھ کے نیچے ان کو چھپا دیا، اور بعض حصہ لپیٹ دیا، پھر مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا تو میں وہ لے گیا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں پایا، آپ کے ساتھ اور لوگ تھے تو میں نے انہیں سلام کیا، تو مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم کو ابو طلحہ نے بھیجا ہے؟ میں نے کہا ہاں، فرمایا کھانا دے کر؟ میں نے کہا ہاں، تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس والوں سے فرمایا اُٹھو، حضور چلے اور میں ان کے سامنے چلا حتیٰ کہ ابو طلحہ کے پاس آیا، تو میں نے اُنہیں یہ خبر دی ابو طلحہ نے کہا اے اُم سلیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



فَقَالَ اَبُوْطَلْحَةَ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ قَدْ جَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ وَلَيْسَ عِنْدَنَا مَا نُطْعِمُهُمْ فَقَالَتْ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَانْطَلَقَ اَبُوْطَلْحَةَ لَقِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْطَلْحَةَ مَعَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلُمِّيْ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ مَا عِنْدَكِ فَاَتَتْ بِذٰلِكَ الْخُبْزِ فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفُتَّ وَعَصَرَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ عُكَّةً فَاَدَمَتْهُ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُوْلَ ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَاَذِنَ لَهُمْ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا ثُمَّ خَرَجُوْا ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ ثُمَّ لِعَشَرَةٍ فَاَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ وَشَبِعُوْا وَالْقَوْمُ سَبْعُوْنَ اَوْ ثَمَانُوْنَ رَجُلًا۔

کو لے کر تشریف لے آئے ہمارے پاس کھانا نہیں جو انہیں کھلائیں وہ بولیں اللہ اور اس کا رسول ہی جانیں ابو طلحہ چلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ابو طلحہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ام سلیم جو کچھ تمہارے پاس ہے لاؤ، چنانچہ یہ روٹیاں لائیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا وہ توڑ دی گئیں ام سلیم نے ڈبہ نچوڑا اسے سالن بنا دیا، پھر اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ پڑھا جس کا پڑھنا اللہ نے چاہا۔ پھر فرمایا دس آدمیوں کو اجازت دو، انہیں بلایا گیا انہوں نے کھایا حتیٰ کہ سیر ہو گئے پھر چلے گئے، پھر فرمایا اور دس کو بلاؤ، پھر اور دس کو، تو ساری قوم نے کھا لیا اور سیر ہو گئے قوم کے کل ستر یا اسی آدمی تھے۔

---

وَفِيْ رِوَايَةِ الْمُسْلِمِ ثُمَّ اَخَذَ

اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ پھر



مَا بَقِيَ فَجَمَعَهٗ ثُمَّ دَعَا بِالْبَرَكَةِ فَعَادَ كَمَا كَانَ فَقَالَ دُوْنَكُمْ هٰذَا۔

بقیہ لیا اُسے جمع فرمایا پھر اس میں برکت کی دعا کی تو وہ جیسا تھا ویسا ہی ہو گیا تو فرمایا اسے لو۔

(مشکوٰۃ شریف ص۵۳۷، مسلم شریف ج۲ ص۱۷۹، صحیح بخاری شریف ص۵۰۵)

مندرجہ بالا حدیث شریف جو کہ صحاح ستہ میں سے صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں بھی موجود ہے، سے واضح ہے کہ رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے کھانا سامنے رکھ کر کچھ پڑھا اور پڑھا وہ جو کچھ اللہ تعالےٰ نے چاہا۔ ہر مسلمان کا پختہ عقیدہ ہے کہ اللہ کی چاہت بھی اچھی ہے، اور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے بھی اچھی بات ہی نکلتی ہے۔ آپ کی زبان مبارک سے قرآنی آیات، دعائیہ الفاظ، کلمات خیر ہی نکلتے تھے، اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے جو بات نکلتی وہ حدیث بنتی۔ صحیح بخاری شریف کی شرح پڑھ کر دیکھیں تو شارحین نے اس حدیث شریف کی شرح کرتے ہوئے کھانے پر دعا والی روایات بیان فرمائی ہیں۔

وَفِيْ رِوَايَةِ سَعْدِ ابْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ ثُمَّ اَخَذَ مَا بَقِيَ فَجَمَعَهٗ ثُمَّ دَعَا فِيْهِ بِالْبَرَكَةِ۔

سعد بن ابی سعید رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ پھر جو کچھ بچا تھا اس کو جمع فرمایا پھر اس میں برکت کی دعا فرمائی۔

(عمدۃ القاری شرح صحیح جلد ۶ ص۱۲۲ مطبوعہ بیروت)

شیخ الاسلام علامہ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ نے فتح الباری میں حضرت نظر بن انس کی روایت کے حوالے سے بیان فرمایا ہے۔

ثُمَّ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ فِيْهَا الْبَرَكَةَ۔

پھر آپ نے کہا بسم اللہ اے اللہ اس میں برکت عطا فرما۔

(فتح الباری شرح صحیح بخاری جلد ۴ ص۲۲۹ مطبوعہ بیروت)

عمدۃ المحدثین علامہ قسطلانی شارح بخاری علیہ الرحمۃ اسی حدیث شریف کی شرح میں فرماتے ہیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُوْلَ وَفِيْ رِوَايَةِ مُبَارَكِ بْنِ فُضَالَه عِنْدَ اَحْمَدَ فَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کھانے پر وہ پڑھا جس کا پڑھنا اللہ نے چاہا تو مبارک بن فضالہ کی روایت میں ہے کہ آپ نے بسم اللہ پڑھی۔

(ارشاد الساری صـ۳۲ جلد ۶ مطبوعہ بیروت)

معلوم ہوا کھانا سامنے رکھ کر پڑھنا اور دُعا مانگنا یہ سرورِ عالم نورِ مجسم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی سُنّت ہے، پھر آدمیوں کو وہ کھانا کھلانا، زیادہ ہوں تو مختلف تعداد اور اور مختلف جماعتوں کی صورت میں کھلانا بھی سُنّت ہے، جیسا کہ بزرگوں کے آستانوں میں اور گیارہویں شریف کے ختم شریف اور دیگر ختمات کے وقت ہوتا ہے۔

**حدیث شریف نمبر ۳** سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں:۔

اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمَرَاتٍ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ فِيْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ فَضَمَّهُنَّ ثُمَّ دَعَا لِيْ فِيْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ قَالَ خُذْهُنَّ فَاجْعَلْهُنَّ فِيْ مِزْوَدِكَ كُلَّمَا اَرَدْتَ اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا فَاَدْخِلْ فِيْهِ يَدَكَ فَخُذْهُ وَلَا تَنْثُرْهُ نَثْرًا فَقَدْ حَمَلْتُ مِنْ ذٰلِكَ التَّمْرِ كَذَا وَكَذَا مِنْ وَسْقٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَكُنَّا نَاْكُلُ مِنْهُ وَنُطْعِمُ وَكَانَ لَا يُفَارِقُ حِقْوِيْ حَتّٰى

میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں کچھ چھوارے لے کر حاضر ہوا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ان میں برکت کی دُعاء فرمادیں تو انہیں حضور نے ملا دیا پھر اُن میں میرے لیے برکت کی دعا فرمائی، فرمایا انہیں لے لو اسے اپنے توشہ دان میں ڈال لو، جب اِس میں سے کچھ لینا چاہو تو اس میں اپنا ہاتھ ڈال دو اور اس میں سے لے لو اور کبھی جھاڑنا مت، میں نے ان چھواروں میں سے اتنے وسق اللہ کی راہ میں خیرات کر دیئے، ہم ان میں سے



كَانَ يَوْمَ قُتِلَ عُثْمَانُ فَاِنَّهُ انْقَطَعَ۔

کھاتے کھلاتے رہے وہ میری کمر سے کبھی جدا نہ ہوتے تھے حتیٰ کہ حضرت عثمان کے قتل کا دن ہوا تو وہ مجھ سے گر گیا

(مشکوٰۃ شریف صـ۵۴۲، جامع ترمذی ج ۲ صـ۲۲۴، اشعۃ اللمعات ج ۴ صـ۵۸۶، مرقاۃ شریف ج ۱۱ صـ۲۱۶)

**حدیث شریف نمبر ۴** سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح ہوا ہی تھا کہ میری والدہ ماجدہ اُمّ سلیم رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے کچھ چھوہارے، گھی اور پنیر کا ارادہ کیا اس سے حلوہ بنایا اُسے ایک پیالہ میں ڈالا اور کہا اے انس! یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں لے جاؤ اور عرض کرو کہ میری والدہ ماجدہ نے بھیجا ہے، وہ آپ کو سلام عرض کرتی ہیں کہ یا رسول اللہ یہ آپ کے لیے ہماری طرف سے قلیل ہدیہ ہے۔ چنانچہ میں گیا اور میں نے یہ عرض کیا تو آپ نے فرمایا رکھ دو، پھر فرمایا جاؤ فلاں فلاں کو اور فلاں کو میرے پاس بلا لاؤ جن کا حضور علیہ السلام نے نام لیا اور جس سے تم ملو ہمارے پاس بُلا لاؤ، میں انہیں بھی بُلا لایا جن کا نام لیا تھا اور اُسے بھی جو راستے میں ملا، پھر میں گھر لوٹا تو گھر حاضرین سے بھرا ہوا تھا۔ حضرت انس سے کہا گیا کہ تم سب کتنے لوگ ہو گئے تو انس نے عرض کیا تین سو کے قریب،

فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى تِلْكَ الْحَيْسَةِ وَتَكَلَّمَ بِمَا شَآءَ اللّٰهُ۔

پس میں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ اس حلوہ پر ہاتھ رکھا اور جو اللہ نے چاہا وہ پڑھا۔

پھر آپ دس دس کو بلانے لگے وہ اس سے کھانے لگے، حضور اُن سے فرماتے تھے کہ اللہ کا نام لو اور ہر شخص اپنے سامنے سے کھائے۔ فرمایا کہ لوگوں نے کھایا حتیٰ کہ سیر ہو گئے، ایک ٹولہ نکلتا تھا دوسرا ٹولہ آتا تھا حتیٰ کہ سب نے کھا لیا، پھر مجھ سے حضور علیہ السلام نے فرمایا اے انس اٹھا لو، میں نے اٹھا لیا، جب اٹھایا تو مجھے پتہ نہیں جب رکھا گیا تھا جب زیادہ تھا یا جب اٹھایا گیا۔ (مشکوٰۃ شریف صـ۵۳۸، ۵۳۹ مسلم شریف صـ۴۶۰ ج ۱، صحیح بخاری شریف صـ۔۔، مستدرک حاکم ج ۲ صـ۱۱۶، اشعۃ اللمعات فارسی ج ۴ صـ۶۸، مرقاۃ ج ۱۱ صـ۲۰۱)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**حدیث شریف نمبر ۵** سیدنا جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ ہم خندق کے دن کھدائی کر رہے تھے کہ ایک سخت پتھر سامنے آگیا تو لوگ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے، عرض کیا کہ ایک سخت پتھر خندق کے اندر سے نکل آیا ہے، آپ نے فرمایا میں آ کر دیکھوں گا، یہ فرما کر آپ کھڑے ہو گئے حالانکہ آپ کا پیٹ مبارک پتھر سے بندھا ہوا تھا۔ ہم تین دن تک اس طرح رہے تھے کہ کوئی چکھنے کی چیز بھی نہ چکھی تھی، پھر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کدال لی، پتھر پر ماری تو پتھر ریت کی مانند ہو گیا۔ پھر میں اپنی بیوی (اپنے گھر) کی طرف گیا، میں نے کہا کہ تمہارے پاس کچھ ہے، میں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سخت بھوک دیکھی ہے، تو انہوں نے ایک تھیلا نکالا جس میں ایک صاع جَو تھے، اور ہمارے پاس بکری کا بچہ تھا، میں نے اُسے ذبح کیا، میری بیوی نے جَو پیسے، ہم نے گوشت ہنڈیا میں ڈالا۔ پھر میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آہستہ سے عرض کیا یا رسول اللہ ہم نے ایک بکری کا بچہ ذبح کیا ہے اور ایک صاع جَو پیسے ہیں، آپ اپنے چند دوستوں کے ساتھ تشریف لے چلیے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز سے پکار کر فرمایا خندق والو! جلو جابر نے کھانا کھلانے کے لیے تیار کیا ہے، ہاں جلدی چلو۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا تم اپنی ہنڈیا چولہے سے نہ اتارنا اور آٹا نہ پکانا جب تک کہ میں نہ آجاؤں۔ چنانچہ آپ تشریف لائے، میں نے گندھا ہوا آٹا حضور کے سامنے رکھ دیا،

| | |
|---|---|
| فَبَصَقَ فِیْهِ وَبَارَكَ ثُمَّ عَمَدَ اِلٰی بُرْمَتِنَا فَبَصَقَ وَبَارَكَ ۔ | آپ نے لعابِ دہن شریف ڈالا اور برکت کی دُعا فرمائی پھر ہماری ہنڈیا کی طرف توجہ فرمائی اس میں لعابِ دہن ڈالا اور برکت کی دعا فرمائی۔ |

پھر فرمایا روٹی پکانے والی کو بلاؤ جو تمہارے ساتھ روٹی پکائے، اور اپنی ہنڈیا سے شوربا نکالو اور اسے نیچے نہ اُتارو۔ مجاہدین ایک ہزار تھے۔ اللہ کی قسم کھاتا ہوں کہ ان سب نے کھایا حتیٰ کہ کھانا چھوڑ دیا اور لوٹ گئے، حالانکہ ہماری ہنڈیا جیسے تھی ویسے ہی



جوش مار رہی تھی اور ہمارا آٹا پکایا جا رہا تھا جیسا کہ تھا۔ (مشکوٰۃ شریف ص۵۳۲، صحیح مسلم شریف جلد ۲ ص۱۷۸، مرقاۃ شریف جلد ۱۱ ص۱۶۹، اشعۃ اللمعات فارسی جلد ۴ ص۵۴۹، مظاہر حق جلد ۴ ص۹)

**مرقاۃ شریف** ملا علی قاری علیہ الرحمۃ نے اسی حدیث شریف کی شرح کرتے ہوئے فرمایا، وَبَارَكَ اَیْ وَدَعَا بِالْبَرَكَةِ فِیْهِ یعنی اور اس میں برکت کی دعا فرمائی۔ (مرقاۃ شریف ج ۱۱ ص۱۷۱)

**اشعۃ اللمعات** شیخ المحدثین عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ فَبَصَقَ فِیْهِ ۔ پس آپ دہن مبارک نداخت در خمیر و دعا کرد ببرکت زیادتی۔ (اشعۃ اللمعات فارسی جلد ۴ ص۵۰۲)

**حدیث شریف نمبر ۶** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اعرابی کی دعوت فرمائی، آپ نے اس کے لیے کوئی چیز طلب کی تو روٹی کا ایک ٹکڑا ملا، آپ نے اس ٹکڑے کے ٹکڑے کیے وَدَعَا اِلَیْهَا اور اس پر دعا فرمائی اور اعرابی کو فرمایا کھاؤ ــــ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اس اعرابی نے کھانا کھایا مگر کھانا بچ گیا۔

(البدایۃ والنہایۃ لابن کثیر جلد ۴ ص۱۲۰، دلائل النبوۃ للبیہقی)

**قارئین کرام!** مندرجہ بالا احادیثِ شریفہ کی روشنی میں معلوم ہوا کہ کھانے کو سامنے رکھ کر اس پر پڑھنا اور دعا مانگنا سرورِ عالم، نورِ مجسم، شفیع معظم، خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ہے۔ ختم شریف میں کھانے کے ساتھ عشاقِ رسول سُنّی لوگ پھل، پانی وغیرہ بھی رکھتے ہیں۔ کتب احادیث میں نبی پاک صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا پھلوں پر اور پانی پر بھی دعا مانگنا درج ہے۔ چنانچہ ملاحظہ ہو۔

**حدیث شریف نمبر ۷** حضرت ابو اسحاق فرماتے ہیں حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا ہم سب لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ہمراہ چودہ سو سے کچھ زائد تھے۔ ہم ایک کنوئیں پر آکر ٹھہرے تمام پانی نکال لیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ پانی ختم ہو گیا ہے، اب کیا کرنا چاہیئے۔ آپ فوراً کنوئیں کی منڈیر پر بیٹھ گئے اور فرمایا اس کے پانی کا ایک ڈول لے آؤ، جو حاضر کیا گیا ـــــ فَبَصَقَ فَدَعَا. آپ نے اپنا لعابِ دہن شریف ڈالا اور دُعا فرمائی۔ ـــــ اور تھوڑی دیر ٹھہرے، پھر تمام لوگوں نے خود بھی پانی پیا اور اپنے جانوروں کو بھی خوب جی بھر کر پانی پلایا۔ (صحیح بخاری شریف ج ۲ ص ۵۹۸، فتح الباری ج ۷ ص ۴۴۱، عمدۃ القاری ج ۱۷ ص ۲۱۲، ارشاد الساری جلد ۶ ص ۲۳۴)

پانی پر دعا مانگنے کے بعد پھلوں پر دعا مانگنا بھی نبی اکرم، خلیفۃ اللہ الاعظم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سُنّت ہے، ملاحظہ فرمائیں :۔

**حدیث شریف نمبر ۸** | سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہیں کہ:۔

رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُتِيَ بِبَاكُوْرَةِ الْفَاكِهَةِ وَضَعَ عَلٰى عَيْنَيْهِ وَعَلٰى شَفَتَيْهِ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ كَمَا اَرَيْتَنَا اَوَّلَهٗ فَاَرِنَا اٰخِرَهٗ ثُمَّ يُعْطِيْهَا مَنْ يَكُوْنُ عِنْدَهٗ مِنَ الصِّبْيَانِ۔

میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جب پہلا پھل لایا جاتا تو آپ اس کو آنکھوں اور ہونٹوں پر رکھتے اور فرماتے اے اللہ جس طرح تو نے ہمیں اس کا اوّل دکھایا اس کا آخر بھی دکھا پھر وہ پھل وہاں جو بچے موجود ہوتے ان میں تقسیم فرما دیتے۔

(مشکوٰۃ شریف ص ـــ)

**حدیث شریف نمبر ۹** | سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہیں :۔

اِذَا اُتِيَ بِاَوَّلِ الثَّمَرَةِ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا وَفِيْ ثِمَارِنَا وَفِيْ مُدِّنَا وَفِيْ صَاعِنَا بَرَكَةً مَعَ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں جب موسم کا پہلا پھل پیش کیا جاتا تو آپ دُعا فرماتے کہ اے اللہ ہمارے شہر کو ہمارے لیے



بَرَكَةٍ ثُمَّ يُنَاوِلُهٗ اَصْغَرَ مَنْ بِحَضْرَتِهٖ مِنَ الْوِلْدَانِ۔

(مسلم شریف ج ۱ ص ۴۴۲، ابن ماجہ شریف ص ۲۴۷، الادب المفرد ص ۹۵ مطبوعہ مصر)

بابرکت بنا، ہمارے پھلوں میں، ہمارے ماپ تول میں برکت ہی برکت دے پھر ان میں سے جو سب سے کم عمر ہوتا وہ پھل تقسیم فرما دیتے۔

قارئین کرام! پھلوں کے بعد دودھ پر بھی دُعا فرمانا ثابت ہے ملاحظہ فرمائیں:۔

**حدیث شریف نمبر ۱۰** | حضور پُر نور نُورٌ علیٰ نور حضرت محمد صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے متعلق ہے:۔

اِذَا شَرِبَ لَبَنًا قَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِّنْهُ۔

(عمل الیوم واللیلۃ ص ۱۷۸ مطبوعہ بیروت)

جب آپ دودھ نوش فرماتے تو دعا فرماتے اے اللہ اس میں ہمارے لیے برکت فرما اور اس سے بہتر کھلا۔

**حدیث شریف نمبر ۱۱** | امام بخاری علیہ الرحمۃ الباری نے اپنی صحیح میں باب الصلوٰۃ الامام ودُعائہٖ لِصَاحِبِ الصَّدَقَةِ میں حدیث درج فرمائی ہے:۔

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتَاهُ قَوْمٌ بِصَدَقَتِهِمْ قَالَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اٰلِ فُلَانٍ فَاَتَاهُ اَبِي الصَّدَقَةَ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اٰلِ اَبِيْ اَوْفٰى۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی قوم صدقہ لے کر آتی تو آپ اس کے لیے دعا فرماتے چنانچہ ابو اوفیٰ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے اس کے لیے دُعا فرمائی۔

(صحیح بخاری شریف جلد ۱ ص ۲۰۳)

**حدیث شریف نمبر ۱۲** | امام نووی علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب "الاذکار" میں حدیث درج فرمائی ہے کہ عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالے عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے جب کھانا آتا تو آپ یہ دعا فرماتے:۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا

اے اللہ تو نے ہمیں جو رزق دیا ہے اس میں برکت فرما

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ بِسْمِ اللّٰہِ۔ اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا بسم اللہ۔

(کتاب الاذکار ص ۱۵۵ عمل الیوم واللیلۃ ص ۱۳۵ لابن السنی مطبوعہ مصر)

قارئینِ کرام! مندرجہ بالا احادیث شریفہ سے اظہر من الشمس ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کھانا، پانی، دودھ اور پھل وغیرہ سامنے رکھ کر ان پر پڑھا بھی ہے اور دعا بھی فرمائی ہے معلوم ہوا کہ یہ سنت ہے۔ اور ختم شریف میں کھانا دودھ، پانی اور پھل وغیرہ رکھا جاتا ہے، اس پر قرآن حکیم یا قرآنی آیات طیبات پڑھی جاتی ہیں اور دعا مانگی جاتی ہے۔ بلکہ سرور کائنات، فخر موجودات، صدر بزم کائنات محمد مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء نے کھانے پر بسم اللہ پڑھنے کا حکم فرمایا ہے۔

**حدیث شریف نمبر ۱۳** حضرت عمر بن ابو سلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بچہ تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پرورش اور تربیت میں تھا، میرا ہاتھ تیزی سے رکابی کی طرف بڑھتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز مجھے فرمایا:۔

سَمِّ اللّٰہَ وَکُلْ بِیَمِیْنِکَ وَکُلْ مِمَّا یَلِیْکَ۔ بسم اللہ کہہ کر دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے پاس سے کھاؤ۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۳۶۳، صحیح بخاری شریف ص ۸۱۰ ج ۲، صحیح مسلم شریف ص ۱۷۲ ج ۲)

حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ نبی الانبیاء، خاتم الانبیاء، شافع روز جزا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنے کا حکم فرمایا ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، یہ قرآن مجید کی ایک آیت ہے، دیکھئے پ ۱۹، ع ۱۷ اس کے پڑھنے کا فائدہ بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا ہے۔

## بسم اللہ پڑھنے سے شیطان کھانے سے بھاگتا ہے

**حدیث شریف نمبر ۱۴** سیدنا حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ



صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

إِنَّ الشَّیْطٰنَ یَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ أَنْ لَّا یُذْکَرَ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ۔ جس کھانے پر اللہ کا نام نہ لیا جائے شیطان اس کھانے کو اپنے لیے حلال سمجھتا ہے۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۳۶۳، صحیح مسلم ص ۱۷۲ ج ۲)

قارئینِ کرام! حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ جس کھانے پر اللہ کا نام نہ لیا جائے، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نہ پڑھی جائے وہ کھانا شیطان کے لیے حلال ہے۔ اب آپ خود ہی اس گروہ کی نشاندہی فرمائیں جو کھانے پر پڑھنے کو بدعت اور حرام کہتے ہیں وہ کس کے ساتھی ہیں، اور کس کے طریقے پر چل رہے ہیں؟ اگر ایک آیت بسم اللہ شیطان کو ناگوار گذرتی ہے تو بیس پچیس آیات تو کبھی بھی اس کو گوارا نہ ہوں گی، وہ تو معاملہ ہی برداشت سے باہر ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ اولیاء الشیطن کو یہ کھانا پسند نہیں بلکہ اُن کے نزدیک حرام ہے لیکن سُودی رقم سے خرید کی ہوئی چیزیں بلا کسی تردد اور قباحت کے ان کے نزدیک حلال اور جائز ہیں۔ جیسا کہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی[1] نے فتویٰ دیا ہے، فتوےٰ ملاحظہ ہو۔

**سوال:۔** ہندو جو پیاؤ پانی کی لگاتے ہیں، سُودی روپیہ صرف کر کے مسلمانوں کو پانی پینا درست ہے یا نہیں؟

**جواب:۔** اس پیاؤ سے پانی پینا مضائقہ نہیں ہے۔

(فتاویٰ رشیدیہ ص ۴۹۸ مطبوعہ کراچی)

سودی روپیہ سے ہندوؤں کی پیاؤ سے پانی پینا درست ہے مگر مسلمانوں کے حلال کے روپوں سے خریدے ہوئے چاول، آٹا اور چینی سے بنائے ہوئے کھانے اور سبیل حرام ہے۔ یہی گنگوہی صاحب فرماتے ہیں۔

---

[1] مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کو اہل حدیث مسلک کے سردار مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے مجدد لکھا ہے۔ (اخبار "اہلحدیث" امرتسر ص ۱۱، ۲۸ جون ۱۹۱۲ء۔ قادری)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**سوال:** محرم میں عشرہ وغیرہ کے روز شہادت کا بیان کرنا مع اشعار بروایت صحیحہ یا بعض ضعیفہ بھی و نیز سبیل لگانا اور چندہ دینا اور شربت، دودھ بچوں کو پلانا درست ہے یا نہیں؟

**جواب:** محرم میں ذکر شہادت حسنین علیہما السلام کرنا اگرچہ بروایات صحیح ہو یا سبیل لگانا شربت پلانا یا چندہ سبیل و شربت میں دینا یا دودھ پلانا سب نادرست اور تشبہ روافض کی وجہ سے حرام ہیں۔ (فتاویٰ رشیدیہ ص۱۴۷، ۱۴۸ مطبوعہ کراچی)

اب تو کسی قسم کا شک و شبہ نہیں رہا کہ اولیاء الشیطٰن کون ہیں اور اولیاء الرحمٰن کون ہیں؟

## حدیث شریف نمبر ۱۵

سیدہ طیبہ طاہرہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص کھانا کھانے لگے اور خدا کا نام لینا بھول جائے۔

فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ ۔ پس وہ کہے بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ۔

(مشکوٰۃ شریف ص۳۶۵، جامع ترمذی جلد ۲ ص۳۲، سنن ابو داؤد ص۸۷ ج۲)

کھانے پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنے کی سرور کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات نے کتنی سخت تاکید فرمائی ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی جائے تو سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خوش اور کھانے میں برکت، نہ پڑھی جائے تو شیطان خوش اور کھانا بے برکت۔ اب جس کا جی چاہے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو راضی کرے اور جس کا جی چاہے شیطان کو راضی کرے۔

## سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کھانے پر بسم اللہ پڑھنا

علامہ محمد بن یحییٰ حلبی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت اقدس میں پندرہ آدمی حاضر ہوئے اس وقت آپ کے پاس پانچ روٹیاں تھیں، آپ نے ان روٹیوں کو توڑنے کے بعد روٹیاں اور سالن مہمانوں کے سامنے رکھا، اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ پڑھا حتیٰ کہ تمام آدمی سیر ہو گئے۔ (قلائد الجواہر ص۹۸ مطبوعہ مصر)



**قارئین کرام!** سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کھانا سامنے رکھ کر پڑھنا ثابت ہو گیا، اگر وہابی پھر گلے پھاڑ پھاڑ کر کہتے ہیں کہ پیر عبدالقادر جیلانی نے کبھی کھانا سامنے رکھ کر پڑھا ہے؟ اب قرآن کو سرکار غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ثبوت درج کر دیا ہے۔

## سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا فرمان

ابن اعبد رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ علی المرتضیٰ شیر خدا، حیدر کرار کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا اے ابن اعبد! تم جانتے ہو کہ کھانے کا کیا حق ہے؟ تو میں نے عرض کیا آپ ارشاد فرمائیں کہ کھانے کا کیا حق ہے، تو آپ نے فرمایا۔

تَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا ۔ تو کہے بسم اللہ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا۔

فرمایا تم جانتے ہو کہ شکر کیا ہے؟ تو فرمایا۔

اِذَا فَرَغْتَ تَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَاَسْقَانَا۔ جب تو کھانے سے فارغ ہو تو کہو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَاَسْقَانَا۔

(مسند امام احمد جلد ۱ ص۱۵۳)

کھانے کا حق یہ ہے کہ اس پر بسم اللہ شریف پڑھی جائے اور اللہ تعالیٰ سے دعا برکت کی مانگی جائے، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ! بزرگان اہلسنت و جماعت نے سنیوں کو یہ تعلیم دی ہے جس سے رحمٰن خوش ہوتا ہے اور شیطان بھاگ جاتا ہے۔

## کھانا سامنے رکھ کر دعا مانگنے سے نور پیدا ہوتا ہے

کھانا سامنے رکھ کر دعا مانگنے سے اس میں نورانیت پیدا ہو جاتی ہے۔ شیخ شہاب الدین سہروردی علیہ الرحمۃ اپنی کتاب مستطاب "عوارف المعارف" میں فرماتے ہیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



كَانَ بَعْضُ الْفُقَرَاءِ عِنْدَ الْأَكْلِ يَشْرَعُ فِيْ تِلَاوَةِ سُوْرَةٍ مِّنَ الْقُرْآنِ وَيَحْضُرُ الْوَقْتَ بِذٰلِكَ حَتّٰى تَتَنَغَّمُوْا أَجْزَاءُ الطَّعَامِ بِأَنْوَارِ الذِّكْرِ وَلَا يُعْقِبُ الطَّعَامُ مَكْرُوْهًا وَيَتَغَيَّرُ مِزَاجُ الْقَلْبِ۔

بعض فقراء کھانے کے وقت قرآن مجید میں سے کسی سورۃ کی تلاوت شروع کر دیتے یہ قرآن کو اس وقت یاد ہوتی یہاں تک کہ کھانے کے اجزاء ذکر کے نور سے لبریز ہو جاتے اور اس کے بعد کھانے میں کوئی خرابی بھی پیدا نہ ہوتی اور دل کا مزاج بھی بدل جاتا۔

(عوارف المعارف عربی صفحہ ۱۳۹ مطبوعہ مصر)

یہی وجہ ہے کہ وہابیوں دیوبندیوں میں کوئی ولی اللہ نہیں ہوا کیونکہ ختم شریف کا کھانا ان کے نزدیک حرام ہے۔ اور سود کے پانی کی سبیل جائز، کوا حلال، منی پاک ہے۔ نامعلوم ان کی تہذیب کیا ہے۔ اس کتاب کے آخر میں ان کی مرغوب غذائیں درج کی جائیں گی۔

## ختم شریف

اب ختم شریف میں جو کچھ پڑھا جاتا ہے اور وہابیوں دیوبندیوں کو ناگوار گذرتا ہے، وہ درج کیا جاتا ہے۔

ختم شریف میں پورا قرآنِ پاک بھی پڑھا جاتا ہے۔ اگر پورا قرآن پاک نہ پڑھا جا سکے تو سورۃ قل یاایہا الکافرون، سورۃ قل ہو اللہ احد، سورۃ قل اعوذ برب الفلق، سورۃ قل اعوذ برب الناس، سورۃ فاتحہ، سورۃ البقرہ کا پہلا رکوع پڑھا جاتا ہے، اب اِن سب کی علیحدہ علیحدہ فضیلت قرآن مجید اور کتب احادیث سے درج کی جاتی ہے۔

## آیاتِ قرآنی

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَأَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ٥ (پ ۹، ع ۱۴)

اور جب قرآنِ پاک پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم ہو۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ

اور ہم قرآن میں اتارتے ہیں وہ چیز جو



وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ٥ (پ ۱۵، ع ۹)

ایمان والوں کے لیے شفاء اور رحمت ہے۔

اب احادیث شریفہ درج کی جاتی ہیں۔

## حدیث شریف نمبر ۱

حضرت اعرج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ وَخَتَمَهٗ ثُمَّ دَعَا أَمَّنَ عَلٰى دُعَائِهٖ أَرْبَعَةُ آلَافِ مَلَكٍ ثُمَّ لَا يَزَالُوْنَ يَدْعُوْنَ لَهٗ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ إِلَى الْمَسَاءِ أَوْ إِلَى الصَّبَاحِ۔

جو قرآن پاک ختم کرے پھر دعا مانگے تو اس کی دعا پر چار ہزار فرشتے آمین کہتے ہیں، پھر اس کے لیے دعا کرتے رہتے ہیں اور مغفرت مانگتے رہتے ہیں شام سے صبح تک۔

(تفسیر روح البیان ج ۲، صفحہ ۶۶ مطبوعہ بیروت، دارمی شریف صفحہ ۴۳۶)

## حدیث شریف نمبر ۲

امام نووی شارح مسلم فرماتے ہیں کہ ابو داؤد نے دو صحیح اسناد کے ساتھ حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جو جلیل المرتبت تابعی اور امام ہیں، اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھی ہیں، فرماتے ہیں کہ۔

كَانَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ إِذَا خَتَمَ الْقُرْآنَ جَمَعَ أَهْلَهٗ وَدَعَا لَهٗ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب قرآن پاک ختم فرماتے تو اپنے اہل و عیال کو جمع کرتے اور دعا فرماتے۔

(کتاب الاذکار للنووی صفحہ ۹۹ مطبوعہ مصر، دارمی شریف ص، جلاء الافہام ص ابن قیم، الصلوٰۃ والسلام ص مصنفہ قاضی سلیمان منصورپوری)

## حدیث شریف نمبر ۳

امام نووی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ صحیح اسناد سے جلیل القدر تابعی حکم بن عتیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجاہد اور عبدہ بن ابولبابہ نے میری طرف پیغام بھیجا۔

أَنَا أَرَدْنَا أَنْ نَّخْتِمَ الْقُرْآنَ وَالدُّعَاءُ يُسْتَجَابُ عِنْدَ خَتْمِ الْقُرْآنِ۔

ہم ختم قرآن پاک کا ارادہ رکھتے ہیں اور ختم قرآن کے وقت دعا مستجاب ہوتی ہے۔

(کتاب الاذکار صفحہ ۹۹ مطبوعہ مصر)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



قرآن پاک کے ختم کے وقت لوگوں کو جمع کرنا اور دعا مانگنا اور اس کی فضیلت کے بعد سورۃ قُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ کی فضیلت پڑھیے ۔

**حدیث شریف نمبر۴** سیدالمفسرین عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ تَعْدِلُ نِصْفَ الْقُرْاٰنِ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ وَقُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ تَعْدِلُ رُبُعَ الْقُرْاٰنِ ۔

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ آدھے قرآن پاک کا ثواب رکھتی ہے اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تہائی قرآن پاک کا ثواب رکھتی ہے اور قُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ چوتھائی قرآن پاک کا ثواب رکھتی ہے

(جامع ترمذی صفحہ ۱۱۳ ج ۲)

## سورۂ اخلاص کی فضیلت میں حدیث شریف نمبر۵

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا تم سے کوئی تہائی قرآن پڑھ سکتا ہے؟ تو ہم نے عرض کیا یارسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم) تہائی قرآن پاک کیونکر پڑھ سکتا ہے تو آپ نے فرمایا :-

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ ۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تہائی قرآن کے برابر ہے ۔

(مسلم شریف صفحہ ۲۷۱ ج ۱ مشکوٰۃ شریف صفحہ ۱۸۵)

**حدیث شریف نمبر۶** سیدنا انس رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :-

مَنْ یَقْرَاُ کُلَّ یَوْمٍ مِائَتَیْ مَرَّةٍ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ مُحِیَ عَنْهُ ذُنُوْبُ خَمْسِیْنَ سَنَةً اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ عَلَیْهِ دَیْنٌ ۔

جو دن میں دو سو مرتبہ قل ہو اللہ احد کی تلاوت کرتا ہے اُس کے پچاس سال کے گناہ سوائے قرض کے بخش دیئے جاتے ہیں ۔

(جامع ترمذی صفحہ ۱۱۳ ج ۲ مشکوٰۃ شریف صفحہ ۱۸۶)



**حدیث شریف نمبر۷** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی معیت میں آیا، آپ نے ایک شخص کو قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۔ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ۔ پڑھتے ہوئے سُنا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :-

وَجَبَتْ فَسَئَلْتُهٗ مَاذَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الْجَنَّةُ ۔

اس کے لیے واجب ہوگئی میں نے عرض کیا یارسول اللہ کیا چیز واجب ہوگئی تو آپ نے فرمایا جنت ۔

(نسائی شریف)

**قارئین کرام!** اب قرآن حکیم کی آخری دو سورتیں جو کہ ختم شریف میں پڑھی جاتی ہیں جن کو معوذتین کہا جاتا ہے یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۔ کی فضیلت احادیث شریفہ سے درج کی جاتی ہے ۔

## معوذتین کی فضیلت میں حدیث شریف نمبر۸

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اونٹ کو چلاتا تھا تو آپ نے فرمایا اے عقبہ!

اَلَا اُعَلِّمُكَ خَیْرَ سُوْرَتَیْنِ قُرِئَتَا فَعَلَّمَنِیْ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝

کیا میں تجھ کو دو بہترین سورتیں نہ سکھاؤں، پھر آپ نے مجھے قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ سکھائیں ۔

(ابوداؤد شریف صفحہ ۲۰۶ ج ۱)

**حدیث شریف نمبر۹** صحیح مسلم شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :-

اَلَمْ تَرَ اٰیٰتٍ اُنْزِلَتِ اللَّیْلَةَ لَمْ یُرَ مِثْلُهُنَّ قَطُّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

آج کی رات عجیب بابرکت سورتیں نازل ہوئی ہیں جن سے بہتر اور نہیں ہیں اور وہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



بِرَبِّ النَّاسِ ہیں۔
(مشکوٰۃ شریف ص ۱۸۶)

معوذتین کے بعد سورۃ فاتحہ کی فضیلت میں حدیث شریف درج کی جاتی ہے۔

**سورۃ فاتحہ کی فضیلت میں حدیث شریف نمبر ۹** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اُمُّ الْقُرْاٰنِ اُمُّ الْکِتٰبِ وَالسَّبْعُ الْمَثَانِیْ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ قرآن کی اصل ہے، ام الکتاب ہے اور سات دہرائی جانے والی آیات ہیں۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۱۸۶، ابوداؤد ص ۱۴۶ ج ۱)

**حدیث شریف نمبر ۱۰** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سورۃ فاتحہ کے متعلق ارشاد فرمایا:-

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ مَا اُنْزِلَتْ فِی التَّوْرٰةِ وَلَا فِی الْاِنْجِیْلِ وَلَا فِی الزَّبُوْرِ وَلَا فِی الْقُرْاٰنِ مِثْلُهَا وَاِنَّهَا مَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِیْمُ الَّذِیْ اُعْطِیْتُهٗ۔

مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ میں میری جان ہے اس سے بہتر کوئی سورت انجیل، زبور اور قرآن میں نازل نہیں ہوئی، یہ سبع مثانی ہے، اور قرآن عظیم ہے جو مجھے عطا ہوا ہے۔

(جامع ترمذی شریف ص ۱۱۱ ج ۲)

**حدیث شریف نمبر ۱۱** حضرت ابوسعید بن معلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا ہم تمہیں مسجد سے نکلنے سے پہلے ایک سورۃ بتائیں گے جو قرآن مجید کی تمام سورتوں سے افضل ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ لیا جب ہم مسجد سے باہر نکلنے لگے تو میں نے عرض کیا۔



یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ قُلْتَ لَاُعَلِّمَنَّكَ اَعْظَمَ سُوْرَةٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ هِیَ السَّبْعُ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِیْمُ الَّذِیْ اُوْتِیْتُهٗ۔

یارسول اللہ آپ نے فرمایا تھا کہ ہم تمہیں قرآن کی سب سے افضل سورت بتلائیں گے، آپ نے فرمایا وہ سورۃ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ہے اور سبع مثانی ہے، اور قرآن عظیم ہے جو مجھے دی گئی ہے۔

(صحیح بخاری شریف ص ۶۴۲، فتح الباری ص ۱۵۶ ج ۸، عمدۃ القاری ص ۸۰ ج ۱۸، ارشاد الساری ص ۵ ج ۷، مشکوٰۃ شریف ص ۱۸۴، اشعۃ اللمعات فارسی ج ۲ ص ۱۴۵، مرقاۃ شریف ج ۴ ص ۳۲۴)

**قارئین کرام!** جملہ مستند تفاسیر میں سورۃ الفاتحہ کی تفسیر پڑھ کر دیکھیں تو اس فضیلت پر ایک مستقل کتاب بن جاتی ہے۔ آخر میں ایک حدیث درج کی جاتی ہے جس میں سرور عالم، نور مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا طریقہ بیان ہے۔ اور یہ حدیث امام جلال الدین سیوطی[1] علیہ الرحمۃ نے درج کی ہے۔

**حدیث شریف نمبر ۱۲** كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَتَمَ فَقَرَاَ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ افْتَتَحَ مِنَ الْحَمْدُ ثُمَّ قَرَاَ مِنَ الْبَقَرَةِ اِلٰی اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔ ثُمَّ دَعَا بِدُعَاءِ الْخَتْمَةِ۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب ختم فرماتے تو پڑھتے قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور شروع بِسْمِ اللّٰهِ سے فرماتے تھے اور پھر سورۃ بقرہ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ تک پڑھتے پھر دعا ختم فرماتے۔

(عمل الیوم واللیلۃ ص ۲۵ مطبوعہ مصر)

احادیث شریفہ کے بعد اب وہابیوں کے گھر کی گواہی پیش کی جاتی ہے، تاکہ منکرین کو اپنی غلطی اور ہٹ دھرمی کا احساس ہو جائے۔

---

[1] علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ کے متعلق مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی اہلحدیث رقمطراز ہیں کہ ساتویں صدی کے متفقہ مجدد ہیں۔ (الکواکب المضیئہ ص ۱۳)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



## نواب صدیق حسن بھوپالی کی گواہی

یہ وہ شخصیت ہیں جن کو مولوی فضل الرحمٰن صاحب کے استاذ ابراہیم صاحب میر سیشیخ شیوخنا کے معزز لقب سے یاد کرتے ہیں، فرماتے ہیں:۔

شیخ در ترجمہ گفتہ در آثار قرأت فاتحۃ الکتاب و معوذتین و قل ہو اللہ احد گردانیدن ثواب برائے اہلِ مقابر آمدہ است و اختلاف کردہ اند در گردانیدن ثوابِ قرآن برائے میت و وصول ثوابِ آں بدو و صحیح وصول اوست شیخ عبداللہ یافعی در روض الریاحین آوردہ کہ شیخ محی الدین عبدالسلام را در خواب دیدند گفت ما در دُنیا حکم کردہ بودیم کہ ثوابِ قرآن بمیت نمی رسد اینجا عکس آں ظاہر شد و دریافتم کہ مے رسد۔

شیخ نے ترجمہ میں لکھا ہے کہ آثار میں سورۃ فاتحہ، اور معوذتین اور قل ہو اللہ احد کا پڑھنا اور ان کا قبروں والوں کو ثواب پہنچانا آیا ہے اور قرآن مجید کا ثواب میت کو پہنچانے اور اس کے پہنچنے میں اختلاف کیا ہے، اور صحیح یہ ہے کہ ثواب پہنچتا ہے، شیخ عبداللہ یافعی روض الریاحین میں کہتے ہیں کہ شیخ محی الدین عبدالسلام کو لوگوں نے خواب میں دیکھا انہوں نے کہا ہم نے دُنیا میں فتویٰ دیا تھا کہ قرآن کا ثواب میت کو نہیں پہنچتا یہاں اس کے برعکس پایا ہے اور یہیں معلوم ہوا ہے کہ ثواب پہنچتا ہے۔

(مسک الختام شرح بلوغ المرام صفحہ مصنفہ نواب صدیق حسن بھوپالی)

قارئینِ کرام! غیر مقلدین حضرات کے مجدد نواب صدیق حسن بھوپالی نے بھی ایصالِ ثواب کے لیے ان سورتوں کا پڑھنا اسلاف کا طریقہ لکھا ہے۔ اور نبی پاک صاحبِ لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان ہے:۔

مَا رَآہُ الْمُسْلِمُوْنَ حَسَنًا فَھُوَ عِنْدَ اللّٰہِ حَسَنٌ۔

جو چیز اللہ کے نیک مسلم بندوں کے نزدیک اچھی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی اچھی ہے۔

(تفسیر کبیر ص، تفسیر مواہب الرحمٰن پ ۱۶، مستدرک ج ۳ ص ۷۸، البدایہ والنہایہ لابن کثیر ج ۱۰ ص ۳۲۸، ابوداؤد طیالسی ص ۳۳، مجمع الزوائد ج ۱ ص ۱۷۸، اعلام الموقعین لابن قیم ج ۱ ص ۷۹، بستان العارفین سمرقندی ص ۱۴۳، مرقات باب الاعتصام، کتاب الروح لابن قیم ص ۱۰، الزیلعی ج ۴ ص ۱۳۳، ریاض النضرۃ ج ۱ ص ۱۹۰، مولانا محمد رد المحتار الشامی ج ۳ ص ۲۵۵، ج ۵ ص ۱۳۲، الدرایہ لابن حجر عسقلانی ص ۲۹۶، جماعت شاہ ولی اللہ ص ۲۹ ،



مجموعۃ الرسائل والمسائل النجدیہ ج ۱ ص ۲۸۰، کتاب الموفق۔ تمۃ التحقیق للشیخ ابراہیم المالکی ص ۹۵، البقعۃ ابجلا للعلامہ محمد جمال الدین دمشقی ج ۱ ص ۱۹ مطبوعہ مصر، تحریر العینین فارسی شاہ ولی اللہ، فتاویٰ ستاریہ از عبدالستار دہلوی، تفسیر کبیر از امام فخر الدین رازی علیہ الرحمۃ، الستیٰ المطالب از امام محمد بن سید درویش علیہ الرحمۃ، اہلحدیث امرتسر ۳، دسمبر ۱۹۱۵ء، حلیۃ الاولیاء ابونعیم، طبرانی۔

## مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کا عقیدہ

امام ربانی، غوث صمدانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ النورانی مکتوبات شریف میں فرماتے ہیں:۔

ایضاً پرسیدہ بودند کہ ختم کلام اللہ کردن و نمازِ نفل گذاردن و تسبیح و تہلیل کردن و ثوابِ آں را بوالدین یا باستاد یا باخوان دادن بہتر است یا باکسے نہ دادن بہتر است بدانند کہ دادن بہتر است کہ ہم نفع بغیر ست و ہم نفع بخود و در نا دادن نفع مخصوص بخود است و نیز شاید بطفیل دیگراں کہ ہم نفع آں عمل را قبول فرمائیند۔

آپ سے پوچھا تھا کہ کلام اللہ ختم کرنا اور نفل نماز پڑھنا اور تسبیح و تہلیل کرنا اور اس کا ثواب والدین یا استاذ یا بھائیوں کو بخشنا بہتر ہے؟ جان لینا چاہیئے کہ ثواب بخش دینا بہتر ہے اس لیے اس میں دُوسروں کا بھی نفع ہے اور اپنا بھی فائدہ ہے اور نہ بخشنے میں صرف اپنا فائدہ ہے اور یہ بھی ہے کہ شاید دُوسرے کی طفیل اس کا بھی عمل قبول ہو جائے۔

(مکتوبات شریف فارسی ص ۲۲ دفتر دوم، مطبوعہ امرتسر)

سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہ النورانی اپنا واقعہ بیان فرماتے ہیں، جو کہ درج ذیل ہے:۔

پیش ازیں بچند سال داب فقیر آں بودہ کہ اگر طعام مے پخت مخصوص روحانیت مطہرہ آلِ عبا می ساخت و بآں سرور حضرت امیر و حضرت فاطمہ و حضرات امامین را شامل میکرد علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات۔ شبے در خواب می بیند کہ آں سرور حاضر است علیہ و آلہ الصلوٰۃ والسلام فقیر برایشاں سلام میکند، متوجہ فقیر نمیشوند و در بجانب دیگر دارند۔ دریں اثنا بفقیر فرمودند کہ من طعام در خانۂ عائشہ می خورم ہر کہ مرا طعام فرستد بخانۂ عائشہ فرستد ایں زمان فقیر دریافت کہ سبب عدم توجہ شریف

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ایشاں آں بودہ کہ فقیر حضرت صدیقہ را در آں طعام شریک نمی ساخت بعد ازاں حضرت صدیقہ را بلکہ سائر ازواج مطہرات را کہ ہمہ اہلبیت اند شریف مے ساخت و بجمیع اہلبیت توسل نمود۔

(ترجمہ) اس سے چند سال پہلے فقیر کی عادت تھی کہ کھانا پکاتا تھا تو آلِ عبا کی روحانیت مطہرہ کے لیے مخصوص کرتا تھا اور ایصال ثواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ حضرت امیر المؤمنین علی المرتضیٰ حضرت سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا اور حضرت امامین کریمین حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو شامل کرتا تھا۔ ایک رات یہ فقیر خواب دیکھتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف فرما ہیں، فقیر آپ کو سلام عرض کرتا ہے، آپ فقیر کی طرف توجہ نہیں فرماتے اور رُخِ انور کو بجائے فقیر کی طرف کے دوسری طرف رکھتے ہیں، اسی دوران فقیر سے ارشاد فرمایا ہم کھانا عائشہ کے گھر سے کھاتے ہیں، جو شخص ہمیں کھانا بھیجے عائشہ کے گھر بھیجے، اس وقت فقیر کو معلوم ہو گیا کہ توجہ شریف نہ مبذول فرمانے کی وجہ یہ تھی کہ فقیر اس کھانے میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو شریک نہ کرتا تھا۔ اس کے بعد حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا بلکہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی باقی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کو بھی تمام اہلبیت اطہار علیہم الرضوان کے ساتھ شریک کرنا اور تمام اہلبیت سے توسل کرنا۔

(مکتوبات شریف فارسی دفتر دوم مکتوب ۳۶ ص ۵۹)

## حضرت مجدد اور مکتوبات غیروں کی نظر میں

قارئین کرام! حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ جن کو دیوبندی اور غیر مقلدین حضرات کے مجدد مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی قتیل نے "صراط مستقیم" فارسی کے صفحہ ۱۶۳ پر امام ربانی اور قیوم زمانی کے معزز القاب سے نوازا ہے۔ اہلحدیث غیر مقلدین حضرات کے حافظ عبداللہ روپڑی اور مولوی داؤد غزنوی نے مجدد کے معزز لقب سے یاد کیا ہے، ان کا طریقہ اور عمل آپ نے ملاحظہ فرمایا، اور جس کتاب مکتوبات شریف میں انہوں نے اپنا یہ واقعہ درج فرمایا ہے، اس مکتوبات شریف کے متعلق غیر مقلدین اہل حدیث حضرات کے حافظ عبداللہ روپڑی اپنے خیالات کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں:۔

"حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اپنے مکتوبات میں توحید و سنت کی ترغیب



اور شرک و بدعت کی تردید اور اعمالِ شرکیہ اور بدعقیدہ کی جس عمدگی سے نشاندہی فرمائی ہے یہ انہی کا حصہ ہے۔ اور ایمان اور اعتقاد کی سلامتی کیلئے صحابہ کرام اور علمائے سلف کے تعامل کا جو سنہری اصول پیش فرمایا ہے یہ ہر قسم کے الحاد اور گمراہی کی شناخت کے لیے راہنما بھی ہے، اور اس سے بچنے کے لیے تریاق بھی ہے۔" (ہفت روزہ تنظیم اہلحدیث ص ۳ ۱۳ نومبر ۱۹۵۹ء)

"تنظیم اہلحدیث" کے بعد ہفت روزہ "الاعتصام" جو کہ مولوی داؤد غزنوی کی زیرِ سرپرستی شائع ہوتا ہے، اس میں درج ہے کہ:۔

"حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات میں علوم و معارف اور حقائق و اسرار کے خزانے پنہاں ہیں۔" (ہفت روزہ "الاعتصام" ص ۳ جون ۱۹۵۵ء)

اب تو دیوبندی اور وہابیوں کو ختم شریف اور توسل سے دُعا کرنے کی مخالفت چھوڑ دینی چاہیئے اور اس کو شرک و بدعت کہنے سے اجتناب کرنا چاہیئے، کیونکہ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ النورانی توحید و سنت کی ترغیب اور شرک و بدعت کی تردید اور اعمال شرکیہ اور بدعقیدہ کی نشاندہی فرمانے والے ہیں، اور ایمان و اعتقاد کی سلامتی کے لیے سنہری اصول پیش فرمانے والے ہیں۔

مولوی فضل الرحمٰن صاحب کو چاہیئے کہ اپنے حلقہ و احباب میں یہ ختم شریف والا سلسلہ جاری فرمائیں۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ تو پنجتن پاک کے ختم شریف کا اہتمام فرماتے تھے اور بڑے اہتمام سے اسماء شریفہ کا تذکرہ انہوں نے فرمایا ہے۔ اس واقعہ سے یہ بھی واضح ہوا کہ سرور عالم، نور مجسم، شفیع معظم علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام کو ختم شریف میں جن جن حضرات کا نام لیا جاتا ہے، ان کا بھی علم شریف ہے، یہ بھی وہابیوں کے لیے ایک اور سر درد ہے۔ اگر غیرت ہو تو اپنے عقائد باطلہ سے تائب ہو کر مسلک حق اہلسنت و جماعت قبول فرمالیں۔

مولوی فضل الرحمٰن صاحب نے جس "ردالمحتار" کا نام اپنے رسالہ میں دیا ہے اسی "ردالمحتار" سے علامہ شامی علیہ الرحمۃ کا ارشاد بھی ملاحظہ فرمائیں:۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



## علامہ شامی نقشبندی کا بیان

علامہ ابن عابدین شامی نقشبندی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ:۔

| | |
|---|---|
| وَيَقْرَءُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا تَيَسَّرَ لَهٗ مِنَ الْفَاتِحَةِ وَاَوَّلِ الْبَقَرَةِ اِلَى الْمُفْلِحُوْنَ وَاٰيَةِ الْكُرْسِيِّ وَاٰمَنَ الرَّسُوْلُ وَسُوْرَةِ يٰسٓ وَتَبَارَكَ الْمُلْكُ وَسُوْرَةِ التَّكَاثُرِ وَالْاِخْلَاصِ اِثْنَىْ عَشَرَ مَرَّةً اَوْ اِحْدٰى عَشَرَ اَوْ سَبْعًا اَوْ ثَلَاثًا ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَوْصِلْ ثَوَابَ مَا قَرَاْنَا اِلٰى فُلَانٍ۔ | اور قاری سے جو اس کے لیے آسان ہو وہ قرآن میں سے پڑھے، فاتحہ، سورۃ بقرہ کا اوّل مفلحون تک، آیۃ الکرسی، امن الرسول، سورۃ یٰسین، سورۃ الملک، سورۃ التکاثر، سورۃ الاخلاص بارہ یا گیارہ یا سات یا تین مرتبہ پڑھے پھر دعا میں کہے اے اللہ جو کچھ میں نے پڑھا ہے اس کا ثواب فلاں کو پہنچا۔ |

(ردالمختار ۸۴۴ ج ۱ مطبوعہ مصر)

## شیخ[1] عبدالحق محدث دہلوی

علامہ شامی علیہ الرحمۃ کے بعد شیخ المحدثین عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ القوی کا ارشاد مبارک ملاحظہ فرمائیں۔

محدث دہلوی علیہ الرحمۃ امام الاولیاء وزیر الدین علیہ الرحمۃ کا معمول مبارک بیان فرماتے ہیں کہ:۔

"گویند کہ وے را شب جمعہ بروح مطہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقدار چندیں برنج قبوے می پختند کہ بر بنجے سہ مرآت قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد خواندہ می دہیدند۔"

(ترجمہ) کہتے ہیں کہ حضرت وزیر الدین رحمۃ اللہ علیہ جمعرات کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی روح مطہرہ کیلئے زردہ پکاتے اور چاولوں کے اوپر تین بار قل ہو اللہ احد شریف پڑھتے۔ (اخبار الاخیار شریف ۲۴۳ مطبوعہ دیوبند)

---

[1] مولوی اشرف علی تھانوی نے شیخ کو نبی پاک کی بارگاہ کا حضوری لکھا ہے۔ (افاضات الیومیہ)



شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے بعد شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ والحسن کے متعلق مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے لکھا ہے کہ تمام اہلحدیث ہند کے اُستاذ اعلیٰ ہیں) کے ارشادات اور فرمودات پیش کیے جاتے ہیں "تاکہ مخالفین اپنی ضد اور ہٹ دھرمی سے باز آجائیں اور اولیاء اللہ جس طریق پر گامزن تھے اُسی طریق پر گامزن ہو جائیں۔

## شاہ ولی[1] اللہ سے ثبوت

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے بھی کھانے پر فاتحہ پڑھنا اپنی کئی کتب میں درج فرمایا ہے۔ "زبدۃ النصائح" میں فرماتے ہیں کہ:۔

"اگر مالیدہ و شیر برنج بنا بر فاتحہ بزرگے بقصد ایصال ثواب بروح ایشاں

---

[1] شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے متعلق نواب صدیق حسن بھوپالی غیر مقلدین کے سرخیل لکھتے ہیں کہ اگر وجود او در صدر اول در زمانہ ماضی میبود امام الائمہ و تاج المجتہدین شمردہ میشود (اتحاف النبلاء ص۲۹۶) سردار الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری لکھتے ہیں کہ شاہ ولی اللہ نے تمام عمر قرآن پاک کے ایک ایک لفظ کی تفسیر و معانی کی تحقیق اور بیان میں صرف کر دی۔ (اہلحدیث امرتسر ۱۸ ص ۳ اکتوبر ۱۹۲۰ء) مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی رقمطراز ہیں کہ شاہ ولی اللہ صاحب سے خدا تعالیٰ نے ہندوستان پر خاص فضل کیا اور ان (وہابیوں) کے لیے مایۂ ناز اور جائے فخر بنایا۔ (اہلحدیث امرتسر ص۹ ۱۲ جون ۱۹۱۲ء) نیز ابراہیم میر نے شاہ ولی اللہ کو نعمت الٰہی لکھا ہے (اہلحدیث امرتسر ۱۲ جون ۱۹۱۲ء) امام الوہابیہ والدیابنہ اسماعیل دہلوی قتیل نے شاہ ولی اللہ (باقی اگلے صفحہ پر)

(بقیہ صفحہ ۱۴۲ کا) چرچا ہوا اور محدثین کے مسلک کی اشاعت ہوئی۔ (الاعتصام ص ۴ جنوری ۱۹۵۹ء) وہابیہ کے مشہور راہنما ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی لکھتے ہیں کہ شاہ ولی اللہ نے دین کو دُنیا۔ نے اسلام کے سامنے پھر اُسی طرح کے مطابق آشکارا کیا جو محدثین کرام کا شعار تھا۔ آپ نے ترویج حدیث کے لیے وہ راہیں اختیار کیں جن پر ان سے پہلے کبھی ان کے معاصر ہندوستانی علماء کی توجہ نہ ہو سکی۔ (ہندوستان میں اہلحدیث کی علمی خدمات ص۱۱) ابراہیم میر سیالکوٹی نے آپ کو علی الاطلاق بارھویں صدی کا مجدد لکھا ہے۔ نواب صدیق حسن نے بھی مجدد لکھا ہے۔ (تاریخ اہلحدیث ص۴۱۶ اتحاف)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



پزندہ بخورانند مضائقہ نیست جائز است وطعام نذر اللہ اغنیاء را خوردن حلال نیست واگر فاتحہ بنام بزرگے دادہ شود پس اغنیاء را ہم خوردن دراں جائز است۔"

(ترجمہ) اگر ملیدہ (حلوہ) یا پکر کھیر وغیرہ پر کسی بزرگ کی روح کو ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ پڑھ کر کسی کو کھلا دیں تو کوئی حرج نہیں ہے، نیز اللہ تعالےٰ کی نیاز کا کھانا اغنیاء کو جائز نہیں اور اگر کسی بزرگ کی فاتحہ کا کھانا ہو تو امیروں کو کھانا جائز ہے۔ (زبدۃ النصائح صفحہ ۱۳۲)

## اِنتباہ فی سلاسل اولیاء

میں فرماتے ہیں کہ:۔

"پس دہ مرتبہ درود خوانند ختم تمام کنند و بر قدرے شیرینی فاتحہ بنام خواجگان چشت عموماً بخوانند و حاجت از خدا تعالیٰ سوال نمائیند ہمیں طور ہر روز مے خواندہ باشند، انشاء اللہ تعالیٰ در ایام معدود مقصود بحصول انجامد۔"

(ترجمہ) دس دفعہ درود شریف پڑھے اور ختم تمام کرے اور تھوڑی شیرینی پر فاتحہ عام خواجگانِ چشت کے نام سے پڑھے اور اپنی حاجت اللہ تعالےٰ سے عرض کرے، اس طرح روزانہ کرے، انشاء اللہ چند یوم میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

(انتباہ فی سلاسل اولیاء صفحہ ۱۱۴)

## ہمعات

میں فرماتے ہیں کہ:۔

"ازیں جاست حفظ اعراس مشائخ و مواظبت قبور ایشاں والتزام فاتحہ خواندن وصدقہ دادن برائے ایشاں۔"

(ترجمہ) اس جگہ ہے کہ مشائخ کے عرسوں کو یاد رکھا جائے اور اُن کے مزارات پر حاضری دینا اور فاتحہ پڑھنے اور ان کے لیے صدقہ خیرات دینے کو ضروری سمجھے۔

(ہمعات فارسی صفحہ ۵۸ مطبوعہ حیدر آباد سندھ)

اسی رسالہ میں دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ:۔



"بارواح طیبہ مشائخ متوجہ شود و برائے ایشاں فاتحہ بخواند یا بزیارت قبر ایشاں رود و از انجا انجذاب دریوزہ کند۔"

(ترجمہ) مشائخ کی ارواحِ طیبہ کی طرف متوجہ ہو کر اُن کے لیے فاتحہ پڑھے یا اُن کی قبور کی زیارت پر والہانہ اور عقیدتمندانہ انداز سے جائے اور بھیک مانگے۔

(ہمعات، فارسی صفحہ ۳۴)

## شاہ عبدالعزیز دہلوی

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے بعد ان کے صاحبزادے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ القوی کی کتابوں سے کھانے پر فاتحہ پڑھنے اور اُس کو کھانے کا ثبوت پیش کیا جاتا ہے، ملاحظہ فرمائیں:۔

## تفسیر عزیزی

شاہ عبدالعزیز دہلوی علیہ الرحمۃ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ:۔

"وارد است کہ مردہ دریں حالت مانند غریقے است کہ انتظار فریاد رسی مے برد و صدقات وادعیہ وفاتحہ دریں وقت بسیار بکار او مے آید۔"

(ترجمہ) وارد ہے کہ مردہ اس حالت میں اس ڈوبنے والے کی مانند ہوتا ہے جو کسی فریاد رس کے انتظار میں ہو، صدقات، دُعائیں اور فاتحہ اس وقت مردے کے بہت کام آتی ہیں۔ (تفسیر عزیزی، فارسی صفحہ ۔ پ ۳۰)

## تحفہ اثنا عشریہ

میں شاہ عبدالعزیز صاحب فرماتے ہیں کہ:۔

"حضرت امیر و ذریہ طاہرہ او را تمام اُمت بر مثال پیران و مرشدان مے پرستند و امور تکوینیہ را وابستہ بایشاں مے دانند و درود و صدقات و نذر بنام ایشاں رائج و معمول گردید چنانچہ با جمیع اولیاء اللہ ہمیں معاملہ است۔"

(ترجمہ) حضرت امیر علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ذریّۃ طاہرہ کو تمام اُمت پیروں اور مرشدوں کی طرح پیار کرتے ہیں اور امورِ تکوینیہ کو ان سے وابستہ جانتے ہیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



فاتحہ، درود، صدقات اور ان کے نام کی نذریں امت میں رائج ہیں اور معمول ہو گئیں، چنانچہ تمام اولیاء اللہ سے امت کا یہی معاملہ ہے۔ (تحفہ اثنا عشریہ فارسی مطبوعہ دہلی)

**فتاوی عزیزی** میں فرماتے ہیں کہ:۔

"اگر زیارت و تبرک بقبور صالحین و امداد ایشاں بایصال ثواب و تلاوت قرآن و دعائے خیر و تقسیم طعام و شیرینی امر مستحسن و خوب است باجماع علماء"

(ترجمہ) ہاں زیارت کرنا اور قبور صالحین سے برکت حاصل کرنا، تلاوت قرآن پاک، دعائے خیر، تقسیم طعام اور شیرینی کے ایصال ثواب سے ان کی درجات کی بلندی کیلئے امداد کرنا مستحسن اور محبوب ہے، اس پر علماء کا اجماع ہے۔ (فتاوی عزیزی ج ۱)

فتاوی عزیزی میں ہی فرماتے ہیں کہ:۔

"طعامے کہ ثواب آں نیاز حضرت امامین نمایند و برآں فاتحہ و قل و درود خوانند تبرک مے شود خوردن آں بسیار خوب است"

(ترجمہ) وہ کھانا کہ جس نیاز کا ثواب امامین (سیدنا امام حسن اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہما) کو پہنچاتے ہیں اور اس پر فاتحہ، قل اور درود شریف پڑھتے ہیں، متبرک ہو جاتا ہے جس کا کھانا بہت خوب اور بہتر ہے۔ (فتاوی عزیزی فارسی ج ۱ مطبوعہ دہلی)

"آنکہ بہیئت اجتماعیہ مردماں کثیر جمع شوند و ختم کلام اللہ کنند و فاتحہ بر شیرینی و طعام نمودہ تقسیم درمیان حاضراں نمایند ایں قسم معمول در زمانہ پیغمبر خدا و خلفائے راشدین نبود، اگر کسے ایں طور بکند باک نیست زیرا کہ دریں قسم قبحے نیست بلکہ فائدہ احیاء و اموات را حاصل مے شود"

(ترجمہ) وہ جو اجتماعی صورت میں بہت لوگ جمع ہوتے ہیں اور ختم قرآن کرتے ہیں، اور کھانے اور شیرینی پر فاتحہ پڑھ کر حاضرین میں تقسیم کرتے ہیں، یہ قسم پیغمبر خدا اور خلفاء راشدین کے زمانہ میں معمول نہ تھی۔ اگر کوئی شخص اس طرح کرے تو کوئی حرج نہیں اس لیے کہ اس قسم میں کوئی قباحت نہیں ہے بلکہ زندہ اور مردوں کو اس سے



فائدہ پہنچتا ہے۔ (فتاوی عزیزی ج ۱ مطبوعہ دہلی)

## شاہ عبدالعزیز دہلوی کا اپنے گھر محافل ختم منعقد کرنا

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ ہر سال دو مجلسیں اپنے گھر کرتے تھے، خود ہی تذکرہ فرماتے ہیں کہ:۔

"در تمام سال دو مجلس در خانہ فقیر منعقد میشوند مجلس ذکر وفات شریف و مجلس شہادت حسنین رضی اللہ عنہما اول کہ مردم روز عاشورہ یا یک دو روز پیش ازیں قریب چہار صد کس یا پانصد بلکہ ہزار فراہم مے آیند و درود مے خوانند بعد ازاں کہ فقیر مے آید مے نشیند ذکر فضائل حسنین رضی اللہ عنہما کہ در حدیث شریف وارد شدہ در بیان مے آید و آنچہ در احادیث اخبار شہادت ایں بزرگان و تفصیل بعضے حالات و بدحالی قاتلان ایشان وارد شدہ مذکور میشود بایں تقریب بعضے مرثیہ ہا کہ از مردم غیر یعنی جن و پری حضرت ام سلمہ و دیگر صحابہ شنیدہ اند نیز مذکور مے شود خوابہائے متوحش کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما و دیگر صحابہ دیدہ اند و دلالت بر فرط حزن و اندوہ روح مبارک جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم میکنند مذکور میگردد بعد ازاں ختم قرآن مجید و پنج آیت خواندہ بر ما حضر فاتحہ نمودہ مے آید و دریں بین اگر شخصے خوش الحان سلام میخواند یا مرثیہ مشروع ایں اتفاق میشود ظاہر است کہ دریں بین اکثر حضار مجلس را و ایں فقیر را ہم رقت و بکا لاحق میشود اینست قدرے کہ بعمل مے آید پس اگر ایں چیزہا نزد بہمیں وضع کہ مذکور شد جائز نمے بود اقدام براں اصلا نمیکردیم"

(ترجمہ) سال میں دو مجلسیں فقیر (شاہ عبدالعزیز دہلوی) کے مکان میں منعقد ہوا کرتی ہیں، مجلس ذکر وفات شریف اور مجلس شہادت حسنین رضی اللہ تعالی عنہما اور یہ مجلس بروز عاشورہ یا اس سے دو ایک دن قبل ہوتی ہے، چار پانچ سو آدمی بلکہ ہزار

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



آدمی جمع ہوتے ہیں اور درود شریف پڑھتے ہیں، اس کے بعد جب فقیر آتا ہے تو لوگ بیٹھتے ہیں اور فضائلِ حسنین رضی اللہ عنہما کا ذکر جو حدیث شریف میں وارد ہے، بیان کیا جاتا ہے، اور جو کچھ احادیث میں ان بزرگوں کی شہادت کا ذکر ہے اور روایاتِ صحیحہ میں جو کچھ تفصیل بعض حالات کی ہے، اور ان حضرات کے قاتلوں کی بدعنوانی کا بیان ہے، وہ ذکر کیا جاتا ہے۔ بعض تکلیفیں جو ان حضرات کو ہوئیں جو کہ روایتِ معتبرہ سے ثابت ہیں، بیان کی جاتی ہیں۔ اور اس ضمن میں بعض مرثیہ جو جن و پری سے حضرت ام سلمہ و دیگر صحابی نے سنا ہے، وہ بھی ذکر کیا جاتا ہے۔ اور وہ خواب ہائے وحشتناک ذکر کیے جاتے ہیں جو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور دیگر صحابی نے دیکھے تھے کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جنابِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کو اس واقعہ سے نہایت رنج و الم ہوا۔ پھر ختم قرآن مجید کیا جاتا ہے اور پنج آیت پڑھ کر کھانے کی جو چیز موجود ہوتی ہے اس پر فاتحہ کیا جاتا ہے۔ اور اس اثنا میں اگر کوئی شخص خوش الحان سلام پڑھتا ہے یا شرعی طور پر مرثیہ پڑھنے کا اتفاق ہوتا ہے تو اکثر حضارِ مجلس اور اس فقیر کو بھی حالتِ رقت اور گریہ کی لاحق ہو جاتی ہے، اس قدر عمل میں آتا ہے۔ اگر یہ سب فقیر کے نزدیک اس طریقہ سے جس کا ذکر کیا گیا ہے جائز نہ ہوتا تو ہرگز فقیر ان چیزوں پر اقدام نہ کرتا۔ (فتاویٰ عزیزی، فارسی صفحہ ۱۱۱ مطبوعہ دہلی)

## شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمۃ کا عرس کرنا

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ عرس مبارک بھی کرتے تھے اور صاحبِ عرس کی قبر پر بھی جاتے تھے، جیسا کہ خود فرماتے ہیں کہ۔

"روزے بتقریب عرس برادر مولوی عبدالقادر خود بر قبر والد ماجد و جد وغیرہما تشریف فرما شد، اوّل بپیادہ رفت باوجود بعد مسافت در وقت واپس آمدن سوارہ آمد و قبور پیران را کہ جد و پدر ہم بودند از دست بوسید و بعد فراغ قرآن و فاتحہ خوش آوازے را فرمود کہ چیزے از مثنوی مولوی روم بخواند۔" (ملفوظات عزیزی فارسی صفحہ ۴۱)



شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے ملفوظات میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے بعد ان کے سوم (تیجہ) کی محفل کی اور اس کا حال اس طرح تحریر فرمایا ہے:۔

## شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کا تیجہ (سوم)

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ ملفوظاتِ عزیزی میں فرماتے ہیں:۔

"روز سوم کثرت ہجوم مردم ایں قدر بود کہ بیرون از حساب است۔ ہشتاد و یک ختم کلام اللہ بشمار آمد و زیادہ ہم شدہ باشد و کلمہ را حصر نیست۔"

(ترجمہ) تیسرے دن مردوں کا ہجوم کثیر التعداد میں تھا کہ جن کا حساب نہیں لگایا جا سکتا، اکاسی بلکہ اس سے بھی زیادہ قرآنِ پاک کے ختم ہوئے اور کلمہ شریف کا تو حساب ہی نہیں۔ (ملفوظاتِ عزیزی، فارسی صفحہ ۸۰ مطبوعہ میرٹھ)

قارئینِ کرام! شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے فتاویٰ اور ملفوظات کی عبارات سے شاہ صاحب کا عقیدہ اور نظریہ اظہر من الشمس ہے۔ اب دیوبندی اور غیر مقلدین حضرات کے لیے لمحۂ فکریہ ہے کہ ان کے متفقہ مجدد مولوی اسماعیل صاحب دہلوی "صراطِ مستقیم صفحہ ۱۶۴" میں ان کے متعلق فرماتے ہیں:۔

"ہدایت مآب، قدوۂ اربابِ صدق و صفا، زبدۂ اصحابِ فنا و بقا، سید العلماء و سند الاولیاء، حجۃ اللہ علی العالمین، وارث الانبیاء والمرسلین، مرجع کل ذلیل و عزیز مولانا و مرشدنا الشیخ عبدالعزیز متع اللہ المسلمین۔"

وہ تو عرس، تیجہ، میلاد اور محرم شریف کا ختم شریف گھر میں دلائیں، بزرگوں کے نام کی نیاز وغیرہ بھی جائز قرار دیں، اور وہابی دیوبندیوں کے نزدیک یہ سب حرام اور ناجائز ہو، بلکہ ایسی تقاریب کا اہتمام کرنے والے اہلسنت و جماعت پر کفر و شرک اور بدعت کے فتووں کی بوچھاڑ کریں، انہیں اپنی ان خرافات پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے۔

---

۱ مولوی ابراہیم میر نے شاہ صاحب کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ کا حضوری لکھا ہے۔ (سراجاً منیراً صفحہ ۳۰)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے بعد شاہ ولی اللہ کے دوسرے صاحبزادے شاہ رفیع الدین کا فتویٰ پیشِ خدمت ہے :-

## شاہ رفیع الدین دہلوی کا فتویٰ

شاہ رفیع الدین دہلوی علیہ الرحمۃ اپنے فتاویٰ میں فرماتے ہیں :-

"در مجلس فاتحہ وختم برائے حاضران مجلس باشد اگر ایں جماعت بر سر قبر باشد آنجا تقسیم شود وثواب آں باموات برسد واگر در خانہا باشند بر حاضران تقسیم شود ہم قباحتے ندارد"

(ترجمہ) مجلس میں فاتحہ وختم برائے حاضرین مجلس ہے، اگر یہ جماعت قبر پہ ہے تو اُس جگہ تقسیم ہو اور ثواب اس کا ان مُردوں کو پہنچے، اور اگر گھر میں ہو تو حاضرین میں تقسیم کرے، اس قسم میں کوئی قباحت نہیں۔ (فتاویٰ شاہ رفیع الدین فارسی ص۹)

شاہ ولی اللہ اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہما الرحمۃ دراصل اپنے آباؤ اجداد اور اسلاف کے عقائد اور نظریات کے پابند تھے، چنانچہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے والد ماجد حضرت شاہ عبدالرحیم محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کا معمول تھا کہ ہر سال حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ختم شریف دلاتے تھے۔ چنانچہ "انفاس العارفین" کی عبارت پیش خدمت ہے :-

## شاہ عبدالرحیم علیہ الرحمۃ کا ہر سال حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نیاز دلانا

"در ایام وفات حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چیزے فتوح نشد کہ نیاز آنحضرت طعامی پختہ شود، قدرے نخود بریاں وقند سیاہ نیاز کردم شبے در واقعہ دیدم کہ انواع طعام بحضور آنحضرت عرضہ میدارند ودراں میانہ آں نخود وقند نیز معروض داشتند بہ نہایت ابتہاج وبشاشت اقبال فرمودند وآں را طلبیدند وچیزے ازاں تناول کردند وباقی در صحاب قسمت فرمودہ اند"



(ترجمہ) ایک مرتبہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتقال کے دنوں میں مجھے کوئی چیز دستیاب نہ ہو سکی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نیاز پکائی جا سکے۔ کچھ بُھنے ہوئے چنے اور گُڑ بطور نیاز تقسیم کیئے۔ رات کو خواب میں میں نے دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے انواع واقسام کے کھانے پیش کیئے جاتے ہیں۔ وہ چنے اور گُڑ بھی پیش کیا گیا۔ بڑی خوشی اور مسرت سے ان کی طرف متوجہ ہوئے، انہیں طلب فرمایا۔ اُن میں سے کچھ تناول فرمائے اور باقی ساتھیوں میں تقسیم کر دیئے۔

(انفاس العارفین فارسی ص۴۰، ورثمین ص مطبوعہ دہلی)

اب دیوبندی حضرات کے اکابر کے پیر ومرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کا ارشاد اور نظریہ بھی ملاحظہ فرمائیں :-

## حاجی امداد اللہ[1] مہاجر مکی کا ارشاد —— مولانا روم علیہ الرحمۃ کی نیاز

مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی ہی رقمطراز ہیں :-

"جب مثنوی شریف ختم ہو گئی بعد ختم حکم شربت بنانے کا دیا اور ارشاد ہوا کہ اس پر مولانا روم کی نیاز بھی کی جاوے گی، گیارہ گیارہ بار سورۂ اخلاص پڑھ کر نیاز کی گئی اور شربت بٹنا شروع ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ نیاز کے دو معنے ہیں، ایک عجز وبندگی، اور وہ سوائے خدا

---

[1] دیوبندیوں کے مولوی خلیل احمد انبیٹھوی نے حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کے یہ القاب لکھے ہیں۔ حجۃ الاصفیاء۔ کہف الاولیاء، زبدۃ المقربین، عمدۃ الواصلین، شمس الحقیقۃ والعرفان، مہبط الطریقۃ والاحسان، حجۃ اللہ تعالیٰ البالغۃ، برہان الملۃ المستقیمۃ، مرجع الانام، منبع الفیض الاتم، بحر الحقائق والاسرار، معدن العلوم والانوار، صاحب المقامات العلیۃ، ذو الافضال والسماحات الرفیعۃ، الصدیق الاکبر والقطب والفخر، مولانا وسیدنا الحاج شاہ امداد اللہ الفاروقی الچشتی (براہین قاطعہ ص۲۲ مطبوعہ دیوبند) مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی کے ملفوظات میں مرقوم ہے کہ حاجی امداد اللہ صاحب اپنی تصرف

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



کے دوسروں کے واسطے نہیں ہے بلکہ ناجائز و شرک ہے۔ دوسرے خدا کی نذر اور ثواب خدا کے بندوں کو پہنچانا یہ جائز ہے، لوگ انکار کرتے ہیں، اس میں کیا خرابی ہے۔ اگر کسی عمل میں عوارض غیر مشروع لاحق ہوں تو ان عوارض کو دور کرنا چاہیئے نہ یہ کہ اصل عمل سے انکار کیا جائے، ایسے امور سے منع کرنا خیر کثیر سے باز رکھنا ہے، جیسے قیام مولد شریف، اگر بوجہ آنے نام آنحضرت کے کوئی شخص تعظیماً قیام کرے تو اس میں کیا خرابی ہے۔ جب کوئی آتا ہے تو لوگ اس کی تعظیم کے واسطے کھڑے ہو جاتے ہیں، اگر اس سردار عالم و عالمیان روحی فداہ کے اسم گرامی کی تعظیم کی گئی تو کیا گناہ ہوا"
(شمائم امدادیہ ص۶۸)

## امام غزالی علیہ الرحمۃ کی نیاز

حاجی امداد اللہ مہاجر مکی ہی فرماتے ہیں کہ:۔
"منبلی کے نزدیک جمعرات کے دن کتاب احیاء العلوم تبرکاً ہوتی تھی، جب ختم ہوئی تبرکاً دودھ لایا گیا اور بعد دعا کے کچھ حالات مصنف کے بیان کیے گئے، طریق نذر و نیاز قدیم زمانے سے جاری ہے۔ اس زمانے میں لوگ انکار کرتے ہیں۔ (شمائم امدادیہ ص۷۰)

قارئینِ کرام! حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی (جو کہ دیوبندی اکابر قاسم نانوتوی، اشرف علی تھانوی، رشید احمد گنگوہی، خلیل احمد انبیٹھوی کے پیر و مرشد ہیں) کے مندرجہ بالا

---

(بقیہ حاشیہ ۵)
کے امام تھے مجدد تھے مجتہد تھے محقق تھے۔ (افاضات الیومیہ ص۲۱۱ ج ۵ مطبوعہ تھانہ بھون) غیر مقلدین وہابی حضرات کے ترجمان الاعتصام لاہور میں حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کو ان بزرگوں میں شمار کیا ہے جو آسمانِ حق پر دین ہدیٰ کے وہ درخشندہ ستارے تھے۔ جنہوں نے اپنی ضو فشانیوں سے فسق و فجور کے گھنے اندھیرے میں۔ انوارِ رحمت کا وہ اجالا کیا کہ اس سے ہزاروں نہیں لاکھوں بندگانِ خدا نے راہِ مستقیم پائی ہزاروں نے ان سے استفادہ کیا اور سیکڑوں نے ان سے شرفِ تلمذ حاصل کر کے دنیائے علم و ادب میں شاندار مقام پایا۔
(الاعتصام لاہور ص۷ ۔ ۹ مارچ ۱۹۵۶ء) مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی نے حاجی امداد اللہ صاحب کو شیخ العرب والعجم لکھا ہے۔ (ارواح ثلاثہ ص۲۰۵)



ملفوظات کو بار بار پڑھنے سے غوثِ اعظم عبد القادر جیلانی علیہ الرحمۃ کی نذر و نیاز، گیارھویں شریف کو حرام اور خنزیر سے بدتر کہنے والے دیوبندی وہابی ذرا اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھیں کہ اُن کے فتوے کی زد سے ان کے اکابر کے پیر و مرشد بھی نہیں بچ سکتے، ذرا ہوش کے ناخن لو! اپنے عقائد واہیہ اور نظریاتِ باطلہ سے اعلانِ توبہ کرو ؎

بے عذاب و عتاب و حساب و کتاب
تا ابد اہل سنت پہ لاکھوں سلام

حاجی صاحب خود نذر و نیاز کا اہتمام فرماتے تھے اور اپنے حلقہ بگوشوں کو کھلاتے تھے، اور اس پر فتوے لگانے والوں پر تعجب کا اظہار فرماتے تھے۔
حاجی صاحب کے دوسرے ملفوظ جو کہ امام غزالی علیہ الرحمۃ کی نذر و نیاز کے متعلق ہے اس میں جمعرات کا تعینِ یوم بھی ہے، نذر و نیاز بھی ہے اور طریق نذر و نیاز قدیم زمانے سے جاری بھی ہے، سب عیاں ہے، اور حالاتِ مصنف بیان کرنا، یہی سب کچھ گیارھویں شریف کی محافل میں ہوتا ہے، تو یہ کیسے حرام ہوگا۔ حاجی صاحب ایسی تقاریب اور محافل میں خود تشریف لے جاتے تھے، جیسا کہ ان کے ملفوظات شمائم امدادیہ سے عیاں ہے، پیشِ خدمت ہے:۔

## حاجی امداد اللہ صاحب کا محافلِ عرس اور فاتحہ میں جانا

حاجی امداد اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:۔
حضرت خواجہ نور اللہ ضریحہ نے ارشاد فرمایا اور نیز اسی دن خدمت اشہر فقرائے زمان صاحب تمکین و عرفان مولانا سید قطب علی صاحب جلال آبادی قادری رحمۃ اللہ علیہ میں تقریب فاتحہ والدہ ماجدہ حضرت ممدوح گیا تھا۔ (شمائم امدادیہ ص۱۲)
حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی عرس مقدس کی تقریب میں جانے کا اپنا واقعہ بیان فرماتے ہیں کہ:۔
ایک دفعہ میرا دہلی جانا ہوا، وہاں عبد اللہ مسند نشین درگاہ حضرت صابر بخش نے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



تقریب عرس میں مجھ کو بلوایا اور کسی اپنے مرید کا ہاتھی سواری کو بھیجا، جب میں اُن کے مکان پر پہنچا تو دیکھا کہ لوگ بڑی شان و شوکت سے جمع ہیں، میں فقیرانہ حالت سے گیا تھا، مجھ کو دیکھتے ہی تمام لوگ اُٹھ کھڑے ہوئے اور دست بوسی کر کے مسند صدر پر بٹھایا۔ (شمائم امدادیہ ص۸۲)

قارئین کرام! حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی کا تقریب فاتحہ و عرس میں جانا روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ اب وہابیوں دیوبندیوں کو عبرت حاصل کرنی چاہیئے کہ یہ بریلویوں کی ایجاد نہیں بلکہ اسلاف کا طریقہ ہے جو کہ مستحسن ہے۔ اہلسنت وجماعت انہیں کے نقش قدم پر چل رہے ہیں' اور دیوبندیوں نے نئی راہ نکالی ہے۔

## مولوی اسماعیل دہلوی سے ثبوت

آخر میں دیوبندی اور غیر مقلدین حضرات کے متفقہ مجدد مولوی اسماعیل صاحب دہلوی قتیل کی کتاب "صراطِ مستقیم" کے حوالہ جات کی روشنی میں فاتحہ، عرس، نیاز اور ختم کا ثبوت پیش کیا جاتا ہے تاکہ منکرین کو عبرت ہو اور صراطِ مستقیم پر گامزن ہوں۔

## فاتحہ بنام اکابرین

اوّل طالب را باید کہ با وضو دو زانو بطور نماز بہ نشیند و فاتحہ بنام اکابرین طریقہ یعنی حضرت خواجہ معین الدین سنجری و حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی وغیرہما خواندہ التجا بجناب حضرت ایزد پاک بتوسط ایں بزرگاں نماید و بہ نیاز تمام و زاری بسیار از بسیار دُعائے کشود کار خود کردہ ذکر دو ضربی شروع نماید۔

اب اس کا ترجمہ خود اہل حدیث حضرات کے محمد اکرم جامعی بی اے نے جو کیا ہے وہ پیش خدمت ہے:۔

طالب کو چاہیئے کہ پہلے با وضو دو زانو بطور نماز بیٹھ کر اس طریقہ کے بزرگوں حضرت معین الدین سنجری اور حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی وغیرہ حضرات کے نام کا فاتحہ پڑھ کر بارگاہِ خداوندی میں ان بزرگوں کے توسط اور وسیلہ سے التجا کرے اور بے انداز اور زاری بے شمار کے ساتھ اپنے کام کے فتح باب کے لیے دعا کر کے ذکر دو ضربی شروع کرے۔ (صراطِ مستقیم فارسی ص۱۱۱ مطبوعہ دہلی و صراطِ مستقیم اردو ص۲۲۱ مطبوعہ لاہور)



## امورِ مروجہ فاتحہ، عرس، نذر اور نیاز کی خوبی اور اچھائی میں کوئی شک و شبہ نہیں

مولوی اسماعیل صاحب دہلوی رقمطراز ہیں کہ:۔

"ہر عبادتیکہ از مسلمان ادا شود و ثواب آں بروح کسے از گذشتگان برساند و طریق رسانیدن آں دُعائے خیر بجنابِ الٰہی است پس ایں خود البتہ بہتر و مستحسن است و اگر آنکس کہ صواب بروحش میرساند از اہل حقوق او است بہ مقدار حق وے خوبی رسانیدن ایں ثواب زیادہ تر خواہد شد پس در خوبی ایں قدر امر از امورِ مرسومہ فاتحہا و اعراس و نذر و نیاز اموات شک و شبہ نیست"

(ترجمہ) پس جو عبادت کہ مسلمان سے ادا ہو اس کا ثواب کسی فوت شدہ کی روح کو پہنچائے اور جناب الٰہی میں دُعا کرنا اس کے پہنچانے کا طریق ہے، یہ بہتر اور مستحسن طریقہ ہے۔ اور وہ شخص کہ جس کی روح کو ثواب پہنچا رہا ہے اگر اس کے حقداروں میں سے ہے اُس کے حق کے برابر اس ثواب پہنچانے کی خوبی بہت زیادہ ہوگی۔ پس امورِ مروجہ یعنی اموات کے فاتحوں اور عرسوں اور نذر و نیاز سے اس قدر امر کی خوبی میں کچھ شک و شبہ نہیں۔ (صراطِ مستقیم فارسی ص۵۵، صراطِ مستقیم اردو ص۱۱۰)

ناظرین کرام! مجدد الوہابیہ والدیابنہ دہلوی صاحب نے واضح الفاظ میں آخر اقرار کر ہی لیا ہے کہ فاتحہ، عرس، نذر و نیاز میں جو ایصالِ ثواب کیا جاتا ہے ان امور کے بہتر، مستحسن اور اچھے ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں۔ اہلسنت وجماعت کے علماء کرام اور احباب ختم گیارہویں شریف میں ایصالِ ثواب ہی کرتے ہیں گیارہویں شریف غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عرس ہی تو ہے۔

مولوی اسمٰعیل دہلوی ہی رقمطراز ہیں کہ:۔

"ہر گاہ ایصال نفعی بمیت منظور دارد موقوف بر اطعام نگذارد اگر میسر باشد بہتر است ورنہ الا صرف ثواب سورۃ فاتحہ و اخلاص بہترین ثواب ہا است"

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



(ترجمہ) جب میت کو کچھ نفع پہنچانا مقصود ہو تو اُسے کھانا کھلانے پر ہی موقوف نہ سمجھنا چاہیئے اگر ہو سکے تو بہتر ہے ورنہ صرف سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص کا ثواب بہت بہتر ہے۔ (صراطِ مستقیم فارسی ص۶۴ صراطِ مستقیم اردو ص۱۲۶)

دوستو! منکرین اور مخالفین کے مجدد سے بھی اللہ تعالیٰ نے اہلسنت وجماعت کے مسلک کی حقانیت عیاں کر دی۔

## مولوی رشید احمد گنگوہی

مجدد الوہابیہ والدیابنہ اسمٰعیل دہلوی کے بعد مولوی رشید احمد گنگوہی کا فتویٰ بھی ملاحظہ فرمائیں جو کہ مسلک اہل سُنت وجماعت کے عقیدہ کی ترجمانی کرتا ہے:۔

"جو اموات اولیاء کی نذر مانے تو اس کے اگر یہ معنے ہیں کہ اس کا ثواب ان کی روح کو پہنچے تو صدقہ ہے، درست ہے۔ اور جو نذر بمعنے التقربان کے نام پر ہے تو حرام ہے"۔ (فتاویٰ رشیدیہ ص۵۷۱ مطبوعہ دہلی، فتاویٰ رشیدیہ کراچی)

مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی دیوبندی کے بعد غیر مقلدین جو اپنے آپ کو اہلحدیث کہلاتے ہیں، کے مجدد اور مفسر نواب صدیق حسن بھوپالی کی تحریروں سے ختم شریف کا ثبوت درج کیا جاتا ہے:۔

## نواب[1] صدیق حسن بھوپالی

اپنی کتاب "الروض الخصیب من تزکیۃ القلب المنیب" میں تحریر فرماتے ہیں کہ:۔

[1] نواب صدیق حسن خاں بھوپالی کے متعلق وہابیہ نجدیہ خارجیہ کے مولوی اسماعیل آف گوجرانوالہ لکھتے ہیں کہ، دقتِ نظر، وُسعتِ مطالعہ، زُہد و تقویٰ کے لحاظ سے ان کا مقام یقیناً بہت اُونچا ہے اور فہمِ قرآن میں ان کا ذہن بے حد صاف ہے بہت سے اکابر قدماء سے بھی ان کی رائے صائب معلوم ہوتی ہے۔ (حیات النبی ص۳۶-۳۷)

وہابیہ کے مولوی اشرف سندھو لکھتے ہیں کہ نواب صدیق حسن خاں اہلحدیث مسلک کے علمبرداروں میں اور وسیع النظر محقق ہیں۔ (تاریخ التقلید ص۱۲۱) مولوی داؤد غزنوی کی زیرِ نگرانی شائع ہونے والے الاعتصام لاہور نے نواب صدیق حسن خان، ثناء اللہ امرتسری، حافظ محمد لکھوی کو انیسویں صدی عیسوی کے اواخر اور بیسویں صدی (باقی اگلے صفحہ پر)



"ختم صحیح بخاری نزد آفات وحوادث و برآں نیز علماء حدیث ومشائخ طریق اتفاق کردہ اند در حفظ از حرق وغارق و دفع دیگر بلیات وجلب منافع تریاق مجرب یافتہ"۔ (الروض الخصیب فارسی ص۱۱۲ مطبوعہ اکبر آباد)

(ترجمہ) نواب صاحب کے نزدیک آفات وبلیات اور حوادث زمانہ، آگ لگنے اور ڈوبنے سے محفوظ رہنے کے لیے ختم صحیح بخاری شریف کو مجرب اور تریاق اور نفع بخش قرار دیا ہے اور اس پر علماء ومشائخ کا اتفاق تحریر فرمایا ہے۔

دیوبندی اور وہابی جو یہ کہتے ہیں کہ کیا گیارہویں شریف کا ختم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ اور خلفاء راشدین علیہم الرضوان کے زمانہ میں تھا؟ انہیں یہ اپنے بڑے اور محدث نواب صدیق حسن بھوپالی کو بھی پوچھنا چاہیئے کہ ختم صحیح بخاری شریف جس پر آپ علماء حدیث اور مشائخ کا اتفاق بیان کر رہے ہیں اور مجرب قرار دے رہے ہیں، یہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین علیہم الرضوان کے زمانہ میں تھا۔

(بقیہ صفحہ ۱۶۴) کے اوائل کے زمانہ کے اکابر اہلحدیث میں شمار کیا ہے۔ (الاعتصام ص۵ ، ۶ دسمبر ۱۹۸۰ء) نواب صدیق حسن خاں، آسمانِ ملت پر دینِ ہُدیٰ کے وُہ درخشندہ ستارے تھے جنہوں نے اپنی ضو فشانیوں سے فسق و فجور کے گھنے اندھیرے میں انوارِ رحمت کا وہ اُجالا کیا کہ اس سے ہزاروں نہیں لاکھوں بندگانِ الٰہی نے راہِ مستقیم پائی۔ (الاعتصام ص۹، ۹ ج ۱۹۵۸ء) وہابیہ نجدیہ کے مشہور امام خلیل بن محمد الانصاری نے گوجرانوالہ میں وہابیوں کی کانفرنس میں کہا کہ ناصرِ دین ناشر سنت سنیہ نواب صدیق حسن خاں ...... یہ وُہ ہستی ہے جو اپنے علم سے اتنی بلند پایہ ہے کہ نہ صرف پاکستان و ہند کا اہلحدیث ہی بلکہ عالمِ اسلامی کا ہر طالب علم اس ہستی کو علمی حیثیت سے جانتا اور مانتا ہے۔ اور آپ کی تصانیف کی تعداد دس بیس نہیں بلکہ صدہا ہے۔ (الاعتصام ص۷، ۲۶ اکتوبر ۱۹۵۶ء) مولوی ثناء اللہ امرتسری نے لکھا ہے کہ نواب صدیق حسن خاں بھوپالی پکے اہل حدیث تھے۔ (فتاویٰ ثنائیہ ص۲۶ ج ۱)۔ ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی لکھتے ہیں کہ ہندوستان کے قدمائے اہلحدیث رؤسا میں نواب صدیق حسن خاں صاحب کے تذکار تو رہتی دنیا تک تاریخ عالم فراموش نہ کر سکے گی۔ (اخبار محمدی دہلی ص۹ یکم مئی ۱۹۳۲ء) بھوپالوی کو سر الہلحدیث لکھا ہے۔ (اخبار محمدی دہلی ص۵ ، جنوری ۱۹۴۰ء)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



معلوم ہوا کہ ان عقل کے اندھوں کو اصول کا ہی پتہ نہیں۔ جن علماء حدیث اور مشائخ نے ختم صحیح بخاری شریف پر اتفاق فرمایا ہے اُن کو اصول کا علم ہے تب ہی تو متفق ہوئے ہیں۔

## نواب صدیق حسن بھوپالی کی بیوی کے لیے شیخ حسین عرب والی کا ختم بخاری شریف کروانا

سردار اہلحدیث مولوی ثناء اللہ امرتسری نے اپنے اخبار "اہلحدیث" امرتسر میں لکھا ہے کہ:۔

"شاہجہان بیگم صاحبہ جب مرض الموت میں گرفتار ہوئیں تو اُن کی شفاء کے لیے شیخ صاحب نے بخاری شریف کا ختم تجویز کیا جو انہیں کے مکان پر شروع کیا گیا ہر مہینہ میں ختم خوانوں کے لیے جو روپیہ آتا تھا اس میں سے والد کا حصہ جو منتظمین میں سے تھے میں جا کر لاتا تھا۔ اچھی خاصی رقم مل جاتی تھی۔ عام اہلحدیث کی طرح اس وقت میں بھی یہی سمجھتا تھا کہ یہ مال طیب اور حلال ہے۔

بیگم صاحبہ کی علالت نے زیادہ طول کھینچا اور اس ختم کا سلسلہ تقریباً سال بھر جاری رہا، پڑھنے والے بہت خوش تھے۔ اس تمام مدت میں صرف ایک دن میں نے اُن کو افسردہ خاطر دیکھا جس دن کہ انہوں نے یہ سُنا تھا کہ فلاں پیر صاحب کو بیگم نے دُعا کے لیے بیس ہزار روپے بھیجے ہیں۔"

(اخبار اہلحدیث امرتسر ص۱۲ ۱۸ / جون ۱۹۳۷ء)

قارئینِ کرام! نواب صدیق حسن بھوپالی نے اپنی کتاب "الداء والدواء" ص۱۵۲، ۱۵۳، ۱۵۴، ۱۶۰، ۱۶۱، ۱۶۲ پر بھی ختم بخاری شریف، ختم خواجگان، ختم مجددیہ اور ختم قادریہ کا تفصیلاً ذکر کیا ہے۔ ان کی کتاب "الداء والدواء" کے ان صفحات کے اصل فوٹو اگلے صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔



قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ

# کتاب التعویذات

المعروف

# اَلدَّاء وَالدَّوَاء

عُمدۃُ المفسرین زُبدۃُ المحدثین نواب سید محمد صدیق الحسن خان

ناشر: بشیر احمد نعمانی

نعمانی کتب خانہ، حق سٹریٹ اُردو بازار لاہور

قیمت: ۵۰/- روپے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



کہ پہلے ہاتھ اٹھا کر ایک بار سورہ فاتحہ پڑھے پھر سورہ فاتحہ کو مع بسم اللہ سات بار پڑھے پھر درود
سو بار پھر الم نشرح مع بسم اللہ اسی تعداد و سو بار پھر سورہ اخلاص با بسم اللہ ہزار و یکبار پھر سورہ فاتحہ با
بسم اللہ سات بار پھر درود سو بار پھر فاتحہ پڑھ کر ثواب اس ختم کا ارواح حضرات کو جن کی طرف
یہ ختم منسوب ہے پیش کرے ان بزرگوں کی تعیین نام میں اختلاف ہے پھر اللہ تعالیٰ سے حصول
مدعا بوسیلہ ان بزرگوں کے چاہے اور جب تک کام نہ ہو مداومت رکھے اللہ ہر مشکل کا آسان
کرنے والا ہے اس ختم کو خواہ ایک شخص تنہا پڑھے یا زیادہ لوگ پڑھیں بطور تقسیم لیکن رعایت عدد
وتر کی اولیٰ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ وتر ہے وتر کو دوست رکھتا ہے خانقاہ شریف مظہری کا
دستور یہ تھا کہ بعد فاتحہ آخر کے دعا آواز بلند سے پڑھتے اور کہتے تھے کہ ہم نے ثواب ان
کلمات کا جو اس حلقہ میں پڑھے گئے ہیں ارواح طیبات حضرات علیہ نقشبندیہ رضی اللہ عنہم
کو پیش کیا اور اللہ تعالیٰ سے ہم امداد و اعانت بواسطہ ان حضرات کے چاہتے ہیں مجدد الف ثانی
کے ختم میں بھی معمول دعا اسی طور پر تھی۔ میں کہتا ہوں کہ شیخ محمد بن علی نے خزینۃ الاسرار میں
لکھا ہے کہ امام جعفر صادق و ابو یزید بسطامی و ابوالحسن خرقانی اور جو لوگ ان کے پیرو ان
سے تا شاہ نقشبند سب کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قضاء حاجات و حصول مرادات و دفع
بلاد و قہر اعداء و حساد و رفع درجات و وصال قربات و ظہور تجلیات میں استعمال اس فائدہ جلیلہ
اسرار غریبہ کا تریاق مجرب ہے طریقہ اس ختم کا یہ ہے کہ ستر بار استغفار پڑھے اور سات بار فاتحہ
اور سو بار درود اور ننانوے بار الم نشرح اور ہزار اور ایک بار سورہ اخلاص پھر سات بار فاتحہ
پھر وقت تمام ہونے اس ختم کے سو بار درود پھر حاجت کا سوال کرے اور مقصود کا طالب
ہو باذن اللہ وہ حاجت پوری ہوگی اور چار دن سے زیادہ تجاوز نہ کرے گی اور سات دن
اس پر مداومت کرے وَقَالَ وَجَرَّبَهَا كَثِيْرٌ لٰكِنْ اَهَمُّ الْاَمْرِ لِمَنْ وَصَلَ
اِلٰى مُرَادِهٖ اَنْ لَّا يُفْشِيَ سِرَّهٗ لِاَحَدٍ مِّنَ السُّفَهَآءِ لِئَلَّا يَسْتَعْمِلُوْا
بِمَا حُرْمَتُهٗ كَانَ ذٰلِكَ التَّرْتِيْبُ عَادَةً لَّهُمْ يُدَاوِمُوْنَهَا وَ



يَعْمَلُوْنَ بِهَا كُلَّ يَوْمٍ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ صَبَاحًا اَوْ مَسَآءً اَوْ دُبُرَ كُلِّ
الْمَكْتُوْبَاتِ الْخَمْسِ فَعَادَاتُ السَّادَاتِ سَادَاتُ الْعَادَاتِ وَمَنْ خَالَطَ
السَّادَاتِ يَنَالُ السِّيَادَةَ وَالسَّعَادَةَ وَهُوَ اَعْظَمُ الرُّكْنِ وَاَفْضَلُ الْوِرْدِ
الْمَخْصُوْصِ فِي الطَّرِيْقَةِ النَّقْشَبَنْدِيَّةِ بَعْدَ اسْمِ الذَّاتِ وَنَفْيِ الْاِثْبَاتِ
كَذَا ذَكَرَهٗ اَبُو السُّعُوْدِ انتہی۔ محرر سطور اگرچہ کسی شیخ کا مرید نہیں لیکن آباء و مشائخ
میرے سب نقشبندیہ گذرے ہیں اگرچہ ان کو اجازت جملہ سلاسل سلوک کی بھی حاصل تھی
اس لئے میں نے اس ختم کا اس جگہ ذکر کرنا مناسب جانا بابت اس ختم کے واقف عند
مد میں خزینۃ الاسرار میں تفصیل اس اجمال کی لکھی ہے اور طریقہ مجددیہ کو بھی بابت اس ترتیب
کے ذکر کیا ہے والد مرحوم میرے نقشبندی تھے اور قاضی محمد علی شوکانی بھی نقشبندی تھے اور
اہل خاندان شاہ ولی اللہ محدث اور مرزا مظہر جانجاناں بھی اسی طریقہ علیہ پر تھے وللہ الحمد۔
شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے فرمایا ہے کہ در اعمال مشائخ ختم خواجگان نیز مجرب است و طریقہ
او معروف و مشہور ختم یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ یک ہزار و دو صد
بار در اول و آخر درود شریف صد بار نیز خواہ تنہا خواہ بجماعت نیز مجرب است انتہی۔
ایک طریقہ ختم خواجگان کا یہ ہے کہ سوا درود کے ہر چیز کو مع تسمیہ پڑھے فاتحہ سات بار درود
ایک سو بار الم نشرح انہتر بار اخلاص ایک ہزار ایک بار پھر فاتحہ سات بار درود ایک سو بار
اور کسی قدر شیرینی پر فاتحہ حضرات مشائخ پڑھ کر تقسیم کر دے واللہ اعلم۔

## ختم حضرت مجدد شیخ احمد سرہندیؒ

یہ ختم واسطے حصول جمیع مقاصد و حل مشکلات کے مجرب ہے پہلے سو بار درود پڑھے
پھر پانسو بار لا حول ولا قوۃ الا باللہ بلا کم و بیش پھر سو بار درود اس ختم کو ہمیشہ پڑھتا
رہے یہاں تک کہ مطلب حاصل اور مشکل حل ہو۔ مرزا صاحب قدس سرہ نے قاضی ثناء اللہ
مرحوم کو لکھا تھا کہ ختم خواجگان و ختم مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہر دن بعد حلقہ صبح کے لازم کر لو

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



## ختم قادریہ

اس کو مشائخ نے واسطے برآمدامر مہم کے مجرب سمجھا ہے عروج ماہ میں پنجشنبہ سے شروع کرکے تین دن تک پڑھے بسم اللہ معہ فاتحہ وکلمہ تمجید و درود سورہ اخلاص ہر ایک کو ایک سو گیارہ بار پھر شیرینی پر فاتحہ پڑھ کر اور ثواب اس کا روح پر فتوح آنحضرت ومشائخ طریقت کو دے کر تقسیم کرے۔

## دیگر ختم قادریہ

پہلے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ اخلاص گیارہ بار پھر بعد سلام کے یہ درود ایک سو گیارہ بار پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ پھر شیرینی پر فاتحہ شیخ جیلانی رضی اللہ عنہ پڑھ کر تقسیم کر دے۔

## ختم لایلاف

اس کا بہ نیت رفع شر گیارہ بار یا ایک سو ایک بار پڑھنا، اول وآخر پانچ بار درود پڑھنا بعد نماز فجر کے مجرب ہے وللہ الحمد۔

## ختم برائے میت

جس کے پاس ختم قرآن یا تہلیل ہو اس سے کہے کہ دس بار قل ہو اللہ بسم اللہ پڑھے پھر دس بار درود پھر دس بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پھر دس بار اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَہٗ وَارْحَمْہُ پھر الحمد للہ کر سورہ فاتحہ پڑھ کر آواز بلند سے کہے کہ ثواب ان کلمات طیبات کا جو اس حلقہ میں پڑھے گئے اور ثواب ختم قرآن تہلیل کا فلاں کی روح کو بخش کیا لوگ حلقے کے یوں کہیں رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

## تعویذ برائے ہر مرض و درد

اس تعویذ کو مریض و دردمند کے بازو یا گلے باندھو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



قارئین کرام! مندرجہ بالا عبارات جو کہ غیر مقلدین وہابی حضرات کے امام، پیشوا، مفسر، محدث، مجدد نواب صدیق حسن بھوپالی کو بار بار پڑھیئے تو اس سے ختم شریف سورتوں کا پڑھنا، شیرینی مٹھائی پر پڑھنا، ارواح کو ایصالِ ثواب کرنا، وقت کا تعین کرنا، اور ختم شریف کو لازم کر لینا، بزرگوں کا وسیلہ لینا، واضح اور ثابت ہے۔ ان پر ان حضرات کا عمل انہوں نے لکھا ہے جو کہ اعلحضرت مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی قدس سرہ القوی سے پہلے تھے۔

ہر ذی شعور اس حقیقت کو تسلیم کرے گا کہ ختمات شریفہ کے قائل محدثین، مفسرین، اور اولیاء کاملین کے طریقہ پر چل رہے ہیں اور مانعین نئے طریقہ کو ایجاد کیے بیٹھے ہیں۔ نیز یہ بھی واضح ہو گیا کہ اعلحضرت امام شاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ کا طریقہ اور عقیدہ اسلاف کے عقیدہ اور نظریہ کے مطابق ہے۔ الحمد للہ علی ذالک۔

میرے عبد المصطفٰے احمد رضا تیرا قلم
دشمنانِ مصطفٰے کے واسطے شمشیر ہے

## ختم بخاری شریف کے متعلق رشید احمد گنگوہی کا فتویٰ | دیوبندی مکتب فکر کے بزرگ مولوی

رشید احمد صاحب گنگوہی کا ختم بخاری شریف کے متعلق فتویٰ ملاحظہ فرمائیں:-

**سوال**: کسی مصیبت کے وقت بخاری شریف کا ختم کرانا قرونِ ثلاثہ سے ثابت ہے یا نہیں، اور بدعت ہے یا نہیں؟

**جواب**: قرون ثلاثہ میں بخاری کی تالیف نہیں ہوئی تھی، مگر اس کا ختم درست ہے کہ ذکر خیر کے بعد دعا قبول ہوتی ہے، اس کی اصل شرع سے ثابت ہے بدعت نہیں۔

(فتاویٰ رشیدیہ ج ۱ ص ۱۰ مطبوعہ دہلی، فتاویٰ رشیدیہ ص مطبوعہ کراچی)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**عقیدۂ ختم نبوت** ختم شریف میں آپ نے دیکھا ہے کہ جو آیات طیبات پڑھی جاتی ہیں ان میں یہ آیت مَاکَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ وَکَانَ اللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًاo بھی پڑھی جاتی ہے اسلاف کی نگاہ ولایت یہ محسوس کر رہی تھی کہ منکرین ختم نبوت مختلف انداز میں سادہ لوح مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کریں گے، تو انہوں نے ختم شریف میں یہ آیت بھی رکھ دی تاکہ جو بھی ختم شریف کا قائل ہے وہ ختم نبوت کے متعلق راسخ العقیدہ ہو جائے۔
آپ دیکھیں گے کہ کبھی کسی مرزائی نے ختم شریف نہ اپنی مسجد میں نہ ہی اپنے گھر میں دلایا اور نہ ہی ختم شریف کا کھانا کھاتے ہیں، مرزائیوں کے نزدیک ختم شریف کا کھانا حرام ہے نہ ہی یہ گیارہویں شریف کے قائل ہیں۔
دوستو! قصبوں، دیہاتوں اور شہروں ہر جگہ ختم شریف کی محافل قائم ہوتی ہیں اور وہاں یہ آیت تلاوت ہوتی ہے معلوم ہوا کہ ختم شریف بھی مرزائیت کی تردید کا ایک ذریعہ ہے۔ اور ختم نبوت کے عقیدہ کی تشہیر بزرگان دین شروع سے کر رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ منکرین ختم شریف اکثر مرزائی اور قادیانی ہوئے ہیں۔ جس کی گواہی خود اہلحدیث مکتب فکر سے تعلق رکھنے والی ایک معتمد شخصیت مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کے الفاظ میں پیش خدمت ہے:۔

**مولوی ابراہیم میر کا بیان** مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی نے ۱۹۴۹ء میں وہابیوں کی کانفرنس جو کہ لاہور میں منعقد ہوئی تھی، اس کے خطبۂ صدارت میں فرمایا "جماعت اہلحدیث کے کثیر التعداد لوگ قادیانی ہو گئے ہیں"۔ (احتفال الجمہور ص ۲۳)

**ثنائی فتویٰ** اسی مکتبۂ فکر سے تعلق رکھنے والے سردار اہلحدیث مولوی ثناء اللہ امرتسری نے ہی مرزائی امام کے پیچھے نماز جائز قرار دی ہے۔
(اخبار اہلحدیث امرتسر ص ۱۱ کالم ۲ ۳۱ مئی ۱۹۱۲ء)



قرآنی آیات کے بعد درود شریف پڑھا جاتا ہے۔ اب آپ کے سامنے درود شریف کے فضائل اور برکات پیش کیے جاتے ہیں۔

# فضائلِ درود شریف

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:۔
اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًاo (پ ۲۲، ع ۴)
بے شک اللہ اور اس کے فرشتے دُرود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بہت احکامات فرمائے۔ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، صدقہ اور خیرات وغیرہم اور انبیاء کرام علیہم السلام کی بہت سی تعریفات اور توصیفیں فرمائیں، لیکن کسی حکم اور اعزاز و اکرام میں یہ نہیں فرمایا کہ میں بھی یہ کام کرتا ہوں تم بھی یہ کام کرو۔ یہ اعزاز و اکرام صرف اور صرف سید المرسلین، خاتم النبیین، شفیع المذنبین حضرت محمد مصطفیٰ علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات ہی کے لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے صلوٰۃ کی نسبت اولاً اپنی طرف سے، اس کے بعد اپنے ملائکہ کی طرف کرنے کے بعد مسلمانوں کو حکم فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو تم بھی درود بھیجو۔ اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت ہوگی کہ اس عمل میں اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ مومنین کی شرکت ہے۔

**حدیث شریف نمبر ۱** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔
مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً وَّاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ عَشْرًا۔ (صحیح مسلم شریف ص ۱۷۵، ج ۱) (نسائی ص ۱۹۱)
جو مجھ پر ایک دفعہ درود پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتا ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**حدیث شریف نمبر۲** سیدنا انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:۔

مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشَرَ صَلَوَاتٍ وَحَطَّ عَنْهُ عَشَرَ سَيِّئَاتٍ وَرَفَعَهٗ بِهَا عَشَرَ دَرَجٰتٍ۔

جس کے سامنے میرا ذکر ہو اس کو چاہیئے کہ مجھ پر درود پڑھے اور جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجے گا اللہ تعالٰی اُس پر دس دفعہ رحمتیں بھیجے گا اور اُس کی دس خطائیں معاف کرے گا اور اُس کے دس درجے بلند کرے گا۔

(مسند امام احمد ۔ القول البدیع ص ۱۰۳، الترغیب والترہیب للمنذری)

**حدیث شریف نمبر۳** سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:۔

اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً

بے شک قیامت میں لوگوں میں سے سب سے زیادہ مجھ سے قریب وہ شخص ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجے۔

(جامع ترمذی ص ۶۴/۱، القول البدیع ص)

**حدیث شریف نمبر۴** سیدنا ابوالدرداء رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ حِيْنَ يُصْبِحُ عَشْرًا وَحِيْنَ يُمْسِيْ عَشْرًا اَدْرَكَتْهُ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

جو دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام مجھ پر درود شریف پڑھے اس کو قیامت کے دن میری شفاعت پہنچ کر رہے گی۔

(طبرانی شریف ص ، القول البدیع للسخاوی ص)

**حدیث شریف نمبر۵** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:۔

اَلصَّلٰوةُ عَلَيَّ نُوْرٌ عَلَى الصِّرَاطِ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ثَمَانِيْنَ

مجھ پر درود شریف پڑھنا پل صراط سے گذرنے کے وقت نور ہے اور جو شخص جمعہ کے روز



مَرَّةً غُفِرَتْ لَهٗ ذُنُوْبُ ثَمَانِيْنَ عَامًا۔

اسّی مرتبہ مجھ پر درود بھیجے اُس کے اسّی سال کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

(القول البدیع ص ۱۹۵، فضائل درود شریف ص ۱۲۱ مطبوعہ دہلی)

**حدیث شریف نمبر۶** سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:۔

اِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوْفٌ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ لَا يَصْعَدُ مِنْهُ شَيْءٌ حَتّٰى يُصَلِّيْ عَلٰى نَبِيِّكَ

بے شک دعائیں آسمان و زمین میں معلق رہتی ہیں ان میں سے کچھ بھی اوپر نہیں جاتیں جب تک تمہارے نبی پر درود نہ بھیجا جائے۔ (ترمذی ص ۶۴)

**حدیث شریف نمبر۷** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:۔

مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْهِ وَلَمْ يُصَلُّوْا عَلٰى نَبِيِّهِمْ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةً فَاِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ وَاِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ

کوئی قوم کسی مجلس میں بیٹھے اس میں انہوں نے اللہ کا ذکر نہیں کیا اور انہوں نے اپنے نبی پر درود شریف نہیں پڑھا تو ان پر اللہ تعالٰی کو اختیار ہے اگر چاہے تو عذاب کرے اُن کو اور اگر چاہے تو اُن کو بخشے۔

(ترمذی شریف ج ۲ ص ۱۷۴)

**حدیث شریف نمبر۸** سید المفسرین سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے کہ رسول کریم علیہ افضل الصلٰوۃ والتسلیم نے فرمایا:۔

مَنْ نَسِيَ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ خَطِئَ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ۔ (ابن ماجہ ص ۶۵)

جو مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا پس وہ جنت کا راستہ بھلا دیا جائے گا۔ (القول البدیع ص ۱۳۵)

**حدیث شریف نمبر۹** اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَيْثُمَا كُنْتُمْ فَصَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ تَبْلُغُنِيْ۔ (طبرانی فی الکبیر)

بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم لوگ جہاں کہیں بھی رہو مجھ پر درود بھیجو اس لیے کہ تمہارا درود مجھ تک پہنچتا ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اب ایک حدیث درج کی جاتی ہے جو دیوبندی، غیر مقلد اہلحدیث، جماعت اسلامی، اور تبلیغی جماعت کے متفقہ مجدد ابن قیم نے اپنی کتاب "جلاء الافہام" میں درج کی ہے۔ نیز غیر مقلدین حضرات جو کہ اپنے تئیں اہلحدیث کہلاتے ہیں، اُن کے متفقہ جید عالم قاضی سلیمان منصور پوری کی کتاب "الصلوٰۃ والسلام" میں بھی موجود ہے۔

**حدیث شریف نمبر ۱** حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ:

| | |
|---|---|
| اَکْثِرُوا الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فَاِنَّہٗ یَوْمٌ مَّشْہُوْدٌ تَشْہَدُہُ الْمَلٰٓئِکَۃُ لَیْسَ مِنْ عَبْدٍ یُّصَلِّیْ عَلَیَّ اِلَّا بَلَغَنِیْ صَوْتُہٗ حَیْثُ کَانَ قُلْنَا وَبَعْدَ وَفَاتِکَ قَالَ وَبَعْدَ وَفَاتِیْ اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَنْ تَاْکُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَآءِ۔ | جمعہ کے دن مجھ پر زیادہ درود شریف پڑھا کرو کیونکہ وہ حاضری والا دن ہے اس میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں، کوئی ایسا آدمی نہیں جو مجھ پر درود پڑھتا ہو مگر اس کی آواز مجھے پہنچتی ہے جہاں بھی ہو۔ ہم نے عرض کیا آپ کے وصال کے بعد بھی؟ آپ نے فرمایا کہ میرے وصال کے بعد بھی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء کے جسموں کو کھانا زمین پر حرام کیا ہے۔ |

(جلاء الافہام ص ۶۳، الصلوٰۃ والسلام ص ۱۲)

**حدیث شریف نمبر ۱۱** دلائل الخیرات شریف[1] میں سلیمان جزوی نے حدیث شریف درج کی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

| | |
|---|---|
| اَسْمَعُ صَلٰوۃَ اَھْلِ مَحَبَّتِیْ وَاَعْرِفُھُمْ۔ | اہل محبت کا درود خود سنتا ہوں اور ان کو پہچانتا ہوں۔ |

(دلائل الخیرات ص ۔، مطالع المسرات ص ۲۵ مطبوعہ مصر)

---

[1] دلائل الخیرات شریف وہ کتاب ہے جس کا وظیفہ اکابر دیوبند بھی کرتے رہے ہیں، مولوی اشرف علی تھانوی نے جمال الاولیاء میں ان کے وصال کے ستتر سال بعد ان کا جسم بالکل ٹھیک رہنا درج کیا ہے۔ نواب صدیق حسن بھوپالی نے بھی اس کتاب کی تعریف کی ہے۔ (فقیر قادری غفرلہٗ)



قارئین کرام! فضائلِ درود شریف پر احادیث کثیر تعداد میں محدثین نے جمع فرمائی ہیں اور اسلاف نے مستقل کتابیں تحریر فرمائی ہیں۔ علامہ یوسف نبہانی علیہ الرحمۃ کی "افضل الصلوٰۃ" علامہ محدث سخاوی علیہ الرحمۃ کی کتاب "القول البدیع"[1] دیوبندی مکتب فکر کے ابن قیم کی کتاب "جلاء الافہام"، اور غیر مقلدین اہلحدیث حضرات کے قاضی سلیمان منصور پوری کی کتاب "الصلوٰۃ والسلام"، تبلیغی جماعت کے مولوی زکریا صاحب سہارن پوری کی "فضائل درود شریف" کا مطالعہ کرنے سے اہلسنت وجماعت کے مسلک کی حقانیت روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ برکت حاصل کرنے اور اپنے دعوے کی دلیل کے لیے چند احادیث شریف درج کی ہیں۔ اب علامہ سخاوی علیہ الرحمۃ کی کتاب مستطاب "القول البدیع"[2] سے دو حکایات درج کی جاتی ہیں جس سے بعد از وصال درود شریف کی برکت واضح ہے۔ یہ دونوں حکایات تبلیغی جماعت کے مولوی زکریا صاحب سہارنپوری نے "فضائل درود شریف" میں درج کی ہیں، انہیں کے الفاظ میں درج کی جاتی ہیں۔

## درود شریف کی برکت کے دو واقعات

① ایک عورت حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس آئی اور عرض کیا کہ میری لڑکی کا انتقال ہوگیا، میری یہ تمنا ہے کہ میں اس کو خواب میں دیکھوں۔ حضرت حسن بصری (رحمۃ اللہ علیہ) نے فرمایا کہ عشاء کی نماز پڑھ کر چار رکعت نماز نفل پڑھ اور ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ پڑھ اور اس کے بعد لیٹ جا اور سونے تک نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھتی رہ۔ اُس نے ایسا ہی کیا اُس نے لڑکی کو خواب میں دیکھا کہ نہایت ہی سخت عذاب میں ہے، تار کول کا لباس اُس پر ہے، دونوں ہاتھ اُس کے جکڑے ہوئے ہیں اور اُس کے پاؤں آگ کی زنجیروں میں بندھے ہوئے ہیں، جب صبح کو اٹھ کر وہ حضرت حسن بصری علیہ الرحمۃ کے پاس

---

[1] اس کا اردو ترجمہ بازار سے ملتا ہے [2] اس کا اردو ترجمہ قادری کتب خانہ سیالکوٹ نے شائع کیا ہے۔

[2][2] یہ دونوں کتابیں بھی قادری کتب خانہ سیالکوٹ سے مل سکتی ہیں۔ (فقیر قادری غفرلہٗ)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



گئی۔ حضرت حسن بصری نے فرمایا کہ اُس کی طرف سے صدقہ کر، شاید اللہ جل شانہٗ اس کی وجہ سے تیری لڑکی کو معاف کر دے۔ اگلے دن حضرت حسن (علیہ الرحمۃ) نے خواب میں دیکھا کہ جنّت کا ایک باغ ہے، اور اُس میں ایک بہت اونچا تخت ہے، اور اُس پر ایک بہت نہایت حسین و جمیل خوبصورت لڑکی بیٹھی ہوئی ہے، اس کے سر پر ایک نور کا تاج ہے۔ وہ کہنے لگی حسنؔ! تم نے مجھے بھی پہچانا؟ میں نے کہا نہیں میں نے تو نہیں پہچانا۔ کہنے لگی میں وہی لڑکی ہوں جس کی ماں کو تم نے دُرود شریف پڑھنے کا حکم دیا تھا (عشاء کے بعد سونے تک) حضرت حسن (علیہ الرحمۃ) نے فرمایا کہ تیری ماں نے تو تیرا حال اس کے برعکس بتایا تھا جو میں دیکھ رہا ہوں۔ اُس نے کہا میری حالت وہی تھی جو ماں نے بیان کی تھی۔ میں نے پوچھا پھر یہ مرتبہ کیسے حاصل ہوگیا۔ اُس نے کہا کہ ہم ستر ہزار آدمی اسی عذاب میں مبتلا تھے جو میری ماں نے آپ سے بیان کیا۔ صلحاء میں سے ایک بزرگ کا گذر ہمارے قبرستان پر ہوا، انہوں نے ایک دفعہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب ہم سب کو پہنچا دیا، ان کا درود اللہ تعالےٰ کے یہاں ایسا قبول ہوا کہ اس کی برکت سے ہم سب اس عذاب سے آزاد کر دیئے گئے اور ان بزرگ کی برکت سے یہ رتبہ نصیب ہوا۔

(فضائل درود شریف صفحہ ۱۰۱ حکایت نمبر ۴۲ ۔ القول البدیع ص ۱۳۱)

(۲) "روض الفائق" میں ہے ایک عورت تھی اس کا لڑکا بہت ہی گنہگار تھا۔ اس کی ماں اس کو بار بار نصیحت کرتی مگر وہ بالکل نہیں مانتا تھا۔ اسی حال میں وہ مر گیا اس کی ماں کو بہت ہی رنج تھا کہ وہ بغیر توبہ کے مرا، اس کو بڑی تمنا تھی کہ کسی طرح اس کو خواب میں دیکھے۔ اس کو خواب میں دیکھا تو وہ عذاب میں مبتلا تھا۔ اس کی وجہ سے اس کی ماں کو اور بھی زیادہ صدمہ ہوا۔ ایک زمانہ کے بعد اس نے دوبارہ خواب میں دیکھا تو بہت اچھی حالت میں تھا، نہایت خوش و خرم۔ ماں نے پوچھا کہ یہ کیا ہوگیا۔ اُس نے کہا کہ ایک بہت بڑا گنہگار شخص اس قبرستان سے گذرا۔ قبروں کو دیکھ کر اس کو کچھ عبرت ہوئی۔ وہ اپنی حالت پر رونے لگا اور سچے دل سے توبہ کی اور کچھ قرآن شریف اور بیس مرتبہ دُرود شریف پڑھ کر اس قبرستان والوں کو بخشا جس میں میں تھا، اُس میں سے جو حصہ مجھے



اس کا یہ اثر ہے جو تم دیکھ رہی ہو۔ میری ماں حضور پر دُرود کا نور ہے۔ گناہوں کا کفارہ ہے اور زندہ اور مُردہ دونوں کے لیے رحمت ہے۔ (فضائل درود شریف مطبوعہ دہلی ص ۱۰۱)

دُرود شریف کی برکات اور اس کی برکت سے گنہگاروں کی بخشش اور درجات کی بلندی کے واقعات بھی آپ نے ملاحظہ فرمائے۔ اور یہ احادیث اور واقعات دیوبندی، غیر مقلدین اہلحدیث، جماعت اسلامی اور تبلیغی جماعت کے متفقہ عالم مولوی زکریا صاحب سہارنپوری نے درج کیے ہیں۔

اہلسنت و جماعت گیارہویں شریف کا ختم ہو یا تیجہ، دسواں، چالیسواں یا سالانہ ختم شریف ہو یہی چیزیں پڑھتے ہیں۔ قرآن حکیم یا قرآن حکیم میں سے قل یا ایہا الکفرون، سورۃ اخلاص، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس، سورۃ فاتحہ، سورۃ البقرہ کی پہلی آیات طیبات اور دُرود شریف، یہ پڑھ کر اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں التجا کرتے ہیں کہ جو کچھ ہم نے پڑھا ہے تیری بارگاہ میں پیش کرتے ہیں، قبول فرما اور اس کا ثواب سرورِ عالم نورِ مجسم شفیع معظم رسولِ معظم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کی بارگاہ میں ہدیۃً تحفۃً ہماری طرف سے پیش فرما۔ پھر ان کا ثواب جمیع انبیاء کرام مرسلین عظام علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کی بارگاہ میں پیش فرما۔ پھر ان کا ثواب خلفاء راشدین، اہل بیت اطہار، صحابہ کرام اور اولیاء الرحمٰن کی بارگاہ میں پیش فرما، بالخصوص سیدنا غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمۃ کی بارگاہ میں پیش فرما۔ اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اُمت کے تمام مومنین اور مسلمین کی رُوح کو ایصالِ ثواب فرما۔

اب کوئی یہ بتائے کہ اس میں حرام اور ناجائز کون سی چیز ہے۔ دعا اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں کی جاتی ہے کہ یہ سب کچھ تیری بارگاہ میں پیش کرتے ہیں اس کا ثواب جو مولا کریم تو نے عطا فرمایا ہے وہ ان کی بارگاہ میں پیش فرما کیونکہ ثواب دینے والا اللہ تعالےٰ ہے۔ اور یہ قرآن خوانی، دُرود خوانی، کھانا کھلانا یہ سب نیک کام ہیں بُرے کام تو نہیں۔ اور نیک کام کرنے والوں کے متعلق اللہ تعالےٰ کا فرمان ہے:۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ۔ بے شک اللہ نیکوں کا نیک ضائع نہیں کرتا۔

(پ ۱۱، رکوع ۴)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# گیارہویں شریف کا ثبوت

اب اکابر محدثین اور اولیاء کاملین سے عرس غوث اعظم یا گیارہویں شریف کا ثبوت واضح الفاظ میں پیش کیا جاتا ہے، اور ان اکابر کی کتب کے حوالہ جات درج کیے جاتے ہیں جو دیوبندی اور اہل حدیث غیر مقلدین کے نزدیک بھی مسلّم ہیں :-

## شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کا عقیدہ[1]

سب سے پہلے شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کا عقیدہ پیش کیا جاتا ہے :-

وَقَدِ اشْتَهَرَ فِي دِيَارِنَا هٰذَا الْيَوْمُ الْحَادِيْ عَشَرَ وَهُوَ الْمُتَعَارَفُ عِنْدَ مَشَائِخِنَا مِنْ اَهْلِ الْهِنْدِ مِنْ اَوْلَادِهٖ -

بے شک ہمارے ملک میں آج کل گیارہویں تاریخ مشہور ہے اور یہی تاریخ آپ کی ہندی اولاد و مشائخ میں متعارف ہے۔

(ماثبت بالسنۃ، عربی ص۶۸)

---

[1] شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے متعلق غیر مقلدین حضرات کے نواب صدیق حسن بھوپالی لکھتے ہیں کہ "شیخ کی مساعی جمیلہ سے ہندوستان میں حدیث کی بڑی اشاعت ہوئی۔ حدیث اور ترویج سنت میں شیخ موصوف کو جو شرف و فضیلت حاصل ہے اس میں ان کا کوئی سہیم و شریک نہیں"۔ نواب بھوپالی ہی لکھتے ہیں کہ "حق این است کہ شیخ عبدالحق رحمہ اللہ تعالیٰ در ترجمہ بخاری یکے از افراد اہل امت است حل او درین کار و بخصوصہا دریں روزگار احدے معلوم نیست و کذلک یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ بندہ عاجز در وہن بتربت شریف او رسیدہ نمی تواند گفتن کہ کدام روح و ریحات بر کالش مشاہدہ نمود رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃ" (تقصار ص۱۱۱، بحوالہ نافعہ ص۴۵) نواب صدیق حسن بھوپالی اپنی دوسری کتاب میں رقمطراز ہیں کہ "تو الیف او بشادر بلاد ہند قبول و شہرت تمام دارد ہمہ نافع و مفید افتادہ۔ کاتب حروف بزیارت مرقد شریف کرر فیضیاب شدہ و کششے عجیب و دلبستگی غریب در آں مقام یافتہ۔

(اتحاف النبلاء ص۳۰۴ بحوالہ نافعہ ص۳۹)



## شیخ عبدالوہاب مکی علیہ الرحمۃ کا عقیدہ[2]

شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ اپنے شیخ اور مرشد شیخ عبدالوہاب قادری متقی مکی علیہ الرحمۃ کا طریقہ بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ :-

قُلْتُ فَبِهٰذِهِ الرِّوَايَةِ يَكُوْنُ عُرْسُهٗ تَاسِعَ الرَّبِيْعِ الْاٰخِرِ وَهٰذَا هُوَ الَّذِيْ اَدْرَكْنَا عَلَيْهِ سَيِّدَنَا الشَّيْخَ الْاِمَامَ الْعَارِفَ الْكَامِلَ الشَّيْخَ عَبْدَ الْوَهَّابِ الْقَادِرِيَّ الْمُتَّقِيَّ الْمَكِّيَّ فَاِنَّهٗ قُدِّسَ سِرُّهٗ كَانَ يُحَافِظُ يَوْمَ عُرْسِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا التَّارِيْخَ اِمَّا اعْتِمَادًا عَلٰى هٰذِهِ الرِّوَايَةِ اَوْ عَلٰى مَا رَاٰى مِنْ شَيْخِهِ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ عَلِيِّ الْمُتَّقِيِّ اَوْ مِنْ غَيْرِهٖ مِنَ الْمَشَائِخِ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى -

ہم کہتے ہیں کہ اس روایت کے مطابق حضرت غوث اعظم کا عرس مبارک ۹ ربیع الآخر کو ہونا چاہیے۔ ہم نے اپنے پیر و مرشد سیدنا امام عارف کامل شیخ عبدالوہاب قادری متقی مکی قدس سرہ کو پایا ہے کہ شیخ قدس سرہ العزیز آپ (غوث اعظم) کے عرس کے دن کے لیے یہی تاریخ یاد رکھتے تھے یا تو اس روایت پر اعتماد کرتے ہوئے یا اس سبب سے کہ اپنے پیر و مرشد شیخ کبیر علی متقی قدس سرہ یا اور کسی بزرگ کو دیکھا ہو۔

(ماثبت بالسنۃ عربی ص۷۹)

## شیخ امان اللہ پانی پتی علیہ الرحمۃ کا عقیدہ

ساڑھے پانچ سو سال قبل کی شخصیت حضرت شیخ امان اللہ پانی پتی علیہ الرحمۃ کے حالات میں شیخ المحدثین عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ :-

یازدہم ماہ ربیع الآخر عرس غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کرد۔

ماہ ربیع الآخر شریف کی گیارہ تاریخ کو حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کا عرس مبارک کیا کرتے تھے۔

(اخبار الاخیار شریف ص۲۴۲ مطبوعہ دیوبند)

---

[2] شیخ عبدالوہاب متقی کے متعلق مولوی زکریا سہارن پوری دیوبندی رقمطراز ہیں۔ کہ شیخ علی متقی کی صحبت میں رہ کر کمالات ظاہریہ و باطنیہ حاصل کیے۔ (مقدمہ الکمال الشیم ص۴)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



## مرزا مظہر جانِ جاناں علیہ الرحمۃ کا عقیدہ[1]

ملفوظات مرزا مظہر جان جاناں علیہ الرحمۃ میں وہ اپنا واقعہ بیان فرماتے ہیں جو کہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کی تصنیفِ لطیف "کلماتِ طیبات" میں ہے۔ پڑھیے اور اہل سنت وجماعت کے مسلک کی حقانیت پر پختہ ایمان رکھیے۔

"در منامے دیدم کہ در صحرائے وسیع چبوترہ ایست کلاں و اولیاء بسیار درآنجا حلقہ مراقبہ دارند و در وسط حلقہ حضرت خواجہ نقشبند دو زانو حضرت جنید قدس اللہ اسرارہما تکیہ نشستہ اند و آثار استغنا از ماسوا و کیفیات حالات فنا بر سید الطائفہ ظاہر ست ہمہ کس از انجا برخاستند گفتم کجا میروند کسی گفت باستقبال امیر المومنین علی مرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پس حضرت امیر تشریف فرما شدند شخصے گلیم پوش سر و پا برہنہ ژولیدہ مو ہمراہ حضرت امیر نمودار گشت آنحضرت دستش در دست خود بکمال تواضع و تعظیم گرفتہ اند گفتم ایں کیست کسے گفت خیر التابعین اویس قرنی است آنجا حجرہ مصفا و بکمال نورانیت ظاہر شد ہمہ عزیزاں دراں حجرہ در آمدند گفتم کجا رفتند کسے گفت امروز عرس حضرت غوث الثقلین ست بتقریب عرس تشریف بردند۔"

(ترجمہ) میں نے خواب میں ایک وسیع چبوترہ دیکھا جس میں بہت سے اولیاء اللہ حلقہ باندھ کر مراقبہ میں ہیں۔ اور ان کے درمیان حضرت خواجہ نقشبند دو زانو اور حضرت جنید تکیہ لگا کر بیٹھے ہیں۔ استغنا ماسوا اللہ اور کیفیاتِ فنا آپ میں جلوہ نما ہیں۔ پھر یہ سب حضرات کھڑے ہو گئے اور چل دیئے۔ میں نے ان سے دریافت کیا کہ یہ کیا معاملہ ہے تو ان میں سے کسی نے بتایا کہ امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے استقبال کیلئے جا رہے ہیں۔

---

[1] مرزا مظہر جان جاناں علیہ الرحمۃ کے متعلق اہل حدیث حضرات کے ابو یحییٰ امام خان نوشہروی رقمطراز ہیں کہ "دہلی میں حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہید المتوفی ۱۱۹۵ھ اسی طریقہ (اہلحدیث) کے عامل تھے" (ہندوستان میں اہلحدیث کی علمی خدمات ص۱۲) — فقیر قادری غفرلہٗ



پس حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ وجہہ تشریف لائے۔ آپ کے ساتھ گلیم پوش سر اور پاؤں سے برہنہ ژولیدہ بال ہیں۔ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے ان کے ہاتھ کو نہایت عزت اور عظمت کے ساتھ اپنے ہاتھ مبارک میں لیا ہوا تھا۔ میں نے پوچھا یہ کون ہیں۔ تو جواب ملا کہ یہ خیر التابعین حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ پھر ایک حجرہ شریف ظاہر ہوا جو نہایت ہی صاف تھا اور اس پر نور کی بارش ہو رہی تھی۔ یہ تمام باکمال بزرگ اس میں داخل ہو گئے۔ میں نے اس کی وجہ دریافت کی تو ایک شخص نے کہا آج حضرت غوث الثقلین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عرس (گیارہویں شریف) ہے عرس پاک کی تقریب پر تشریف لے گئے ہیں۔ (کلماتِ طیبات فارسی ص۷۸ مطبوعہ دہلی)

قارئینِ کرام! مرزا مظہر جانِ جاناں علیہ الرحمۃ کا ملفوظ مبارک آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ مولوی ابو یحییٰ امام خان نوشہروی جو کہ اہلحدیث مکتب فکر سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے اپنی کتاب "ہندوستان میں اہلحدیث کی علمی خدمات" میں یونہی ان کو "اہلحدیث" لکھا ہے۔ ہم ان کے ہم مکتب بھائیوں کو کہتے ہیں کہ واقعی ان کو آپ "اہلحدیث" سمجھتے ہیں تو پھر آپ حضرات بھی عرس غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق یہ عقیدہ رکھیں کہ ان کی اس محفلِ گیارہویں شریف جو کہ ان کا عرس ہے، میں اولیاء کبار تشریف لاتے ہیں اور یہ عمل محبوب اور پیارا عمل ہے۔ لیکن ان حضرات کی اُلٹی منطق کی سمجھ نہیں آتی، ایک طرف تو ان کو اہلحدیث کہیں اور دوسری طرف ان کے نظریات اور اعتقادات کو کفر و شرک سے تعبیر کریں ؎

اُلٹی سمجھ خدا کسی کو نہ دے
دے موت آدمی کو یہ بدادا نہ دے

یہ بھی مقام غور طلب ہے کہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے مرزا مظہر جانجاں علیہ الرحمۃ کے ملفوظات اپنی تصنیفِ لطیف "کلماتِ طیبات" میں جمع فرمائے ہیں۔ اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کو بھی یہ غیر مقلدین اہلحدیث حضرات "اہلحدیث" شمار کرتے ہیں۔ ہم کہتے ہیں اگر واقعی ان کو اپنا آدمی سمجھتے ہو تو پھر ان کے عقائد اور نظریات

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



کو ہی کم از کم اپنا لو تاکہ کچھ تو تفرقہ اور مذہبی انتشار کم ہو۔

## شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کا عقیدہ

مرزا مظہر جانِ جاناں علیہ الرحمۃ کے بعد شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے "ملفوظات عزیزی" کا حوالہ پیش کیا جاتا ہے۔ کیونکہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کو بھی یہ اپنا پیشوا قرار دیتے ہیں۔ اور "ہندوستان میں اہلحدیث کی علمی خدمات" ص۱۰ پر ان کو بھی اہلحدیث قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ:۔

"شاہ عبدالعزیز صاحب کی علمی و روحانی سرگرمیاں محفل قال و حال تک ہی محدود نہیں بلکہ مسلمانوں کی عام رفاہ کا خیال بھی ہر وقت دامن گیر ہے"۔

یاد رہے کہ اس کتاب کے پچھلے صفحات پر شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کی کتابوں مثلاً فتاوی عزیزی، تحفۂ اثنا عشریہ، تفسیر عزیزی تمام آپ نے پڑھے ہیں۔ اور ان کے حوالہ جات ملاحظہ فرمائے ہیں۔ ان کتب کو بھی ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی نے "اہلحدیث کی علمی خدمات" قرار دے کر اپنے مسلک کی ہی کتابیں تسلیم کی ہیں۔

اب اگر اہلحدیث حضرات میں کچھ غیرت اور اپنی تحریروں کا پاس ہے تو پھر ان میں درج کردہ عقائد پر ایمان رکھیں بلکہ اپنی مساجد میں بھی انہی عقائد کا پرچار کریں۔ لیکن یہ وہابیوں اور دیوبندیوں سے ہرگز نہ ہوگا۔ کیونکہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے وہی عقائد ہیں جو اہلسنت وجماعت کے ہیں، اور اعلیٰحضرت عظیم البرکت امام اہلسنت مجدد دین وملت شاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ نے انہی عقائد کی ترجمانی اور اشاعت فرمائی ہے۔

## ملفوظات عزیزی

آیئے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے ملفوظات کا حوالہ ملاحظہ فرمایئے جس میں سرکاری طور پر گیارھویں شریف منانے کا ذکر ہے۔

"روضۂ حضرت غوث الاعظم را کہ کاشی گویند تاریخ یازدہم بادشاہ وغیرہ اکابران شہر جمع گشتہ بعد نماز عصر کلام اللہ وقصائد مدحیہ در آنچہ حضرت غوث در وقت غلبہ



حالات فرمودہ اند وشوق انگیز بے مزامیر تا مغرب میخوانند بعد ازاں صاحب سجادہ درمیان وگرداگرد آدم بدان نشستہ وصاحب حلقہ استادہ ذکر جہر میگویند دریں اثنا بعضے را وجد وسوزش ہم میشود باز چیزے از قبیل سابقہ خواندہ آنچہ تیار می باشد از مثل طعام وشیرینی نیاز کرد، تقسیم کردہ نماز عشاء خواندہ رخصت میشوند"۔

(ترجمہ) حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے روضہ مبارک پر گیارھویں تاریخ کو بادشاہ وغیرہ شہر کے اکابر جمع ہوتے۔ نماز عصر کے بعد مغرب تک کلام اللہ کی تلاوت کرتے اور حضرت غوث اعظم کی مدح اور تعریف میں منقبت پڑھتے۔ مغرب کے بعد سجادہ نشین درمیان میں تشریف فرما ہوتے اور ان کے ارد گرد مریدین اور حلقہ بگوش بیٹھ کر ذکر جہر کرتے۔ اسی حالت میں بعض پر وجدانی کیفیت طاری ہو جاتی۔ اس کے بعد طعام شیرینی جو نیاز تیار کی ہوتی تقسیم کی جاتی اور نماز عشاء پڑھ کر لوگ رخصت ہو جاتے۔ (ملفوظات عزیزی فارسی ص۶۲ مطبوعہ میرٹھ)

## گیارھویں تاریخ کو غوث پاک کی نذر ونیاز جائز ہے

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ سے کسی نے سوال کیا۔

**سوال**، در مقدمہ مہندی کہ شب یازدہم ربیع الثانی روشن میکنند ومنسوب بجناب سید عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز مے نمایند ونذر ونیاز مے آرند وفاتحہ مے خوانند۔

**جواب**:۔ روشن کردن مہندی حضرت سید عبدالقادر را بہم بدعت سیئہ است زیرا کہ ہیچو مفسدہ ومباحت در تعزیہ ساختن است ہمیں قسم در مہندی متصور است وفاتحہ خواندن وثواب آں بارواح طیبہ رسانیدن فی نفسہ جائز ودرست است"۔

اب سوال اور جواب کا اردو میں ترجمہ ملاحظہ فرمائیں جو کہ حاجی محمد زکی دیوبندی نے کیا ہے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**سوال:** اس مسئلہ میں کیا حکم ہے کہ مہندی شب یازدہم ربیع الآخر میں روشن کرتے ہیں۔ اور اس کو منسوب ساختہ جناب عبدالقادر جیلانی قدس سرہ العزیز کرتے ہیں اور نذر و نیاز و فاتحہ کرتے ہیں۔

**جواب:** روشن کرنا مہندی حضرت سید عبدالقادر قدس سرہٗ کا یہ بھی بدعت سیئہ ہے اس واسطے کہ جو قباحت تعزیہ داری میں ہے وہی قباحت مہندی میں بھی ہے اور فاتحہ پڑھنا ثواب اس کا ارواح طیبہ کو پہنچانا فی نفسہ جائز ہے۔ (فتاوی عزیزی فارسی ج ۱ ص ۱۰۱ مطبوعہ دہلی۔ فتاوی عزیزی اردو ص ۱۶۶ مطبوعہ کراچی)

قارئین کرام! شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے واضح الفاظ میں گیارہ ربیع الثانی کو سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح مقدس کو فاتحہ کا ثواب پہنچانا فی نفسہ جائز قرار دیا ہے۔ اہل سنت و جماعت حضرات بھی گیارہویں شریف میں فاتحہ کا ایصال ثواب ہی کرتے ہیں۔ ملفوظات عزیزی میں تو شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے رمضان شریف کے ماہ مقدس میں جو عرس بیان فرمائے ہیں۔ ۳ رمضان کو سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا عرس مبارک اور ۸ رمضان کو ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا عرس مقدس ۲۱ رمضان کو علی المرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم کا عرس مبارک اور خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی کے عرس مبارک بھی بیان فرمائے ہیں۔ اصل فارسی کی عبارت پیش خدمت ہے۔

**سیدنا علی المرتضیٰ، ام المومنین عائشہ صدیقہ اور سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا علیہم الرضوان کے اعراس ------**

عرس کلاں دریں ماہ (رمضان) مبارک اند تاریخ سوم عرس حضرت فاطمہ و در شانزدہم عرس حضرت عائشہ و حضرت علی بتاریخ نوزدہم زخمی شدند و در شب بست یکم رحلت فرمودند و عرس نصیر الدین چراغ دہلی۔ (ملفوظات عزیزی فارسی ص ۵ مطبوعہ میرٹھ)

صاحب عقل و دانش اب ذرا غور فرمائیں کہ عرس کرنے والے بدعتی ہیں یا کہ عرسوں سے منع کرنے والے اور ان پر فتوے لگانے والے حضرات غلط راہ پر ہیں۔



الحمد للہ رب العالمین! فاضل بریلوی مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کے مشن کی تائید کس طرح واضح براہین سے ثابت ہے۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے بعد اورنگ زیب عالمگیر علیہ الرحمۃ بادشاہ کے استاذ ملا جیون علیہ الرحمۃ کے صاحبزادے علامہ فیض عالم علیہ الرحمۃ کی کتاب وجیز الصراط کا حوالہ پیش خدمت ہے:

**علامہ فیض عالم بن ملا جیون علیہ الرحمۃ کا عقیدہ**

"لما میکہ روز عاشورہ بروح مبارک حضرت امامین شہیدین سیدی شباب اہل جنت ابی محمد الحسن و ابی عبداللہ الحسین تیار میکنند و ثواب آں برائے خدا نیاز آنحضرت میکنند و از ہمیں جنس است طعام یازدہم کہ عرس حضرت غوث الثقلین کریم الطرفین قرۃ العین الحسنین محبوب سبحانی، قطب الربانی سیدنا و مولانا فرد الافراد ابی محمد الشیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی است چوں مشائخ دیگر را عرس بعد سال معین میکنند آنجناب را ہر ماہ قرار دادہ اند"۔

(ترجمہ) عاشورہ کے روز امامین شہیدین سیدنا شباب اہل الجنۃ ابو محمد حسن اور ابو عبداللہ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے لیے کھانا تیار کرتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کی نیاز کا ثواب ان کی روح پر فتوح کو پہنچاتے ہیں۔ اور اسی قسم میں سے گیارہویں شریف کا کھانا ہے جو کہ حضرت غوث الثقلین، کریم الطرفین، قرۃ العین الحسنین محبوب سبحانی قطب ربانی سیدنا و مولانا فرد الافراد ابو محمد شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عرس مبارک ہے۔ دیگر مشائخ کا عرس سال کے بعد ہوتا ہے حضرت غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عرس مبارک ہر ماہ ہوتا ہے۔ (وجیز الصراط فارسی ص ۹۲)

**شاہ ابوالمعالی علیہ الرحمۃ کا عقیدہ**

شاہ ابوالمعالی قادری لاہوری علیہ الرحمۃ نے تحفہ قادریہ ص ۹۰ پر سرکار غوث پاک رضی اللہ عنہ کے عرس مبارک کے متعلق تحریر فرمایا ہے:

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



**علامہ برخوار دار علیہ الرحمۃ کا عقیدہ**

علامہ برخوردار ملتانی نبراس علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ :-

ممالک ہند و سندھ وغیرہ میں آپ کا عرس ۱۱ ربیع الثانی کو ہوا کرتا ہے۔ اس میں انواع و اقسام کے طعام و فواکہ حاضرین علماء و اہل تصوف فقراء درویشاں کے پیش کیے جاتے ہیں۔ وعظ اور بعض نعتیہ نظمیں بھی بیان ہوتی ہیں۔ اس عرس شریف میں ارواح کاملین کا بھی حضور ہوتا ہے خصوصاً آپ کے جدامجد حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا ابو الائمۃ الاتقیا بھی تشریف لاتے ہیں۔ کما ثبت عند ارباب المکاشفۃ۔ (سیرت غوث اعظم ص ۲۷۵)

علامہ برخوردار ملتانی نبراس علیہ الرحمۃ کی تصنیف لطیف "سیرت غوث اعظم" کے ص ۲۷۶ کے حاشیہ پر گیارھویں شریف کی ابتداء اس طرح لکھی ہے کہ :-

"پیر عبدالرحمٰن نے اس کی وجہ یہ لکھی ہے کہ پیران پیر حضرت غوث الاعظم ہر گیارھویں کو حضرت سید الانبیاء کا عرس کیا کرتے تھے۔ اس لیے غوث الاعظم علی نبینا و علیہ السلام کے چونکہ شیدائی تقلید و اطاعت آنجناب گیارھویں کرتے ہیں۔ چونکہ یہ انتساب باں عالی جناب تھا۔ فلہٰذا بطریق (تسمیع فاطمہ) گیارھویں حضرت پیران پیر مشہور ہوئی۔" (حاشیہ سیرت غوث الاعظم ص ۲۷۶)

**دارا شکوہ اور علامہ مفتی غلام سرور علیہما الرحمۃ کا عقیدہ**

دارا شکوہ نے "سفینۃ الاولیاء ص ۲۴" میں اور مفتی غلام سرور لاہوری علیہ الرحمۃ نے "خزینۃ الاصفیاء فارسی جلد اص ۹۹" میں سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عرس اور گیارھویں شریف کے جواز کے متعلق تحریر فرمایا ہے۔

**حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کا عقیدہ**

اب دیوبندی اکابر کے پیر و مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کا بھی عقیدہ گیارھویں شریف اور بزرگان دین کے عرس مبارک کے متعلق پیش خدمت ہے :-

"پس یہ ہیئت مروجہ ایصال کسی قوم کے ساتھ مخصوص نہیں اور گیارھویں حضرت غوث پاک قدس سرہ کی دسویں، بیسویں، چہلم، ششماہی، سالانہ وغیرہ اور



توشہ حضرت شیخ احمد عبدالحق ردولوی رحمۃ اللہ علیہ اور سہ منی حضرت شاہ بو علی قلندری رحمۃ اللہ علیہ و حلوائے شب برات اور دیگر طریق ایصال ثواب کے اسی قاعدے پر مبنی ہیں۔" (فیصلہ ہفت مسئلہ ص ۸ مطبوعہ دیوبند)

حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کو اہلحدیث حضرات کے ہفت روزہ "الاعتصام" لاہور میں آسمان ملت پر دین ہدیٰ کے درخشندہ ستارے، دنیائے علم و ادب میں شاندار مقام حاصل کرنے والا لکھا ہے۔ (الاعتصام" لاہور ص ۹، مارچ ۱۹۵۷ء)

**مولوی رشید احمد گنگوہی کا فتویٰ**

اب آخر میں دیوبندی حضرات کے قطب الاقطاب اور غیر مقلدین حضرات کے ممدوح مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا فتویٰ درج کیا جاتا ہے جس میں انہوں نے واضح الفاظ میں گیارھویں کو درست قرار دیا ہے۔ ان کی تحریر ملاحظہ ہو :-

"ایصال ثواب کی نیت سے گیارھویں کا توشہ کرنا درست ہے۔"

(فتاوی رشیدیہ ص ۹۳ جلد اول مطبوعہ دہلی۔ فتاوی رشیدیہ ص مطبوعہ کراچی)

قارئین کرام! گیارھویں شریف کے تمام پہلوؤں پر نہایت شرح و بسط سے قرآن و حدیث اور مستند اکابر محدثین اور مفسرین کی مستند کتب کے حوالہ جات سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ حوالہ جات کو درج کرنے میں بہت ہی احتیاط و سنجیدگی سے کام لیا ہے بلکہ جگہ جگہ مخالفین اور مانعین کے اکابر کی تحریریں بھی اپنے عقیدہ اور مسلک کی تائید میں پیش کی گئی ہیں تاکہ مخالفین کے نظریہ کا بطلان ان کے اکابر سے ہی واضح ہو جائے۔

اب آخر میں گیارھویں شریف، شب برات کا حلوہ، تیجہ، دسواں، چالیسواں، عرس اور میلاد شریف کی تقاریب میں جن اشیاء پر قرآن پاک پڑھ کر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم، خلفاء راشدین، اہلبیت اطہار، صحابہ کرام علیہم الرضوان اور اولیاء اللہ علیہم الرحمۃ کی ارواح طیبات کو ایصال ثواب کیا جاوے وہ اشیاء کھانا حرام ہیں۔ انکی مرغوب غذائیں جو ان کے اکابر نے اپنی کتب میں درج کی ہیں۔ وہ ملاحظہ فرمائیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# وہابیوں کی مرغوب غذائیں

## کتا، خنزیر اور سانپ حلال ہیں!

وہابیوں کے مجتہد قاضی شوکانی نے لکھا ہے کہ:

"حَلَّ جَمِیْعُ حَیَوَانَاتِ الْبَحْرِ حَتّٰی کَلْبُہٗ وَخِنْزِیْرُہٗ وَثُعْبَانُہٗ!

سب دریائی جانور حلال ہیں۔ یہاں تک کہ کتا، خنزیر اور سانپ بھی حلال ہیں:"

(دلیل الاوطار ص۲۷ ج ۱ مطبوعہ مصر)

قارئین کرام! خزائن الادویہ میں حکیم مولوی محمد نجم الغنی رائپوری نے کتا کی قسمیں اہلی، جنگلی اور دریائی لکھی ہیں۔ نیز سگ دریائی اور جنگلی کے افعال و خواص قریب قریب ویسی ہی ہیں جیسے سگ اہلی کے۔ (خزائن الادویہ ص ۳۸۵-۳۸۶ ج ۵)

قارئین حضرات! وہابیوں کے نزدیک گیارہویں شریف اور عرس مبارک کا تبرک اور کھانا حرام ہے۔ مگر ان کے نزدیک بنک کا سود جائز ہے۔ اور سود خور کی اقتدا میں نماز بھی جائز ہے۔ وہابیوں کے فتوے ملاحظہ ہوں۔

## بنک کا سُود جائز ہے

اخبار اہل حدیث امرتسر میں خود اقرار کیا ہے کہ:

"مولوی عبدالواحد غزنوی کے نزدیک بنک کا سُود جائز ہے"

(اخبار اہل حدیث امرتسر ص۱۳، ۲۳ اپریل ۱۹۳۶ء)

"منافع بنک وغیرہ منع نہیں" (اہل حدیث امرتسر ص۹، ۲۱ دسمبر ۱۹۲۶ء)



## سود خور کی اقتدا میں نماز

مولوی ثناء اللہ امرتسری نے تو سود خور اگر نماز کرا رہا ہو تو اس کی اقتدا میں نماز پڑھنی جائز قرار دے دی ہے۔ فتوے ملاحظہ ہو۔

س نمبر ۱۲۱:۔ جو شخص بیاج لیتا ہو وہ مسلمان کہلا سکتا ہے یا نہیں۔ اگر کہلا سکتا ہے تو اس کی نماز جائز ہے یا نہیں۔ اگر نماز جائز ہے تو اس کے پیچھے نماز پڑھنی جائز ہے یا نہیں؟

ج ۱۲۱:۔ سُود خور سُود کو اگر حرام جانتا ہے۔ تو مسلمان کہلا سکتا ہے۔ اور اگر لباس اس کا سُود کی آمدنی کے سوا حلال کمائی کا ہے۔ تو نماز بھی جائز ہے۔ اگر محض سود کی کمائی سے ہے تو جائز نہیں۔ حدیث میں ہے کہ ناپاک کمائی کے کپڑے سے نماز قبول نہیں ہوتی۔ ایسے شخص کو امام نہ بنانا چاہیئے۔ لیکن اگر نماز پڑھا رہا ہو تو اس کے پیچھے اقتدا درست ہے۔ (اخبار اہلحدیث امرتسر ص۱۰، ۱۵ ربیع الاول ۱۳۴۶ھ)

کنجری کی وہ کمائی جو اس نے بے حیائی اور کنجر بازی سے حاصل کی ہے۔ اکابر وہابیہ نے اس کے جواز کا فتوے بھی دے دیا ہے۔

## زانیہ کا مال حلال ہے

اخبار اہل حدیث امرتسر میں لکھا ہے کہ:

"حافظ عبداللہ غازی پوری کے نزدیک مسکر زانیہ کا مال توبہ کے بعد حلال ہے:" (اخبار اہلحدیث امرتسر ص۹، ۲۶ اگست ۱۹۱۵ء)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# کلمہ گو مشرک کے ہاتھ کا ذبیحہ

سوال: کلمہ گو مشرک کے ہاتھ کا ذبیحہ حلال ہے یا مُردار۔ اور ایسے شخص کے ہاتھ سے ذبح کیے ہوئے جانور کا گوشت مسلمان کو کھانا شرعاً کیسا ہے؟

جواب: کلمہ گو مسلمان جو شرک کرے وہ عنداللہ تو مشرک ہی ہوگا۔ مگر احکامِ دُنیاویہ میں وہ مسلمانوں ہی کے حکم میں ہوگا۔ لہٰذا اس کا ذبیحہ مثل اُس مشرک کے نہ ہوگا۔ جو کلمہ گو نہیں۔ (اہلحدیث امرتسر ص۱۲، ۱۲ جنوری ۱۹۱۲ء)

وہابیوں کے امام مولوی وحیدالزمان حیدرآبادی نے تو کافر کا ذبیحہ بھی حلال قرار دے دیا ہے۔

# کافر کا ذبیحہ حلال ہے!

وہابی مولوی وحیدالزمان نے لکھا ہے:

"وَكَذَالِكَ ذَبِيْحَةُ الْكَافِرِ اَيْضاً حَلَالٌ۔" اور اسی طرح کافر کے ہاتھ کا ذبح کیا ہوا جانور بھی حلال ہے۔

(نزل الابرار ص۳ ج۳ مطبوعہ بنارس)

# کوا کھانا ثواب ہے

مسئلہ: جس جگہ زاغ معروفہ کو اکثر حرام جانتے ہوں اور کھانے والے کو بُرا کہتے ہوں۔ تو ایسی جگہ اس کوا کھانے والے کو کچھ ثواب ہوگا یا نہ ثواب ہوگا۔ نہ عذاب۔

الجواب: ثواب ہوگا۔ (فتاویٰ رشیدیہ ص۱۳۵ ج۲)



# بجّو کھانا مباح ہے

وہابی مولویوں کے نزدیک بجو کھانا جائز ہے۔

وہابیہ کے امام نواب صدیق حسن بھوپالوی کے لڑکے نورالحسن نے اپنی کتاب عرف الجادی میں لکھا ہے کہ:

"بجو صید است"۔ بجو شکار ہے۔ (عرف الجادی ص۲۴۳)۔

"مباح ہے کھانا بجو کا"۔ (فقہ محمدیہ ص۱۲۳ ج۵)

وہابیہ کے امام عبدالستار دہلوی نے بھی اپنے فتاویٰ میں ایک استفتا اور جواب لکھا ہے۔ جو کہ درج ہے۔

سوال: ایک شخص بنام بلمشی کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بجو کے متعلق فرمایا ہے کہ بجو حلال ہے۔ جو شخص بجو کا کھانا حلال نہ جانے وہ منافق بے دین ہے۔ اس کی امامت ہرگز جائز نہیں۔ دوسرا شخص بنام محمد کہتا ہے کہ بجو کا کھانا حلال نہیں ہاں شکار جائز ہے۔ اور بجو کے حلال نہ جاننے والے کو منافق و بے دین کہنا جائز نہیں بلکہ تشدد ہے۔ دونوں میں کس کا قول صحیح ہے؟

جواب: بلمشی کا قول صحیح اور موافق حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بجو گو طبعاً کرہ ممنوع ہے مگر شرعاً ممنوع نہیں۔ (فتاویٰ ستاریہ ص۱۲ ج۲)

# گورخر (جنگلی گدھا) حلال ہے!

وہابیوں کی فقہ کی کتاب فقہ محمدیہ میں ہے۔

"حلال ہے کھانا گورخر (جنگلی گدھے) کا"۔ (فقہ محمدیہ ص۱۲۳ ج۵)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# کچھوا ۔ کوکرا ۔ گھونگا حلال ہیں !

امام الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری نے تو کچھوا، کوکرا اور گھونگا کو بھی حلال قرار دے دیا ۔ ۔

استفتار اور جواب دونوں پیشِ خدمت ہیں ۔

(س) کچھوا ۔ کوکرا اور گھونگا حرام ہیں یا حلال ہیں ۔ از روئے قرآن و حدیث جواب ہو ؟

(ج) قرآن و حدیث جو چیزیں حرام ہیں ان میں یہ تینوں نہیں اور حدیث شریف میں آیا ہے ۔ ذروني ما تركتم جب تک شرع تم کو بند نہ کرے ۔ تم سوال نہ کیا کرو ان تینوں سے شرع شریف نے بند نہیں کیا ۔ لہٰذا حلال ہیں ۔

(فتاوی ثنائیہ ص۱۰۵ ج ۱ مطبوعہ بمبئی ص مطبوعہ لاہور)

"کچھوا حلال ہے ۔" (فتاوی ثنائیہ ص۱۰۹ ج ۱ مطبوعہ بمبئی)

# کچھوا اور سانڈا حلال ہے

س ۔ کچھوا (سنگ پشت) اور سانڈا (سانڈا) شریعتِ محمدی میں کھانا جائز ہے ؟ یا نہیں ۔ جواب بادلیل ہو ۔ (از دفتر انجمن اسلامیہ اہلحدیث تیجہ کلاں ضلع گورداسپور)

ج : ۔ بحکم لا اجد فيما اوحى الى محرما ساہنہ اور سنگ پشت اس آیت کے ماتحت نہیں ۔ نہ کوئی حدیث ان کی حرمت کی مجھے یاد ہے ۔ اس لیے حلال ہے ۔

(اخبار اہلحدیث امرتسر ص۱۳ ، ۲۰ نومبر ۱۹۳۲ء)

(اہلحدیث امرتسر ص۱ ، ۲۰ دسمبر ۱۹۰۷ء)

وہابیوں کے مولوی اور امام عبدالستار دہلوی کی تفسیر کے ضمیمہ میں بھی ہے کہ کچھوا حلال ہے ۔

(تفسیر ستاری ص۴۲۶)



قارئین ! اکابر وہابیہ نے اپنے معتقدین کے لیے کیسی لذیذ اور عجیب قسم کے جانوروں کو حلال قرار دے کر کھانے کی ترغیب دی ہے ۔ اور خصوصاً اس دور کے وہابیوں پر بہت بڑا احسان کیا ہے کہ مہنگائی کے دور میں جب کہ گوشت بہت ہی زیادہ مہنگا ہے ۔ اور ان جانوروں کی تعداد کا خوب اضافہ ہے ۔ کیونکہ ان کو کوئی بھی نہیں کھاتا ۔ اکابر وہابیہ نے یہ سوچا جس کو کوئی بھی نہیں کھاتا ۔ وہابیوں کے لیے حلال قرار دے کر کھلانا شروع کر دیتے ہیں ۔

یہ تو گوہ ، بجو ، کچھوا ، کوکرا ، گھونگا اور جنگلی گدھے اور سانڈے کے حلال کے فتوے تھے ۔ وہابیوں کے مجتہد قاضی شوکانی نے تو وہابیوں کے لیے کتا اور خنزیر بھی حلال قرار دے دیا ہے ۔ تاکہ وہابیوں کو گوشت کی کمی ہی نہ رہے ۔

# گوہ حلال ہے

وہابیہ کے امام عبدالستار دہلوی نے لکھا ہے کہ :

"ضب یعنی گوہ حلال ہے ۔" (تفسیر ستاری ص۴۲۶)

"مباح ہے کھانا سوسمار یعنی گوہ کا ۔" (فقہ محمدیہ ص۱۲۳ ج ۵)

امام الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری نے لکھا ہے کہ

"گوہ تو ماکول اللحم حلال ہے ۔" (فتاوی ثنائیہ ص۱۰۱ ج ۲ مطبوعہ بمبئی)

وہابیوں کے مولوی ابوسعید شرف الدین دہلوی فتوے دیتے ہیں کہ ،

"یہ صحیح ہے کہ ضب حلال ہے ۔ اور اس کا بیچنا بھی جائز ہے ۔ مگر ضب کا ترجمہ جو (گوہ) مشہور ہے ۔ وہ کتبِ لغتِ عرب سے ثابت نہیں ہوتا ۔ منجد میں جو لکھا ہے اس سے تو سانڈا معلوم ہوتا ہے ۔"

(فتاوی ثنائیہ ص۱۶۲ ج ۲)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



وہابیوں کے مولوی داؤد راز لکھتے ہیں کہ

"عام اہلِ لغت ضب کا ترجمہ سوسمار (گوہ) ہی لکھتے ہیں۔"

(فتاویٰ ثنائیہ صفحہ ۱۰۸ ج ۲)

ناظرین حضرات! وہابی اکابر ضب کو حلال قرار دے رہے ہیں۔ اور اس کا کھانا مباح قرار دے رہے ہیں۔ مگر سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس کے کھانے کو ممنوع قرار دے رہے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے۔

نَهٰى عَنْ اَكْلِ لَحْمِ الضَّبِّ

(مشکوٰۃ صفحہ ۳۶۱، ابوداؤد صفحہ ۱۷۶ ج ۲)

نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گوہ کا گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے۔

ابنِ ماجہ شریف میں بھی ایک روایت ہے کہ حضرت خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسولِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم سے عرض کیا۔

مَا تَقُوْلُ فِى الضَّبِّ وَمَنْ يَّاكُلُ الضَّبَّ۔ (ابنِ ماجہ شریف صفحہ ۲۴۰)

گوہ کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے۔ تو فرمایا گوہ کو کون کھاتا ہے۔

نسائی شریف میں حدیث ہے کہ

"رسولِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے گوہ کھانے کے لیے پیش کی گئی تو آپ نے ارشاد فرمایا اُمَّةٌ مُسِخَتْ یہ پہلی اُمتوں سے ایک مسخ شدہ اُمت ہے۔ (نسائی شریف صفحہ ۱۹۵ ج ۲)

کنز العمال شریف میں ہے کہ سرکار سیدہ اُم المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے:

كَانَ يَكْرَهُ اَنْ يَّاكُلَ الضَّبَّ

(کنز العمال صفحہ ۴۱ ج ۴)

نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گوہ کے کھانے کو بُرا سمجھتے تھے۔

امام الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم گوہ کھانے سے بیزاری کا اظہار فرمائیں اور وہابی اکابر اس کو مباح جانیں۔ یہ ہے نام نہاد اہلِ حدیث حضرات کا حال۔ ؎ اُف اے ناپاک یہاں تک ہے خباثت تیری۔



## غیر مسلموں کا صدقہ اور چندہ جائز ہے

مولوی ثناء اللہ امرتسری نے فتویٰ دیا ہے کہ:

"ہنود کا دیا ہوا صدقہ یا قرآن مجید یا چندہ جائز ہے۔"

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر صفحہ ۱۱، ۷ نومبر ۱۹۱۲ء)

"مسجد کی امداد میں مشرکین کی اعانت قبول کرنا منع نہیں ہے۔"

(اخبار اہلحدیث امرتسر صفحہ ۱۳، ۲۱ مئی ۱۹۳۷ء)

"غیر مسلم کی جائز کمائی سے حاصل کیا ہوا مال مسجد پر لگانا جائز ہے۔"

(اخبار اہلحدیث امرتسری صفحہ ۸، ۵ مارچ ۱۹۴۳ء)

جواب: ہندو کا دیا ہوا چندہ مسجد میں صرف کرنا درست ہے۔ جبکہ وہ بہ نیت ثواب دیتا ہو۔

(فتاویٰ رشیدیہ صفحہ ۱۱۸ ج ۳ مطبوعہ دہلی)

## نسلی مرزائی کا ذبیحہ جائز ہے

مفتی کفایت اللہ دہلوی نے فتویٰ دیا ہے کہ

نسلی مرزائی اہلِ کتاب ہیں۔ ان کا ذبیحہ جائز ہے۔

(کفایت المفتی صفحہ ۳۱۱-۳۱۷ ج ۱ مطبوعہ کراچی)

ناظرینِ کرام! گیارہویں شریف کو حرام کہنے والوں کا حال دیکھا کہ حلال اور طیب کھانے کو حرام کہنے کی پاداش میں ان کو کیسی کیسی اشیاء کو حلال قرار دینا پڑا۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



قارئینِ کرام! الحمد للہ رب العالمین رسالہ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ کا جواب باصواب بفضل اللہ و رسولہ الکریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم آپ کے ہاتھ میں ہے۔ جس سے مخالف کا بطلان اور مسلک حق اہلسنت وجماعت کی حقانیت عیاں ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نظرِ کرم اور غوث الاعظم شہنشاہِ بغداد سیدنا عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فیضان اور سیدی ومرشدی حضور قبلہ عالم خواجہ پیر محمد شفیع قادری علیہ الرحمۃ کے تصرف کا نتیجہ ہے۔

اللہ کریم شرفِ قبولیت بخشتے ہوئے عامۃ المسلمین کے لیے نافع بنائے۔ آمین: وَآخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ؕ


## الوہابیت

مصنف مولانا محمد ضیاء اللہ قادری اشرفی

* دُنیائے وہابیت میں تہلکہ مچا دینے والی۔
* ۲۴۰ کتب کے حوالہ جات سے۔
* وہابیوں کی غذا، تہذیب وتمدن۔

نماز، عبادات، روضہ اطہر کی حاضری سے متعلق نظریات فاسدہ اور عقائدِ باطلہ کی مستند دستاویز نیز وہابیت میں شیعیت اور خارجیت کے اثرات کا مدلل ثبوت۔

صفحات ۲۴۰۔ کاغذ وکتابت وطباعت عمدہ ۔ قیمت ۳۰ روپے



## قادری کتب خانہ کی دیگر مطبوعات

| | | |
|---|---|---|
| سیرتِ حلبیہ اُردو جلد اوّل | علامہ حلبی علیہ الرحمۃ | مترجم علامہ محمد اشرف سیالوی |
| الریاض النضرہ اُردو | علامہ محب طبری علیہ الرحمۃ | ” پروفیسر دوست محمد شاکر |
| ذخائر العقبٰی فی احوال المودۃ فی القربٰی اُردو | علامہ محب طبری علیہ الرحمۃ | ” پروفیسر دوست محمد شاکر |
| نعمتِ کبریٰ عربی۔ اُردو | علامہ ابن حجر مکی علیہ الرحمۃ | ” پروفیسر محمد طفیل سالک |
| مولد العروس عربی۔ اُردو | علامہ ابن جوزی علیہ الرحمۃ | ” پروفیسر دوست محمد شاکر |
| مورد الروی فی مولد النبی عربی اُردو | علامہ ملا علی قاری علیہ الرحمۃ | ” علامہ گل محمد عتیقی |
| حسن المقصد فی عمل المولد اُردو | علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ | ” پروفیسر محمد طفیل سالک |
| کتاب الانوار فی مصباح السرور والافکار اُردو | علامہ بکری علیہ الرحمۃ | علامہ شرف الدین کشمیری |
| القول البدیع عربی۔ اُردو | علامہ سخاوی علیہ الرحمۃ | پروفیسر سید اسرار حسین شاہ بخاری |

ناشر: قادری کتب خانہ تحصیل بازار سیالکوٹ شہر


Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ماہنامہ ماہِ طیبہ سیالکوٹ کا دوبارہ اجراء

پنجاب کا مشہور و معروف ماہنامہ ماہِ طیبہ

مدیر ابوالحامد محمد ضیاء اللہ قادری
کی زیرِ ادارت سیالکوٹ سے شائع ہو رہا ہے۔

قیمت فی پرچہ ۶ روپے ۔ سالانہ چندہ ۶۰ روپے

خط و کتابت کا پتہ: دفتر ماہنامہ ماہِ طیبہ تحصیل بازار سیالکوٹ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari